بعون صانع بیچون و مکان فضل و خلاق زمین و زمان

حکیم علی الاطلاق کے فضل عمیم سے ان دنون یہ کتاب منفعت انتساب مزیل امراض مریضان جہان نسخہ دلکش و دلجوائی

قرابادین شفائی اردو

جسکو حسب ایمای جناب منشی نولکشور صاحب حکیم حاذق و طبیب فائق محمد ہادی حسینخان مراد آبادی نے فارسی سے اردو مین ترجمہ فرمایا

مطبع نامی منشی نولکشور مین بہ طبع بدیع مطبوع جہان ہوئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جواہر حمد و ثنا نثار بارگاہ خالق بے ہمتا کہ جسنے انسان ضعیف البنیان کو مادۂ خبیثہ سے خمیر فرماکر خلعت جسد طیبہ و نفس مطہرہ پہنایا اور جملہ مخلوقات عالم سے مشرف کرکے شان مین ایسے جزو بیمقدار اور ذرہ ناپایدار کے ولقد کرمنا بنی آدم فرمایا اور تحائف درود نامحدود نذر طبیب نفوس علیلہ و حکیم نسم کلیلہ محمد مصطفے احمد مجتبے صلعم کہ مسہل ہدایت اُسکا مستخرج مادۂ کفر و جہالت ہی اور معجون رحمت کاملہ اُسکی مصلح اجساد ضلالت ہی اما بعد بندہ مستمند محمد ہادی حسین طبیب مرادآبادی بن حاجی محمد ہادی علیخان بخدمات اطباء عصر ملتمس ہی کہ حکیم عالم طبیب کامل جالینوس زمان بقراط دوران مظفر بن محمد الحسینی الشفائی نے جو نسخ مجربۂ آبا و اجداد و اساتذہ اپنے سے مجتمع کرکے ایک رسالۂ نافعہ و عجالہ بالغہ موسوم بہ **قرابادین شفائی** تہذیب اور ترتیب کے ساتھ تالیف فرمایا اس کمترین اطباے ہندنے حسب فرمایش جناب منشی صاحب بلند مرتبت ارسطو فطرت زبدۂ محققین خلاصۂ مدققین صبیح نفس معنی رس قدردان اہل فضل و ہنر

فیض رسان غریب پرور مخزن لطائف انیسہ معدن معارف قدسیہ کریم الاخلاق عمیم الاشفاق
زینت افزاے محفل سخن رونق بخشاے مضامین نو وکہن نگاہ آموز چشم بینش چراغ افروز بزم آفرینش
نمک خوان اہلیت مردمک دیدۂ قابلیت مبدع قوانین مروت مخترع آئین فتوت اختر منیر
برج نقابت گوہر بے نظیر درج نجابت درۃ التاج رؤس امارت اکلیل فرق ایالت عالی ہمم
والاکرم فیض شیم مصدر اخلاق اتم معظم و مکرم و محتشم جناب منشی نولکشور صاحب
مالک مطبع اودھ اخبار لکھنؤ دام اقبالہ و حشمتہ و ثروتہ واسطے آسانی متعلمان کم استعداد کے
سن بارہ سو چھیاسی ۱۲۸۶ ہجری مین لسان فارسی سے زبان اردو مین ترجمہ اسکا کیا مامول
نقادان بصیر اور دیدہ وران خبیر سے یہ ہے کہ جس مقام پر کوئی سقم پائین بے تکلف
بنائین اور بذیل عفو محفو اور بنظر قبول مقبول فرماکر نکتہ چینی سے ہاتھ اٹھائین
جو صاحب اس مجمع مرکبات سے بہرہ ور اور متمتع ہون اس بندۂ عاصی کو دعاے
خیر سے یاد فرمائین کہ اِنَّہٗ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّبِالْاِجَابَۃِ جَدِیْرٌ

باب الالف

انوشدارو اعضاے رئیسہ کو قوت دیتی ہے اور خفقان اور مرگی کو فائدہ بخشتی ہے اور
فرحت لاتی ہے رنگ صاف اور نیک کرتی ہے دہن کو خوشبودار رکھتی ہے باعث اشتہا سے
طعام ہے پہلے اور پیچھے کھانا کھانے کے تناول فرماوین صفت گلاب کے پھول
پونے دو تولہ موتھا ساڑھے سترہ ماشہ لونگ مصطکی اسارون بالچھڑ ہر ایک ساڑھے
دس ماشہ چھوٹی الایچی بڑی الایچی زرنب جاوتری دارچینی تج زعفران ہر واحد
سات ماشہ آملہ ایک رطل یعنے ڈیڑھ پاؤ کسرے زائد اور شہد خالص قند سفید
آدھا وزن سب دواؤن کا دودھ تین پاؤ ایک چھٹانک آملہ کو دودھ مین ایک
رات دن بھگووین پھر دھووین اور ساڑھے تین سیر پانی مین جوش کرین کہ خوب
مہرا ہوجاوے چلنی مین چھانین اور قوام قند اور شہد کا کرکے دوائین

کوٹ کر چھان کر ملاوین بعد آسکے زعفران گلاب یا پانی گرم مین گھول کر اوپر آسکے
ڈالین مقدار کھانے کی نو ماشہ ہی انوشدار وے لولوی دل اور معدہ اور دماغ کو
قوت دیتی ہی صندل موتی ناسفتہ کہربا مونگے کی جڑ سنگ یشم ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ
اگر قماری موتھا گاؤزبان کے پھول اذخر بالچھڑ تیج پات بنسلوچن لونگ فرنجمشک چھوٹی الائچی
ریوند چینی بلی لوٹن مصطکی درونج پوست بیرون پستہ گلاب کے پھول پوست ترنج صندل سفید
ابریشم کترا ہوا ہر ایک دو دو ماشہ زعفران ڈیڑھ تولہ عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ
مشک خالص سوا دو ماشہ چاندی کے ورق ایک سو عدد سونے کے ورق پچاس عدد
آملہ منقی اٹھارہ تولہ نو ماشہ شہد برابر سب دواؤن کے قند سفید دونا وزن جملہ
ادویہ کا خوراک ساڑھے چار ماشہ **انوشدار وے دیگر** مونگے کی جڑ زعفران
موتھا اذخر سنگ یشم ہر ایک نو ماشہ اگر پونے سولہ ماشہ بنسلوچن تیج پات بالچھڑ گیرو
ابریشم کترا ہوا ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ عنبر اشہب سوا دو ماشہ شیرۂ آملہ پونے بارہ تولہ
شہد اور قند سفید سہ وزن سب دواؤن کا سونے کے ورق ساڑھے چار ماشہ
چاندی کے ورق نو ماشہ معجون موافق دستور کے تیار کرین **انوشدار وے لولوی**
ابریشم کترا ہوا بنسلوچن گلاب کے پھول مصطکی رومی زعفران بالچھڑ اذخر مکی ریوند چینی
اسارون موتھا اگر پوست ترنج زرنباد تیج پات بیج بلی لوٹن کے ہر ایک ساڑھے
تیرہ ماشہ کہربا موتی سنگ یشم مونگے کی جڑ یاقوت ہر ایک نو ماشہ عنبر اشہب
مشک خالص ہر ایک سوا دو ماشہ دانے الائچی چھوٹی کے درونج ہر ایک
ساڑھے چار ماشہ سونے کے ورق بیس عدد چاندی کے ورق
پچاس عدد آملہ منقی پونے بارہ تولہ قند برابر مصری دونی **ایضاً**
موتی مونگے کی جڑ سنگ یشم موتھا اذخر ہر ایک نو ماشہ زعفران نو ماشہ عنبر اشہب
سوا دو ماشہ شیرۂ آملہ پونے بارہ تولہ قند برابر شہد خالص دونا

ارسطون صغیر چونکہ دوائین ارسطون کبیر کی نایاب تھین اور نفع دونون کا نزدیک ایک دوسرے کا تھا اسواسطے ارسطون صغیر پر اکتفا کیا گیا نافع ہی واسطے سل اور درد شکم اور تپ مختلفہ اور تپ ربع اور قولنج اور درد رحم اور سردی بدن سے **ص** افیون بصری چودہ ماشہ اقاقیا کالی مرچ ہر ایک تین تولہ فرفیون ساڑھے دس ماشہ بالچھڑ تین تولہ شہد بقدر کفایت سب کو کوٹ چھانکر جیسا کہ دستور ہی معجون تیار کرین ساڑھے چار ماشہ مقدار خوراک ہی

اتھر دیا نافع ہی واسطے فالج اور استرخا اور لقوہ کے اور دماغ کو خراب خلطون سے پاک کرتا ہی اور خوشبوے دہن اور عقل کو بڑھاتا ہی **ص** بالچھڑ تیج پات سلارس مرکی زعفران درمنہ ترکی افیون شگوفہ اذخر ریوند چینی حب بلسان لونگ ہر ایک سات ماشہ بکاین کے بیج سونٹھ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ عسل بلادر مصطگی چھالیہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ غاریقون سات ماشہ ایلوا تین تولہ سوسن کی جڑ چھ تولہ سونف کی جڑ تین رطل یعنے سوا سیر کسرے کم ہرا نا سرکہ پونے چار سیر سونف کی جڑ کو تین رات دن سرکہ مین بھگو دین پھر پکا دین بعد تین چار جوش کے سرکہ صاف کرکے دیگ مین ڈالین اور ہمراہ سوا سیر کسرے زائد شہد خالص کے پھر جوش خفیف دیوین کہ قوام ہوجاوے سب دوائین کوٹ چھانکر ملا دیوین بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار کھانے کی ساڑھے تین ماشہ گرم پانی کے ساتھ

اتھر دیاے کبیر فالج اور لقوہ اور مرگی اور نسیان اور تمام بیماریون بلغمی کو مفید ہی **ص** عاقرقرحا کلونجی کٹ پیل مرچ سیاہ دوج یعنے بچھ ہر ایک تین تولہ سداب جنطیانا ہینگ زراوند مدحرج حب الغار جند بید ستر حلتیت ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ عسل بلادر پونے سولہ ماشہ سب دواؤن کو کوٹ چھانکر

اخروٹ کے تیل اور عسل بلادر مین چرب کرکے اور عسل مصفی سے چند مین ملاکر بعد
چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت ساڑھے چار ماشہ **اتقردیاے صغیر**
منافع اسکا نزدیک مشائخ کبیر کے ہی **ص** ہڑ بہیڑہ آملہ ہرایک تین تولہ موتھا بالچھڑ کندر
بچھ مرچ سیاہ سونٹھ عسل بلادر ہرایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹکر چھانکر اخروٹ کے تیل مین
چرب کرین اور سہ چند شہد مین ملاوین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت
نو ماشہ ہی **اتقردیاے کبیر** دیگر مشائخ کو بہت نافع ہی بالون کی سیاہی کو نگاہ رکھتا ہی **ص**
کابلی ہڑ بہیڑہ آملہ ہرایک ساڑھے دس تولہ کلونجی سات تولہ موتھا عسل بلادر ہرایک پونے دو تولہ
بال چھڑ دو تولہ پیپل مرچ سیاہ سونٹھ پیپلا مور ہرا انیسون ہرایک ساڑھے تین تولہ بتاسہ ساڑھے
سترہ تولہ کوٹ کر چھانکر ہمراہ عسل بلادر کے مخلوط کرین اور شہد خالص سہ چند مین ملاکر عمل مین لاوین
بعد چھ مہینے کے استعمال کرین **اتقردیاے دیگر** مرگی کو نہایت مفید ہی پوست ہڑ کابلی
پوست بہیڑہ آملہ دھنیا اسطوخودوس ہرایک ساڑھے سترہ ماشہ جندبیدستر ساڑھے تین ماشہ
اور سونٹھ صعتر یعنی پودینہ کوہی عسل بلادر ہرایک ساڑھے دس ماشہ شہد خالص سہ چند ادویہ بدستور
معجون کرین **اقروسیا** جگر اور طحال کو مفید ہی سدہ کھولتی ہی بول جاری کرتی ہی
گردہ اور مثانہ سے پتھری نکالتی ہی ابتدائے استسقا مین بہت نافع ہی **ص** زراوند گرد
عود قہر دبلسان سلیخہ قرومانا شگوفہ اذخر اجمود ہرایک ساڑھے تین ماشہ کٹ پیپل
مرچ سیاہ ہرایک سترہ ماشہ مرکی ساڑھے دس ماشہ حب الغار دس عدد
بچھ زعفران ہرایک تین تولہ کوٹ کر چھانکر شہد خالص مین ملاوین
مقدار شربت ایک فندق گرم پانی کے ساتھ **اتاناسیاے کبیر** درد جگر
اور طحال اور معدہ کو نافع ہی اور اسہال بلغمی وسعال مزمن وقی الدم و خدر و درد گردہ
و مثانہ و ربو و بواسیر کو مفید ہی ریاح کو توڑتی ہی اور درد کو تسکین دیتی ہی
ص مرکی افیون زعفران جندبیدستر اجواین خراسانی کٹ شیرین

قردمانا خشخاش غافث سینگ بکری کے جلے ہوے جگر بھیڑیے کا سوکھا ہوا سب کا
برابر وزن ہی کوٹنے کی دوائین کوٹین اور گلانے کی گلاوین اور شہد مقوم مین گوندھین
بعد چھ مہینے کے کھاوین خوراک سوا دو ماشہ سے ساڑھے تین ماشہ تک ساتھ آب سیب کے
اثاناسیاے صغیر نفع اُسکا مثل منافع کبیر کے ہی ص سلارس زعفران کمیلا
بابچھڑ سلیخہ افیون ہر ایک چودہ ماشہ عصارہ غافث دو تولہ چار ماشہ ملٹھی ساڑھے
تین تولہ کوٹ کر چھانکر معجون کرین مقدار شربت بقدر یک فندق بعض نسخہ مین
عود بلسان مرمکی ہر ایک چودہ ماشہ اضافہ کیا گیا ہی **اطریفل** درد سر اور کان کے
درد کو نہایت نفع رکھتا ہی ص ہر بہیڑہ آملہ نسوت ہر ایک تین تولہ سونف مصطگی
اسطوخودوس سقمونیا ریوند چینی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ زنگی ہڑ نو ماشہ
ہمراہ سہ چند شہد کے معجون بناوین مقدار شربت ڈیڑھ تولہ سے دو تولہ تک ہی
اطریفل کبیر بواسیر کو مفید ہی اور رنگ نکھارتا ہی باہ کو بڑھاتا ہی معدہ اور مثانہ کو
قوت دیتا ہی کھانا ہضم کرتا ہی ص زنگی ہڑ کابلی ہڑ آملہ پیپلا مول مرچ سیاہ
ہر ایک پونے نو تولہ سونٹھ جاوتری بوزیدان جیتہ شقاقل تودری سرخ تودری زرد
اندر جو کالی مرچ نارجیل کنجد مقشر خشخاش سفید بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک تین تولہ
سب دواؤن کو کوٹ کر چھانکر ساتھ روغن بادام یا روغن گاؤ کے چرب کر کے
شہد اور قند مین ملاوین اور بعد دو مہینے کے استعمال کرین **اطریفل صغیر**
استرخاے معدہ اور بواسیر کو نافع ہی دہن کو خوشبو کرتا ہی اور رنگ صاف
اور نیک کرتا ہی ص کابلی ہڑ زرد ہڑ زنگی ہڑ بہیڑہ آملہ برابر وزن کوٹ چھانکر
ساتھ روغن بادام کے چرب کر کے ہمراہ سہ چند شہد کے معجون تیار کرین مقدار
شربت سات ماشہ **اطریفل کشنیزی** معدہ کو قوت دیتا ہی اور درد سر اور
کان اور آنکھ کو کہ ابخرۂ معدہ سے عارض ہو نافع ہی ص کابلی ہڑ زنگی ہڑ

بہیڑہ آملہ دھنیا برابر کوٹ کر چھانکر بادام کے تیل اور گاو کے روغن مین چکنا
کرکے سہ چند شہد مین ملاوین اور بعد دو مہینے کے عمل مین لاوین مقدار شربت
نو ماشہ **اطریفل مقل** واسطے بواسیر کے نہایت مفید ہی **ص** ہڑ زرد بہیڑہ آملہ
ہر ایک تین تولہ گوگل آٹھ تولہ نو ماشہ کو گندنا کے پانی مین بھگو دیوین اور تیرہ
چھٹانک شہد مین پکاوین کہ قوام ہوجاوے ادویہ خشک کوٹ کر چھانکر ملاوین مقدار
شربت نو ماشہ **اطریفل مقل ملیّن** شکم نرم کرتا ہی اور بواسیر کو بھی نافع ہی
ص کابلی ہڑ زنگی ہڑ آملہ افتیمون اسطوخودوس ہر ایک تین تولہ گوگل املتاس
ہر ایک پونے نو تولہ گوگل اور املتاس کو پانی مین گندنا کے بھگو دیوین کہ حل ہوجاوے
سب دوائین کوٹ کر چھان کر بادام کے روغن مین چکنا کرکے شہد مین معجون تیار کرین
اطریفل دیدان چھوٹے بڑے کیڑے آنتون مین جسطرح کے ہون خصوص کدو دانہ
سب کو یہ اطریفل قتل کرتا ہی **ص** بائے بڑنگ تین تولہ نسوت حب النیل کٹ تلخ ہر ایک
ساڑھے سترہ ماشہ کمیلہ درمنہ افسنتین رومی افتیمون نمک نفطی رائی شحم حنظل موتھا ترنج
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر ہمراہ سہ چند شہد کے ملاوین مقدار شربت
نو ماشہ ڈیڑھ تولہ تک ہی **اطریفل دیگر** ہڑ زرد ہڑ سیاہ آملہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
نسوت تین تولہ مصطکی ساڑھے دس ماشہ گوگل روغن بادام ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ
شہد خالص نیم من یعنے آدھی چھٹانک ڈیڑھ پاؤ گوگل کو گندنا کے پانی مین
گھول کر اور دواؤن کو کوٹ کر چھان کر ہمراہ روغن بادام کے چرب کرین اور
ساتھ شہد مقوم کے تیار فرماوین مقدار شربت ہر شب نو نو ماشہ
اطریفل افتیمون بیماریہائے سوداوی کو نہایت مفید ہی بالون کی
سیاہی کو نگاہ رکھتا ہی جلد سفید ہونے نہین دیتا **ص** پوست زرد ہڑ کا
پوست کابلی ہڑ کا انولہ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ سناے مکی نسوت افتیمون

ہرایک ساڑھے سترہ ماشہ چیتہ ساڑھے دس ماشہ بسفائج فستقی ساڑھے
تین ماشہ انیسون نمک ہندی ہرایک سات ماشہ کوٹ کرچھ انکر ہمراہ شہد
قوام کیے ہوے کے سہ چند سب دواؤن کا معجون تیار کرین مقدار شربت
ساڑھے چار ماشہ **اطریفل محمدی** خناق اور خنازیر کو فائدہ بخشتا ہے
ہڑ کابلی ہڑ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ پوست بہیڑہ آملہ نسوت اور وہ
غدود جو گردن گوسفند مین ہوتا ہے خشک کیا ہوا ہرایک ساڑھے
سترہ ماشہ افتیمون بسفائج اسطوخودوس سناے مکی ہرایک دو تولہ
چیتہ زرنجبور غاریقون نوسادر ہرایک سات ماشہ کوٹ کرچھانکر
ساتھ شہد کے ملاوین مقدار شربت ساڑھے سترہ ماشہ **اطریفل مامان**
چھیپ اور سفید داغ برص کو مفید ہے اور بالون کی سیاہی کو نگاہ رکھتا ہے
اور بلغمی بیماریون کو نافع ہے ہڑ پوست کابلی ہڑ کا پانچ تولہ دس ماشہ پوست
بہیڑہ آملہ ہرایک چار تولہ چار ماشہ چیتا موتھا سونٹھ ہرایک ساڑھے تیرہ ماشہ
تیج پات ساڑھے سترہ ماشہ بسفائج اسطوخودوس ہرایک دو تولہ غاریقون ساڑھے
تین ماشہ کٹ ساڑھے دس ماشہ مصطگی کندر انیسون لونگ الائچی سفید ہرایک
سات ماشہ کالی مرچ پیپل ناگیسر ہرایک چودہ ماشہ شہد مین معجون کرین
مقدار شربت ساڑھے دس ماشہ سے چودہ ماشہ تک **اطریفل دیگر**
عرق مدنی یعنی نارو اکو مفید ہے اگر دس روز برابر استعمال فرماوین مادہ اس علت کا
بدن سے پاک ہوجاوے ہڑ پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ آملہ ہرایک ساڑھے
دس ماشہ بابڑنگ نسوت سونٹھ موتھا کمیلہ برابر وزن سب کا کوٹ کرچھانکر
روغن بادام سے چکنا کرکے شہد سہ چند مقوم مین معجون کرین مقدار شربت ساڑھے دس ماشہ
اطریفل دیگر ہڑ کابلی آملہ تینون ہڑین بہیڑہ افتیمون اسطوخودوس شاہترہ ملٹھی

نسوت ریوند چینی غاریقون گوگل شہد مین ملا کر معجون کرین اطریفل دیگر زرد ہڑ
کابلی ہڑ آملہ ہر ایک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ نسوت نو ماشہ جاکفل گلاب کے پھول
ملٹھی ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ سونٹھ جیتیہ ساڑھے تیرہ ماشہ تج دارچینی
ہر ایک نو ماشہ اطریفل مسہل پوست کابلی ہڑ کا دو تولہ زرد ہڑ دو تولہ کالی ہڑ
دو تولہ بہیڑہ دو تولہ آملہ دو تولہ سنا چار تولہ نسوت ایک تولہ ریوند چینی
دو تولہ گلاب کے پھول ایک تولہ کوٹ کر چھان کر روغن بادام مین چرب کر کے
شہد سہ چند مین قوام کرین خوراک ساڑھے تین ماشہ ساتھ پانی دھنیہ کے
اطریفل مقل پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ آملہ برابر وزن گوگل مساوی
سب دواؤن کے گوگل کو پانی مین گھول کر شہد مین قوام کرین اور جملہ اجزا
اضافہ کر کے اطریفل تیار کرین مقدار شربت ساڑھے چار ماشہ ایارج فیقرا
اعضاے غذا کو پاک کرتا ہی اور فضول دماغ سے نکالتا ہی اور لقوہ اور گرانی
زبان و کان اور استرخاے مثانہ اور معدہ اور تمام اعضا کو نافع ہی اور دردہاے
مفاصل اور قولنج کو مفید ہی صں بالچھڑ دارچینی عود بلسان حب بلسان
سلیخہ مصطگی اسارون زعفران ہر ایک ایک جزو ایلوا دو وزن دواؤن کو
کوٹ کر چھان کر نگاہ رکھین مقدار خوراک سات ماشہ سے ساڑھے دس ماشہ تک
پانی گرم اور قدرے شہد کے ساتھ ایارج لوغاذیا مرگی اور مالیخولیا
اور فالج اور سکتہ اور رعشہ اور لقوہ اور تشنج اور جذام اور داء الفیل اور جرب اور داء
اور برص اور گنج سر اور درد سر اور آدھاسیسی اور دوران سر اور گرانی گوش اور شہوۃ کلبی اور
تنگی نفس اور درد گردہ اور مثانہ اور نقرس اور مفاصل اور عرق النسا اور درد گوش اور
داء الثعلب اور داء الحیہ اور زخمہاے بد اور کہنہ کو نافع ہی حیض کھولتا ہی اور یہ مسہل مبارک ہی اسہال
بلا مشقت لاتا ہی صں شحم حنظل ساڑھے سترہ ماشہ پیاز جنگلی بربان غاریقون سقمونیا کنگلی سیاہ اشق جنگلی

لہسن ہر ایک ساڑھے چار تولہ افتیمون کمادریوس گوگل ایلوا ہر ایک
ساڑھے دس ماشہ جاش کہ ایک قسم پودینہ پہاڑی کی ہی اور فراسیون
یعنی گندنا پہاڑی اور تیج پات زراوند مدحرج جعدہ سلیخہ مرچ سفید جاوشیر
مرکی جند بید ستر فرفیون فطراسالیون زراوند طویل عصارہ افسنتین
بالچھڑ حماما سونٹھ ہر ایک سات ماشہ جنطیانا اسطوخودوس ہر ایک
سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھانکر شہد مین ملاوین مقدار خوراک ڈیڑھ تولہ
ہمراہ پانی گرم اور شہد کے بعد چھ مہینے کے استعمال کرین **ایارج لوغاذیا** دیگر
نفع اُسکا قریب ایک دوسرے کے ہی **ص** شحم حنظل سقمونیا ایلوا ہر ایک
چار تولہ ساڑھے چار ماشہ بصل الفار بریان دو تولہ چار ماشہ افتیمون غاریقون
کنکلی سیاہ ہر ایک دو تولہ ساڑھے گیارہ ماشہ پودینہ پہاڑی سات ماشہ
گندنا پہاڑی بسفائج سلیخہ ہر ایک دو تولہ مرچ سیاہ پیپلا موڑھ بالچھڑ زعفران
دارچینی مرکی فطراسالیون ہر ایک چودہ ماشہ جاوشیر سکبینج عصارہ افسنتین
اسطوخودوس کمادریوس اسقورديون یعنے لہسن جنگلی ہر ایک ساڑھے
سترہ ماشہ سونٹھ جند بید ستر زراوند طویل جنطیانا رومی ہر ایک ساڑھے
دس ماشہ کوٹ کر چھانکر شہد مین ملاوین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مقدار
شربت چودہ ماشہ ساتھ نمک طعام ساڑھے تین ماشہ کے کہ جوشاندہ افتیمون مین
شامل ہو **ایارج جالینوس** منافع اوسکا لوغاذیا سے زیادہ ہی کہ نقوہ
اور فالج اور رعشہ اور تشنج اور استرخاے مثانہ اور بیماریون سوداوی اور
بلغمی کو مفید ہی اور سلس البول کو باز رکھتا ہی اور خلطون غلیظ لزج کو بدن سے
پاک کرتا ہی **ص** شحم حنظل غاریقون بصل الفار بریان اشق سقمونیا کنکلی سیاہ کنکلی سفید
پیپلا موڑھ دارچینی جاوشیر جند بید ستر فطراسالیون ہر ایک چودہ ماشہ کوٹ کر چھانکر شہد مین

کھلادین مقدار شربت ڈیڑھ تولہ ساتھ جس مطبوخ کے کہ مناسب اُس مرض کے ہووے اور قوت
اُسکی چار برس تک اور بعضون نے کہا ہی کہ تیس برس تک باقی رہتی ہی اور بہتر یہ ہی کہ
شہد اُسمین خام ہووے یعنے آتش نادیدہ **اغبر لولوئی** جرب اور سبل اور
شرناق اور ضعف باصرہ کو نافع ہی **ص** توتیاے کرمانی دھویا ہوا درمنہ ترکی محرق
و مغسول ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ موتی ساڑھے تین ماشہ مصری ساڑھے سترہ ماشہ
پیسکر استعمال کرین **اکسیرین** ایک ترکیب ہی اور یہ چشم مین کہ گوشت جما ہی اور بعضے
کہتے ہین کہ معنی اکسیرین کے شیاف ہین کہ آنکھ مین کھینچتے ہین اور بعضون کا قول ہی کہ معنی
اُسکے اصل کا نزدیک اہل کیمیا کے ہین کہ قرحہ اور مور سرج کو نافع ہی **ص** سفیداب ارزیز دو تولہ
چار ماشہ اقلیمیاے نقرہ یعنے میل چاندی کا اور گوند ببول کا ہر ایک چودہ ماشہ مازوے سوختہ
ساڑھے تین ماشہ نشاستہ افیون ہر ایک سات ماشہ باریک پیسکر استعمال کرین **اکسیرین**
کہ یہی منفعت رکھتا ہی **ص** شادنج یعنے شادنہ دھویا ہوا ساڑھے دس ماشہ نشاستہ
میل چاندی کا افیون سرمۂ اصفہانی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گوند ببول کا انزروت
ہر ایک سات ماشہ سفیداب ارزیز دو تولہ چار ماشہ باریک پیسکر استعمال کرین **آبکامہ**
معدہ کو قوت دیتا ہی اور بلغم کو دفع کرتا ہی اور اشتہاے طعام لاتا ہی **ص** نان تازہ گرم
اندر کوزہ آب نارسیدہ کے رکھین کہ سرد ہو جاوے بعد اُسکے سرکہ مین خمیر کرین اور
آفتاب کے نیچے رکھدین دس دن تک اور سرکہ اوپر اُسکے ڈالین اور دس دن تک
اور ساتھ دوشاب تازہ کے خمیر کرین پھر دس دن اور شیرۂ انگور مین ڈالدوین
بعدہ ادویہ گرم کوٹ کر چھان کر اضافہ فرماوین اگر چاہین کہ آبکامہ رقیق ہووے
اس خمیر سے ایک من طبی یعنے سوا چھٹانک تین پاؤ لیوین اور تین من طبی سرکہ اوپر اُسکے
گراوین اور تھیلی ادویہ نیم کوفتہ کی اسمین ڈالین اور چالیس روز تک آفتاب مین
رکھکر کام مین لاوین +

باب الباء

بادرونج برودت معدہ اور جگر اور رحم اور حیض کے بند ہونے کو نافع ہی
اور ریاح غلیظہ کو دفع کرتا ہی اور سدہ جگر اور طحال کا کھولتا ہی ص تخم چوپ
درونج عقربی افیون جندبیدستر عاقرقرحا مرچ سیاہ پیپلا مور ٹھ سلیخہ ثوم المحوس
اجواین خراسانی کٹ جاوشیر زعفران ہر ایک پونے دو تولہ مستیمی دو تولہ چار ماشہ بارزد یعنے
گندہ بہروزہ مرکی ہر ایک ساڑھے تین تولہ موتی سات ماشہ شہد خالص دو وزن
ادویہ معجون کرین موافق دستور کے برشعثا یہ نسخہ شیخ بوعلی سینا کا ہی زکام اور
نزلہ کو فائدہ بخشتا ہی اور درد ہاے سرد کو دور کرتا ہی خون کو جاری ہونے سے
باز رکھتا ہے ص مرچ سفید اجواین خراسانی ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ افیون دو تولہ
گیارہ ماشہ زعفران ساڑھے سترہ ماشہ بالچھڑ عاقرقرحا فرفیون ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
سہ چند شہد مین ملاوین اور کوزے مین رکھکر درمیان غلہ جو کے دبا دیوین چھ
مہینے تک بعد چھ مہینے کے استعمال کرین اور جو مین رہنے دین بنادق البزور
سوزش پیشاب اور قروح گردہ اور مثانہ اور دشواری بول کو نافع ہی ص مغز تخم خیار
ساڑھے سترہ ماشہ مغز تخم کدو مغز تخم خیارین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اجواین خراسانی
تخم خرفہ تخم خطمی مغز بادام شیرین کتیرا نشاستہ رب السوس خشخاش سفید وگیرو اجو ہر ایک
سات ماشہ کوٹ کر بنادق کرین مقدار شربت ساڑھے دس ماشہ ہمراہ شربت خشخاش کے
بنادق کندری قذف اور اسہال معدہ کو نافع ہی ص مازوے سبز ساڑھے تین ماشہ
کندر بڑی مائین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ افیون چودہ ماشہ حب الآس دو تولہ
ساڑھے گیارہ ماشہ کوٹ کر چھانکر بنادق تیار کرین ہر ایک [illegible] بنادق جگر درد قولنج
بارد کو دور کرتا ہے ص جندبیدستر کلونجی اجواین زیرہ کرمانی افیون برابر کوٹکر چھانکر

بنادق تیار کرین ہر ایک دو دانگ یعنی آٹھ رتی تین چاول **بنادق دیگر** آنتون کا
درد اور قولنج مراری کو تسکین بخشتا ہی ص تخم کاہو مقشر تخم خرفہ افیون مساوی
لعاب اسپغول مین ملا کر بندقہ تیار کرین ہر ایک دو دانگ **بمیش** یہ ترکیب اطبای ہند کی
واسطے جذام کے بہت نفع کرتی ہی ص کالی ہڑ آملہ چیتہ ہر ایک دو تولہ ساڑھے
گیارہ ماشہ پیپلا موڑھ ساڑھے سترہ ماشہ مبیش سفید کہ ایک جڑی ہی زہردار سات ماشہ
بادام کے روغن مین چکنا کر کے شہد مین معجون کرین مقدار شربت پونے دو ماشہ سے
ساڑھے تین ماشہ تک **برجستی** یہ ترکیب حکمای ہند سے ہی وہی خاصیت رکھتی ہی
ص زنگی ہڑ بہیڑہ آملہ چیتہ چار تولہ ایک ماشہ جائفل الائچی سفید پوست
کندر کلتھی مرچ سیاہ پیپل ناگیسر کندش عصارہ پیاز جنگلی تیج پات ہر ایک
تین تولہ بیش سفید ڈیڑھ تولہ کوٹ کر چھان کر ساتھ فانیذ کے معجون کرین مقدار
شربت پونے دو ماشہ سے بتدریج چار ماشہ تک پہونچا دین **برود حصرم**
آنسو بہنے کو باز رکھتا ہی کھجلی اور سفیدی آنکھ کو دور کرتا ہی مرض سلاق اور ناخنہ کو
دفع کرتا ہی ص توتیای کرمانی دھویا ہوا دو تولہ گیارہ ماشہ پوست ہڑ زرد کا
سونٹھ ہلدی ساڑھے سترہ ماشہ پیپل مامیران چینی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
نمک ہندی کوٹ کر چھان کر بیس روز آب انگور خام مین ڈالدین اور سایہ مین
خشک کر کے باریک پیسکر استعمال کرین **برود بنفشہ** آنکھ کی کھجلی کو فائدہ
پہونچاتا ہی ص بنفشہ دھنیا بریان گوندببول کا کتیرا ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ نشاستہ ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر پانچ مرتبہ سرکہ مین
ڈالین اور سایہ مین خشک کر کے دوسری مرتبہ پیسکر کپڑے مین چھان کر کام مین
لاوین **برود وردی** ترحہ اور مورسرج کو نافع ہی ص سفیداب
ارزیز چار تولہ ساڑھے چار ماشہ میل چاندی کا دو تولہ گیارہ ماشہ

گوند ببول کا دو تولہ پونے دو ماشہ تیج پات دھویا ہوا جست سوختہ نشاستہ
افیون ہر ایک سات ماشہ باریک پیسکر استعمال کرین برود دمعہ ہڈیان
جلی ہوئین ساڑھے دس ماشہ کابلی ہڑ ساڑھے دس ماشہ نمک اندرانی مازو ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر
چھان کر استعمال کرین برود فارسی قوت بینائی کو زیادہ کرتا ہے اور محافظت
چشم کرتا ہے ص توتیا سونا مکھی میل چاندی کا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
بالچھڑ تیج پات زعفران ہر ایک پونے دو ماشہ موتی سات ماشہ کافور دو دانگ
مشک خالص ایک دانگ پیسکر استعمال کرین برود احمر سورش چشم کو
باز رکھتا ہے شادنج مغسول دو تولہ ساڑھے گیارہ ماشہ جست سوختہ ساڑھے
سترہ ماشہ موتی ساڑھے چار ماشہ مصری ساڑھے تین ماشہ پیسکر استعمال
کرین برود اسود آنسو بہنے کو باز رکھتا ہے اور سفیدی چشم کو دور کرتا ہے
ص توتیاے مغسول ہر ایک ساڑھے تین تولہ موتی سات ماشہ تیج پات
ساڑھے تین ماشہ زعفران پونے دو ماشہ سونا مکھی دو تولہ مشک کافور ہر ایک
دو دانگ پیسکر استعمال کرین باسلیقون کبیر جاری ہونے آنسو اور آنکھوں کے
اندھیرے اور شروع نزول اور کھجلانے آنکھ کے واسطے از بس مفید ہے ناخنہ
اور شرناق کو نافع ہے ص سمندر جھاگ میل چاندی کا ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ
نمک اندرانی تیج پات سفید آب ارزیز کالی مرچ پیپل بالچھڑ سرمہ اصفہانی
ہر ایک سات ماشہ نمک ہندی لونگ چھڑیلا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
ایلوا عصارہ مامیثا مس سوختہ ہر ایک سترہ ماشہ مامیران نوسادر
ہلدی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ پوست زرد ہڑ کا چودہ ماشہ کوٹ چھانکر
استعمال کرین باسلیقون صغیر نفع اسکا نزدیک منافع کبیر کے ہے ص میل
چاندی کا پونے دو ماشہ جست سوختہ پونے نو ماشہ سفیداب ارزیز نمک اندرانی نوسادر جدہ

کالی مرچ پیپل ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین بخ نسخہ آنکھ کے
اندھیرے اور خارش خشک وتر آنکھ کی اور آنسو بہنے کو مفید ہی ص شیاف نہ دھویا ہوا
سات ماشہ دم الاخوین ایک دانگ جست جلا ہوا پیپل بالچھڑ ہر ایک پونے دو ماشہ
تیج پات دو دانگ چھوٹی الائچی مشک ہر ایک ایک دانگ کافور آدھا دانگ کوٹ کر
چھان کر استعمال کرین برئیو رمد یعنے ورم طبقہ ملتحمہ کو نافع ہی اور ضربان چشم کو
تسکین دیتا ہی اور رجوع مادہ کا کرتا ہی اور آنکھ کو ایک دن مین صلاح پر لاتا ہی
ص شیاف مامیثا انزروت ہر ایک دو تولہ چار ماشہ کتیرا ساڑھے تین ماشہ زعفران
سات ماشہ افیون پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر سینٹھ کے پانی مین کھرل کرین اور
حاجت کے وقت انڈے کی سفیدی مین گھسکر استعمال کرین بخور کہ زکام اور نزلہ
سرد کو باز رکھتا ہی ص کندر سلارس خشک مرمکی کٹ سندروس برابر وزن کوٹ کر چھانکر
گولیان بناوین حاجت کے وقت ایک گولی آگ پر رکھین اور بخار پر اُسکے سر جھکاوین
بخور کہ زکام اور نزلہ گرم کو دفع کرتا ہی ص بھوسی گیہون کی آٹا باقلا کا صندل سرخ
صندل سفید گلاب کے پھول بنفشہ جھاؤ کے پھول ہر ایک پونے دو ماشہ کافور ایک دانگ کوٹ کر سرکہ مین
بھگو کر اور خشک کر کے دوسری بار پھر عرق گلاب مین گوندھ کر گولیان بناوین
حاجت کے وقت ایک گولی آگ پر رکھین اور بخار پر اُسکے سر جھکاوین بخور
کہ مقوی ذہن و دماغ ہی خفقان اور غشی اور ضعف حواس کو نافع ہی ص
اگر ہندی کٹ شیرین صندل سفید ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مشک کافور پونے
دو ماشہ کوٹ کر چھانکر گلاب مین گوندھ کر گولیان بناوین اور جب چاہین
حسب دستور بخور کرین بخور کہ مددگار حمل ہی ص سلارس تر بارزد حب الغار
برابر کوٹ کر چھانکر شہد مین گوندھین اور بعد پاک ہونے کے عورت کو چاہیے کہ ہر روز ساڑھے تین ماشہ
اس دوا سے لیکر تین دن برابر بخور کرے بعد اُسکے مباشرت عمل مین آئے بخور کہ یہی

خاصیت رکھتا ہی **ص** سداب خشک کوٹ کر ساتھ موم پگھلے ہوے اور پشم خرگوش کے گوند مین اور بخور کرین **بخور** رکہ مشیمہ اور بچہ مردہ کو باہر لاتا ہی **ص** سر کی بار زرد جاوشیر گندک برابر کوٹ کر چھانکر گاے کے پتہ مین گوندھ کر گولیان بناوین اور نیچے تغار سوراخ کیے ہوے کے دھوان کرین اور فرج اوپر اُس سوراخ کے رکھین **نخچہ جوش** سردی معدہ اور جگر اور درد پشت اور درد مفاصل اور قولنج اور لقوہ اور نسیان اور درد گردہ اور مثانہ کو نافع ہی رنگ نکھارتا ہی منھ مین خوشبو کرتا ہی معدہ اور باہ کو قوت دیتا ہی اور حافظہ بڑھاتا ہی اور بول جاری کرتا ہی اور ریاح کو توڑتا ہی **ص** پانی انگور نخچہ کا ایک سو من طبی یعنے دو من تین آثار مروج گوشت بکری کا فربہ سوا سولہ سیر اگر خام دو تولہ گیارہ ماشہ جائفل مصطکی خولنجان زعفران ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سلیخہ ساڑھے تین ماشہ چھوٹی الائچی کباب چینی زرنبار موتھا لونگ جاوتری ہر ایک ساڑھے دس ماشہ سونٹھ دارچینی بالچھڑ عاقرقرحا ساڑھے تین ماشہ شہد خالص ساڑھے سات سیر گوشت کو آب انگور مین جوش کرین کہ مُہرا ہو جاوے دوائین ہمکوفتہ تھیلی مین بھرین اور منھ تھیلی کا باندھ کر اوسمین ڈالدیوین اور ہر لحظہ ہاتھ سے ملتے جاوین اور اوسپر ڈیڑھ پاؤ گلاب اضافہ کرکے صاف کرین اور مٹکہ مین گراوین بعد چھ مہینے کے استعمال کرین اور اگر چاہین مرغ اور کبوتر اور چکور اور مانند اُسکے اضافہ کرین چاہیے کہ گوشت بکری سے کم کرین

باب التاء

تریاق فاروق اسکو تریاق کبیر بھی کہتے ہین مضرت کاٹنے سانپ اور بچھو اور رتیلا اور سگ دیوانہ اور تمام جانورون زہردار کی دفع کرتا ہی اور ضرر جمیع زہرہاے کشندہ کو دور کرتا ہی جذام اور فالج اور لقوہ اور مرگی اور سکتہ اور رعشہ اور مالیخولیا اور تنگی نفس اور خناق سوداوی اور بلغمی اور استسقا اور یرقان سدی اور دوران سر اور درد سر اور قولنج بلغمی اور درد گردہ اور مثانہ کو فائدہ دیتا ہی اور گردہ اور مثانہ کی پتھری کو نکالتا ہی

اور سدہ جگر اور طحال کو کھولتا ہی اور حیض جاری کرتا ہی اور بواسیر اور بادہاے
غلیظ کو جو اندر احشا کے ہو دفع کرتا ہی صلابت جگر اور طحال کی دور کرتا ہی اور ر
سینہ کو باز رکھتا ہی اور کدو دانہ کو دور کرتا ہی اور شہوت کلبی اور لرزہ اور تپ بلغمی اور
سوداوی اور تمام امراض سوداوی اور بلغمی کو نافع ہی اور حرارت غریزی کو بھڑکاتا ہی
اور روح کو قوت دیتا ہی اور باہ کو بڑھاتا ہی لیکن مقدار شربت تریاق کی ہر مرض مین
یہ ہی کہ پرانی کھانسی اور درد سینہ اور پہلو مین جو سبب اسکا باد غلیظ یا بلغم ہو ایک
ترمس ساتھ پانی شہد کے دیوین اور واسطے کاٹنے سانپ اور بچھو اور سگ دیوانہ
اور رتیلا کے ساڑھے چار ماشہ شراب مین دینا چاہیے اور زنبور کے کاٹے ہوے کو
سرکہ مین دین اور سرکہ مین گھول کر مقام پر کاٹے ہوے کے ملین اور واسطے مضرت
دواؤن زہردار مثل افیون اور شوکران اور فرفیون اور ذراریح اور مانند اسکے
شراب مین پلاوین اور یرقان سدی کے لیے ایک ترمس جوشاندہ اسارون مین دینا چاہیے
اور واسطے استسقا کے ایک فندق کے برابر سرکہ مین گھول کر اور واسطے فالج اور لقوہ اور
رعشہ کے مار الاصول یعنی جڑون کے پانی مین جو کوئی میسر ہو دیوین اور جذام کے واسطے
ماء الجبن مین بہتر ہی اور کدو دانہ کے مریض کو جوشاندہ قیصوم مین کہ ایک قسم برنجاسف
پہاڑی کی ہی دیوین اور لرزہ اور تپ ہاے بلغمی اور سوداوی کے واسطے ایک ترمس
پانی گرم یا شراب مین لازم ہی اور قولنج اور نفخ معدہ اور آنتون کا درد رکی اور واسطے
جاتے رہنے بھوک کھانے کے اور ربو اور برص مین ایک ترمس ساتھ شہد پانی یا شراب
دیوین اور تنگی سانس مین ساتھ سکنجبین پیاز جنگلی کے اور مرگی اور درد سر اور
آدھاسیسی مین ایک ترمس ساتھ پانی گرم کے اور سعفہ کے مریض کو دو دانگ شراب
سیب مین دیوین اور واسطے بند ہونے خون حیض اور نکالنے بچہ مرے ہوے کے
جوشاندہ ابہل یعنی سرو پہاڑی یا شکطر امشیع یعنی پودینہ پہاڑی یا سداب مین

ہونا چاہیے اور واسطے تمام بیماریون کے تھوڑا اسکا ایک سوج اور بہت اسکا
ساڑھے چار ماشہ تک ہی صفت قرص پیاز جنگلی کے اٹھارہ تولہ قرص افعی قرص
اندروخون کالی مرچ افیون دارچینی ہر ایک نو تولہ ورق گلسرخ تخم شلجم جنگلی لہسن جنگلی
سوسن آسمانی گوفی کی جڑ غاریقون ربّ السوس روغن بلسان ہر ایک ساڑھے چار تولہ
مرمکی زعفران سونٹھ ریوند چینی فنطافلیون مرچ سفید پیپل اسطوخودوس
پودینہ دیسی فراسیون فطراسالیون کہ قسم اجمود جنگلی کی ہی کندر شگوفہ اذخر مشکطرامشیع
یعنے پہاڑی پودینہ صمغ البطم سلیخہ بالچھڑ جعدہ ہر ایک سوا دو تولہ اجمود دیسی سیسالیوس
تخم ترہ تیزک کماذریوس کمافیطوس یعنے گگرندہ ناخنواہ عصارہ رشش برگ نارین
تیج پات دو تولہ خطیانا بادیان گل مختوم پھٹکری حماما حب بلسان ہیوفاریقون
گوند ببول کاقرونا بادیان رومی اقاقیا ہر ایک ڈیڑھ تولہ جندبیدستر قنہ وقو مقل الیہود یعنے
گوگل جاؤشیر حنظوریون دقیق زراوند مدحرج سکبینج ہر ایک نو ماشہ شہد کہ گل جانتا ہے تو
تین بار کسرے زائد شراب ریحانی آٹھ رطل بوزن بغداد کہ ہر رطل نوے مثقال کا
ہوتا ہی یعنے تین آثار ڈیڑھ چھٹانک صمغ اور عصارہ اور قرصون کو شراب مین
بھگو دیوین کہ حل ہو جاوے پھر شہد خالص اسپر اضافہ کرین اور ایک
رات دن چھوڑ دیوین بعد اسکے دوائین کوٹ کرچھان کر روغن بلسان مین
چکنا کرین اور ساتھ ایک دوسرے کے گوندھین اور بعد چار مہینے کے
بلکہ چھ مہینے کے استعمال کرین اور بعضون نے کہا ہی کہ پہلے پانچ برس سے استعمال
نہ کرنا چاہیے اور بعضون نے کہا ہی کہ بعد بارہ برس کے عمل مین لاوین کہ
اسوقت ساتھ نہایت خوبی اور قوت کے ہوتا ہی مدت تیس برس تک
جو تیس برس گذرین ساٹھ برس تک قوت اسکی باقی ہی اور بعد ساٹھ برس کے
حکم اسکا حکم معاجین کبار کا ہی واسطے جمیع امراض مذکورہ کے نافع ہوتا ہی

گر واسطے دفع زہر اور کاٹنے جانوروں کے اس مدت مین موثر نہین تریاق
طین مختوم جس کسی کو کہ زہر دیا ہووے یہ تریاق دیوین اول قی آتی ہی کہ
تمام بدن سمیت سے پاک ہوجاتا ہی اور علامت اس امر کی کہ زہر دیا ہی یا نہین
یہ ہی کہ اگر اس تریاق سے قی آجاوے تو معلوم کرین زہر دیا ہی ورنہ نہین صہ
گل مختوم بیخ سوسن آسمانگونی حب الغار برابر کوٹ کر چھان کر روغن گاؤ مین چکنا
کرکے شہد مین ملاوین مقدار شربت ایک فندق ہی تریاق اربعہ جانورون
زہردار کی مضرت کو دفع کرتا ہی اور ریاح کو توڑتا ہی اور قولنج کھولتا ہی اور
بچہ مردہ رحم سے نکالتا ہی اور دشواری ولادت کو آسان کرتا ہی اور تمام
بیماریون سرد کو نفع بخشتا ہی صہ خبطیانا حب الغار زراوند طویل ہر ایک برابر وزن
کوٹ کر چھان کر شہد مین معجون کرین مقدار شربت ساڑھے چار ماشہ پانی گرم کے ساتھ
تریاق ثمانیہ بعد تریاق اربعہ کے ترتیب دیا گیا ہی منافع اسکا زیادہ اُس سے ہی
صہ ریوند چینی پوست بیخ کبر حب الغار مرمکی کمٹ تلخ جنطیانا زراوند طویل
ہلدی برابر کوٹ کر چھان کر شہد مین معجون تیار کرین مقدار شربت ساڑھے چار ماشہ
تریاق سرطان واسطے مضرت کاٹنے سگ دیوانہ کے نافع ہی صہ سرطان
محرق دو تولہ ساڑھے گیارہ ماشہ کندر جنطیانا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین مقدار شربت ساڑھے چار ماشہ
تریاق عسکری واسطے کاٹنے بچھو کے یہ تریاق نظیر نہین رکھتا صہ پوست
بیخ کبر جنطیانا زراوند مدحرج افسنتین رومی طرخشقوق برابر کوٹ کر چھان کر
سات ماشہ اسمین سے سفوف تیار کرین تریاق دیگر یہی منفعت رکھتا ہی
صہ تخم سداب زراوند طویل حب الغار جنطیانا پوست بیخ کبر افسنتین رومی ہلدی
بیخ حنظل یعنے اندراین کی جڑ اور فاشرا کہ ایک گھاس ہوتی ہی ہر ایک برابر وزن

کوٹ کر چھان کر شہد مین معجون کرین **تریاق دیگر** یہی خاصیت رکھتا ہی **ص** لہسن مغز اخروٹ ہر ایک سات ماشہ سداب ہینگ مرکی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ انجیر کے معجون کرین مقدار شربت ساڑھے تین ماشہ ساتھ شراب یا شہد کے پانی کے **تریاق دیگر** واسطے کاٹنے بچھو کے نافع ہی **ص** بکی جنطیانا حب الغار کٹ پودینہ زراوند سداب جند بید ستر عاقرقرحا کلونجی سونٹھ کالی مرچ ہینگ برابر وزن کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین مقدار شربت بقدر ایک اخروٹ کے ہمراہ شراب کے **تریاق دیگر** یہی خاصیت رکھتا ہی **ص** زراوند مدحرج پوست بیخ کبر ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹ کر چھانکر شراب مین ملا کر پیا اور نوش فرماوین **تریاق دیگر** واسطے کاٹنے ریتلا کے نافع ہی **ص** کلونجی دو تولہ ساڑھے گیارہ ماشہ دوقو زیرہ کرمانی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ ابہل جوز السرو ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بالچھڑ حب الغار زراوند مدحرج حب البلسان دارچینی جنطیانا تخم اسپست اجمود ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین مقدار شربت بقدر ایک اخروٹ کے ساتھ شراب کہنہ کے **تریاق دیگر** سانپ کے کاٹے ہوے کو مثل تریاق کبیر کے ہی **ص** انیسون دو تولہ ساڑھے گیارہ ماشہ مرچ سیاہ ساڑھے دس ماشہ زراوند مدحرج جند بید ستر ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر شراب مین معجون کرین مقدار شربت بقدر ایک اخروٹ کے **تریاق** کہ مضرت افیون اور بنگ کو دفع کرتا ہی **ص** ہینگ جند بید ستر ابہل کالی مرچ برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے معجون کرین مقدار شربت ایک فندق شراب کہنہ مین نافع ہی **تریاق دیگر** بچھو کے کاٹے ہوئے کو نافع ہی **ص** ریوند چینی زراوند طویل پوست بیخ کبر عاقرقرحا برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ شراب شیرین کے ساڑھے تین ماشہ سفوف کرین **تریاق ذرب** موتی مونگے کی جڑ کہربا عقیق سنگ یشم ہاتھی دانت کا برادہ

بسلوچن طباشیر دھنیا بریان صندل سفید بہمن سرخ بہمن سفید چھالیہ موتھا زیرہ کرمانی
مدبر مصطگی کرویا مازو گل ارمنی شادنہ گوند ببول کا آرد کنار آرد سنجد کہ ایک پھل ہے درخت کا
مثل عناب کے تخم مورد چھوٹی ماھین دانۂ عناب بریان پوست بیرون پستہ مویز منقی
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ چاندی کے ورق ساڑھے تین ماشہ تخم خرفہ بریان
دانۂ خشخاش سفید دانۂ انگور ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اگر خام اجواین خراسانی
ہر یک دو تولہ ساڑھے گیارہ ماشہ ربّ بہ شیرین رب سیب رب مورد مساوی
معجون تیار کرین

باب الثاء

تیادریطوس درد جگر و معدہ و طحال اور گردہ اور رحم اور نسیان اور آنکھ کے اندھیرے اور مرگی اور ربو اور درد سر اور جذام اور برص اور لقوہ اور رعشہ اور فالج اور ام ہمیاریوں پرانی اور قسمون سوے مزاج سرد کو نافع ہے قولنج کھولتا ہے اور استسقا کو جو بسبب سردی اور ضعف جگر کے ہو زائل کرتا ہے اور اسہال بلا مشقت لاتا ہے اور بول اور حیض جاری کرتا ہے اور گردہ اور مثانہ کی پتھری کو نکالتا ہے اور حرارت غریزی کو تقویت پہونچاتا ہے اور بدن کو خلطون خراب سے پاک کرتا ہے اور ریاح کو توڑتا ہے اور سدۂ جگر و طحال کھولتا ہے اور رنگ صاف اور نیک کرتا ہے اور بثور اور آبلہ بدن سے خشک کرتا ہے **ص** ایلوا چار تولہ ساڑھے چار ماشہ غاریقون پانچ تولہ دس ماشہ زعفران دارچینی بچھہ مصطگی روغن بلسان ہر ایک ساڑھے دس ماشہ ریوند چینی سوا پانچ ماشہ عود بلسان فرفیون مرچ سفید مرچ سیاہ پیپل مرکی جنطیانا حب بلسان شگوفۂ اذخر حماما ہر ایک سات ماشہ کمادریوس افتیمون ہر ایک چودہ ماشہ اسارون سلیخہ سقمونیا ہر ایک ایک تولہ تین ماشہ بالچھڑ سوا بارہ ماشہ دواؤن کو کوٹ کر چھان کر روغن بلسان مین چکنا کرین

اور سہ چند شہد مین گوندھین مقدار شربت ڈیڑھ تولہ اور قوت اس معجون کی
چار برس تک باقی رہتی ہے دیا دریطوس منفعت اسکی قریب منفعت اول کے ہے
ص ایلوا آٹھ تولہ نو ماشہ غاریقون چھ تولہ پانچ ماشہ زعفران بچھ دارچینی مصطکی
سورنجان سلیخہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کمادریوس مرچ سفید اسارون
عود بلسان ہر ایک سات ماشہ مرچ سیاہ جند بیدستر ہر ایک چودہ ماشہ
ریوند چینی مرکی بالچھڑ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ شہد خالص تین وزن سب
دواؤن سے اور مقدار شربت چودہ ماشہ آب گرم کے ساتھ

باب الجیم

جوارش شہریاران سردی جگر و معدہ اور قولنج اور دشواری بول کو نافع ہے
ص تج لونگ دارچینی سلیخہ بالچھڑ جایفل دانہ الائچی سفید مصطکی دانہ الائچی بڑی کے
حب بلسان زعفران ہر ایک پونے سولہ ماشہ سقمونیا ساڑھے دس ماشہ نسوت سفید
حب النیل ہر ایک دو تولہ چار ماشہ قند سفید برابر وزن سب دواؤن کے کوٹ کر چھان کر
شہد مین گوندھین مقدار شربت ڈیڑھ تولہ سے اڑھائی تولہ تک ہے جوارش سقنقور
گردہ کو منفعت دیتی ہے باہ کو زیادہ کرتی ہے اور نعوظ تمام لاتی ہے ص بلیون تخم بیاز
تخم گندنا تخم شلجم تخم اسپست تخم ترہ تیزک حب الرشاد تخم انجرہ مغز تخم کیکر مغز حبۃ الخضرا
بیخ بہمن اندر جو کنجد مقشر تخم ترب مغز اخروٹ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ سونٹھ
شقاقل مصری خولنجان پیپل ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ دارچینی جایفل بہمن
ہر ایک سات ماشہ ناف سقنقور پونے دو ماشہ خصیۃ الثعلب دو تولہ ساڑھے
گیارہ ماشہ قضیب گاؤ پہاڑی خشک کیا ہوا اور باریک پیسا ہوا سب دواؤن کو
کوٹ کر چھان کر ساتھ تین وزن شہد جھاگ لیے ہوے کے گوندھین مقدار شربت

سات ماشہ پانی انگور کے ساتھ یا ساتھ پانی شہد کے یا ساتھ دودھ تازہ اور
شکر سفید کے **جوارش اترج** معدہ کو قوت دیتی ہی اور اشتہاے طعام
لاتی ہی اور منھہ مین خوشبو کرتی ہی **ص** پوست ترنج خشک کیا ہوا آٹھ تولہ نو ماشہ
لونگ جائفل تج دانہ الائچی بڑی کے کلیجن سونٹھ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
مشک خالص ایک ماشہ تین چاول کوٹ کر چھان کر شہد مین ملاوین مقدار شربت
سات ماشہ **جوارش عود** ریاح کو توڑتی ہی خفقان اور تنگی سانس کو دور کرتی ہی
ص اگر ہندی سونف وسیی احمود بچھ بالچھڑ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ جاوتری
ناگیسر سوتھا قرنفل تخم شک زرنب زرنجور ہر ایک ساڑھے چار ماشہ دارچینی سونٹھ
کالی مرچ لونگ مصطگی ہر ایک سات ماشہ گاؤزبان ساڑھے سترہ ماشہ کافور
بھربتی کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے گوندھین **جوارش** کہ اسہال بلا تقیت
لاتی ہی اور معدہ کو قوت دیتی ہی **ص** اگر قماری ساڑھے سترہ ماشہ فلوت مجوف
پانچ تولہ دس ماشہ سقمونیا بریان ساڑھے دس ماشہ رب سیب برابر وزن دواؤن کے
مقدار خوراک سات ماشہ سے ساڑھے دس ماشہ تک **جوارش عود ترش**
معدہ کو قوت دیتی ہی جوانون کو موافق ہی **ص** پانی چوکے کا پانی سیب ترش کا
ہر ایک ڈیڑھ پاؤ کسرے زیادہ گلاب قند سفید شہد خالص ہر ایک تین چھٹانک
زعفران ساڑھے تین ماشہ دارچینی مصطگی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مشک خالص
لونگ دو ماشہ اگر قماری دو تولہ گیارہ ماشہ بادرنجبویہ سات ماشہ گلاب مین بھگو کر
موافق دستور کے معجون تیار کرین مقدار شربت نو ماشہ **جوارش عود دیگر**
معدہ اور دل کو قوت دیتی ہی اور بوڑھون کو موافق ہی **ص** اگر خام لونگ
تج پات چھوٹی الائچی سونٹھ قرنفل تخم شک پیپل ہر ایک نو ماشہ زعفران ساڑھے
چار ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین **جوارش عود** نو ہانگ معدہ کو ہاضمہ کو قوت دیتی ہی

اور بھوک لگاتی ہی بلغم اور رطوبت کو بدن سے دور کرتی ہی نسخہ لونگ ساڑھے
دس ماشہ چھوٹی الائچی بڑی الائچی بالچھڑ ہر ایک سات ماشہ اگر ساڑھے سترہ ماشہ
زعفران ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین جوارش عود نوع دیگر
معدہ گرم کو سرد کرتی ہی اور بھوک لگاتی ہی ہاضمہ درست کرتی ہی ص لونگ
سات ماشہ بالچھڑ ساڑھے تین ماشہ اگر خام ساڑھے تیرہ ماشہ مصری تین پاو
سوا چھٹانک مصری کو گلاب مین ڈال کر قوام کرین اور سب دوائیان کوٹ کر
چھان کر اسمین ملاوین اور اوپر پتھر کے گرا کر خوب لت کرین جوارش عود نوع دیگر
معدہ کو اصلاح پر لاتی ہی اور بھوک کھانے کی پیدا کرتی ہی ص اگر خام
ساڑھے سترہ ماشہ پوست ترنج ساڑھے دس ماشہ مصطگی ساڑھے چار ماشہ
مصری تین پاو سوا چھٹانک بدستور تیار کرین جوارش عنبر خفقان اور سردی معدہ
اور بدہضمی اور درد رحم کو نافع ہی اور بوڑھون کے واسطے نہایت مفید ہی ص
بڑی الائچی اور چھوٹی الائچی جاوتری دارچینی ہر ایک چودہ ماشہ سونٹھ پیپل
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ چھڑیلا مصطگی عنبر ہر ایک سات ماشہ جایفل ساڑھے
سترہ ماشہ مشک خالص ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین مقدار شربت
ساڑھے چار ماشہ جوارش عنبر نوع دیگر عنبر ساڑھے چار ماشہ قند سفید تین پاو سوا چھٹانک
قند کا قوام کر کے آگ سے جدا کرین اور عنبر اسمین حل کر کے پتھر پر ڈالین اور خوب لت کرین
جوارش مصطگی سردی معدہ اور جگر کو نافع ہی بلغم کو دفع کرتی ہی اور پانی منھ کا جانے سے
باز رکھتی ہی ص مصطگی ساڑھے تیرہ ماشہ کوٹ کر چھان کر قند سفید تین پاو سوا چھٹانک
گلاب پونے نو تولہ قوام کر کے ملاوین اور اوپر پتھر کے گرا دین جوارش جالینوس خواص
اس جوارش کے بہت ہین تمام اعضا کو قوت دیتی ہی اور دہن مین خوشبو کرتی ہی اور ریاح
توڑتی ہی اور پیشاب کہ سردی مثانہ سے بہت جاری ہو روکتی ہی اور شہوت جماع کو

تقویت بخشتی ہے اور دیوانگی دور کرتی ہے اور درد سر اور کھانسی بلغمی اور ربو ابیسر اور
نقرس اور دوار اور چھیپ اور گردہ اور مثانہ کی پتھری کو نافع ہے اور بالون کی سیاہی کو
نگاہ رکھتی ہے۔ اطباے قدیم نے کہا ہے کہ جو کوئی اس جوارش کو اکیس روز تک کھاوے
تمام بیماریون مذکورہ سے بیخوف رہے **ص** بالچھڑ بڑی الایچی سلیخہ دارچینی کلیجن لونگ
موتھا سونٹھ کالی مرچ پیپل کٹ دریائی عود بلسان اسارون تخم مورد بیٹھا چرائتہ
زعفران ہر ایک سات ماشہ مصطگی ساڑھے سترہ ماشہ قند سفید برابر سب دواؤن
کوٹ کر چھان کر ساتھ المضاعف شہد کے جوارش تیار کرین مقدار شربت نو ماشہ
پہلے یا پیچھے غذا کھانے کے کھانا چاہیے **جوارش تمر ہندی** قولنج اور دشواری
بول کو مفید ہے **ص** زیرہ کرمانی مدبر جو اکھار نطرا سالیون سونٹھ کالی مرچ
ہر ایک پونے نو ماشہ سقمونیا سے مشوی یعنے بھنی ہوئی ساڑھے سترہ ماشہ خرما
دانہ نکلا ہوا مغز بادام چھیلا ہوا اور بھنا ہوا ہر ایک تین تولہ نو ماشہ برگ سداب
دو تولہ گیارہ ماشہ خرما کو ایک رات دن سرکہ مین بھگو دین اور کوٹ کر چھلنی مین
چھان کر شہد سہ وزن ادویہ اوپر اُسکے اضافہ کرکے جوش دیوین کہ قوام ہو جاوے
بعدہ اور سب دوائیان کوٹ کر چھان کر گوندھین مقدار شربت ایک تولہ ساڑھے
دس ماشہ سے دو تولہ ساڑھے سات ماشہ تک ہے **جوارش مشک** خفقان اور بادو اسیر کو
نافع ہے اور ریاح معدہ کو مفید ہے **ص** الایچی چھوٹی سونٹھ پیپل کالی مرچ ہر ایک
دو تولہ گیارہ ماشہ مشک خالص سوا دو ماشہ قند سفید ساڑھے سترہ تولہ کوٹ کر
چھان کر ساتھ شہد مقوم کے ملاوین **جوارش کافور** اسہال صفراوی کو باز رکھتی ہے
اور تشنگی اور حرارت کو بجھاتی ہے **ص** زرشک دو تولہ گیارہ ماشہ گلاب کے پھول دو تولہ چار ماشہ
بنسلوچن کہربا چھالیہ ہر ایک چودہ ماشہ چوکے بیج بھنے ہوے دو تولہ تخم مورد پونے دو تولہ
پست سیب دو تولہ گیارہ ماشہ پست عیبر (؟) دو تولہ گیارہ ماشہ انار دانہ بریان ساڑھے سترہ ماشہ

کافور ساڑھے دس ماشہ زعفران شاہ بلوط ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ شربت چوک مین
گوندھین مقدار خوراک سات ماشہ **جوارش کندر** اسہال بلغمی کو باز رکھتی ہے اور
معدہ کو گرم کرتی ہے **ص** کندر ساڑھے سترہ تولہ کالی مرچ پیپل ہر ایک ساڑھے
تین تولہ سونٹھ کلیجن ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ لونگ جائفل چھوٹی الائچی اگر خام
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ مشک خالص پونے دو ماشہ قند سفید ساڑھے سترہ تولہ
کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین **جوارش خوزی** کھانے کو ہضم کرتی ہے اور
اسہال کو باز رکھتی ہے طحال کو فائدہ بخشتی ہے اور جس شخص کو کہ خوف استسقا ہو نافع ہے
اور پیشاب جاری کرتی ہے **ص** کٹ تخم بانجھر حب بلسان سلیخہ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ
جائفل پانچ عدد بڑی الائچی لونگ انیسون اکلیل الملک چیتہ ناگیسر ہر ایک چودہ ماشہ
جاوتری درونج عقربی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ ریوند چینی زراوند مدحرج چھڑیلا
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کابلی ہڑ کالی ہڑ ساتھ تیل زیتون کے بھنی ہوئی ہر ایک پانچ تولہ
دس ماشہ بہیڑہ دس عدد تخم مورد وزن مین سب کے برابر مصری المضاعف جملہ ادویہ کے
گلاب مین قوام کرکے اور سب دوائیان کوٹ کر چھان کر گوندھین اور بعد دو مہینے کے
تناول کرین **جوارش طباشیر** تپ اور اسہال صفراوی کو نافع ہے **ص** بنسلوچن سفید
حب الآس گلاب کے پھول ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ کھیرے کے بیج گوند ببول کا
ہر ایک دو تولہ گلنار سماق دانہ افشردہ ریشہ برگد ہر ایک پونے دو تولہ زعفران
افیون ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر شربت سیب مین گوندھین **جوارش سماق**
اسہال صفراوی کو باز رکھتی ہے **ص** سماق پانچ تولہ دس ماشہ تخم مورد دو تولہ
گیارہ ماشہ خرنوب سبطی آٹھ تولہ نو ماشہ گوند ببول کا گلنار انار دانہ ہر ایک ساڑھے
سترہ ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ مویز منقی کے دوسری مرتبہ کوٹین مقدار خوراک ساڑھے
دس ماشہ **جوارش انجدان** یہ جوارش عجیب ہے قولنج کھولتی ہے ریاح توڑتی ہے اور

گھٹی ڈکارون کو مفید ہی صں کالی مرچ پیپل ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ بیخ سوسن
آسمان گونی سونٹھ ہر ایک پونے دو تولہ سونف رومی اجواین سونف دیسی مصطگی
اجمود ہر ایک سات ماشہ انجدان چار تولہ ساڑھے چار ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین
گوندھین مقدار شربت سات ماشہ **جوارش نارمشک** طبیعت کو نرم کرتی ہی اور
قولنج کو کھولتی ہی صں جائفل ساڑھے تین ماشہ چھوٹی الائچی دارچینی ہر ایک سات ماشہ
ناگیسر لونگ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ پیپل ساڑھے سترہ ماشہ سونٹھ پونے دو تولہ سقمونیا پانچ تولہ
دس ماشہ مصری آٹھ تولہ نو ماشہ مقدار شربت سات ماشہ سے ساڑھے دس ماشہ تک
جوارش دیگر اسہال صفراوی کو بند کرتی ہی صں مصطگی اگر خام ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
تسوت سفید چودہ ماشہ سقمونیا پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین مقدار شربت
ساڑھے سترہ ماشہ ساتھ پانی گرم کے **جوارش بسباسہ** بواسیر اور سردی معدہ اور بدہضمی کو
نافع ہی اور ریاح کو توڑتی ہی صں جاوتری بڑی الائچی تج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
چھوٹی الائچی سونٹھ پیپل دارچینی اسارون تیج تگر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مرچ سیاہ سات ماشہ
لونگ سوا پانچ ماشہ قند سفید پانچ تولہ دس ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین
مقدار شربت ساڑھے چار ماشہ **جوارش مقلیا ثا** پیچش اور درد آنتون کو
نافع ہی اور بواسیر کو بھی مفید ہی صں تخم ترہ تیزک بریان زیرہ کرمانی مدبر ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ مصطگی پونے دو تولہ کابلی ہڑ روغن گاو مین بریان کی ہوئی
ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر گلاب مین گوندھین **جوارش سمسم**
معدہ کو قوت دیتی ہی اور شہوت ردیہ عورات حاملہ کی دفع کرتی ہی رنگ
روے کو نیک اور صاف کرتی ہی اور بھوک کھانے کی بڑھاتی ہی صں زرنجویہ
اجمودھ زیرہ اجواین ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کنجد مقشر دو تولہ گیارہ ماشہ کندر
سونٹھ کالی مرچ پیپل چھوٹی الائچی دارچینی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ شکر سفید سوا چھبیس تولہ

کوٹ کر چھان کر گلاب مین گوندھین جوارش کہ حافظہ کو زیادہ کرتی ہی صں اجواین
سونٹھ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ کلونجی کابلی ہڑ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر
چھان کر شہد مین ملاوین مقدار شربت ساڑھے چار ماشہ **جوارش مسہل** تنقیہ معدہ
اور دفع فضلات کرتی ہی صں نسوت دو تولہ گیارہ ماشہ سونٹھ ساڑھے سترہ ماشہ
قند سفید چار تولہ ساڑھے چار ماشہ مقدار شربت ساڑھے دس ماشہ **جوارش شہریاران**
قولنج کھولتی ہی اور فضلات ردیہ کو دفع کرتی ہی اور معدہ کو قوت دیتی ہی صں کالی مرچ
سونٹھ زیرہ سداب جوکھار کلیجن(?) تخم ہر ایک سوا پانچ ماشہ سقمونیا دو تولہ گیارہ ماشہ شہد خالص
گیارہ تولہ آٹھ ماشہ مقدار شربت سوا پانچ ماشہ **جوارش دارچینی** ضعف گردہ
اور مثانہ اور معدہ کو نافع ہی اور ریاح غلیظ توڑتی ہی اور غلیظ خلطون کو دفع کرتی ہی
صں دارچینی اگر ہندی راسن ہر ایک پونے دو تولہ لونگ کالی مرچ پیپل بالچھڑ تگر
ہر ایک سوا پانچ ماشہ سونٹھ دو تولہ گیارہ ماشہ نعناع دو تولہ گیارہ ماشہ چھوٹی الائچی تج ہر ایک
سات ماشہ مصطگی سونف دیسی سونف رومی سلیخہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین
گوندھین **جوارش حب الآس** ہیضہ اور اسہال معدی کو نافع ہی اور
قی بلغمی اور رطوبت کو جسم سے باز رکھتی ہی صں تخم مورد سوا چھبیس تولہ
کالی ہڑ بہیڑہ آملہ طالیسفر ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ کالی مرچ پیپل سونٹھ
ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ مصطگی قرنفل(?) دانا کردیا سونف رومی زیرہ کرمانی بالچھڑ
سلیخہ چھوٹی الائچی کٹ ہر ایک پونے دو تولہ جائفل اجمود اجواین دیسی ہر ایک
ساڑھے سترہ ماشہ تیج پات حماما ہر ایک چودہ ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین
گوندھین **جوارش سقف(?)** قولنج اور لقوہ اور باد بواسیر اور ریاح مقعد(?) کو
مفید ہی صں سقمونیا نسوت ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کالی مرچ چھوٹی الائچی
ساڑھے دس ماشہ سونٹھ دارچینی آملہ لونگ بسفایج جائفل ہر ایک پونے نو ماشہ

قند سفید چوبیس تولہ گیارہ ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین مقدار شربت
نو ماشہ **جوارش ہندی** درد ہائے مفاصل اور نقرس اور درد پشت
اور قولنج کو نافع ہی **ص** سقمونیا دو تولہ گیارہ ماشہ چھوٹی بڑی الائچی دارچینی
سونٹھ تج ناگیسر لونگ کالی مرچ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ نسوت ساڑھے
سترہ ماشہ قند سفید ستائیس تولہ گیارہ ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین
گوندھین **جوارش زنجبیل** ضعف معدہ اور امعا اور سینہ کو نافع ہی
کھانا ہضم کرتی ہی ریاح توڑتی ہی اور اسہال کو باز رکھتی ہی **ص** سونٹھ
پانچ تولہ دس ماشہ گوند ببول کا چھوٹی الائچی ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ
تو تخم دارچینی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ جائفل ایک عدد زعفران ساڑھے
تین ماشہ نشاستہ گیارہ تولہ سات ماشہ شکر طبرزد چوبیس تولہ گیارہ ماشہ
جوارش قیصر قولنج اور نقرس کو نافع ہی اور اخلاط غلیظہ لزجہ کو دفع کرتی ہی
ص دارچینی کالی مرچ سونٹھ زردہر سقمونیا نسوت ہر ایک ساڑھے تین تولہ اجمود
اجواین عاقرقرحا نمک طبرزد ہر ایک پونے دو تولہ قند سفید چار تولہ دس ماشہ کوٹ کے
چھان کر شہد مین گوندھین **جوارش فواکہ** معدہ اور دل اور جگر اور احشا کو
قوت دیتی ہی اور قی باز رکھتی ہی اور صفرا کو دفع کرتی ہی اور متنقل اسکا ابخرون کو
دفع کرتا ہی **ص** پانی انار ترش کا پانی انار شیرین کا پانی سیب کا پانی بہی کا
پانی امرود کا پانی انگور خام کا پانی زرشک کا پانی سماق کا پانی لیمو کا سب کو
ہموزن جوش کرین کہ ایک چہارم باقی رہے قند سفید ڈال کر قوام کرین اور تیغ پر گراوین

باب الحاے

حب ایارج دماغ اور اعضاے سر کو فضول اور بلغمی خلطون سے پاک کرتی ہی اور مرگی
اور سکتہ اور آنکھون کی بیماریون کو فائدہ بخشتی ہی **ص** ایارج فیقرا نسوت سفید ہر ایک

ساڑھے تین ماشہ حب النیل غاریقون سونف رومی ہر ایک پونے دو ماشہ
شحم حنظل نمک ہندی ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول کوٹ کر چھان کر سونف کے
پانی میں گوندھیں اور گولیان بناوین **حب صبر** درد ہائے مفاصل اور
نقرس اور فالج اور لقوہ کو نافع ہے **ص** ایلوا ساڑھے چار ماشہ تسوت
سوا پانچ ماشہ حب النیل غاریقون ہر ایک پونے دو ماشہ شحم حنظل چھ رتی سوا دو چاول
کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی اجمود کے گولیان بناوین **حب سورنجان**
مفاصل اور نقرس اور عرق النسا کو نافع ہے **ص** ایلوا ماہیزہرہ ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ سورنجان تسوت سفید ہر ایک ساڑھے چار ماشہ کتیرا سوا پانچ رتی
حب النیل پونے دو ماشہ شحم حنظل چار رتی ڈیڑھ چاول نمک ہندی چھ رتی
سوا دو چاول کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی اجمود کے گولیان بناوین **حب سورنجان**
مفاصل اور تمام امراض مذکورہ کو نافع ہے اور یہ حب دوسرا نسخہ ہے مگر خاصیت مین
واحد ہے **ص** ایارج فیقرا تسوت ماہیزہرہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ پوست
زرد ہڑ کا غاریقون سونف رومی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سقمونیا کتیرا
شحم حنظل ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی سونف کے
گولیان بناوین **حب سورنجان نوع دیگر** ایلوا ساڑھے تین ماشہ پوست زرد ہڑ کا
تسوت ہر ایک پونے دو ماشہ سورنجان سقمونیا ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول اجمود نمک ہندی
ہر ایک سوا پانچ ماشہ ساتھ پانی سونف کے گولیان بناوین **حب شبیار** درد معدہ کو
نافع ہے اور باصرہ کو قوت دیتی ہے اور درد سر اور تاریکی چشم کو دور کرتی ہے **ص** ایلوا
ساڑھے تین ماشہ پوست زرد ہڑ کا گلاب کے پھول مصطگی تسوت ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
سقمونیا پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر گولیان بناوین مقدار شربت ساڑھے چار ماشہ سے
ساڑھے دس ماشہ تک سوتے وقت نگل جاوین اور سورہین **حب قوقایا** حب جالینوس ہے

درد سر اور درد چشم کو نافع ہی فضول غلیظہ کو بدن سے نکالتی ہی ص ایلوا افتیمون
افسنتین مصطگی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ شحم حنظل سقمونیا ہر ایک پونے دو ماشہ
کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی اجمود کے گولیان بناوین مقدار شربت ساڑھے چار ماشہ
حب غاریقون سدہ کھولتی ہی استسقا اور جگر کی بیماریون کو فائدہ بخشتی ہی
ص افتیمون ایلوا ہر ایک پونے دو تولہ غاریقون چودہ ماشہ سونف رومی
کٹ فطراسالیون اجمود دو تولہ ہر ایک سات ماشہ سقمونیا ساڑھے تین ماشہ
کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی خالص کے گولیان بناوین مقدار شربت چودہ ماشہ
حب غاریقون قوی دیگر نسخہ دوسرا ہی مگر خاصیت واحد ہی یہ گولی
اگر ہر شب کھاوین طبیعت کو نرم کرتی ہی ص غاریقون دو تولہ گیارہ ماشہ
عصارہ غافث ریوند چینی ہر ایک چودہ ماشہ قند سفید چار تولہ ساڑھے چار ماشہ
کوٹ کر چھان کر پانی مین گولیان بناوین **حب منتن** فالج اور لقوہ اور مفاصل
اور نقرس کو جو بسبب سردی کے ہو نافع ہی بادہای غلیظہ کو دفع کرتی ہی حیض
جاری کرتی ہی ص سکبینج اشق جاوشیر گوگل حرمل شحم حنظل ایلوا نسوت پوست
زرد ہڑ کا برابر وزن انزروت کو پانی مین گھولین اور سب دوائیان کوٹ کر
چھان کر ساتھ اسکے گوندھین اور گولیان بناوین مقدار شربت چودہ ماشہ
حب اصطمخیقون بدن کو سودا اور بلغم اور خلطون غلیظ سے پاک کرتی ہی
ص پوست کابلی ہڑ کا پونے دو تولہ نمک ہندی آملہ افسنتین رومی غاریقون
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اسارون سونف رومی اجمود ہر ایک چودہ ماشہ
نسوت دو تولہ افتیمون ساڑھے سترہ ماشہ ایارج فیقرا دو تولہ ساڑھے سات ماشہ
خونگ ساڑھے تین ماشہ بتاسہ چودہ ماشہ بتاسون کو پانی مین گھولین اور سات ماشہ
سقمونیا اسمین حل کرین اور سب دوائیان کوٹ کر چھان کر گوندھین اور

گولیان بناوین **حب ذہب** درد سر اور درد چشم کو نافع ہی صں ایلوا پانچ تولہ ترنج
پوست زرد ہڑ کا دو تولہ گیارہ ماشہ مصطگی کتیرا سقمونیا زعفران ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
گلاب کے پھول ساڑھے سترہ ماشہ گلاب مین گولیان بناوین مقدار شربت چودہ ماشہ
حب دیگر سودا اور صفرا اور بلغم کو نافع ہی اور بیماری گرنے بالون کی اس گولی سے
جاتی رہتی ہی بلغم کو اکھاڑ دیتی ہی صں افتیمون ڈیڑھ تولہ شحم حنظل سقمونیا
نمک ہندی افسنتین ہر ایک نو ماشہ ایلوا پونے چار تولہ انزروت بسفایج فستقی
ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ نسوت ساڑھے چار تولہ کوٹ کر چھان کر گولیان بناوین
مقدار شربت ساڑھے دس ماشہ **حب سکبینج** قولنج کھولتی ہی ریاح غلیظ
توڑتی ہی سکبینج شحم حنظل ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ سقمونیا ساڑھے دس ماشہ
سداب کے پانی مین گولیان بناوین مقدار شربت ساڑھے تین ماشہ **حب دیگر**
ریاح کو دفع کرتی ہی اور فتق اور ورم خصیہ کو نافع ہی صں ہرمل اسپند سونف رومی
مصطگی زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ پوست کابلی ہڑ کا آملہ سکبینج گوگل ہر ایک
سات ماشہ فطراسالیون پودینہ اذخر کٹ نرکچور درونج اسارون یعنے تگر ہر ایک
پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر سداب کے پانی مین گولیان بناوین اور ہر روز ساڑھے تین ماشہ
تناول کرین **حب ماذریون** استسقائے زقی کو نافع ہی صں ریوند چینی
عصارہ غافث اجمود ہر ایک ساڑھے تین ماشہ غاریقون ساڑھے سترہ ماشہ
ماذریون مدبر دو تولہ گیارہ ماشہ کوٹ کر چھان کر گولیان بناوین مقدار شربت
سات ماشہ **حب دیگر** یہی خاصیت رکھتی ہی صں ماذریون مغز بادام
ہر ایک پونے دو ماشہ شکر سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر گولیان بناوین
حب خیزرانی خنازیر غدود یعنی گلٹی اور رسولی کو نافع ہی صں
یارنج فیقرا ساڑھے تین ماشہ غاریقون پونے نو ماشہ شحم حنظل سوا پانچ ماشہ

نزروت چودہ ماشہ نسوت دو تولہ جاوشیر ساڑھے چار ماشہ نوسادر سات ماشہ
سقمونیا ساڑھے چار ماشہ کوٹ کر چھان کر گندنا کے پانی مین گولیان بنا دین
مقدار شربت ہر روز ساڑھے تین ماشہ **حب وصلی** کرِیہی خاصیت رکھتی ہی
ص بالچھڑ سلیخہ حب بلسان اسارون عود بلسان مصطگی دارچینی زعفران ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ ایلوا چار تولہ دس ماشہ اسطوخودوس شحم حنظل ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
نسوت دو تولہ نمک ہندی سات ماشہ سقمونیا چودہ ماشہ مقدار شربت چودہ ماشہ
حب شیطرج عرق النسا اور درد مفاصل اور درد پشت کو نافع ہی **ص** پوست
زرد ہڑ کا دو تولہ گیارہ ماشہ ایلوا پانچ تولہ دس ماشہ کالی مرچ پیپل ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ رائی ساڑھے دس ماشہ جیتہ نمک ہندی شحم حنظل سونٹھ ہر ایک سات ماشہ
بتاسہ چودہ ماشہ ساتھ پانی کرم کلہ کے گولیان بناوین مقدار شربت ساڑھے دس ماشہ
حب غافث یرقان اور ورم جگر کو فائدہ بخشتی ہی **ص** ایلوا پوست زرد ہڑ کا
برابر وزن کوٹ کر چھان کر اجمود کے پانی مین گولیان بناوین مقدار شربت سات ماشہ
حب کبرص اور چھیپ اور مرگی اور سوداوی بیماریون کو نافع ہی **ص** ایارج
فیقرا ساڑھے سترہ ماشہ لاجورد مغسول دو تولہ سقمونیا شحم حنظل کشکی سیاہ ہر ایک سات ماشہ
سونف رومی بالچھڑ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر اجمود کے پانی مین گولیان
بناوین مقدار شربت پونے نو ماشہ **حب شاہترہ** خارش تر کو فائدہ بخشتی ہی
ص پوست زرد ہڑ کا کالی ہڑ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ ایلوا دو تولہ سقمونیا
پونے نو ماشہ کوٹ کر چھان کر شاہترہ کے پانی مین گولیان بناوین مقدار شربت سات ماشہ
حب مقل بواسیر کو نافع ہی **ص** پوست زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا
پوست سیاہ ہڑ کا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ گوگل چار تولہ ساڑھے چار ماشہ
نسوت دو تولہ گیارہ ماشہ سکبینج ساڑھے سترہ ماشہ رائی سات ماشہ

گوگل اور سکبینج کو پانی مین گھولین بعد اسکے اور سب دوائیان کوٹ کر
چھان کر گوندھین اور گولیان بناوین **حب مقل دیگر** طبیعت کو ملائم
کرتی ہی شقاق کو فائدہ پہونچاتی ہی اور گرم مزاج والون کو موافق ہی **ص**
پوست کابلی ہڑ کا پانچ تولہ دس ماشہ گوگل سات ماشہ کتیرا ساڑھے سترہ ماشہ
انجیر تیس عدد انجیر کو پانی مین جوش کرین کہ خوب گہرا ہو جاوے بعدہ
گوگل اور کتیرا اسمین ڈالدیوین اور پوست ہڑ کا کوٹ کر اسمین گوندھین اور
گولیان بناوین مقدار شربت سات ماشہ **حب مقل دیگر** آنتون کی بیماری
اور بواسیر کو نافع ہی **ص** کابلی ہڑ بہیڑہ آملہ ہر ایک ایک جزو گوگل برابر سب کے
گوگل کو گندنا کے پانی مین گھولین بعد اسکے اور سب دوائیان اسمین گوندھ کر
گولیان بناوین مقدار شربت پونے نو ماشہ **حب دیگر** کہ جو تین رات برابر
تناول کرین درد بواسیر کو تسکین ہو جاوے **ص** کابلی ہڑ بہیڑہ آملہ ہر ایک
چودہ ماشہ نمک ہندی ایلوا مصطکی سورنجان اشق اجوائن ہزار سپند حلتیت
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ بالچھڑ زعفران دارچینی بچھ سونٹھ چھوٹی الائچی سلیخہ
ہر ایک دو تولہ چار ماشہ ایلوا پانچ تولہ دس ماشہ سکبینج سات ماشہ گوگل اور
سکبینج کو پانی مین حل کرین اور باقی ادویہ کوٹ کر چھان کر اسمین گوندھ کر گولیان بناوین
مقدار شربت نو ماشہ **حب الافاویہ** ریاح توڑتی ہی قولنج کھولتی ہی طبیعت نرم کرتی ہی
ص سونٹھ لونگ دارچینی کالی مرچ پیپل ناگیسر مصطکی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ سقمونیا دو تولہ
ساڑھے سات ماشہ قند سفید دو تولہ ساڑھے سات ماشہ کوٹ کر چھان کر گولیان بناوین
بقدر نخود کے مقدار شربت ایک گولی **حب بہرامی** استسقاء لحمی کو نافع ہی **ص** ایلوا ساڑھے
تین تولہ افتیمون پونے دو تولہ سقمونیا چودہ ماشہ بالچھڑ سلیخہ نسوت مصطکی ہر ایک سات ماشہ
زعفران سوا پانچ ماشہ غاریقون ساڑھے دس ماشہ حماما ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر

گولیان بناوین مقدار شربت پونے نو ماشہ **حب استسقاے** نمی کو نافع ہی تجربی ور بی
اکثر تجربہ کیا گیا ہی **ص** غاریقون پانچ تولہ دس ماشہ نسوت سات ماشہ زراوند مدحرج
آٹھ رتی تین چاول گوگل پونے دو ماشہ سونف رومی چار رتی ڈیڑھ چاول پانی مین
گولیان بناکر دونون وقت تناول کیا کرین **حب دیگر** چھیپ اور برص کو نافع ہی
ص ایارج فیقرا ساڑھے چار ماشہ لاجورد مغسول بالچھڑ سونف رومی شحم حنظل کتیرا
سقمونیا ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر اجمود کے پانی مین گولیان بناوین
حب صرع یعنے مرگی کو نافع ہی **ص** ایاج فیقرا سوا دو ماشہ اسطوخودوس
افتیمون بسفائج نمک ہندی غاریقون دو رتی ایک چاول نسوت پوست زرد ہڑکا
شحم حنظل کتیرا سقمونیا چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر پانی مین گولیان
بناوین **حب صرع نوع دیگر** ایلوا ساڑھے تین ماشہ غاریقون
پونے دو ماشہ شحم حنظل آٹھ رتی تین چاول سقمونیا چھ رتی سوا دو چاول
مصطکی بالچھڑ چار رتی ڈیڑھ چاول گولیان بناکر جوشاندہ اسطوخودوس مین
تناول کرین **حب واسطے شہوت جماع کے** **ص** ایارج فیقرا نسوت
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ حب النیل انیسون ہر ایک پونے دو ماشہ شحم حنظل
غاریقون عاقرقرحا خصیۃ الثعلب ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول سقمونیا کتیرا
ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر گلاب مین گولیان بناوین
حب آتشک ایارج فیقرا ساڑھے چار ماشہ نسوت ساڑھے تین ماشہ غاریقون
لاجورد مغسول پوست بہیڑہ کاسورنجان آملہ ہر ایک پونے دو ماشہ سقمونیا
ساڑھے چار رتی سونف رومی کتیرا ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر
گلاب مین گولیان بناوین **حب ہلیلہ** خارش خشک و تر کو نافع ہی **ص** پوست
زرد ہڑ کا ایلوا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سقمونیا گلاب کے پھول ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول

کوٹ کر چھان کر پانی مین گولیان بناوین حب فالج ایارج فیقرا نسوت غاریقون ہر ایک ساڑھے تین ماشہ اسطوخودوس بوزیدان ہر ایک پونے دو ماشہ سکبینج تخم حنظل حب النیل ہر ایک چھ رتی سواد و چاول کتیرا چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر پانی مین گولیان بناوین حب استرخاو صرع ایارج فیقرا نسوت غاریقون ہر ایک ساڑھے تین ماشہ اسطوخودوس بوزیدان عود صلیب ہر ایک پونے دو ماشہ تخم حنظل مصطگی ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول سقمونیا دو رتی ایک چاول سونف کے پانی مین گولیان بناوین حب استسقا نسوت ساڑھے تین ماشہ ریوند چینی پونے دو ماشہ غاریقون زراوند طویل مدحرج ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول گوگل تخم اٹنگن ہر ایک آٹھ رتی تین چاول فرفیون روغن گل مین چکنا کر کے چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر پانی خالص مین گولیان بناوین حب نوعدیگر واسطے استسقا کے نافع ہے ایارج فیقرا نسوت ہر ایک ساڑھے تین ماشہ غاریقون اسارون ریوند چینی تخم اٹنگن افسنتین رومی ہر ایک دو رتی ایک چاول نمک ہندی چار رتی ڈیڑھ چاول گوگل آٹھ رتی تین چاول سونف کے پانی مین گولیان بناوین حب سبات سہری بنفشہ سات ماشہ پوست زرد ہڑ کا ساڑھے تین ماشہ نمک ہندی سونف اجمود دو رتی ایک چاول آب خالص مین گولیان بناوین حب صبر ایارج فیقرا نسوت ایلوا ہر ایک ساڑھے چار ماشہ حب النیل سوا دو ماشہ شحم حنظل نمک ہندی ہر ایک پونے دو ماشہ سونف رومی ساڑھے تین ماشہ کالی مرچ مصطگی کمیلہ ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول سونف کے پانی مین گولیان بناوین حب بہق نسوت تین ماشہ دس رتی غاریقون ایارج فیقرا افتیمون ہر ایک دو ماشہ چھ چاول کالی ہڑ چھیلہ افشرده افسنتین ہر ایک آٹھ رتی تین چاول سقمونیا تین نخود گوگل سونف رومی ہر ایک

چار رتی ڈیڑھ چاول پانی مین گولیان بناوین **حب لقوہ ص** نسوت سوا پانچ ماشہ
ایارج فیقرا افتیمون ہر ایک دو ماشہ چھ چاول سورنجان پونے دو ماشہ ماہیزہرہ [۵۱] سونٹھ ہر ایک
آٹھ رتی تین چاول سقمونیا گوگل ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول پانی مین گولیان بناوین **حب عرق** [۵۲]
ص نسوت ساڑھے تین ماشہ پوست کابلی ہڑ کا غاریقون ہر ایک پونے دو ماشہ ایلوا دو ماشہ
چھ چاول گلاب کے پھول آٹھ رتی تین چاول گوگل چار رتی ڈیڑھ چاول سقمونیا دو رتی ایک چاول
پانی مین گولیان بناوین **حب تشنج و رعشہ ص** سفرجلی مسہل [۵۳] ساڑھے تین ماشہ
نسوت سوا پانچ ماشہ سورنجان دو ماشہ چھ رتی بوزیدان ماہیزہرہ قنطوریون دقیق
ہر ایک آٹھ رتی تین چاول پانی مین گولیان بناوین **حب** [۵۴] **کہ** درد نقرس کو ایک
گھنٹے مین کھو دیتی ہے **ص** سونف رومی زیرہ کرمانی مرچ سفید ہیل مغز تخم کسم
ہر ایک سات ماشہ سلیخہ ساڑھے تین ماشہ سونٹھ فرفیون ہر ایک چودہ ماشہ مصطگی
پونے دو تولہ جنگلی سنگھاڑا جسکو سورنجان کہتے ہین پانچ تولہ دس ماشہ سونف کے پانی مین
گولیان بناوین مقدار شربت سات ماشہ ساتھ پانی زیرہ کے **حب رجا** [۵۵] **ص**
نسوت سوا پانچ ماشہ غاریقون ایارج فیقرا افتیمون ہر ایک دو ماشہ چھ چاول قنطوریون دقیق
عصارہ افسنتین ماہیزہرہ ہر ایک آٹھ رتی تین چاول شحم حنظل سقمونیا ہر ایک
بارہ چاول مصطگی گوگل سونف رومی ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول سونف کے
پانی مین گولیان بناوین **حب اختلاج ص** نسوت تین ماشہ دس رتی ڈیڑھ چاول
افتیمون عصارہ غافث عصارہ افسنتین ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول تخم حنظل گوگل
سونف رومی مصطگی ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول پانی مین گولیان بناوین **حب**
مفاصل یعنے گٹھیہ **ص** نسوت ساڑھے چار ماشہ سورنجان شیرین پونے دو ماشہ
شحم حنظل حب النیل نمک ہندی سونٹھ سقمونیا ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول
ایارج فیقرا اسود دو چاول گلاب کے پھول سونف مصطگی ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول

کتیرا آٹھ چاول پانی خالص مین گولیان بناوین حب ربو ع ص نسوت ساڑھے تین ماشہ
سوسن کی جڑ پونے دو ماشہ سقمونیا چار رتی ڈیڑھ چاول گوگل آٹھ رتی تین چاول
بنفشہ ایک تولہ پانی مین گولیان بناوین حب رعشہ ص عاقرقرحا ایارج فیقرا
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ جندبیدستر حبیبہ اجواین خراسانی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
سکبینج شحم حنظل ہر ایک چودہ ماشہ کوٹ کر چھان کر پانی مین گولیان بناوین مقدار
شربت پونے نو ماشہ حب یرقان ص ایلوا ساڑھے تین ماشہ چھ رتی
غاریقون دو ماشہ چھ چاول عصارہ غافث آٹھ رتی تین چاول کاسنی کے
پانی مین گولیان بناوین حب نافع ہی واسطے نقرس گرم کے ص سورنجان
ساڑھے تین ماشہ سقمونیا چھ رتی سوا دو چاول اجمود چار رتی ڈیڑھ چاول ایلوا
ساڑھے تین ماشہ پانی مین گولیان بناوین حب کہ بلغم کو مفاصل سے باہر نکالتی ہی
ص موتھا بوزیدان سورنجان ہر ایک پونے دو ماشہ ماہیزہرہ آٹھ رتی تین چاول
نسوت دو ماشہ چھ چاول شحم حنظل چھ رتی سوا دو چاول فرفیون چار رتی ڈیڑھ چاول
پانی مین گولیان بناوین حب کہ پشت کے درد کو بہت نافع ہی ص شحم حنظل
سکبینج ہر ایک سات ماشہ ایلوہ چودہ ماشہ جندبیدستر گوگل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
کوٹ کر چھان کر پانی مین گولیان بناوین مقدار شربت پونے نو ماشہ حب برء
درد مفاصل بیٹھے گٹھیہ کو یہ گولی ایک دن مین اچھا کر دیتی ہی ص ایلوا نسوت ہر ایک
دو تولہ ساڑھے چار ماشہ پوست زرد ہڑ کا بوزیدان سورنجان ہر ایک سات ماشہ
گوگل سوا پانچ ماشہ گندنا کے پانی مین گولیان بناوین مقدار شربت ساڑھے دس ماشہ
ساتھ پانی گرم کے حب لاجورد سودا کو دفع کرتی ہی اور امراض سوداویہ کو نافع ہی
ص لاجورد دھویا ہوا ساڑھے دس ماشہ لونگ سونف رومی سقمونیا
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ غاریقون ساڑھے سترہ ماشہ افتیمون بسفائج ہر ایک چودہ ماشہ

ع ربو یعنی دمہ کہ جس مین سانس تنگ ہو جاوے ۱۲

ایارج فیقرا پونے دو تولہ اجمود کے پانی مین گولیان بناوین مقدار شربت ساڑھے
دس ماشہ ماء انگبین کے ساتھ تناول کرین **حب کوتوالی** اعضاے معدہ کو
خلطون سے پاک کرتی ہی فالج اور لقوہ اور بالون کے گرنے کو نافع ہی اور جو اس
گولی مین ساڑھے تین ماشہ ایارج فیقرا داخل کرکے کھاوین آنکھہ کو روشنی بخشتی ہی
اور آنکھہ کو نزول الماء سے باز رکھتی ہی اور فاسد خلطون کو بدن سے پاک کرتی ہی
ص ایلوا سقمونیا شحم حنظل عصارہ افسنتین مصطگی ہر ایک چھہ رتی سوا دو چاول
کتیرا دو رتی ایک چاول پانی خالص مین گولیان بناوین **حب العشرت**
لقوہ اور رعشہ اور فالج کو نافع ہی **ص** کالی مرچ سونٹھ بیل شیر آملہ موتھا مصطگی
دار چینی بالچھڑ سلیخہ اسارون ہر ایک سات ماشہ ایلوا پانچ تولہ دس ماشہ اجمود کے
پانی مین گولیان بناوین مقدار شربت پونے نو ماشہ **حب الصدر** کھانسی پرانی
اور ربو اور تنگی سانس اور سینہ کی بیماریون کو فائدہ بخشتی ہی **ص** غاریقون نسوت
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ ملیٹھی شحم حنظل ایارج فیقرا انزروت ہر ایک سات ماشہ پانی مین
گولیان بناوین مقدار شربت ساڑھے چار ماشہ ساتھ پانی شہد کے **حب بنفشہ**
خلطون غلیظ کو سینہ سے پاک کرتی ہی اور ربو اور ضیق النفس کو نہایت مفید ہی
اور آنکھ کی بیماریون اور سینہ کو نافع ہی اور صفرا کو بدن سے دفع کرتی ہی
ص بنفشہ سات ماشہ نسوت ساڑھے چار ماشہ سقمونیا چھہ رتی سوا دو چاول
رب السوس پونے دو ماشہ پانی مین گولیان بناوین **حب الملوک**
جو شخص مسہل بد سے کراہیت رکھتا ہووے اور مسہل قے کر دیوے اسکو یہ حب
نافع ہی **ص** نسوت تین ماشہ آٹھہ رتی ڈیڑھ چاول غاریقون دو ماشہ
چھہ چاول پوست زرد ہڑ کا مصطگی کالی ہڑ ہر ایک چھہ رتی سوا دو چاول افتیمون
پونے دو ماشہ گاؤزبان فرنجمشک بادرنجبویہ سقمونیا بسفایج زعفران

۹ ایک مرض ہی جسمین آنکھہ مین پانی آتا ہی ۱۲

گلاب کے پھول ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر گلاب مین گولیان
بناوین حب ملوکب دیگر قولنج کھولتی ہے ریاح غلیظ توڑتی ہے صفت ایلوا
ساڑھے سترہ ماشہ نسوت دو تولہ گیارہ ماشہ پوست زرد ہڑ کا ہر ایک ساڑھے
دس ماشہ نمک ہندی سات ماشہ مصطگی زعفران تیج پات کف سایتہ ریوند چینی بالچھڑ
سونٹھ سونف رومی اجمود لونگ کالی مرچ چھوٹی الائچی دار چینی کتیرا بڑی الائچی
ہر ایک پونے دو ماشہ سقمونیا نو ماشہ مشک خالص چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر
چھان کر گلاب مین گولیان بناوین مقدار شربت ساڑھے دس ماشہ حب افتیمون
اعضاے سر اور معدہ کو سودا سے پاک کرتی ہے صفت ایارج فیقرا تخم حنظل
غاریقون حجر ارمنی افتیمون گوگل ہر ایک سات ماشہ نسوت پونے دو تولہ
سقمونیا ساڑھے تین ماشہ پانی مین گولیان بناوین مقدار شربت پونے نو ماشہ
حب بسفائج بلغم اور سودا کو معدہ اور دماغ سے پاک کرتی ہے صفت ایارج فیقرا
دو تولہ گیارہ ماشہ بسفائج سات ماشہ شحم حنظل پونے دو تولہ اسطوخودوس افتیمون
ہر ایک پونے نو ماشہ نسوت دو تولہ چار ماشہ سقمونیا سوا پانچ ماشہ پانی خالص مین
گولیان بناوین مقدار شربت پونے نو ماشہ حب کہ سب بیماریون سوداوی
اور صفراوی کو نافع ہے صفت پوست زرد ہڑ کا پونے دو تولہ پوست بہیڑہ آملہ
اسطوخودوس گلاب کے پھول نمک ہندی ہر ایک سات ماشہ ایارج فیقرا
ساڑھے سترہ ماشہ شاہترہ سقمونیا عصارہ افسنتین ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
اجمود پونے دو ماشہ غاریقون چودہ ماشہ کوٹ کر چھان کر کاسنی کے پانی مین
گولیان بناوین مقدار شربت سات ماشہ حب السعال کھانسی کو مفید ہے صفت
گوند ببول کا نشاستہ کتیرا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مغز بہدانہ مغز خیارین مغز تخم کدو
ہر ایک سات ماشہ مغز بادام مقشر خشخاش سفید ہر ایک چودہ ماشہ شکر طبرزد تبانشیر ہر ایک دو تولہ

کوٹ کر چھان کر لعاب اسپغول مین گولیان بناوین اور جو کھانسی بلغمی ہو تو
ست ملٹھی کا اور منقی ہر ایک چودہ ماشہ زعفران ساڑھے تین ماشہ اضافہ کرین حب السعال
دیگر یہ گولی نافع ہی خشک کھانسی کو جو مانع خواب ہو اور مفید ہی بچون کو جو بسبب
کھانسی کے قی بہت کرین اور نزلہ گرم اور تیز کو بھی فائدہ بخشتی ہی صفت گوند ببول کا
ست ملٹھی کا خشخاش سفید افیون برابر وزن کوٹ کر چھان کر لعاب بہدانہ مین
گولیان بناوین ایک گولی بقدر نخود کے حب السعال بارد گولیان سرد واسطے
کھانسی کے صفت مغز بادام مغز تخم خیارین نشاستہ گوند ببول کا خشخاش ہر ایک
ایک تولہ ست ملٹھی کا سات ماشہ باقلا ساڑھے دس ماشہ لعاب اسپغول مین
گولیان بناوین حب السعال حار گولیان گرم واسطے کھانسی کے صفت
سونف کی جڑ طباشیر اجمود ست ملٹھی کا مغز بادام برابر وزن کوٹ کر چھان کر
پانی مین گولیان بناوین حب السعال دیگر خشک کھانسی کو مفید ہی
صفت نشاستہ گوند ببول کا ست ملٹھی کا تخم خبازی خطمی کی جڑ کتیرا کوٹ کر چھان کر
لعاب بہدانہ مین گولیان بناوین حب السعال دیگر یہ گولی سل اور دق والے کو
فائدہ بخشتی ہی کھانسی گرم اور خشک کو دور کرتی ہی صفت گوند ببول کا کتیرا مغز بہدانہ
تخم خطمی ست ملٹھی کا خشخاش تخم خرفہ قند سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
مغز بادام باقلا مقشر مغز تخم خیارین مغز تخم کدو ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ لعاب اسپغول مین
گولیان بناوین حب کہ سینہ کو پاک اور آواز کو صاف کرتی ہی اور حرارت و کھانسی
پرانی کو نافع ہی صفت مغز بادام تلخ مغز بادام شیرین بھنا ہوا چلغوزہ ہر ایک سات ماشہ
کتیرا سونف رومی گوند ببول اُلٹھی ست ملٹھی کا ہر ایک پونے دو ماشہ تباشیر اور قند
ہر ایک چودہ ماشہ سونف کے پانی اور قدرے شہد مین گولیان بناوین حب المشک
منھ مین خوشبو کرتی ہی اور مسوڑھون کو قوت دیتی ہی صفت کالی مرچ لونگ کلیجن عاقرقرحا

هر ایک ساڑھے تین ماشہ گلاب کے پھول صندل زرد ہر ایک سات ماشہ
بنسلوچن پونے دو ماشہ مشک کافور ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر
چھان کر گلاب مین گولیا دین بناوین حب الشکہت که یہی خاصیت رکھتی ہی صفت حب نقی
لونگ کافور دارچینی کلیچن الائچی چھوٹی چھالیا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
مشک خالص آٹھ رتی تین چاول پوست ترنج کباب چینی جاوتری ہر ایک
ساڑھے چار ماشہ موتھا سات ماشہ گلاب مین گولیان بناوین حب دیگر
که یہی منفعت رکھتی ہی صفت مشک خالص لونگ تج جائفل موتھا بالچھڑ پوست ترنج
اگر خام برابر وزن ساتھ پانی زرد آلو کے بقدر نخود کے گولیان بناوین بہر روز
بوقت صبح ایک گولی منھہ مین رکھین حب که بوے لہسن اور پیاز اور شراب کی
منھہ سے دور کرتی ہی صفت پوست ترنج مرجمک چھوٹی الائچی سعد کباب چینی
جاوتری موتھا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ بنسلوچن ہر ایک پونے دو ماشہ عنبر اشہب
سوا دو ماشہ صندل گلاب مین پسا ہوا دو تولہ گیارہ ماشہ گوند ببول کا چار رتی
ڈیڑھ چاول گلاب مین گولیان بناوین حب که یہی عمل رکھتی ہی صفت کباب چینی
لونگ تج بنسلوچن ہر ایک سات ماشہ مشک چار رتی ڈیڑھ چاول عنبر پونے
دو ماشہ اگر خام ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر جس گلاب مین که گوند ببول کا
بھیگا ہوا ہو گولیان بناوین حب مقل تحالیفی خون بواسیر کو باز رکھتی ہی صفت
کابلی ہڑ پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ کا آملہ چھیلا ہوا گوگل ہر ایک سات ماشہ
مونگے کی جڑ کہربا ودع سوختہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گوگل کو تھاروں کے پانی مین
گھول کر باقی اور سب دوائیان پیس کر گوندھین اور گولیان بناوین مقدار شربت
سات ماشہ حب مقل دیگر که یہی خاصیت رکھتی ہی صفت کابلی ہڑ بھنی ہوئی روغن گاو مین
آٹھ تولہ نو ماشہ کہربا تین تولہ نو ماشہ گوگل برابر وزن گندنا کے پانی مین گھولین اور سب دوائیان

کوٹ کرچھان کر آمین گوندھین اور گولیان بناوین مقدار شربت سات ماشہ
حب ممسک طبیعت کو قبض اور خون کو بند کرتی ہی صں سماق سات ماشہ
مازو ساڑھے تین ماشہ پوست انار پونے دو ماشہ تخم مورد گیارہ ماشہ مویز منقی ساڑھے
دس ماشہ کوٹ کرچھان کر گوند ببول کے لعاب مین گولیان بناوین مقدار شربت
سات ماشہ مورد کے پانی کے ساتھ کھاوین اور اوپر سے پانی سرد نوشش کرین
حب کہ خون کے دستون کو فائدہ بخشتی ہی صں مازو بڑی مائین افیون برابر وزن
پانی مین گولیان بناوین مقدار شربت آٹھ رتی تین چاول حب کہ بلغمی دستون کو
باز رکھتی ہی صں مرکی از خرج جند بیدستر افیون برابر وزن کوٹ کرچھان کر کالی مرچ
برابر گولیان بناوین مقدار شربت ایک گولی سے پانچ گولی تک حب زحیر پرانے
دستون اور پیچش کو نافع ہی اُس وقت کہ حرارت اور تپ نہو صں جند بیدستر
تگر سلارس اجواین خراسانی کندر برابر وزن پانی مین گولیان بناوین
مقدار شربت سات ماشہ حب کہ ایک گھنٹے مین دستون کو بند کر دیتی ہی
صں افیون ساڑھے تین ماشہ اقاقیا سات ماشہ جھاؤ کے پھول سماق
حب الآس یعنے تخم مورد ہر ایک چودہ ماشہ کوٹ کرچھان کر اُس پانی مین
کہ گوند ببول کا بھیگا ہوا ہو گولیان بناوین مقدار خوراک سوا دو ماشہ حب
کہ نعوظ تمام لاتی ہی اور منی کے روکنے مین بے مثل ہی صں اگر خام لونگ کباب چینی
تج کالی مرچ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ زعفران پونے دو ماشہ بالنگو
سات ماشہ بہیل تخم بابونہ موتی بلا سوراخ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
کوٹ کرچھان کر قند سفید قوام کر کے گوندھین اور نخود کے برابر گولیان بناوین
حب کہ جس طرح کا درد جسم مین ہو فوراً تسکین دیتی ہی صں مصطکی حب النغار مرکی
زعفران کالی مرچ لونگ جند بیدستر بالچھڑ عاقرقرحا ہر ایک ساڑھے چار ماشہ مشک خالص

چار رتی ڈیڑھ چاول افیون پونے سات ماشہ گلاب مین گولیان بناوین خوراک ساڑھے
تین ماشہ حقنہ لینہ تپ ہای گرم اور سرسام کو مفید ہے اور بیماریون تیز کو فائدہ پہونچاتا ہے
اور طبع کو نرم کرتا ہے صص عناب لسوڑہ بنفشہ جو چھلے ہوے اور کٹے ہوے بھوسی گیہون کی
خطمی گوکھرو اکلیل الملک ہر ایک ایک مٹھی انجیر پانچ عدد سوا سیر پانی مین جوشش
کرین کہ ایک ثلث رہ جاوے شکر سرخ ساڑھے سترہ ماشہ روغن بنفشہ روغن بادام ہر ایک
تین تولہ روغن کنجد تین تولہ آبکامہ ساڑھے سترہ ماشہ اضافہ کرکے نیم گرم حقنہ کرین حقنہ
لینہ دیگر انجیر زرد دس عدد ملہٹی سات ماشہ لسوڑہ تیس عدد جو کٹے ہوے ایک کف
بنفشہ نیلوفر ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ بابونہ ایک کف سب دوائیان اڑھائی سیر
پانی مین جوشش کرین کہ ایک ثلث رہ جاوے صاف کرکے لعاب اسپغول تین تولہ
روغن بنفشہ روغن بادام دو تولہ چار ماشہ آبکامہ تین تولہ جواکھار سات ماشہ نمک سیہ
ساڑھے تین ماشہ اضافہ کرین شکر سرخ پانچ تولہ دس ماشہ اسمین حل کرین اور تین مرتبہ
حقنہ کرین حقنہ معتدل میتھی السی انجیر عناب لسوڑہ بنفشہ بابونہ اکلیل الملک گوکھرو سویا
بھوسی گیہون کی ہر ایک ایک کف موافق دستور کے پکاوین اور تباسہ تین تولہ جواکھار
تین تولہ نمک ہندی روغن چینیہ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ اضافہ کرکے عمل کرین
حقنہ گرم شحم حنظل افتیمون یعنے آکاس بیل بسفایج ہر ایک سات ماشہ پودینہ
ایک کف پکاوین اور شکر سرخ پانچ تولہ دس ماشہ روغن بابونہ تین تولہ اضافہ کرکے
استعمال کرین حقنہ دیگر قولنج بلغمی اور درد پشت اور ریاح غلیظ کو نافع ہے صص
میتھی السی قنطوریون بابونہ خشک نیم کوفتہ خطمی ہر ایک ایک کف انجیر عناب
لسوڑہ ہر ایک تیس عدد بھوسی گیہون کی برگ چقندر برگ کرم کلہ سداب
ہر ایک ایک دستہ سکبینج گوگل جاوشیر ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مغز تخم
پانچ تولہ دس ماشہ موافق دستور کے پکاوین اور نمک ہندی ساڑھے تین ماشہ

جوکھار آٹھ رتی تین چاول جبند بید ستر ساڑھے سترہ ماشہ تخم حنظل آٹھ رتی تین چاول آبکامہ تین تولہ شکر سرخ چھ تولہ اضافہ کرکے استعمال کرین حقنہ دیگر استرخا اور فالج اور جماری بلغمی کو نافع ہی صں سناے مکی ساڑھے سترہ ماشہ بابونہ تخم کسم نمیکوفتہ بید انجیر سویا ہر ایک ایک کف نمسراج بادرنجبویہ قنطوریون دقیق ہر ایک سات ماشہ شکر سرخ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ آبکامہ تین تولہ نو ماشہ پانی برگ چقندر کا روغن زیتون ہر ایک تین تولہ نمک ہندی جوکھار ہر ایک پونے دو ماشہ موافق دستور کے عمل کرین حقنہ دیگر قولنج کھوتا ہی صں سناے مکی ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ گاوزبان سویا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ سونف دیسی سونف رومی بسفائج ہر ایک سات ماشہ بابونہ بھوسی گیہون کی گل خطمی ہر ایک ایک کف گلاب کے پھول تازہ بارہ عدد روغن زیتون روغن گل شکر سرخ پانی برگ چقندر کا ہر ایک تین تولہ نو ماشہ آبکامہ گلقند ہر ایک تین تولہ جوکھار پونے دو ماشہ موافق دستور کے عمل کرین حقنہ کہ آنتون کے زخم کو نافع ہی اور صفراوی دستون کو فائدہ بخشتا ہی صں پانی برگ خرفہ پانی بارتنگ کا ہر ایک پندرہ تولہ بیضۂ مرغ ایک عدد روغن گل مین ملاکر اور اقاقیا پونے دو ماشہ دم الاخوین دو ماشہ بھنے چاول کاغذ سوختہ سفیدہ کاشغری کہربا مونگے کی جڑ گل مختوم ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سب داؤن کو باہم ملاکر حقنہ کرین حقنۂ دیگر کہ آنتون کے زخم اور خون کے دستون کو فائدہ پہونچاتا ہی صں جوش کئے ہوے چاول دھوئے ہوے چربی بکری کے گردہ کی سوا گیارہ تولہ بکاوین اور سفیدہ کاشغری نشاستہ اقاقیا گلنار فارسی ہر ایک پونے دو ماشہ غاریقون زعفران شیاف ابیض ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زردہ تخم مرغ ایک عدد روغن گل دو تولہ ساڑھے سات ماشہ مین حل کرین اور باہم ملاکر استعمال فرماوین

باب الخاے معجمہ

خندیقون سردی معدہ اور احشا اور جگر کو نافع ہے مقوی ہضم کے اور واسطے بوڑھون کے مفید ہے صں شراب پرانی پونے چار سیر شہد خالص سوا سیر تین تولہ چھوٹی الایچی بڑی الایچی زعفران ہر ایک ساڑھے چار ماشہ لونگ مشک ہر ایک پونے دو ماشہ دارچینی کالی مرچ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سوائے مشک اور زعفران کے سب دواؤن کو کوٹین اور ایک تھیلی مین کرکے منھ اسکا باندھ دیوین اور شراب اور شہد کو جوش دیوین اور اُسمین تھیلی چھوڑ دیوین اور ہر ساعت ہاتھ سے ملتے رہین کہ شراب کا قوام ہو جاوے بعدہ تھیلی اسمین سے نکال لیوین اور مشک اور زعفران حل کرین اور نگاہ رکھین **خضاب** بالون کو سیاہ کرتا ہے صں مازوے سیاہ ڈیڑھ پاؤ کسیرے زاند روئی جلی ہوئی پھٹکری ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ نوسادر چودہ ماشہ نمک اندرانی سات ماشہ اول مازو کو روغن زیتون مین جوش دیوین کہ خشک ہو جاوین پھر اور دواؤن کے ساتھ کوٹین اور پانی گرم مین گوندھین اور رہنے دیوین چار گھنٹہ تک بعدہ سر اور داڑھی کو دھووین اور خشک کرکے یہ خضاب لگاوین بعد چھ گھنٹہ کے پھر گرم پانی سے دھووین **خضاب دیگر** وسمہ گیارہ تولہ آٹھ ماشہ مہندی ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کرچھان کر روغن گل مین چکنا کرین اور پانی گرم مین گوندھین رات کو لگاوین اور صبح کو دھووین **خضاب دیگر** گل لالہ تین تولہ آملا چھیلا ہوا پوست باقلاے تر ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کرچھان کر سرکہ مین گوندھین اور بیس روز تک سورج کے نیچے رکھین اور سرکہ اضافہ کرکے استعمال فرماوین **خضاب دیگر** پوست اخروٹ پھٹکری پوست انار مس سوختہ یعنی تانبا جلا ہوا لادن برابر وزن کوٹ کر پانی گرم مین گوندھین اور خضاب کرین **خضاب دیگر** جوز السرو چھ تولہ سرکہ مین جوش کرین اور مازوے سبز پونے دو تولہ روغن زیتون مین بھاوین کہ جل نہ جاوین

تانبا جلا ہوا پوست اخروٹ ہر ایک تین تولہ ہنسراج پھٹکری اقاقیا آملہ ہر ایک تین تولہ
لونگ سات ماشہ کوٹ کر چھان کر پانی گرم مین گوندھین اور خضاب کرین بعد تین گھنٹے کے دھوئین
خضاب دیگر منڈی چودہ ماشہ وسمہ دو تولہ چار ماشہ روئی جلی ہوئی پھٹکری
نمک اندرانی مازو سبز بھنے ہوئے روغن زیتون مین خبث الحدید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
کوٹ کر چھان کر پانی گرم مین گوندھین اور استعمال کرین **خضاب دیگر** غنچہ اخروٹ
گوگل روغن زیتون مین پیسکر استعمال کرین اور بعد چھ گھنٹے کے ساتھ پانی گرم کے دھوئین

باب الدال

دواء السنہ دواء الملوک بھی کہتے ہین جوڑون کے سب دردون کو اور بواسیر اور
ناسور اور چھیپ اور داغ سفید وسیاہ اور جذام کو نافع ہو مقوی خورش ہی شہوت
جماع کو بڑھاتی ہی اور اگر اس معجون کو استعمال کیا جاوے جو بال کہ سفید نہوے ہون پھر سفید
نہو وین **ص** ہڑ سیاہ بہیڑہ آملہ ہر ایک چودہ تولہ تین ماشہ کلونجی نو تولہ کالی مرچ اشق
پیپل سونٹھ جڑ پیپل کی ہر ایک آٹھ تولہ تین ماشہ چھوٹی الایچی ناگیسر ناگرموتھا ہر ایک
نو ماشہ کباب چینی عسل بلادر ہر ایک دو تولہ تین ماشہ تباسہ پونے تین سیر تباسون کو
کوٹ کر پاتیلا مین ڈالین اور پانی گرا دین اور سب دوائیان کوٹ کر چھان کر
عسل بلادر مین گوندھین اور قرص بنا دین ہر ایک نو ماشہ چھ رتی سوا دو چاول
ہر صبح کو ایک قرص کھایا کرین اور جس سال مین کہ یہ معجون استعمال کرین ترشی اور شیر سے
پرہیز رکھین **دواء المسک حلو** ضعف دل اور معدہ اور خفقان اور
مرگی اور تنگی سانس اور فالج اور لقوہ اور تپ چوتھیا اور بیماریون سوداوی کو
فائدہ بخشتی ہی اور ریاح عورتون حاملہ کی دفع کرتی ہی اور رنگ نیک
اور صاف کرتی ہی **ص** زرنباد درونج عقربی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
موتی بلا سوراخ کہربا مونگے کی جڑ ابریشم مقراض سے کترا ہوا ہر ایک

پونے دو ماشہ بہمن سرخ بہمن سفید تج پات بالچھڑ چھوٹی الائچی کالی مرچ جند بیدستر
چھڑیلا ہر ایک دو ماشہ چھ چاول سونٹھ پیپل ہر ایک آٹھ رتی تین چاول مشک خالص
دو رتی ایک چاول کوٹ کر چھان کر شہد آتش نادیدہ مین گوندھین اور بعد چار مہینے کے
استعمال کرین خوراک ساڑھے تین ماشہ سے سات ماشہ تک **دواء المسک**
معتدل وبارد ریشم مقراض سے کترا ہوا موتی بلا سوراخ بنسلوچن کہربا
گلاب کے پھول ہر ایک ڈیڑھ تولہ صندل سفید دھنیا تخم کاہو زرشک
ہر ایک ڈیڑھ تولہ مونگے کی جڑ چاندی کے ورق عنبر مشک ہر ایک ساڑھے
چار ماشہ گل گاؤزبان ڈیڑھ تولہ پانی سیب کا چھ تولہ قند سفید تین وزن سب
دواؤن کے **دواء المسک سرد** رطوبت معدہ کو جذب کرتی ہی اور خفقان
سوداوی اور ورم حنجرہ کو نافع ہی **صں** افسنتین رومی ایلوا ہر ایک دو تولہ چار ماشہ
ریوند چینی پونے دو تولہ اجوائن زعفران اجمود ہر ایک ڈیڑھ تولہ مشک ناسکہ زرین تج پات
موتی بلا سوراخ ہر ایک سات ماشہ جند بیدستر سوا پانچ ماشہ شہد تین وزن سب
دواؤن کا پہلے سب دواؤن کو کوٹین اور چھانین اور شہد جھاگ نکالے ہوے مین
گوندھین خوراک پونے دو ماشہ قوت اس معجون کی تین برس تک رہتی ہی
دواء اللک کبیر سختی جگر اور طحال اور معدہ اور استسقا اور سدی کو نافع ہی
سدے کھولتی ہی پیشاب جاری کرتی ہی گردہ اور مثانہ کی پتھری کو نکالتی ہی اور جسم کو
لاغر کرتی ہی **صں** لاکھ دھوئی ہوئی دو تولہ اجمود پہاڑی زیرہ کرمانی سونٹھ ہر ایک
دو تولہ چار ماشہ کنگرو ندہ زوفائے خشک ہر ایک ڈیڑھ تولہ جنطیانا زراوند مدحرج ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ ایلوا بالچھڑ ہر ایک ساڑھے تین تولہ مجیٹھ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ
حب بلسان سلیخہ مصطکی میٹھا چرائتا اسارون گوگل ہر ایک پونے دو تولہ کندر ڈیڑھ تولہ پیپل زراوند طویل
ہر ایک سوا بارہ ماشہ ست ملٹھی کا آٹھ تولہ دو ماشہ ریوند چینی جعدہ اذخر ہر ایک سات ماشہ

[illegible]

کالی مرچ کٹ ہر ایک تین تولہ سیسالیوس ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین
معجون بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ **دواء المملک صغیر** نفع اسکا مثل منافع کبیر کے ہی
ص لاکھ دھوئی ہوئی کٹ تلخ شگوفہ اذخر ترمس حب النار مقشی کالی مرچ ہر ایک تین تولہ
ریوند چینی ساڑھے چار تولہ کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین خوراک ساڑھے تین ماشہ
ہمراہ جوشاندہ افسنتین کے **دواء الکرکم کبیر** بیماریون جگر اور طحال کو جو سردی سے ہو نافع ہی
سدہ کو کھولتی ہی ریاح توڑتی ہی گردہ اور مثانہ کو قوت دیتی ہی پیشاب جاری کرتی ہی
اور استسقا کو کہ بسبب ورم جگر اور طحال کے ہو فائدہ بخشتی ہی **ص** زعفران ساڑھے چار تولہ
اسارون دو قوانیسون فطراسالیون ریوند چینی ہر ایک چودہ ماشہ بالچھڑ پونے دو تولہ
کٹ سلیخہ شگوفہ اذخر حب بلسان ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مجیٹھ سات ماشہ ست ملٹھی کا
جمعہ مصطکی غافث ہر ایک ساڑھے دس ماشہ روغن بلسان ساڑھے سترہ ماشہ
مرکی چودہ ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین خوراک ساڑھے تین ماشہ سے
سات ماشہ تک ساتھ پانی شہد کے **دواء الکرکم صغیر** منافع اسکا قریب نفع کبیر کے ہی
ص زعفران سلیخہ بالچھڑ ہر ایک سات ماشہ مرکی شگوفہ اذخر کٹ دارچینی ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر رات دن شراب انگوری مین بھگو کر ساتھ شہد کے
معجون بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ **دواء الکبریت** بیماری بلغمی اور سوداوی
اور پرانی تپ اور لرزہ اور تنگی سانس اور کھانسی بلغمی اور پیپ کہ سینے سے
باہر آوے اور استسقا اور ورم طحال اور دشواری پیشاب کو نافع ہی
گردہ اور مثانہ کی پتھری کو نکالتی ہی اور مضرت دواؤن زہردار
مثل افیون و شوکران و بیخ تفاح کو دفع کرتی ہی اور واسطے کاٹنے بچھو اور
رتیلا کے مفید ہی **ص** گندھک زرد اجواین خراسانی سفید قردمانا سلارس مرکی
ہر ایک دو تولہ چار ماشہ سداب کٹ تلخ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ افیون زعفران ہر ایک

H.L
2140
P.No:-
3851

سات ماشہ سلیخہ ساڑھے تین تولہ مرچ سفید چھ تولہ پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین معجون
بناوین مقدار شربت ساڑھے چار ماشہ **دحمرثا** ریاح توڑتا ہی قولنج کھولتا ہی صں
ہزار سپند متھی ہر ایک آٹھ تولہ نو ماشہ درونج عقربی عاقرقرحا کالی مرچ پیپل اسارون
سلیخہ کٹ زعفران سونٹھ ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین خوراک سات ماشہ
دواء المحلتیت تپ چوتھیا اور کاٹنے بچھو اور رتیلا وغیرہ کو نافع ہی واسطے
تپ کے ساتھ سکنجبین کے کھاوین اور جب چالیس روز اس معجون کو گذر جاوین واسطے
کاٹنے جانورون زہردار کے شراب مین دیوین صں ہینگ سداب مرکی مرچ سیاہ
برابر وزن کوٹ کر چھان کر شہد مین معجون بناوین مقدار خوراک برابر ایک اخروٹ کے
دواء الماذریون استسقا اور اکثر بیماریون سوداوی اور بلغمی کو نافع ہی صں
ماذریون ساڑھے تین ماشہ سرکہ مین بھگو کر ایک رات دن سایہ مین خشک کرین بعد اسکے
زیرہ کرمانی نمک ہندی پوست زردہڑ کا ہر ایک پونے دو ماشہ افتیمون نسوت ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین معجون کرین خوراک سات ماشہ **دواء الترید**
تپ ہاے بلغمی کو نافع ہی صں سونٹھ مصطگی ہر ایک تین تولہ نسوت پانچ تولہ دس ماشہ شکر طبرزد
گیارہ تولہ آٹھ ماشہ خوراک ہر رات ساڑھے چار ماشہ **دواء الترنجبین** ضعف باہ کو کہ بسبب
حرارت کے ہو نافع ہی صں ترنجبین سفید آٹھ تولہ نو ماشہ تین پاو اور آدھی چھٹانک
شیر تازہ مین جوش کرین کہ قوام ہو جاوے ہر ایک رات اسمین سے تین تولہ کھاوین
دواء الخسک کہ واسطے تقویت باہ کے بے نظیر ہی صں گوکھرو کو کوٹین اور چھانین اور پانی مین
گوکھرو تر کے بھگو کر سورج کے نیچے رکھین اور ہر روز تازہ پانی گوکھرو کا ڈالتے جاوین یہانتک کہ
پانی گوکھرو تر کا تین وزن گوکھرو خشک سے جذب ہو جاوے بعد اسکے خشک کرین اور ہر
ساڑھے دس ماشہ اس سے ساتھ شیر تازہ تین تولہ اور مصری تین تولہ کے تناول فرماوین
اور واسطے سرد مزاج کے سونٹھ کوٹ کر چھان کر اضافہ کرین **دواء الصل** منی پیدا کرتی ہی اور نعوظ لاتی ہی

نہایت مقوی باہ ہی صں پانی پیاز کا ایک حصہ شہد خالص دو حصہ جوش کریں کہ
قوام ہو جاوے سوتے وقت اسمین سے تین تولہ کھایا کریں دوا مقوی معدہ
ضعف معدہ کو کہ بسبب سردی اور تری کے ہو دور کرتی ہی صں کالی ہڑ
روغن لگا دین بھنی ہوئی تین تولہ تخم ترہ تیزک بھنی ہوئی ساڑھے سترہ ماشہ
اجواین پودینہ پہاڑی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ میل لوہے کا تین تولہ
خوراک سات ماشہ ساتھ پرانی شراب کے دوا الخناق لطیف اگر اس دوا سے
غرغرہ کریں یا خارج حلق پر لیپ کریں تو خناق بلغمی اور سوداوی کو نافع ہوتی ہی
صں اجمود سونف رومی اجواین ہزار سپند دارچینی مرکی زراوند طویل زعفران
ہر ایک تین تولہ گلاب کے پھول چھ تولہ کٹ اور راکھ جانور ابابیل کی
ہر ایک آٹھ تولہ نو ماشہ نشاستہ بالچھڑ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ مازو سبز
دس عدد کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین اور استعمال کرین دیاقوزا مانع
نزلہ ہی اور کھانسی خشک کو بہت فائدہ پہونچاتا ہی صں خشخاش سفید مع پوست
بیس عدد تخم خطمی کتیرا گوند ببول کا تخم خیارین بہدانہ شیرین ہر ایک ساڑھے
سترہ ماشہ ملہٹی پانچ تولہ دس ماشہ اسبغول تین تولہ سب دواؤن کو سوا دو سیر
مینہ کے پانی مین دو رات دن بھگو رکھین کہ نرم ہو جاوے بعد اسکے ملائم آگ پر
پکاوین کہ مہرا ہو جاوین اور آدھی رہ جاوین قند سفید تین پاؤ آدھی چھٹانک مین
قوام کرین دیاقوزا یہ بھی پہلے نسخہ کی خاصیت رکھتا ہی صں خشخاش سفید مع پوست
خشخاش سیاہ ہر ایک تین تولہ نو ماشہ بنفشہ گوند ببول کا ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ
ملہٹی ساڑھے دس ماشہ پانی انار شیرین کا ساڑھے سات تولہ قند سفید ڈیڑھ پاؤ موافق
دستور کے تیار کرین دیگر برد یگ آکلہ و ناسور اور گوشت زائد کو نافع ہی صں
زرد ہرتال سرخ ہر ایک پونے دو تولہ مرکی سات ماشہ چونہ آب نارسیدہ چار تولہ ساڑھے

چار ماشہ زنگار ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر سرکہ مین گوندھین اور قرص بناوین
دارو کہ بال جماتی ہے اور دراز اور سیاہ کرتی ہے ص برنجاسف برگ مورد کلونجی بریان
برابر وزن کوٹ کر چھان کر روغن مورد یا روغن زیتون مین گوندھ کر استعمال کرین دوا
کدو دانہ اور سب قسم کے کیڑون کو شکم سے دور کرتی ہے ص کمیلہ اور سرخس ہر ایک حب النیل پونے
دو ماشہ درمنہ ترکی ہر ایک سات ماشہ نسوت بابڑنگ چھیلے ہوے ہر ایک ساڑھے تین ماشہ نمک ہندی
چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر شیر و شکر ملا دین اور کھاوین دوا دیگر یہی خاصیت
رکھتی ہے ص بابڑنگ چھیلی ہوئی ساڑھے دس ماشہ نسوت سفید سات ماشہ کمیلا ساڑھے تین ماشہ
حب النیل نمک ہندی ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ مویز منقی کے گوندھین اور تناول
کرین دوا کہ جو آگ پر رکھین دھوین اسکے سے جانور کاٹنے والے بھاگ جاوین ص زفت رومی
گندھک زرد سینگ گینڈے کا بادآورد برابر وزن سب کا چاہیے کہ زفت کو چھوڑ کر
اور دواؤن کو کوٹ کر چھان کر اسمین گوندھین اور استعمال کرین دوا کہ پسینے کو جذب
کرتی ہے ص برگ مورد برگ گل سرخ صندل گلاب مین جوش کرین اور کپڑے رنگ کر
پہنین دوا نافع ہے واسطے کان کے کیڑون کے ص شراب سات ماشہ شہد
ساڑھے دس ماشہ روغن گل ایک تولہ سفیدہ تخم مرغ دو عدد سب دواؤن کو
باہم مخلوط کرین اور پشم پارہ اسمین تر کرین اور نیمگرم کان مین رکھین اور اس طرف
ایک گھنٹہ تکیہ رکھین بعد اسکے ایک بارگی پشم پارہ کان سے نکال لیوین کیڑے
باہر نکل جاوینگے دارو کہ واسطے کاٹنے بچھو اور سانپ کے بالخاصیت نافع ہے ص
برگ شہتوت اور چونہ کو کوٹ کر دنبہ کے روغن مین گوندھین اور اوپر محل زخم کے رکھین
درد کو فوراً تسکین دیتی ہے اور اگر سبھی کوٹ کر دوشاب مین گوندھ کر مقام پر کاٹے ہوئے کے
ملین درد موقوف ہو جاویگا اور اگر بچھو اُس روغن مین پکا دین اور صاف کرین
جس کسی کو کہ بچھو کاٹے وہ روغن اُس جگہ لگا دین درد ساکن ہو جاوے اور

اگر ساتھ شہد کے وہ روغن ملاوین جو لڑکا کہ شکم مادر سے باہر آوے اُس روغن سے
پونے دو ماشہ کام کودک مین ملین اگر تمام عمر بچھو اسکو کاٹے درد مطلق نہ معلوم ہووے
اور اگر گدھے کے کان کا میل مقام پر بچھو کاٹے ہوے کے ملین درد موقوف ہوجاوے
اور اگر اُس بچھو کو جسنے کسی کو کاٹا ہو پکڑ کر اور نمک گھسکر روغن چراغ مین گرم کرین
اور زخم پر رکھین یہی عمل کرتا ہی اور اگر برگ انگور پکاوین اور مقام پر کاٹے ہوے کے
ملین اُسیوقت درد جاتا رہے اور اگر مغز اخروٹ اور انجیر اور لہسن انکو کوٹ کر چھان کر
اوپر زخم کاٹے ہوے سانپ کے ملین نافع ہو اور اگر سریش سرکہ مین ترکرین اور
مقام پر کاٹے ہوے کے رکھین درد ساکن ہوجاویگا دوا واسطے گندہ ہوجانے پاؤن کے
ص پھٹکری پانی مین حل کرین اور پاؤن اُسمین دھوین یا پاؤن پانی برگ مورد
یا سوسن مین دھوین مفید ہی **دوائے آتشک** پارہ کا کشتہ دو تولہ ساڑھے
سات ماشہ مہندی لاون مصطگی سورنجان ہر ایک سات ماشہ نسوت سفید ساڑھے
سترہ ماشہ بنفشہ ساڑھے دس ماشہ روغن گل تین تولہ نو ماشہ روغن زیتون پانچ تولہ
ساڑھے سات ماشہ لیمون کا پانی ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ چربی بکری کی گیارہ تولہ
تین ماشہ اور اگر زخم اور دانہ ہووے نیلہ تھوتھا سفیدہ کاشغری مردار سنگ ہر ایک
سات ماشہ زنگار پونے دو ماشہ اضافہ کرین اور موافق دستور کے مرہم تیار کرین اور ملین
داروے بیہوشی اس دوا کے کھاتے ہی آدمی بیخود و بیہوش ہوجاتا ہی
ص افیون ساڑھے سترہ ماشہ خشخاش سیاہ تین تولہ آب خالص
ایک سیر اڑھائی چھٹانک مین جوش کرین کہ ڈیڑھ پاؤ آدھی چھٹانک رہ جاوے
تین چھٹانک گیہون صاف کیے ہوے اُسمین پکاوین کہ پانی سب جل جاوے
گیہون نکال کر خشک کرین اور کوٹ کر نگاہ رکھین جس کسی کو بیہوش کرنا چاہین
ساڑھے چار ماشہ اس دوا سے کھلاوین فوراً بیخود اور بیہوش ہوجاویگا

دوائے دیگر کہ یہ بھی بیہوش کر دیتی ہی **ص** شوکران تخم کاہو ہر ایک ساڑھے
دس ماشہ اجواین خراسانی خشخاش سیاہ ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ سب دواؤن کو
کوٹ کر چھان کر قوام مین قند سفید کے طیار کرین ساڑھے چار ماشہ اسمین سے جس کسی کو کھلاوین
بیہوش ہوجاوے **دوائے دیگر** کہ یہی خاصیت رکھتی ہی **ص** کالی مرچ
عاقرقرحا موزنج سونٹھ ہر ایک ایک حصہ جوکھار ڈیڑھ حصہ کوٹ کر چھان کر شہد مین
گوندھکر استعمال کرین **دوا** کہ یہی عمل کرتی ہی **ص** خشخاس سیاہ تخم کاہو ہر ایک ساڑھے
سترہ ماشہ اجواین خراسانی ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ اور نسخہ دیگر مین نو ماشہ
بھی ہی جوش کرکے صاف کرین اور قند سفید مین قوام کرکے نگاہ رکھین
ساڑھے چار ماشہ مقدار خوراک ہی جو کوئی کھاوے بیہوش ہوجاوے اور
اگر چاہین کہ ہوشیار جلد ہوجاوے پرانا سرکہ گلاب مین پلاوین یا چھاچھ گاے کے
دودھ کے ساتھ برف مین سرد کرکے دیوین **دوا** کہ نافع ہی واسطے خشک خارش
اور گنج سر اور خارش تر کے **ص** پوست زرد ہڑ کا پونے دو تولہ سنا مکی شاہترہ
ہر ایک سات ماشہ افسنتین رومی ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ کشمش کے
ملا کر گوندھین خوراک برابر اخروٹ کے **دوا** کہ شہوت ردیہ زنان حاملہ کی
دفع کرتی ہی **ص** مصطکی ساڑھے تین ماشہ اگر پونے دو ماشہ زیرہ کرمانی
چھ رتی سوا دو چاول کوٹ کر چھان کر ساتھ گلقند تین تولہ کے گوندھکر کھلاوین
دوا کہ نافع ہی واسطے درد دانتون کے کہ بسبب سردی کے ہو اور
اس دوا کو تریاق الاسنان بھی کہتے ہین **ص** جندبیدستر ہینگ مرچ سیاہ
زراوند مدحرج سونٹھ سلارس افیون اجواین خراسانی برابر کوٹ کر چھان کر
شہد مین گوندھین اور روئی اسمین لٹ کرکے دانتون پر ملین درد موقوف ہوجاویگا
دوا دانتون کے درد کو نافع ہی جو بسبب حرارت کے ہو **ص** افیون دو رتی ایک چاول

روغن گل مین گھولین اور قدرے روئی اسمین لت کرکے دانتون پر ملین یہی عمل کرتی ہی دوائے دیگر کانور عاقرقرحا کوٹین اور روغن گل مین حل کرین اور روئی اسمین لت کرکے دانتون پر رکھین یہی خاصیت رکھتی ہی **نوعدیگر** کہ درد دندان سورخ دار کو نافع ہی بارزد اور کالی مرچ عاقرقرحا برابر وزن کالی مرچ اور عاقرقرحا کو کوٹین اور گندہ بیروزہ مین گوندھین اور دانتون پر ملین **دوا** کہ مسوڑھون کو مضبوط کرتی ہی اور گوشت جماتی ہی **ص** کندر زراوند مدحرج دم الاخوین بیخ سوسن برابر وزن کوٹ کر چھان کر سکنجبین اور پیاز جنگلی مین گوندھین اور استعمال کرین **دوا** کہ دانتون کے درد کو موقوف کرتی ہی **ص** مویزج عاقرقرحا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ تخم کنوچہ ساڑھے تین ماشہ پانی ہرے دھنیا کا ساڑھے سات تولہ ساتھ دودھ گاے کے تین تولہ نو ماشہ جوش کرکے گولیان بناوین اور دانتون پر رکھین اور اگر سداب تازہ ساتھ مویز منقی کے کوٹین اور دانتون پر رکھین یہی عمل کرتی ہی

باب الذال

ذرور ملکایا درد بیخ اور ابتدائے رمد کو نافع ہی **ص** انزروت گدھی کے دودھ مین ملا ہوا نشاستہ گوند ببول کا مصری برابر وزن کوٹ کر چھان کر استعمال کرین **ذرور اصفر** آنکھ کے درد کو جو بسبب رطوبت کے ہو نافع ہی اور کمنۃ المدہ کو بھی فائدہ بخشتی ہی **ص** انزروت دودھ مین پلا ہوا ساڑھے سترہ ماشہ شیاف مامیثا سات ماشہ ایلوا زعفران تخم گل ہر ایک پونے دو ماشہ افیون دو ماشہ چھ چاول کوٹ کر چھان کر استعمال کرین **نوعدیگر** انزروت دودھ مین پلا ہوا ساڑھے دس ماشہ ایلوا زعفران رسوت ہر ایک سات ماشہ مرکی ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین **ذرور** کہ قرحہ اور سورج کو نافع ہی **ص** سرمہ صفہانی شادنج عدسی دھویا ہوا ہمیکر ذرور کرین **ذرور ابیض** ابتدائے رمد کو نافع ہی **ص** اقلیمیا نقرہ سفیدہ کاشغری ایلوا ہر ایک سات ماشہ کتیرا پانچ تولہ دس ماشہ گوند ببول کا گیارہ تولہ آٹھ ماشہ گل سفید ساڑھے سترہ تولہ نشاستہ آٹھ تولہ نو ماشہ افیون تین تولہ کوٹ کر اور کپڑے مین

چھان کر سونف کے پانی مین پالکر ذرور کرین **ذرور رمادی** خارش تر اور بیماری سبل
اور آنسو بہنے کو مفید ہی **ص** مامیران چینی ساڑھے تین ماشہ نیلہ تھوتھہ پلا ہوا درمنہ ترکی
جلا ہوا اور پلا ہوا تانبے کا برادہ دھویا ہوا سرمۂ اصفہانی پلا ہوا ہر ایک تین تولہ کوٹ کر
چھان کر استعمال کرین **ذرور وردی** سورسرج اور غرہ تر اور قرحۂ چشم کو نافع ہی **ص**
سفیداب ارزیز تین تولہ اقلیمیاء نقرہ آٹھ ماشہ تین چاول افیون آٹھ رتی تین چاول
گوند ببول کا ساڑھے چار ماشہ چھ چاول انزروت پونے دو ماشہ تانبا جلا ہوا آٹھ رتی
تین چاول شادنج مغسول دو ماشہ چھ چاول کوٹ کر چھان کر استعمال کرین
ذرور انزروت قرحہ کو پاک کرتی ہی **ص** نشاستہ ساڑھے دس ماشہ انزروت
سفیدۂ کاشغری ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر ذرور کرین **ذرور مقل** بیاض چشم کو
نافع ہی اگر طبقۂ قرنیہ مین نتو نہووے **ص** بیٹ ابابیل کی عاقرقرحا انزروت زنگار جھاگ
آبگینہ کی اقلیمیا، کوٹ کر چھان کر شہد مصفی مین گوندھین اور استعمال کرین **ذرور** کہ ضعف
نگاہ کو مفید ہی اور آنسو بہنے اور آنکھ کے کھجلانے کو نافع ہی اور بوڑھون کو موافق ہی
ص نیلہ تھوتھہ دھویا ہوا تین تولہ پوست زرد ہڑ کا ایلوا پیپل ہلدی ہر ایک سترہ ماشہ
کالی مرچ سات ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین **ذرور** کہ آنکھ کے درد کو نافع ہی
اور آنسو بہنے کو روکتا ہی اور سرخی کو دور کرتا ہی **ص** نیلہ تھوتھا دھویا ہوا
سفیدۂ کاشغری نشاستہ کوٹ کر چھان کر ذرور کرین **ذرور ظفرہ**
بیماری ناخنہ کو دور کرتا ہی **ص** شیاف مامیثا شادنج عدسی حماما ہر ایک دو رتی
سوا دو چاول سرمہ کالی مرچ زنگار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر ذرور کرین
ذرور دیگر نافع ہی واسطے ناخنہ اور سبل اور آکلۂ پلک اور آنکھ کی
خارش کے **ص** اقلیمیا گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ زعفران
کالی مرچ شنگرف ہر ایک ساڑھے سات ماشہ افیون سوا پانچ ماشہ ہیسکر

استعمال کرین **ذرور دیگر** واسطے آنکھ کے درد کے جو بچون کو اکثر ہوتا ہی
مفید ہی **صفت** انزروت دودھ مین پلا ہوا چشمک ہر ایک تین تولہ مامیران
دم الاخوین ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین **ذرور رکمنہ**
پیپل آٹھ رتی تین چاول زرد ہڑ رسوت مرکی ہر ایک تین تولہ سمندر جھاگ ساڑھے
تین ماشہ مامیران آٹھ رتی تین چاول ایلوا چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر استعمال
کرین **ذرور سنبل** نیلہ تھوتھ دھویا ہوا نو ماشہ مامیران چینی سات ماشہ سمندر جھاگ
رسوت ایلوا پیپل پوست زرد ہڑ کا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ انزروت دودھ مین
پلا ہوا ڈیڑھ تولہ گوند ببول کا ساڑھے چار ماشہ کوٹ کر چھان کر ذرور کرین
ذرور بیاض تج پات پونے دو تولہ تانبا جلا ہوا سرمہ اصفہانی برادہ تانبے کا
جلا ہوا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ شادنج عدسی مغسول مرکی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
صدف سوختہ یعنی سیپ جلی ہوئی مامیران چینی ہر ایک سات ماشہ پیسکر
استعمال کرین **ذرور کافوری** رمد اور حرارت چشم کو نافع ہی **صفت** سیپ جلی ہوئی
موتی بلا سوراخ ہر ایک سات ماشہ نشاستہ ساڑھے تین ماشہ کافور آٹھ رتی
تین چاول پیسکر استعمال کرین **ذرور اربعہ** گوشت جماتا ہی زخم سے خون بہنے کو
باز رکھتا ہی نکسیر کو بند کرتا ہی **صفت** انزروت مرکی کندر دم الاخوین برابر وزن کوٹ کر
چھان کر استعمال کرین **ذرور** کہی خاصیت رکھتا ہی **صفت** انزروت دم الاخوین مرکی
کندر گلنار فارسی گیرو پونے دو ماشہ مسور چھلکون سے صاف کی ہوئی ساڑھے تین ماشہ
کوٹ کر چھان کر ذرور کرین **ذرورکہ** گوشت فاسد شدہ کو کھالیوے اور منہ زخم کا کھولدیوے
اور رطوبت کو جذب کر دیوے **صفت** انزروت چودہ ماشہ دم الاخوین سات گل مختوم مردار سنگ
مرکی کندر ہر ایک سوا پانچ ماشہ گیرو شیاف مامیثا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ایلوا
زراوند مدحرج ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین **ذرور**

کہ خروج مقعد یعنی کانچ نکلنے کو نافع ہی اور نیز مقعد اور رحم کو مفید ہی ص سفید آب
ازریر گلنار پھٹکری جفت بلوط مازو سے سبز کوٹ کر چھان کر مقعد کو روغن گل مین
چکنا کرین اور اوپر اسکے چھڑکین ذرور دیگر استرخاء مقعد کو نافع ہی ص
جفت بلوط مازو پوست کندر درمنہ ترکی جلی ہوئی شاخ گوزن جلا ہوا
مرد اسنگ سیپ جلی ہوئی اقلیمیا برابر سکر ذرور کرین ذرور دیگر کہ یہی خاصیت
رکھتا ہی ص جفت بلوط گلنار جوز السرو کاغذ جلا ہوا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
کوٹ کر چھان کر اوپر مقعد کے چھڑکین ذرور جو شخص کہ گرم تیل یا اور کسی چیز سے
جلجاوے یا آگ سے جسم سوختہ ہو جاوے اُسکو یہ ذرور بہت نافع ہی ص
مرداسنگ چونہ مہندی ہر ایک قدرے کوٹین اول مقام جلے ہوے کو روغن گل
چکنا کرین بعد اسکے ان دواؤن کو اُسپر چھڑکین تین دن مین اچھا ہو جاویگا

باب الراء

روغن قسط فالج اور لقوہ اور معدہ اور جگر سرد کو نافع ہی سیاہی بالون کی
نگاہ رکھتا ہی اور پٹھون کو جسم کے قوت دیتا ہی ص کٹ تین تولہ کالی مرچ
افیون ہر ایک ساڑھے دس ماشہ عاقرقرحا چودہ ماشہ جند بیدستر پونے نو ماشہ
شراب پرانی اُنتیس تولہ دو ماشہ روغن زیتون چودہ تولہ سات ماشہ کٹ
کالی مرچ عاقرقرحا کو کوٹ کر رات کو شراب مین بھگو دیوین صبح کو جوش کرین
جب آدھا وزن رہے تیل زیتون کا ملاوین اور یہانتک پکاوین کہ شراب جلجاوے
اور روغن باقی رہے آگ پر سے اُتار کر جند بیدستر اور فرفیون کوٹ کر
چھان کر شامل کرین روغن قسط دیگر درد جگر اور معدہ سرد اور مفاصل
اور استرخاء کو نافع ہی ص میٹھا چرایتہ بالچھڑ تیج پات سلارس سوسن کی جڑ
تج چھریلا کٹ ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ راسن خشک بلسان عود بلسان

ہر ایک تین تولہ مرکی لونگ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سب دواؤن کو نیمکوب
کرین اور سوا دو سیر پانی خالص مین پکاوین کہ ایک تہائی باقی رہے بعد اُسکے
آدھی چھٹانک تین پاؤ تل کا تیل ڈال کر جوش کرین جبکہ پانی جلجاوے اور تیل باقی رہے
آگ سے اُتار کر نگاہ رکھین **روغن قسط بنوع دیگر** موافق نسخہ پہلے کے سرد بیماریون کو
مفید ہی اور ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور پٹھون کو قوت دیتا ہی ص لونگ سلیخہ ہر ایک
تین تولہ میٹھا چراتیہ بالچھڑ تیج پات چھڑیلا جند بیدستر کٹ ہر ایک پانچ تولہ
دس ماشہ بنفشہ کی جڑ آٹھ تولہ نو ماشہ زرنجبوا ایک تولہ پونے سات ماشہ
تل کا تیل چھٹانک ڈیڑھ سیر بدستور مشہور کے تیار کرین **روغن شونیز**
یعنے کلونجی کا تیل فالج اور لقوہ اور تشنج کو فائدہ دیتا ہی ص کلونجی
پانچ تولہ دس ماشہ مغز بادام تلخ آٹھ تولہ نو ماشہ کوٹین اور تیل اُسکا کھینچین
روغن افسنتین معدہ اور جگر اور اعصاب کو قوت دیتا ہی
ص روغن زیتون یا روغن بادام تلخ یا اخروٹ یا روغن زرد آلو آدھی چھٹانک
کم آدھ سیر افسنتین رومی تازہ اڑھائی سیر شیشہ مین رکھ کر چالیس دن تک
سورج کے نیچے لٹکائین **روغن فرفیون** سب دردون کو جو سبب سردی کے
ہون دور کرتا ہی اور فالج اور استرخا کو فائدہ پہونچاتا ہی ص کٹ تین تولہ کندش
گیارہ تولہ آٹھ ماشہ جند بیدستر ساڑھے سترہ ماشہ پودینہ پہاڑی خشک ساڑھے
تین تولہ عاقرقرحا دو تولہ مویزج ساڑھے دس ماشہ سب کو نیمکوب کرکے چھٹانک کم
ڈیڑھ سیر پرانی شراب مین پکاوین کہ تین حصہ جلجاوے اور ایک حصہ باقی رہے
روغن خیری آدھا وزن اُسمین ڈالین اور آگ پر رکھین کہ شراب
جلجاوے اور روغن باقی رہے پس پانچ تولہ تین ماشہ روغن مذکور مین
سات ماشہ افیون تازہ ملاوین اور ایک جوش دیگر نگاہ رکھین **روغن سوسن**

سردی اختناق الرحم کو فائدہ رکھتا ہی اور گردہ اور مثانہ کو گرم کرتا ہی صں سلیخہ
حب بلسان کشٹ ہر ایک تین تولہ تج لونگ مصطگی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
زعفران تین تولہ پھول سوسن کے تیس عدد زردی سوسن سے دور کرین اور چھٹانک
آدھ سیر تل کا تیل شیشہ مین کرین اور دوائیان کوٹ کر اوپر اُسکے گراوین اور سورج کے
نیچے رکھین پھر سایہ مین چالیس روز تک رکھین روغن بید انجیر مسہل بلغم ہی اور
پٹھون کو رطوبات سے پاک کرتا ہی نسخہ ارنڈی چھوٹی ہوئی نرم کوٹین اور پکاوین
اور جھاگ اُسکے اوپر سے اُتارتے جاوین جب سب جھاگ اُتار لیوین نگاہ رکھین
پانی زرد کہ رہ جاوے پھینک دیوین اور جھاگون کو پھر جوش کرین کہ تمام روغن صاف
ہو جاوے روغن بید انجیر مرکب فالج اور لقوہ اور سدہ جگر اور طحال کو نافع ہی
اور قولنج کھولتا ہی صں اجوائن پودینہ پہاڑی اور صعتر یعنی پودینہ جنگلی اجمود انیسون
مصطگی اسارون ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ اجمود کی جڑ سونف کی جڑ راسن ہر ایک
تین تولہ جعدہ اور گوگل ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سکبینج جاؤشیر زنجبیل درونج عقربی ہر ایک
ساڑھے دس ماشہ سونٹھ دارچینی چھوٹی الائچی بڑی الائچی کباب چینی پیپل جائفل جاوتری
کلونجی کشٹ کرویا ہر ایک چودہ ماشہ سب دواؤن کو کوٹ کر ایک رات دن بھگو دیوین
پھر جوش کرین کہ نرم ہو جاوے صاف کرکے چھٹانک کم آدھ سیر روغن ارنڈی ڈال کر پکاوین
کہ پانی جل کر تیل رہ جاوے مقدار شربت سات ماشہ سے ساڑھے دس ماشہ تک ساتھ ماء الاصول کے
روغن ترب یعنی تیل مولی کا مانند روغن زیتون کے تیار ہوتا ہی اور گرم زیادہ
روغن ارنڈی سے ہی کان کے ریاح کو دفع کرتا ہی صں پانی مولی کا تین حصہ ساتھ
تل کے تیل کے ایک حصہ جوش کرین کہ پانی جلجاوے اور تیل رہ جاوے روغن خسک
گوکھرو کا تیل مثانہ کی تنگی کو از حد نافع ہی صں گوکھرو تین تولہ نو ماشہ سونٹھ ڈیڑھ تولہ نیمکوب کرکے
جوش کرین اور صاف کرکے تل کا تیل ملا کر پکاوین کہ پانی جلجاوے اور تیل باقی رہے

[illegible]

روغن کدو سونگھنا اور ملنا اُسکا سرسام اور مالیخولیا کو نافع ہی ص کدوے تازہ
لیکر پوست چھیلین اور ساتھ بیخ اور گودہ کے کوٹین اور پانی اُسکا اڑھائی چھٹانک تین سیر
حاصل کرین اور اوپر اُسکے آدھی چھٹانک تین پاو تل کا تیل ڈالکر جوش کرین کہ پانی جلجاوے
اور تیل باقی رہے لیکن بہتر یہ ہی کہ مغز دانہ کدو خشک لیوین اور مثل روغن بادام کے
تیل نکالین روغن ریحان فالج اور درد زانو کو نافع ہی ص ریحان کا پانی
دو جزو تل کا تیل ایک جزو جوش کرین جب پانی جلجاوے اور تیل رہ جاوے
اُتار لیوین روغن لالہ معدہ سرد کو گرم کرتا ہی ص برگ لالہ نبات سے جدا کرکے
ایک شیشہ مین رکھین اور روغن زیتون اُسپر ڈالکر نیچے سورج کے لٹکاوین
روغن کہ کان کے درد کو جو بسبب گرمی کے ہو دور کرتا ہی ص روغن گل
تین تولہ روغن بادام شیرین ساڑھے سترہ ماشہ سرکہ پرانا آٹھ تولہ نو ماشہ
باہم ملاوین اور جوش کرین کہ سرکہ جلجاوے اور تیل رہجاوے قدرے قدرے
کان مین ٹپکایا کرین روغن کندر کان کا درد کہ سردی سے ہو نافع ہی ص
کندر ساڑھے سترہ ماشہ ایلوا مرکی مصطکی جندبیدستر رسوت پتہ گاے کا ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ روغن بادام تلخ کا پانچ تولہ دس ماشہ پُرانی شراب گیارہ تولہ
آٹھ ماشہ دواؤن کو کوٹکر ساتھ شراب اور روغن کے جوش کرین کہ شراب جلجاوے
اور روغن باقی رہے صاف کرکے کان مین ٹپکاوین روغن مصطکی معدے کو
قوت دیتا ہی ص روغن زیتون چودہ تولہ سات ماشہ شیشہ مین کرکے تین تولہ
مصطکی اُسپر ڈالین اور ایک دیگ آدھے پانی سے بھرکر وہ شیشہ درمیان
اُس دیگ کے لٹکاوین اور آگ روشن کرین جب کہ پانی جوش کھاوے اور مصطکی
پگھل جاوے آگ سے جدا کرکے نگاہ رکھین روغن مورد بالون کو نگاہ رکھتا ہی اور
جسقدر کہ گر گئے ہون جما دیتا ہی ص پانی مورد کا تین جزو روغن زیتون ایک جزو جوش کرین

جب پانی جلجاوے اور روغن رہ جاوے قدرے لادن ملاوین کہ گھلجاوے اُتار کر نگاہ رکھین
روغن دیگر کہ محافظت بالون کی کرتا ہی ص پوست کابلی ہڑ کا ماذو برگ مورد ہر ایک
ایک جزو شراب ریحانی مین ایک رات دن بھگو کر جوش کرین اور صاف کرکے تل کا تیل
ایک جزو اُسمین ملاوین اور ہر ایک وزن ڈیڑھ پاؤ روغن مین تین تولہ قسط اور لادن
اضافہ کرین کہ خوب اُسمین گھلجاوے آگ سے جدا کرکے نگاہ رکھین جب چاہین رات کے
وقت اُس روغن سے بالون کو چکنا کرین اور صبح کو حمام مین دھووین روغن
کہ بالون کو سیاہ کرتا ہی اور گرنے سے نگاہ رکھتا ہی ص شادنج عدسی حماما رسوت
لادن آملہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر اڑھائی چھٹانک ایک سیر پانی مین
پکاوین کہ ڈیڑھ پاؤ رہ جاوے اسی قدر یعنی ڈیڑھ پاؤ تل کا تیل اُسمین ملاکر جوش کرین
جب پانی جلجاوے اور تیل باقی رہے آگ سے جدا کرکے نگاہ رکھین ہر روز سر کو ساتھ پانی
برگ چقندر اور پانی برگ کنجد سے دھووین اور یہ روغن لگاوین روغن بالون کو
سیاہ کرتا ہی چھ مہینے تک سیاہی اُسکی باقی رہتی ہی ص اخروٹ لیکر سر اُسکا
جدا کرین اور مغز اُسمین سے پانچ تولہ تین ماشہ لیکر ساتھ تین تولہ آملہ اور سات ماشہ
برادہ لوہے کا اور پونے دو ماشہ جوکھار کے پیسین اور درمیان اخروٹ کے
بھر کر اور سر اُسکا خمیر سے بند کرکے سب کو گل حکمت کرین اور آنکھ مین رکھین
جب ایک گھنٹہ گذر جاوے باہر لاوین جسقدر روغن کہ اُسمین سے حاصل ہو
بالون مین لگاوین روغن حنا بالون کو سیاہ کرتا ہی اور عرق النسا
اور وجع مفاصل کو نافع ہی ص برگ مہندی پچاس تولہ چھٹانک ڈیڑھ سیر پانی مین
جوش کرین اور صاف کرکے آدھی چھٹانک تین پاؤ روغن کنجد اُسمین ملاکر پکاوین
کہ پانی جلجاوے اور تیل باقی رہے روغن آملہ بالون کو سیاہ اور قوی کرتا ہی ص
آملہ چھیلا ہوا برگ مورد چھال جڑ صنوبر کی برابر وزن کوٹ کر پانی مین پکاوین کہ مہرا ہو جاوے

صاف کرین اور آدھا وزن اس سے تل کا تیل ڈال کر جوش دیوین جب پانی جلجاوے
اور تیل رہ جاوے اتار لیوین روغن بیضہ جودہ روز جس عضو پر ملین بال جما دیوے
صں ایک خربزہ لیکر سوراخ کرین اور تخم اسمین سے نکالکر تین عدد زردی انڈون کی
اندر اسکے بھرین اور پانچ سیر روغن زیتون مین برگ سورد کوٹ کر اور برادہ لوہے کا
لیکر ہر ایک تین تولہ تیار رکھین اول سوراخ خربوزے کا مضبوط کرین اور گل حکمت
کرکے ایک رات تنور مین رکھین دوسرے دن باہر لاوین اور مٹی اسمین سے جدا کرین
اور اس خربزہ کو ساتھ روغن مذکور زیتون کے ملین کہ نرم ہو جاوے پس نگاہ رکھین
وقت حاجت کے استعمال کرین روغن کہ جو ناک مین ملین بیداری پاوے
لاوے صں نوسادر نمک نفطی تخم سپندان تخم ترہ تیزک کالی مرچ سونٹھ کا رنج
برابر وزن کوٹ کر پانی مین جوش کرین یہانتک کہ پانی جلجاوے اور تیل رہ جاوے
روغن معدہ کو قوت دیتا ہی اور لیسنہ جذب کرتا ہی اور اگر آتش جو مین ملاکر نوش فرماوین
دستون کو بند کر دیتا ہی صں پانی بہی کا دو حصہ پانی مورد کا ایک حصہ روغن گل
ایک حصہ جوش کرین جب پانی جل کر تیل باقی رہے آگ سے جدا کرین روغن مازریون
استسقا کو نافع ہی صں برگ مازریون پچاس تولہ پانی خالص چھٹانک پونے دو سیر
پکاوین کہ آدھارہ جاوے ساڑھے آٹھ تولہ روغن بادام اسمین ڈالین اور جوش کرین
یہانتک کہ پانی جلکر روغن باقی رہے مقدار شربت ساڑھے تین ماشہ ساتھ شیر تشتر
اعرابی کے نافع ہی روغن بنفشہ و بادام سرد و تر ہی خارش کو ملنا نافع ہی اور
جوڑون کی سختی کو دور کرتا ہی اور ناخن پر ملنے سے حافظ اسکا ہی اور دفع بیخوابی کرتا ہی
صں مغز بادام شیرین کہ تلخ اسمین کوئی بادام نہو دو پارہ کرکے خشک کرین اور
ہر آدھ پاؤ کم دو سیر مین چھٹانک کم سیر بید مشک اسپر ڈالین اور خریطہ کرباس مین رکھکر
دس دن تک درمیان بید کے رہنے دیوین بعد اسکے بید مشک علیحدہ کرکے بنفشہ تازہ ملاوین اور

اور چند روز نیچے جامۂ خواب کے رکھین کہ خوشبو اسکی خوب بس جاوے بعد اسکے
معلق لٹکا دیوین کہ خشک ہو جاوے بنفشہ علاحدہ کرین اور اگر ہفتہ وار بنفشہ تازہ
ڈالتے رہین بہتر ہوگا پھر روغن اسکا موافق دستور کے کھینچین **روغن گل و بادام**
معتدل ہی حرارت و برودت مین دماغ کو نافع ہی فہم زیادہ کرتا ہی اور سہال امراض ہی کو
باز رکھتا ہی اور درد سر گرم کو فائدہ بخشتا ہی اور جو پانی سر کہ مین پکاوین بخارات خشک و تر کو
مفید ہی **صفت** اسکی مانند روغن بنفشہ اور بادام کے ہی یعنی بجاے بنفشہ گلاب کے
پھول لیوین مثلاً آدھ پاؤ یا کم دو سیر بادام شیرین مین آدھ پاؤ یا کم دو سیر گلاب کے پھول
داخل کرین روغن گل سرخ و سفید و شقائق و زنبق و یاسمین و نرگس و سداب و شبت
و بابونہ اور جو چیز کہ تازہ ہو دستور یہ ہی کہ شیشہ مین کرین اور سورج کے نیچے ایکدن
لٹکائے رکھین دوسرے روز روغن اسکے اوپر ڈالین اور پھر آفتاب مین رکھین
روغن آجر کہ اسکو دہن المبارک بھی کہتے ہین خواص بہت رکھتا ہی گرم زیادہ
اور لطیف زیادہ نفط سفید سے ہوتا ہی سرد بیماریون کو نہایت مفید ہی
اور واسطے کاٹے ہوے بچھو کے یا جس شخص نے افیون یا اجواین خراسانی کھائی ہو
بہت نافع ہی **ص** اینٹ کہ اتر پانی کا اسکو نہ پہونچا ہو آگ مین ڈالین کہ سرخ ہو جاوے
روئی سے پکڑ کر روغن زیتون مین ڈالدیوین بعد اسکے باہر نکال کر ٹکڑے ٹکڑے کرین
اور شیشہ مین کہ گل حکمت کر رکھا ہو بھرین اور منھ پر اس شیشے کے گھوڑے کے بال
لگا دیوین اور ایسے برتن مین رکھین کہ نیچے اسکے سوراخ ہو آگ دیکر نیچے اس شیشے کے
کوئی برتن رکھین جسقدر تیل اسمین ٹپکے نگاہ رکھین **روغن سورنجان** جوڑون کے
درد کو نافع ہی **ص** سورنجان مصری یا پانی اجمود تازہ کا ہر ایک تین تولہ نو ماشہ تیجا چریتہ
ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ سورنجان اور میٹھے چراتیہ کو کوٹ کر بھگو دین کہ مہرا ہو جاوے و صاف کر کے
پانی اجمود کا اور ضافہ کرین اور پچاس تولہ روغن زیتون مین جوش کرین جب پانی جلجاوے

ف اجزا فارسی مین ... اور ہندی مین ... بنفشہ کو کہتے ہین
ف نفط ... روغن ... بعض ...
اور دو قسم کی ہوتی ہی سفید اور سیاہ سفید بہتر اور لطیف زیادہ ہی ۱۲

روغن باقی رہے آگ سے جدا کرکے نگاہ رکھیں **روغن کراث** بواسیر کو نافع ہی پانی گندنا
چھٹانک کم سیر تل کا تیل آدھی چھٹانک کم آدھ سیر ساتھ تین تولہ گوگل کے پکاوین جب
پانی جلکر تیل رہ جاوے اُتار لیوین **روغن تاتورہ** واسطے روکنے منی کے یہ نسخہ
بے نظیر ہی یعنی جو شخص جلد منزل ہوتا ہووے اگر پانوٗن کے تلووں کو اس تیل سے چکنا کریگا
امساک نہایت ہوگا **ص** دھتورہ ہندی چھیل کر پوست سے بخوبی صاف کرکے
درمیان شیشہ گردن دراز کے رکھین اور منھ پر شیشے کے بال گھوڑے کے لگا دیوین اور
شیشے کو گل حکمت کرین اور ایک بڑے برتن کے تلے مین سوراخ کرکے سر شیشے کا اُس
سوراخ مین کرین اور نیچے سر شیشے کے پیالہ رکھین اور برتن مذکور کو اوپر سہ پایہ کے
رکھکر آگ شیشے کے اوپر جلاوین اندر پیالے کے جسقدر تیل ٹپکے نگاہ رکھین **روغن تقطیر**
پتھری مثانے کی ٹکڑے ٹکڑے کرکے باہر نکالدیتا ہی **ص** ریوند چینی موتھا خطمیا پوست
بیخ کبر ہر ایک دو تولہ دس ماشہ روغن بادام تلخ آدھی چھٹانک کم آدھ سیر سب دواؤن کو کوٹ کر
شیشے مین رکھین اور روغن اوپر سے ڈالکر سات دن سورج کے نیچے رکھین بعد اُسکے صاف
کرکے دس بچھو زندہ اُسمین ڈالین اور منھ شیشے کا بند کرکے سات دن اور نیچے سورج کے
رکھین پھر صاف کرین بر وقت حاجت کے دو قطرے اس روغن سے احلیل[ف] مین ٹپکاوین
روغن زعفران اعضاے رحم اور تشنج بلغمی کو فائدہ دیتا ہی اور سب بیماریون
سرد بلغمی کو نافع ہی حرارت غریزی کو بھڑکاتا ہی **ص** زعفران پونے دو تولہ مرکی
میٹھا چرایتہ ساڑھے سترہ ماشہ قردمانا پونے دو تولہ مرکی کو سرکہ مین بھگوین اور میٹھا چرایتہ
اور زعفران کو جدا چھ روز تک سرکہ مین تر رکھین پانچوین روز قردمانا سرکہ مین بھگو دیوین
اور آٹھوین روز ساتھ پانچ سیر تل کے تیل کے آگ پر رکھکر جوش دیوین جب سرکہ جلجاوے
روغن باقی رہے کو اُتار لیوین **روغن ناردین**[ف] قانون سے منقول ہی تولنج اور دانتون کو
جو بسبب ریح کے ہو نافع ہی احشا کو مفید ہی اور سب دردون کو جو بسبب سردی کے عارض ہوں

ف احلیل سوراخ عضو یعنی بول کو کہتے ہیں ۱۲

ف ناردین ایک جڑی ہی ... [illegible]

فائدہ بخشتا ہی اور ریاح غلیظ کو دفع کرتا ہی اور کان کے درد کو دور کرتا ہی اور
جو ناک مین ٹپکاوین درد سر اور آدھا سیسی کو جو بسبب سردی کے ہو مفید ہی اور رنگ
صاف اور نیک کرتا ہی اور رحم کو گرم کرتا ہی اور جو احلیل مین ٹپکاوین مثانہ کی
بیماریون کو فائدہ بخشتا ہی اور یہ روغن سب روغنون سے افضل اور اشرف ہی
صہ میٹھا چراتہ موتھا برگ غار عو و بلسان لاکھ تیج پات برگ مورد اذخر ا بہل
راسن قرومانا مرزنجوش برابر وزن کوٹ کر شراب اور پانی مین بھگووین ایک رات دن
دوسرے روز صاف کرین اور ساتھ تل کے تیل کے پکاوین کہ پانی جلکر روغن
رہ جاوے اُتار لیوین روغن ناردین دیگر ورم سخت معدے کو مفید ہی
صہ روغن بان آدھی چھٹانک کم آدھ سیر بالچھڑ ایک تولہ پانچ ماشہ مصطگی موتھا کٹ
اذخر کلی میٹھا چراتہ ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر شیشے مین کرین اور سر اسکا مضبوط باندھین
اور سات روز تک سورج کے نیچے رکھین بعد اسکے صاف کرین پھر دوبارہ سب
دواؤن کو اُسمین ڈالین ایسے ہی تین مرتبہ بعد اسکے صاف کرکے استعمال فرماوین
رماد العقارب راکھ بچھو کی گردہ اور مثانہ کی پتھری کو نکالتی ہی صہ بچھو کو زندہ
پکڑ کے شیشہ مین رکھین اور اوپر سے گل حکمت کرین اور چھ گھنٹہ تک تنور مین رکھین پھر باہر لا کر
کوٹ کر چھان کر چار رتی ڈیڑھ چاول استعمال فرماوین

باب الزاء المعجمہ

زرعونی پشت اور گردے کو مضبوط کرتی ہی اور معدے کو قوت دیتی ہی اور بلغم کو
دفع کرتی ہی اور دہن کو خوشبو دیتی ہی اور پانی منھ کے جانے سے باز رکھتی ہی اور ریاح توڑتی ہی
اور ریگ مثانہ کو مفید ہی اور منی زیادہ کرتی ہی صہ اجمود گاجر کے بیج شلغم کے بیج سویا اجوین انیسون
خربوزے کے بیج ککڑی کے بیج کھیرے کے بیج اجمود کی جڑ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ عاقرقرحا زعفران
اگر خام ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ جاوتری لونگ کباب چینی جڑ بیل کی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ

عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ شہد خالص تین وزن دواؤن کے عنبر کو شہد جھاگ لیے ہوئے مین ڈالین
بعد اُسکے اور سب دوائیان کوٹ کر چھان کر گوندھین اور بعد دو مہینے کے استعمال کرین مقدار شربت
نو ماشہ **زرعونی دیگر** منی بڑھاتی ہی اور شہوت جماع کو قوت دیتی ہی اور رطوبت اور گردے کو
مضبوط کرتی ہی اور امر مجامعت مین نہایت نافع ہی **ص** اجمود کے بیج گاجر کے بیج شلغم کے بیج
سووہ کے بیج اجواین سونف خربوزے کے بیج کھیرے کے بیج اجمود کی جڑ کالی مرچ کے دانے
حب الزلم مغز ناریل تازہ مغز چلغوزہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ جاوتری لونگ کباب چینی
عاقرقرحا سونف تخم اسپست ترہ تیزک کے بیج پیاز کے بیج حب الرشاد انجرہ گندنا
کلیجن جائفل گل تج بیپل اور پیپل کی جڑ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ تج زعفران کندر
مصطگی اگر ہر ایک چودہ ماشہ تخم ہلیون بوزیدان بہمن سرخ بہمن سفید تودری سفید
تودری زرد شقاقل مصری اندرجو ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ بصل الفار بریان ساڑھے
تین ماشہ خصیۃ الثعلب قضیب گاؤ چیکر چڑون کے کلون کا مغز مربی گوکھرو کا چھوارہ گودہ
ہر ایک تین تولہ نو ماشہ عنبر اشہب نو ماشہ مشک ترکی سوا دو ماشہ قند سفید برابر وزن
سب دواؤن کے موافق دستور کے معجون کرین گرم مزاج والے کو نو ماشہ دیوین
اور اوپر اُسکے دودھ تازہ تین تولہ شکر سفید ملاکر پلادین اور سرد مزاج والے کو
ساڑھے سترہ ماشہ کھلاوین بعد اُسکے شہد کا پانی پلاوین امر مجامعت مین بہتر اس معجون سے
کوئی نہین اکثر خاصیت اس نسخہ کی مشاہدہ ہوئی ہی

باب السین المہملہ

سفرجلی مسہل معدہ کو قوت دیتی ہی اور بھوک کھانے کی بڑھاتی ہی اور قولنج کھولتی ہی
ص بہی اصفہانی کو پوست اور دانہ سے پاک کرین آدمی چھٹانک کم آدھ سیر اور سرکہ
یا شراب مین جوش دیوین کہ خوب مہرا ہو جاوے چھنے مین چھان کر چھٹانک کم سیر شہد خالص
اُسکے اوپر گراوین اور جوش کرین کہ قوام ہو جاوے ان دواؤن کو کوٹ کر اُسمین گوندھین

سونٹھ پیپل بڑی الائچی چھوٹی الائچی دارچینی زعفران ہرایک ساڑھے دس ماشہ مصطکی ساڑھے سترہ ماشہ نسوت سفید آٹھ تولہ نو ماشہ سقمونیا تین تولہ مقدار شربت ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ سے دو تولہ ساڑھے سات ماشہ تک ہے اور ساتھ پانی گرم کے واسطے قولنج کے نافع ہوگی **سفرجلی تابستانی** گرم مزاج والون کو موافق ہے اور گرمی کے موسم مین بھی دے سکتے ہین ہی واسطے محمد زکریا طبیب نے اسکا نام سفرجلی تابستانی رکھا ہے ص سقمونیا پونے نو ماشہ نسوت سفید تین تولہ مغز تخم خیار مغز تخم کدو ہرایک ساڑھے سترہ ماشہ گلاب کے پھول بنسلوچن ہرایک پونے نو ماشہ ترنجبین افشردہ بہی ہرایک چھ تولہ سات ماشہ جوش کرین یہانتک کہ ترنجبین کا قوام ہوجاوے بعد اسکے اور سب دوائیان کوٹ کر چھان کر اسمین گوندھین یہ تمام نسخہ دس خوراک ہے **سفرجلی ممسک** دستون کو بند کرتی ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور قے کو دفع کرتی ہے اور رنگ نکھارتی ہے اور بھوک کھانے کی پیدا کرتی ہے ص بہی اصفہانی پوست اور دانہ سے پاک کی ہوئی آدھی چھٹانک کم آدھ سیر سرکہ مین پکاوین کہ بھرتا ہوجاوے بعد اسکے کوٹین اور آدھی چھٹانک کم آدھ سیر شہد خالص اسمین ملا کر جوش کرین کہ قوام ہوجائے ان دواؤن کو کوٹ کر چھان کر گوندھین پیپل سونٹھ کالی مرچ ہرایک چودہ ماشہ اجمود کے بیج اجواین زعفران ہرایک سات ماشہ خوراک نو ماشہ **سنجرینا** ریاح غلیظ کو دفع کرتی ہے اور دانتون کے درد کو ساکن کرتی ہے اور قولنج اور تنگی بول بلغمی کو مفید ہے سدہ جگر کھولتی ہے اور سختی جگر کو تحلیل کرتی ہے اور معدہ کو گرم کرتی ہے اور بدہضمی کو نافع ہے اور سرد مزاج والون کو موافق ہے ص جند بیدستر دارچینی افیون اسارون یعنی تگر جیٹھی مدھ دوقو ہرایک ایک تولہ کالی مرچ گندہ بیروزہ کٹ ہرایک چھ درم زعفران پونے دو ماشہ اول گندہ بیروزہ کو شہد مین پگھلاوین اور دوائیان کوٹ کر چھان کر اسمین گوندھین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین خوراک سوا دو ماشہ سے سات ماشہ تک

پانی گرم کے ساتھ **سکنجبین سادہ** صفرا کو دفع کرتی ہی گرم مزاج والون کو موافق ہی
اور تیز تپ اور جگر گرم کو مفید ہی تشنگی دور کرتی ہی سدہ کھولتی ہی پیشاب جاری کرتی ہی
ص قند سفید چھٹانک کم سیر دیگ مین رکھکر اڑھائی پاؤ سرکہ صاف اسکے اوپر ڈالین
اور جوش کرین کہ قوام ہو جاوے بعد اسکے پونے تین تولہ گلاب ملا کر تیار کرین
سکنجبین بزوری سرد سدہ جگر کھولتی ہی پیشاب جاری کرتی ہی استسقا اور
تیز تپ کو نافع ہی اور پیاس بجھاتی ہی ص پوست کاسنی کی جڑ کا تین تولہ تخم خربزہ کے
کھیرے کے بیج ککڑی کے بیج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ نیکوب کرکے پانی اور اڑھائی پاؤ
سرکہ مین ایک رات دن بھگو دین دوسرے دن جوش دیکر صاف کرین اور چھٹانک کم سیر
قند سفید کا قوام دیکر اسکے اوپر ڈالین اور دوبارہ قوام کرین **سکنجبین بزوری گرم** سدہ جگر
اور سدہ معدہ کھولتی ہی پیشاب بہاتی ہی اور فضول معدہ سے نکالتی ہی اور صاحب
استسقا کو بہت مفید ہی ص تخم کاسنی تخم اجمود تخم کشوث سونف دیسی سونف رومی
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ پوست سونف کی جڑ کا پوست اجمود کی جڑ کا بیخ کبر ہر ایک تین تولہ
پانی اور سرکہ مین بھگو دیوین جسقدر کہ مذکور ہوا ہی بعد اسکے چھٹانک کم سیر قند سفید اضافہ کرکے
قوام کرین **سکنجبین ریوندی** یرقان اور درد جگر کو کہ گرمی سے ہو مفید ہی ص تخم کاسنی نکوفتہ
پانچ تولہ دس ماشہ تخم خرفہ مقشر تخم کشوث ہر ایک تین تولہ ریوند چینی ساڑھے سترہ ماشہ اول
ریوند چینی کو کوٹ کر ایک پوٹلی مین باندھین اور ساتھ اور دواؤن کے آدھ پاؤ کم دو سیر
پانی مین جوش کرین اور تھوڑا تھوڑا اس پوٹلی کو ہاتھ سے ملتے رہین یہانتک کہ شیرہ دوا کا کل
اسمین سے نکل آوے بعد اسکے صاف کرکے قند سفید چھٹانک کم سیر اور سرکہ پندرہ تولہ مین
جوش دیوین کہ قوام ہو جاوے خوراک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ ساتھ عرق گلاب ساڑھے
سترہ ماشہ کے **سکنجبین ریوندی نوع دیگر** درد جگر کو مفید ہی سدہ کھولتی ہی اور قبض
دور کرتی ہی ص ریوند چینی آٹھ تولہ نو ماشہ نسوت سفید بسفایج تخم کاسنی نیکوفتہ ہر ایک

پانچ تولہ دس ماشہ غاریقون مغز بلی ساڑھے سترہ ماشہ سب دواؤن کو آدھ پاؤ دم دے
پانی مین بھگاوین بعد اسکے سونٹھ گیارہ ماشہ چار رتی تین چاول کوٹ کر اضافہ کرین اور
صاف کرکے اڑھائی پاؤ سرکہ خالص اور چھٹانک کم سیر قند سفید مین جوش دیوین
سکنجبین بزوری معتدل سدہ جگر اور طحال کھولتی ہی پیشاب جاری کرتی ہی
اور مرکب تپون کو نافع ہی ص تخم کاسنی سونف دیسی تخم اجمود ہر ایک دس ماشہ
خربزہ کے بیج خیارین کے بیج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ پوست کاسنی کی جڑ کا پوست
سونف کی جڑ کا ہر ایک پانچ پانچ تولہ سب دواؤن کو نیمکوب کرکے چھٹانک کم ڈیڑھ سیر
پانی خالص اور دو تولہ چار ماشہ سرکہ مین ایک رات بھگو دیوین بعد اسکے جوش کرکے
چھٹانک کم سیر قند سفید مین قوام کرین سکنجبین رمانی تپ محرقہ اور جگر اور معدہ گرم کو
مفید ہی پیاس بجھاتی ہی ص پانی انار شیرین کا پانی انار ترش کا ہر ایک آدھی چھٹانک کم
آدھ سیر جوش کرین بعد اسکے قدرے زرشک اور سرکہ خالص اڑھائی پاؤ قند سفید
چھٹانک کم آدھ سیر اضافہ کرکے جوش دیوین کہ قوام ہوجاوے اور اگر عوض سرکہ کے
املی داخل کرین مناسب ہی سکنجبین سفرجلی معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہی اور سدہ جگر کو
کھولتی ہی کھانا ہضم کرتی ہی نقاہت کو نافع ہی ص پانی بہی کا صاف کیا ہوا چھٹانک کم سیر
سرکہ خالص اڑھائی پاؤ قند سفید چھٹانک کم سیر جوش کرکے قوام کرین اور اگر بجاے سرکہ کے
پانی لیموں کا ملاوین بہتر ہوگا سکنجبین لیموں یہی خاصیت رکھتی ہی ص پانی بہی کا اٹھارہ تولہ
نو ماشہ سرکہ گلاب پانی لیموں کا ہر ایک گیارہ تولہ تین ماشہ قند سفید چھٹانک کم سیر
جوش کرین اور قوام دیکر نگاہ رکھین سکنجبین دیگر سختی طحال کو نافع ہی ص ریوند چینی
غاریقون مجیٹھ پوست کبر کی جڑ کا پوست درخت بید کی جڑ کا مائین اکاس بیل بیخ کاسنی ہر ایک
دو تولہ گیارہ ماشہ اڑھائی پاؤ سرکہ اور پانی مین بھگو کر جوش کرین اور ہمراہ چھٹانک کم سیر قند سفید
قوام کرین سکنجبین دیگر کہ حرارت خمار اور صفرا کو مفید ہی صفراوی دستون کو باز رکھتی ہی اور

جس کسی کی آنکھ مین آبلہ پیدا ہوا ہو اسکو بھی یہ سکنجبین نہایت نافع ہی صفت سرکہ انار اور گلاب
ہر ایک اڑھائی پاؤ برگ گل سرخ چودہ تولہ سات ماشہ گلنار پانچ تولہ دس ماشہ کوٹ کر
سرکہ اور گلاب مین تین رات دن بھگووین بعد اسکے جوش کرکے صاف کرین اور چھٹانک کم سیر
قند سفید مین قوام دیکر نگاہ رکھین سکنجبین افتیمونی مالیخولیا اور مرگی کو نافع ہی اور وحشت
طبیعت کی دور کرتی ہی صفت افتیمون دو تولہ گیارہ ماشہ بسفائج نسوت سفید ہر ایک
پونے دو تولہ گاؤزبان ہنسراج بیخ سوسن آسمانجونی تخم کاسنی تخم کشوث پوست کاسنی کی جڑ کا
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ ورق گل سرخ ککروندہ ہر ایک چودہ ماشہ بادروج فرنجمشک
بادرنجبویہ زرنباد درونج عقربی بہمن سرخ بہمن سفید تیج پات چھوٹی الائچی بالچھڑ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
گلقند آفتابی برابر وزن سب دواؤن کے اول چاہیے کہ ان سب دواؤن کو سرکہ اور پانی خالص مین
ایک رات دن بھگووین بعد اسکے جوش کرکے ساتھ قند سفید چھٹانک کم سیر کے
قوام کرین سکنجبین افتیمونی نسخہ دیگر اسطوخودوس سونف دیسی تخم شاہترہ
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ افتیمون بسفائج سناے پوست کابلی ہڑ کا ہر ایک دو تولہ
گیارہ ماشہ مکوب کرکے چودہ تولہ سات ماشہ سرکہ مین بھگو دین اور آدھی چھٹانک کم
آدھ سیر قند سفید مین قوام کرکے نگاہ رکھین سکنجبین فوہ یعنی مجیٹھ استسقا
اور سختی طحال اور ورم سخت جگر کو نافع ہی اور سدہ کھولتی ہی صفت سونف دیسی
سونف رومی سونف کی جڑ کاسنی کی جڑ بیخ کبر زوفاے خشک مجیٹھ غافث
افسنتین رومی ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ اجمود تخم کشوث پوست اجمود کی جڑ
عقدہ بالچھڑ تگر ہر ایک دو تولہ سرکہ خالص ڈیڑھ پاؤ مین بھگو دین اور ہمراہ چھٹانک کم سیر
قند سفید کے قوام کرین سکنجبین عنصلی تنگی سانس اور مرض ربو اور کھانسی
بلغمی کو مفید ہی صفت سرکہ پیاز جنگلی اڑھائی پاؤ شہد صاف کیا ہوا چھٹانک کم سیر
باہم جوش کرکے قوام کرین سکنجبین دیگر استسقا اور درد پہلو کہ سردی سے ہو اور

کھانسی بلغمی اور تنگی سانس کو نافع ہی اور سدہ جگر اور طحال کو کھولتی ہی اور بچہ مردہ کو
باہر لاتی ہی ص سرکہ پیاز جنگلی کا چھٹانک کم سیر سونٹھ سونف دیسی سونف رومی ہینگ
عاقرقرحا پودینہ جنگلی ہر ایک تین تولہ اجمود زیرہ کرمانی قردمانا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
دواؤن کو مکوب کرکے سرکہ مذکور اور شہد خالص اڑھائی پاؤ مین بھگودین اور سات
روز تک سورج کے نیچے رکھین بعد اُسکے صاف کرکے نگاہ رکھین پہلے کھانا کھانے کے
پونے نو تولہ استعمال کرین سرکہ عنصلی عنصل پیاز جنگلی کو کہتے ہین اسکے سرکہ سے اگر کلی کرین
دانتون کی جڑون کو سخت اور مضبوط کرتا ہی اور واسطے عرق النسا اور تنگی سانس اور ربو کے
مفید ہی اور دہن مین خوشبو کرتا ہی ص حاصل کرین پیاز جنگلی اور کارد چوبین سے چھیل کر
ایک ڈورے مین پرودین اور چالیس روز سایہ مین سکھاوین بعد اُسکے ایک برتن مین
رکھین مثلاً اگر چھٹانک کم سیر پیاز مذکور ہووے تو ساڑھے آٹھ سیر سرکہ اسکے اوپر
ڈالین اور دو مہینے تک سورج کے نیچے رکھین سفوف طباشیر دل کی گرمی کو مفید ہی
ص گلاب کے پھول طباشیر ہر ایک ساڑھے دس ماشہ دھنیا سات ماشہ پست جو
موتی بلاسوراخ کہربا ہر ایک پونے دو ماشہ کافور چار رتی ڈیرھ چاول مقدار شربت سات ماشہ
سکنجبین سفرجلی کے ساتھ کھاوین سفوف درونج خفقان سرد کو نافع ہی ص
درونج عقربی گاوزبان ہر ایک پونے دو تولہ زرنجور سات ماشہ کوٹ کر چھان کر
سفوف کرین خوراک ساڑھے چار ماشہ ساتھ پرانی شراب یا پانی شہد کے سفوف عود
معدہ سرد اور تر کو فائدہ رکھتا ہی ص لونگ کباب چینی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ بالچھڑ مصطگی ہر ایک
ساڑھے دس ماشہ عود خام پانچ تولہ دس ماشہ شکر طبرزد برابر وزن سب دواؤن کے خوراک ساڑھے
چار ماشہ ہمراہ تین تولہ گلقند کے سفوف قاقلہ بھوک عورتون حاملہ کی جو رغبت طرف مٹی
وغیرہ کے ہوتی ہی دور کرتا ہی ص بڑی الائچی چھوٹی الائچی کباب چینی برابر وزن شکر سفید
مساوی سب کے خوراک سات ماشہ ساتھ پانی گرم کے سفوف خمار تخم کاسنی کرنب زرشک سماق

معدے میں مقشر گلاب کے پھول بنسلوچن برابر وزن کوٹ کر چھان کر سفوف کریں ساڑھے
دس ماشہ ہمراہ کافور برابر دو جو کے انار کے پانی میں گھول کر نوش فرماویں **سفوف کرنب**
جلد منزل ہونے کو مانع ہے ص تخم کرنب مغز بادام شیرین مغز بادام تلخ پودینہ ہر ایک ساڑھے
دس ماشہ اجوائن تتلی زیرہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر پانی انار میں گھول کر کھاویں
خوراک ساڑھے دس ماشہ **سفوف انیسون** ریاح معدے کو دفع کرتا ہے اور معدے کو
خلطوں غلیظ سے پاک کرتا ہے ص اجوائن اجمود ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کندر چودہ ماشہ
شگوفہ اذخر کٹ مصطگی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ سپندان سفید آٹھ تولہ نو ماشہ کوٹ کر چھان کر
قند میں گوندھیں خوراک ساڑھے سترہ ماشہ **سفوف جوز** بلغمی دستوں کو باز رکھتا ہے ص
اخروٹ بریان ساڑھے دس ماشہ اجوائن ساڑھے تین ماشہ کندر پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر
ساتھ پانی نیم گرم کے تناول کریں **سفوف مقلیاثا** بواسیر اور آنتوں کے درد کو مفید ہے
اور پرانے دستوں اور پیچش اور ضعف معدے کو نافع ہے ص تخم ترہ تیزک پانچ تولہ دس ماشہ
زیرہ کرمانی سرکہ میں بھگو کر اور خشک کرکے اور بھون کر ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ
السی تخم گندنا کالی ہڑ روغن زیتون میں بریان کرکے ہر ایک نو ماشہ مصطگی ساڑھے چار ماشہ
سوائے تخم ترہ تیزک کے سب دواؤں کو کوٹ کر سفوف کریں خوراک سات ماشہ
ساتھ پانی سرد کے **سفوف** سلس بول کو نافع ہے ص بلوط چودہ تولہ سات ماشہ
کندر آٹھ تولہ نو ماشہ دھنیا بھونا ہوا گیرو گوند ببول کا ہر ایک سات ماشہ گلنار فارسی
ہڑی مائین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ خوراک ساڑھے دس ماشہ **سفوف** کرہی
خاصیت رکھتا ہے ص موتھا کلیجن زیرہ شاہ بلوط تخم مورد برابر وزن کوٹ کر
چھان کر تیار کریں **سفوف نمک** معدہ اور جگر اور درد مفاصل کو نافع ہے اور اُن
بیماریوں کو جو امتلا کی وجہ سے عارض ہوں مفید ہے ص کھانے کا نمک پونے نو تولہ
مرچ سفید پانچ تولہ دس ماشہ سونٹھ تین تولہ اڑھائی ماشہ سونف رومی دو تولہ ترہ تیزک اجوائن

نوشادر کابلی مرچ پودینہ ہر ایک تین تولہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے
دس ماشہ سات پانی گرم کے **سفوف ہلیلہ** ورم جگر کو مفید ہے **ص** کابلی ہڑ پوست
کابلی ہڑ کا ہر ایک گیارہ تولہ آٹھ ماشہ اجمود سونف دیسی سونف رومی ہر ایک ساڑھے
سترہ ماشہ کوٹ کر چھان کر نگاہ رکھیں خوراک ساڑھے دس ماشہ اونٹنی کے دودھ کے ساتھ
سفوف دیگر ورم جگر کو فائدہ دیتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے **ص** تخم خربزہ
تخم خیارین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کاسنی کے بیج کشوث کے بیج ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اجمود
سونف دیسی سونف رومی ست ملٹھی کا ہر ایک سات ماشہ افشردہ زرشک چودہ ماشہ
ریوند چینی ساڑھے چار ماشہ لاکھ دھوئی ہوئی دو ماشہ چھ چاول زعفران بالچھڑ مصطگی
افسنتین رومی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کافور آٹھ رتی تین چاول کوٹ کر چھان کر
سفوف کریں خوراک ساڑھے دس ماشہ **سفوف فربہی** نخود سفید چودہ تولہ سات ماشہ
سرکہ اور قدرے پانی میں ایک رات دن بھگو رکھیں بعد اُسکے خشک کر کے چاول دھو کر سکھا دیں
اور نان میدہ سکھا دیں ہر ایک آٹھ تولہ نو ماشہ مغز بادام چھیلے ہوئے ساڑھے سترہ تولہ
کشک جو کشک گندم خشخاش سفید ہر ایک پونے نو تولہ شکر طبرزد آدھی چھٹانک کم آدھ سیر
سبکو کوٹ کر سفوف کریں صبح کے وقت پونے نو تولہ دودھ تازہ کے ساتھ پھانکا کریں
سفوف یہودی واسطے پیچش کے مجرب ہے **ص** تخم ترہ تیزک بھونا ہوا اسپغول بھونا ہوا انیسون
بھونا ہوا ہر ایک دو تولہ زیرہ کرمانی تخم گندنا تخم سویا تخم خشخاش تخم اجمود سونف رومی اجوائن خراسانی
ہر ایک پونے نو ماشہ افیون گیارہ ماشہ ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر سفوف کریں **سفوف**
خون تھوکنے کو مفید ہے **ص** نسلوحین گلاب کے پھول گیرو گل مختوم شادنج عدسی تخم خرفہ
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کہربا مونگے کی جڑ موتی بلا سوراخ خشخاش سفید ست طین کا اقاقیا
افشردہ رُب برگد ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اسپغول دو تولہ چار ماشہ افیون سات ماشہ سوائے اسپغول کے
سب دواؤں کو کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک سات ماشہ منہ کے پانی کے ساتھ یا پانی

برگ خرفہ کے اور اگر حرارت قوی نہو تو ساڑھے دس ماشہ گندنا اضافہ فرماوین **سفوف حب الرمان** ضعف معدہ اور امعا اور اسہال صفراوی کو نافع ہی ص انار دانہ بھونا ہوا دو تولہ گیارہ ماشہ بلوط سماق زیرہ کرمانی مدبر تخم مورد تخم سنجد دھنیا بھونا ہوا خرنوب آرد کنار ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اگر خام ہوئے دو ماشہ آملہ پونے سات ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی ہی کے استعمال کرین خوراک ساڑھے دس ماشہ **سفوف طین** اسکو سفوف نشا بھی کہتے ہین اسہال مراری اور خون کے دستون کو فائدہ بخشتا ہی ص اسپغول تخم کنیچہ تخم ریحان نشاستہ چوکے بیج بھونے ہوے گوند ببول کا گیرو طباشیر برابر وزن بدون سہ تخم اول کے اور دواؤن کو کوٹ کر باہم ملاوین خوراک ساڑھے دس ماشہ روغن گل یا روغن بادام مین چکنا کرکے اور گلاب مین تر کرکے نگل جاوین **سفوف طباشیر** صفراوی اور خون کے دستون کو نافع ہی ص جاد تری گوند ببول کا بھونا ہوا طباشیر کہربا ست ملٹھی کا ہر ایک چھ ماشہ اسپغول بھونا ہوا انار آرد سنجد زیرہ بھونا ہوا تخم کرم ہر ایک ایک تولہ سوائے اسپغول اور بارتنگ کے سب دواؤن کو کوٹ کر چھان کر ہر روز تین ماشہ یا چار ماشہ حسب قدر حال کھاتے ہین **سفوف ابن ماسویہ** صفراوی دستون کو بہت مفید ہی اور آنتون کے درد کو نہایت نافع ہی ص نشاستہ بریان گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ تخم خطمی تخم خبازی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ گیرو سات ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف طیار کرین سفوف بگر مغنی منی سے منقول ہی ص تخم خطمی تخم خیارین مقشر ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ نشاستہ بھونا ہوا ساڑھے دس ماشہ گوند ببول کا گیرو ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کرین خوراک ساڑھے دس ماشہ صبح کو اور ساڑھے دس ماشہ شام کو ساتھ اُس پانی کے جسمین طباشیر گیرو گوند ببول کا بھگویا ہو وے کھایا کرین واسطے پیچش اور آنتون کے درد کے نافع ہوگا اور آنتون کے خراش کو بھی مفید ہوگا **سفوف زرشک** دستون کو بند کرتا ہی ضعف معدہ کو بہت نفع دیتا ہی ص سماق اجوائن سونٹھ انار دانہ بھونا ہوا زرشک آرد کنار ہر ایک سات ماشہ مصری پانچ تولہ دس ماشہ کوٹ کر چھان کر گاہ گاہ پھانکین

ساڑھے چار ماشہ خوراک ہی **سفوف سماق** پیاس کو بجھاتا ہی اور معدہ کے دستون کو
نافع ہی ص سماق دو تولہ گیارہ ماشہ تخم مورد انار دانہ بھونا ہوا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
خرنوب چار تولہ ساڑھے چار ماشہ گوند ببول کا گلنار فارسی ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر
سفوف تیار کرین خوراک چار ماشہ **سفوف سورنجان** درد نقرس اور عرق النسا اور مفاصل کو
نافع ہی ص سورنجان شیرین دو تولہ گیارہ ماشہ سنا مکی پانچ تولہ پوست زرد ہڑ کا مغز بادام چھیلے
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ زعفران پونے دو ماشہ سقمونیا ساڑھے تین ماشہ قند سفید پونے نو تولہ
اور اگر مادہ بلغمی ہو تو نسوت سفید پانچ تولہ ساڑھے دس ماشہ اضافہ کرین اور سقمونیا ساڑھے
تین ماشہ زیادہ کرین **سفوف سرطان** مسلول کو نہایت نافع ہی ص سرطان
ہندی سوختہ سات ماشہ طین قبرسی گوند ببول کا خشخاش سفید خشخاش سیاہ مغز تخم خرپزہ ہر ایک
ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر چھان کر تیار کرین خوراک ساڑھے چار ماشہ ساتھ شربت انار کے
یا شربت خشخاش کے **سفوف** کہ بچون کے گردہ اور مثانہ کی پتھری کو باہر نکالتا ہی ص
گوند ببول کا کلتھی برابر وزن کوٹ کر چھان کر تیار کرین خوراک پونے دو ماشہ ساڑھے تین ماشہ
سفوف کہ خفقان گرم کو مفید ہی ص گیرو دھنیا ہر ایک ایک تولہ نشاستہ کہربا ہر ایک
پونے دو ماشہ کافور دو رتی ایک چاول کوٹ کر چھان کر ساتھ چھاچھ گائے کے تناول کرین
سفوف ارسطاطالیس کہ واسطے سکندر کے تیار ہوا تھا معدہ کے دستون کو مفید ہی اور تباہی معدہ
اور زردی رنگ اور وسواس اور نسیان کو نافع ہی کھانے کو ہضم کرتا ہی دہن کو خوشبو دیتا ہی اور
مقوی قلب ہی ص تج تیج پات اگر خام چھوٹی الائچی تگر مصطگی کابلی ہڑ کشمش ناگیسر زیرہ
دارچینی چھڑیلا کالی مرچ پیپل سونٹھ لونگ انار دانہ جائفل کافور الائچی ہر ایک سات ماشہ
مشک عنبر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مصری چھ وزن سب دواؤن کی خوراک ساڑھے تین ماشہ سے
ساڑھے دس ماشہ تک **سفوف عبادہ** معدہ سرد اور تر کو نافع ہی جگر کو قوت بخشتا ہی ص
لاکھ دھوئی ہوئی تخم مورد بلوط اگر خام مصطگی ماز و عود بلسان پوست انار ہر ایک چھ ماشہ کندر

سونٹھ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مصری چودہ تولہ سات ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف تیار کرین
خوراک ساڑھے تیرہ ماشہ استعمال کرین اور غذا گوشت کھاوین سفوف دیگر اجمود کے بیج فطراسالیون
سوتھا ہر ایک سوا پانچ ماشہ دوقو پوست بیرون پستہ سونف رومی پودینہ تگر کٹ زردگرانی
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کچھ پونے دو ماشہ خوراک سات ماشہ **سفوف کبدی** گلاب کے پھول
زرشک لاکھ دھوئی ہوئی ہر ایک سوا پانچ ماشہ تجبیٹھ بنسلوچن صندل سفید نشاستہ گوند ببول کا ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ ریوند چینی سوا دو ماشہ چوکے بیج ساڑھے چار ماشہ زعفران آٹھ رتی
تین چاول کوٹ کر چھان کر سفوف کرین **سفوف دیگر** کہ درد جگر اور تہبیج کو دور کرتا ہی ص
گلاب کے پھول دو تولہ چار ماشہ زرشک ساڑھے سترہ ماشہ ہاچھڑ مصطکی عصارہ غافث افسنتین
رومی ریوند چینی ہر ایک سات ماشہ شگوفہ اذخر تگر ست ملٹھی کا ہر ایک پونے نو ماشہ زعفران ساڑھے تین ماشہ
کوٹ کر چھان کر سفوف کرین خوراک سات ماشہ ساتھ سکنجبین کے **سفوف دیگر** حرارت کو تسکین دیتا ہی
اور خمار کو دور کرتا ہی اور صفراوی دستون کو باندھتا ہی اور غلبۂ خون کو ساکن کرتا ہی اور جس کسی کے
جسم پر آبلے نکلتے ہووین اُسکو بھی موافق ہی ص ورق گل سرخ دو تولہ گیارہ ماشہ بنسلوچن پانچ تولہ
دس ماشہ سماق چوکے بیج مسور چھلکون سے صاف کی ہوئی زرشک تخم خرفہ تخم کاہو خشخاش سفید
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ صندل سفید پونے نو ماشہ کافور ساڑھے تین ماشہ خوراک
ساڑھے دس ماشہ ساتھ شربت انگور خام یا شربت انار یا چوکے شربت کے ساتھ
استعمال فرماوین **سفوف کہربا** خون بہت کہ رحم سے جاری ہو باز رکھتا ہی ص کہربا گیرو گلنار دم الاخوین
لاکھ دھوئی ہوئی برابر وزن کوٹ کر چھان کر سفوف تیار کرین خوراک ساڑھے دس ماشہ
ساتھ چار رتی ڈیڑھ چاول افیون کے کہ پانی مین دو تولہ دس ماشہ سماق کے گھولی ہوئی ہی
تناول کرین **سفوف دیگر** خون کے پیشاب کو نافع ہی ص شادنج مغسول دم الاخوین
مونگے کی جڑ کہربا پھٹکری گلنار تخم خرفہ گیرو گل قبرسی برابر وزن کوٹ کر چھان کر تیار کرین خوراک
سات ماشہ ہمراہ شربت سماق کے **سفوف سورنجان** درد مفاصل کو نافع ہی ص سورنجان شیرین

دو تولہ زیرہ کرمانی بھونا ہوا پودینہ ہر ایک سات ماشہ کالی مرچ ساڑھے تین ماشہ قند سفید
ساڑھے تین تولہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے دس ماشہ **سفوف حجر الیہود**
گردہ اور مثانہ کی پتھری کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے باہر نکالتا ہے ص مغز تخم خیار مغز تخم کدو مغز تخم خربزہ
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ گوکھرو بلا ہوا چار تولہ حجر الیہود کلتھی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گوند
ببول کا کتیرا ہر ایک ساڑھے چار ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف تیار کریں خوراک سات ماشہ
ساتھ شربت گوکھرو کے **سفوف حجر الیہود** خاصیت اسکی مثل نسخہ سابق کے ہے ص کلتھی چار تولہ
ساڑھے چار ماشہ مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو ہر ایک بوئے ہوئے سولہ ماشہ سیبستان سات ماشہ
گوند ببول کا نشاستہ کتیرا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ حجر الیہود ہر ایک بھونے ہوئے دو تولہ قند سفید سوا با کوٹ کر
چھان کر سفوف کریں خوراک سات ماشہ ساتھ پانی نخود سیاہ کے **سفوف** کہ ایک گھنٹہ میں دستوں کو
بند کر دیتا ہے ص شاہ بلوط ساڑھے دس ماشہ مازو پوست انار ہر ایک چھ ماشہ گردسماق بھونے دو تولہ
حب الآس دو تولہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک سات ماشہ ساتھ پانی گرم کے **سفوف**
منوم کندر اگر خام ہر ایک ساڑھے تین ماشہ خشخاش دو تولہ گیارہ ماشہ تخم کاہو ساڑھے سترہ ماشہ
زعفران چار رتی ڈیڑھ چاول مصری پانچ تولہ دس ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک
ساڑھے تین ماشہ **سفوف** حاملہ عورتوں کی بھوک کو جو رغبت طرف چیزوں خراب کے ہوتی ہے
دور کرتا ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور کھانے کی بھوک بڑھاتا ہے ص تخم زرجو اجمود کے بیج
اجوائن زیرہ کرمانی ہر ایک سات ماشہ کندر ساڑھے دس ماشہ کشنیز مقشر دو تولہ گیارہ ماشہ
مصری آدھی چھٹانک کم آدھ سیر کوٹ کر چھان کر سفوف کریں **سفوف** جو شخص جلد منزل ہوتا ہے
اسکے لیے یہ سفوف نہایت مفید ہے ص تخم بسلوجن خشخاش سفید سونف رومی کندر ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ جوز السرو ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک سات ماشہ
ساتھ شربت خشخاش کے **سفوف** کہ مدقوق اور مسلول کو نافع ہے اور سینہ کے زخم کو مفید ہے اور خون
تھوکنے کو فائدہ بخشتا ہے ص گوند ببول کا نشاستہ کتیرا مغز بیدانہ خشخاش سیاہ تخم کاہو تخم خطمی ہر ایک

پونے دو تولہ صندل سفید سکر العشر تیلوچن ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلاب کے پھول تخم خبازی تخم خرفہ
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو افسردہ بارتنگ گل مختوم گل ارمنی گل قبرسی ہر ایک
چودہ ماشہ زعفران ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک نو ماشہ ہمراہ
دو رتی ایک چاول کافور اور آٹھ رتی تین چاول خاکستر سرطان کے کر شربت خشخاش
اور شیرہ تخم خرفہ میں ملا ہوا ہو نافع ہے **سفوف** ریاح کو توڑتا ہے استسقاء طبلی کو مفید ہے
ص اجمود کے بیج سونف دیسی سونف رومی تمر کٹ ریوند چینی ہر ایک سات ماشہ
زیرہ کرمانی ساڑھے دس ماشہ بالچھڑ موتھا ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں
خوراک ساڑھے چار ماشہ **سفوف** کہ معدہ کے دستوں کو نافع ہے **ص** انار دانہ بھونا ہوا آرد کنار
آرد سنجد ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ دھنیا بھونا ہوا ساڑھے سترہ ماشہ خرنوب شامی خرنوب نبطی
بلوط سرکہ میں رات دن بھگو کر اور سایہ میں سکھا کر اور بھونکر ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
سماق ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک سات ماشہ **سفوف** کہ قرحہ مثانہ کو
مفید ہے **ص** دم الاخوین شادنج مغسول نشاستہ تخم اجمود ہر ایک پونے دو ماشہ گوند ببول کا
ساڑھے تین ماشہ مومیائی آٹھ رتی تین چاول کاکنج سات ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں
خوراک سوا پانچ ماشہ شربت خشخاش کے ساتھ **سفوف لولوی** ذوسنطاریا ہے کبدی کو
نافع ہے معدہ اور دل اور جگر کو قوت دیتا ہے اور حرارت اور پیاس کو بجھاتا ہے
ص موتی بلا سوراخ چودہ ماشہ مونگے کی جڑ جلی ہوئی گلنار تیلوچن خرنوب گل ارمنی
گل قبرسی تخم گل صندل سفید بارتنگ بھونا ہوا جو کے بیج بلوط بھونا ہوا تخم مورد بیخ کنار
سنجد کا آٹا دھنیا خشک بھونا ہوا گوند ببول کا بھونا ہوا سماق زرشک بیخ جو بھونا ہوا طراثیث تخم خرفہ
بھونا ہوا اسپغول بھونا ہوا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گل مختوم مصطگی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ انار دانہ سترہ ماشہ
کہربا اقاقیا مغسول ہر ایک سات ماشہ سوائے اسپغول اور بارتنگ کے سب دواؤں کو کوٹ کر
چھان کر سفوف تیار کریں **سفوف** قرب جو کے بیج زرشک مویز منقی دھنیا خشک بھونا ہوا

شاہ بلوط بنسلوچن ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سماق حب الآس یعنی تخم مورد ہر ایک سات ماشہ نار و آم
چودہ ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں سفوف خرنوب استرخاء معدہ اور معدہ کے دستوں کو نافع ہے
ص خرنوب نبطی بیدانہ زیرہ کرمانی مدبر سماق پست کنار مصطگی حب الآس بلوط دھنیا خشک
بھونا ہوا برابر وزن کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے چار ماشہ ساتھ پانی سورد کے
نافع ہے سفوف البزور ریاح توڑتا ہے معدہ کو قوت دیتا ہے ص کرویا سونف رومی زیرہ کرمانی
الائچی تج اجوائن اجمود کے بیج ہر ایک سات ماشہ لونگ بوٹے دو ماشہ سونٹھ پیپل ہر ایک آٹھ رتی تین چاول
قند سفید پانچ تولہ آٹھ ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک سات ماشہ سفوف حب العنب
دستوں کو بند کرتا ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے ص دانہ انگور گوند ببول ہر ایک چودہ ماشہ حب الآس
سماق ہر ایک سات ماشہ مصطگی گلنار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں سفوف
کہ نافع ہے دستوں کو کہ ساتھ کھانسی کے ہوں ص حب الآس شاہ بلوط خشخاش خرنوب ہر ایک سات ماشہ
گوند ببول کا ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں مقدار خوراک ساڑھے دس ماشہ سفوف دیگر
کہ یہی خاصیت رکھتا ہے ص گوند ببول کا بنسلوچن گیرو حب الآس ہر ایک چودہ ماشہ سنگ جراحت کندر ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ خرنوب شامی گوگل ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے دس ماشہ
ساتھ شربت خشخاش کے سفوف کہ سوزاک اور درد گردہ اور مثانہ کو نافع ہے پیشاب کو
جاری کرتا ہے ص مغز تخم خربزہ آٹھ تولہ نو ماشہ مغز تخم خیار مغز تخم کدو تخم خرفہ خشخاش سفید ہر ایک دو تولہ
گیارہ ماشہ نشاستہ کتیرا ست ملٹھی کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اجوائن خراسانی سفید برابر سب کے اور بیچ خوراک ساڑھے
دس ماشہ صبح کو اور ساڑھے دس ماشہ شام کو ساتھ شربت خشخاش کے سفوف ذیابیطس گوند ببول کا گیرو سماق گلنار بلوط
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ نشاستہ کتیرا تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ صندل سفید ساڑھے تین ماشہ
کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے دس ماشہ ساتھ پانی انار ترش کے سفوف مقعد سورنجان
ساڑھے دس ماشہ سقمونیا ساڑھے پانچ ماشہ چھ چاول کباب چینی ساڑھے تین ماشہ قند سفید آٹھ تولہ نو ماشہ
کوٹ چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے دس ماشہ سفوف کہ بواسیر و دستوں کو نافع ہے اور آنتوں کے درد کو مفید ہے

ص تخم ترہ تیزک بھونا ہوا پونے چونتیس تولہ اسی بھونی ہوئی اسپغول ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
اجمود کے بیج بھونے ہوئے گیرو تخم کنوچہ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ گوند ببول کا ساڑھے تین ماشہ
سوائے ترہ تیزک اور اسپغول اور تخم کنوچہ کے کوٹ کر چھان کر سفوف کریں سفوف واسطے
یرقان اور درد جگر اور قے صفراوی کے نافع ہی ص لاکھ دھوئی ہوئی ساڑھے چار ماشہ تنبلوچن
سات ماشہ زعفران ساڑھے تین ماشہ ریوند چینی چھ رتی اڑھائی چاول کافور چار رتی ڈیڑھ
چاول خوراک سات ماشہ ساتھ شربت املی یا شربت آلو بخارے کے سفوف بلوط معدے کو
قوت دیتا ہی دستوں کو بند کر دیتا ہی ص بلوط دانہ نعتی آرد کنار ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ
خرنوب نبطی حب آلاس ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے
تیرہ ماشہ سفوف واسطے حرارت جگر اور یرقان اور سدہ جگر اور خون تھوکنے کے نافع ہی
ص بیدانہ نشاستہ مغز تخم خیار ہر ایک چودہ ماشہ گیرو لاکھ دھوئی ہوئی گلاب کے پھول
بالچھڑ طباشیر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ تنبلوچن پونے دو ماشہ مصطگی آٹھ رتی تین چاول خوراک
ساڑھے تین ماشہ ساتھ پانی بہی کے سفوف کہ یہی خاصیت رکھتا ہی ص منقی جو کے بیج
انار دانہ گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ حب آلاس بلوط ہر ایک چودہ ماشہ خشخاس سفید
ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے تیرہ ماشہ سفوف جنین
واسطے سرعت انزال منی کے جو بسبب حرارت کے ہو نظیر نہیں رکھتا ص اسپغول سات ماشہ تخم خرفہ
ساڑھے دس ماشہ دھنیا خشک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے چار ماشہ
سفوف واسطے ہچکی کے نافع ہی جو بسبب امتلا کے ہو ص اجمود کے بیج موتھا زیرہ کرمانی برابر وزن
کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے چار ماشہ سفوف واسطے ضعف معدے کے
نافع ہی اگر سبب اسکا حرارت ہو ص گل گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اگر خام
سات ماشہ زرشک دو تولہ گیارہ ماشہ آملہ تنبلوچن ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بالچھڑ ساڑھے
تین ماشہ زعفران کافور ہر ایک آٹھ رتی تین چاول کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک

ساڑھے چار ماشہ ساتھ شربت انار کے سفوف کہ رنگ سرخ کرتا ہی ص روفا سے خشک
دو تولہ گیارہ ماشہ زعفران ساڑھے دس ماشہ قند سفید پونے چار تولہ کوٹ کر چھان کر سفوف
کریں ہر روز سات ماشہ کھایا کریں سفوف سدہ طحال کھولتا ہی اور واسطے طحال کے نافع ہی
ص تخم کاسنی بڑی مائین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اگر خام سات ماشہ زرشک دو تولہ گیارہ ماشہ
املہ منبلو چین ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بانچھڑ ساڑھے تین ماشہ زعفران کافور ہر ایک آٹھ رتی
تین چاول حب الفقد سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے دس ماشہ
ساتھ سکنجبین کے سفوف واسطے درد گردہ کے کہ بسبب سردی کے ہو نافع ہی ص کٹ
بانچھڑ فرو مانا حماما اجمود برابر وزن کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے تین ماشہ
سفوف کہ بدن کو لاغر کرتا ہی ص لاکھ دھوئی ہوئی سات ماشہ اجواین تتلی کے بیج زیرہ کرمانی
ہر ایک چودہ ماشہ دو نامر وا جوا کھار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں
ہر روزہ ساڑھے چار ماشہ ساتھ گلقند کے تناول کریں سفوف کہ یہی خاصیت رکھتا ہی ص
لاکھ دھوئی ہوئی سندروس ہر ایک دو ماشہ چھ چاول دونامروا پونے دو ماشہ پھٹکری
زراوند مدحرج خبطیا نا ہر ایک چھ رتی اڑھائی چاول کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک
آٹھ رتی تین چاول سفوف کہ جلد منزل ہونے کو نافع ہی اور منی کو روکتا ہی ص تتلی کے بیج
ساڑھے دس ماشہ سنبھالو کے بیج سوسن کی جڑ ہر ایک سات ماشہ گلنار گلاب کے پھول ہر ایک
سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں سات ماشہ ہمراہ پانی انگور یا چھاچھ کے تناول فرمائیں
سفوف واسطے قروح گردہ اور مثانہ کے نافع ہی ص گل مختوم دم الاخوین نشاستہ کندر
مغز تخم خربزہ اجمود کے بیج ککڑی کے بیج کدو کے بیج ست ملٹھی کالا لاکھ دھوئی ہوئی ریوند چینی
حب الصنوبر خشخاش اجوائن خراسانی برابر وزن کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک سات ماشہ
ہمراہ سکنجبین کے سفوف درد گردہ اور مثانہ کو تسکین دیتا ہی ص کندر اجوائن خراسانی جاوتری
ڈیڑھ چاول افیون برابر چار جو کے مغز تخم خیارین ساڑھے دس ماشہ تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک

ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف کریں ساتھ شربت خشخاش کے تناول فرماوین
سفوف واسطے استرخاے زبان کے نافع ہی ص دارچینی حماما بالچھڑ ہر ایک ساڑھے
دس ماشہ تیج پات اجوائن زراوند طویل اجمود سویا مصطگی سیسالیوس عقرقرحا سونف رومی
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ موتی بلا سوراخ کہربا ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر سفوف
کریں خوراک ساڑھے تین ماشہ ساتھ پانی گرم یا شراب پرانی کے سفوف کہ مددگار
حمل ہی ص برادہ ہاتھی دانت کا مصری ہر ایک ساڑھے چار ماشہ عورت تین رات
اس سفوف کو کھاوے اور مرد چوتھی رات اُسکے ساتھ جماع کرے حاملہ ہوجاوگی
بشرطیکہ حیض سے پاک ہوگئی ہو اور بعضون نے کہا ہی کہ ہاتھی دانت کا برادہ اگر
کوئی عورت سات روز برابر ہر روز سات ماشہ ساتھ پانی شہد کے نوش کیا کرے اور
بعد اُسکے جماع کرادے حاملہ ہوجاویگی سفوف کہ سوزاک کو نافع ہی اور پیشاب کو جاری کرتا ہی
ص تخم خیارین مغز تخم کدو تخم خرفہ خشخاش نشاستہ کتیرا پوست ملٹھی کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
اجوائن خراسانی سات ماشہ قند سفید برابر وزن کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ساڑھے دس ماشہ
ساتھ شربت خشخاش کے سفوف کہ خون کی قے کو نافع ہی ص گیرو گوند ببول کا گلنار دم الاخوین
کندر ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ دو تولہ گیارہ ماشہ رب بہی کے تناول فرماوین
سفوف واسطے عورتون کے جنکو رغبت مٹی کھانے کی ہوتی ہی نافع ہی ص سونف رومی اجمود کے بیج
زیرہ کرمانی اجوائن ہر ایک پونے دو تولہ گیارہ ماشہ مرچ سفید پونے نو ماشہ لونگ ساڑھے سترہ ماشہ
کوٹ کر چھان کر سفوف کریں خوراک ہر صبح و شام ساڑھے چار ماشہ سفوف کہ یہی خاصیت رکھتا ہی
ص گلاب کے پھول زیرہ کرمانی اجوائن بڑی الائچی برابر وزن مصری برابر سب دواؤن کے کوٹ کر چھان کر
سفوف کریں سفوف بلغمی قے کو نافع ہی ص کندر مصطگی ہر ایک سترہ ماشہ اگر خام دو تولا انار دانہ چار تولہ
ساڑھے چار ماشہ لونگ الائچی جائفل جاوتری موتھا پودینہ ہر ایک چھ دہ ماشہ پوست ترنج تخم خشک ہر ایک
دو تولہ گیارہ ماشہ گلاب کے پھول پونے دو تولہ بالچھڑ آملہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر چھان کر

سفوف کرین خوراک ساڑھے دس ماشہ سعوط درد سر گرم اور خشک کو مفید ہی
ص پانی کما ہو کا روغن نیلوفر کا ہر ایک ایک جزو دودھ لڑکی کی مان کا دو جزو باہم ملا کر
ناک مین ٹپکا دین سعوط درد نبیج اور آنکھ کے درد کو نافع ہی جو اکثر بچون کو عارض ہوتا ہی
ص کندش رسوت کندر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ پودینہ پہاڑی زعفران مرکی ہر ایک
پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر گولیان تیار رکھین جب ضرورت ہووے ساتھ دودھ
لڑکی کی مان کے یا ساتھ روغن بنفشہ یا بادام کے گھول کر ناک مین ٹپکا دین سعوط درد
بلغمی اور ریحی اور دوران سر کو نافع ہی ص ایلوا مرکی کندر رسوت جند بید ستر زعفران
پودینہ پہاڑی پیپل مرچ سفید ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کندش سات ماشہ نمک خالص پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر
ساتھ پانی دونا مرو اکے گوندھکر قرص بناوین بوقت حاجت پانی مین دونا مرو اکے پیسکر ناک مین ٹپکاوین سعوط
درد سر گرم کو نافع ہی ص روغن بنفشہ بادام روغن نیلوفر روغن کدو پانی کاہو کا دودھ لڑکی کی مان کا ہموزن برابر
باہم ملا کر ناک مین ٹپکا دین سعوط کہ فالج اور لقوہ کو مفید ہی ص کلونجی جو کھار برابر وزن چقندر کے پانی مین گھول کر
ناک مین ٹپکاوین سعوط کہ آدھاسیسی درد کو نافع ہی ص روغن بادام دونا مرو اکے پانی مین ملا کر ناک مین ٹپکاوین سعوط
کہ سرسام اور درد سر کو نافع ہی ص پانی مورد کا عرق بید کا صندل کا نور باہم ملا کر ناک مین ٹپکاوین سعوط
کہ درد سر سرد اور نسیان کو مفید ہی ص جاوتری درمنہ ترکی لونگ مرزنجوش ہر ایک چار ماشہ جاوتری
ڈیڑھ تولہ کوٹ کر چھان کر مرزنجوش کے پانی مین ملا کر ناک مین ٹپکاوین سعوط کہ خنازیر کو نافع ہی ص
جاوتری گاوزبان ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زہرہ خارپشت کافور ہر ایک دو ماشہ ڈیڑھ چاول
کندر سات ماشہ ساتھ سرکہ اور روغن گاو کے ناک مین ٹپکاوین سعوط کہ یہی خاصیت رکھتا ہی
ص پیل امیران جینی جیتیہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مشک طرا شیع ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
سنبھالو کے بیج ہر ایک ساڑھے دس ماشہ ساتھ سرکہ اور روغن گل کے ناک مین ٹپکا دین
سعوط کہ فالج اور لقوہ اور آدھاسیسی کو نافع ہی اور تمام بیماریون سرد و تر کو جو
فائدہ دیتا ہی ص رسوت مرکی ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ مسو صعتر فارسی ہر ایک ساڑھے ستر ماشہ

گوند ببول کا تیلی زہرہ کا ننگ جاؤشیر جند بیدستر کلونجی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مصری زعفران
ہر ایک سات ماشہ فرفیون ایلوا ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر پانی خالص میں قرص بناوین
ہر ایک بقدر مسور کے بروقت حاجت کے ایک قرص پانی مرزنجوش اور روغن بنفشہ بادام میں ملا کر
ناک میں ٹپکاوین سعوط کرے سکتہ اور لقوہ کو فائدہ دیتا ہے صں زہرہ کا ننگ پانی مرزنجوش
یا پانی سداب میں پیسکر ساتھ جند بیدستر اور پانی شہد کے ناک میں ٹپکاوین سعوط کرے سکتہ کو مفید ہے
صں کاغذ جلا ہوا پوست بیضہ مرغ جلا ہوا اقاقیا مازو سرکہ میں ڈال کر چھلکے ترش انار کے
جلے ہوئے کندر مرکی سوختہ شادنج مغسول کافور ہر ایک قدرے کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی بادروج
ملا کر ناک میں ٹپکاوین سنون سورنجان دانتون کے ضعف کو نافع ہے صں سورنجان لونگ موتھا
بڑی مائین پوست زرد ہڑ کا صندل سفید گلاب کے پھول کوٹ کر چھان کر سنون کرین سنون دیگر
کہ یہی خاصیت رکھتا ہے صں پوست زرد ہڑ کا تخم حنا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ بسفائج آسا
چار ماشہ دار چینی موتھا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ پھٹکری سماق ہر ایک سات ماشہ عاقرقرحا دو تولہ
نوشادر پیپل آملہ زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ پھول جھاؤ کا ساڑھے تیرہ ماشہ الائچی کلان
ہر ایک چودہ ماشہ نرکچور چھ تولہ کوٹ کر چھان کر سنون کرین سنون کہ دانتون کو شگاف کھانے
صں شاخ گوزن سوختہ بڑی مائین موتھا بالچھڑ ہر ایک چودہ ماشہ نمک اندرانی ساڑھے تین ماشہ
کوٹ کر چھان کر سنون کرین سنون کہ دانتون کو میل سے پاک کرتا ہے صں نمک اندرانی
جو سوختہ سمندر جھاگ سماق مصطگی برابر کوٹ کر چھان کر سنون کرین سنون دیگر
دانتون کو مضبوط کرتا ہے صں گلنار پھٹکری آملہ اقاقیا برابر کوٹ کر چھان کر سنون کرین سنون دیگر
کہ یہی خاصیت رکھتا ہے صں پھٹکری گلنار بڑی مائین برابر کوٹ کر چھان کر سرکہ میں گوندھین
اور سایہ میں خشک کرین اور دوسری مرتبہ کوٹین اور سنون کرین سنون دانتون کے درد کو
نافع ہے جو مسوڑھون کے ورم کے سبب سے ہووے صں تخم خرفہ دھنیا سماق مسو صندل سفید
عاقرقرحا کافور برابر کوٹ کر چھان کر مسوڑھون پر چھڑکین بشرطیکہ اول گلاب و سرکہ ایک گھنٹہ تک

منھ مین نگاہ رکھین سنون کہ دانتون کی جڑون کو مضبوط کرتا ہی اور خون بہنے سے باز رکھتا ہی
ص شاخ گوزن سوختہ پوست زرد ہلیلہ کا نمک اندرانی سوختہ گلاب کے پھول ہر ایک سات ماشہ گلنار
ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر مسوڑھون اور دانتون پر چھڑکین سنون کہ دانتون کو مضبوط
کرتا ہی اور خون بہنے سے باز رکھتا ہی اور منھ مین خوشبو دیتا ہی ص ہر بہیڑہ آملہ گلاب کے پھول
گلنار اقاقیا پھٹکری بنسلوچن ترشہ عاقرقرحا برابر کوٹ کر چھان کر سنون کرین سنون کہ دانتون کی
جڑون سے خون بہنے کو باز رکھتا ہی ص پھٹکری سوختہ ساڑھے تین ماشہ نمک بریان سات ماشہ
سماق ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر سنون کرین سنون الملوک دانتون کے درد کو نافع ہی
منھ کو خوشبو دیتا ہی ص مرکی ابہل جوز السرو عاقرقرحا برابر وزن کوٹ کر چھان کر استعمال کرین
سنون دانتون کی جڑون کے ناسور کو مفید ہی ص سوسن کی جڑ عاقرقرحا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
پھٹکری گلنار مازو سماق ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر سنون کرین سنون کہ زردی اور
سیاہی دانتون سے دور کرتا ہی اور منھ کو خوشبو دیتا ہی ص بڑی مائین سونٹھ سمندر جھاگ پیپل
الائچی ہر ایک سات ماشہ نمک بریان سات ماشہ جو سوختہ دو تولہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین سنون
مسوڑھون سے خون بہنے کو باز رکھتا ہی اور منھ کو خوشبو دیتا ہی ص پھٹکری ساڑھے سترہ ماشہ
پودینہ پہاڑی دو تولہ گیارہ ماشہ دارچینی کوٹ کر چھان کر سنون کرین سنون نافع ہی دانتون کے
درد کو جو بسبب رطوبت کے ہووے ص مرچ پونے نو ماشہ جوکھار ساڑھے تین ماشہ عاقرقرحا
سونٹھ مویزج ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین سنون کہ مسوڑھون کو مضبوط
کرتا ہی اور منھ کو خوشبو دیتا ہی ص موتیا گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ گلنار بڑی مائین
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ دم الاخوین کندر لونگ نمک اندرانی مصطگی پودینہ چھالیہ ہر ایک سات ماشہ
اگر خام ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین سنون کہ دانتون کی جڑون کو سخت کرتا ہی
خون بہنے سے باز رکھتا ہی ص پوست انار ترش دو تولہ گیارہ ماشہ پھٹکری دو تولہ چار ماشہ عاقرقرحا
گلاب کے پھول بڑی مائین ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر سنون کرین سنون کہ خون جانے کو

دانتون کی جڑون سے باز رکھتا ہی صں کتھہ سفید چھالیہ گلنار گلاب کے پھول سماق دم الاخوین
کوٹ کر چھان کر رات کو چھڑکین اور صبح کو گلاب و پانی سماق سے مضمضہ بھی کیا کرین سنون
کالے دانتون کو سفید اور براق کرتا ہی صں پوست زرد ہڑ کا دو تولہ گیارہ ماشہ کالی مرچ چودہ ماشہ
ماساٹھہ دس ماشہ تیج پات سات ماشہ مازو سوختہ دو تولہ چار ماشہ کوٹ کر چھان کر دانتون پر ملین
سنون کہ مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی اور رطوبت کو جذب کرتا ہی صں گلنار دو تولہ گیارہ ماشہ
نوشادر سات ماشہ مویزج ساڑھے دس ماشہ مازو ساڑھے تین ماشہ پودینہ جلا ہوا نمک شہد مین
گوندھا ہوا ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین سنون دانتون کو جلا دیتا ہی
اور مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی اور منھ کو خوشبو دیتا ہی صں پھٹکری سوختہ سات ماشہ دم ترکی
نمک اندرانی سمندر جھاگ انگور کی لکڑی جلی ہوئی ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ عاقرقرحا کباب چینی
جھاؤ کے پھول ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ لونگ سماق ہر ایک چودہ ماشہ کوٹ کر چھان کر سنون کرین
سنون کہ خون کو باز رکھتا ہی اور مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی صں جھاؤ کے پھول آملہ ہر ایک
ساڑھے دس ماشہ عصارہ ریش برگد گل مختوم ابہل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ دارچینی پودنے دو ماشہ
کوٹ کر چھان کر استعمال فرماوین سنون کہ دانتون کو سفید کرتا ہی اور منھ کو خوشبو دیتا ہی
صں سمندر جھاگ سات ماشہ نمک بریان سات ماشہ اگر جلا ہوا جو جلے ہوے رکابی چینی کی
ٹھیکری ہین گلنار عاقرقرحا لونگ تیج پات گلاب کے پھول موتھا سماق ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
زراوند طویل مشک حب الآس ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر دانتون پر ملین سنون
کہ جو مقام پر دوائی آتشک لگنے کی منھ اور دانتون کی جڑ پر چھڑکین جوشش دہن کو مانع ہی نہین منھ
آنے نہین دیتا اور اگر آتشک کی دوا سے منھ آگیا ہو تو اسکو اصلاح پر لاتا ہی اور جوشش دہن کو بالکلیہ
دور کرتا ہی صں زراوند مدحرج برگ مورد کندر موتھا سوسن کی جڑ گلنار دم الاخوین مازو برابر
کوٹ کر چھان کر استعمال کرین سنون قلاع کو نافع ہی اور منھ کو خوشبو دیتا ہی اور دانتون کی
جڑون کو مضبوط کرتا ہی صں شیاف مامیثا بنسلوچن تخم گل تخم بارتنگ پوست زرد ہڑ کا گلنار

برگ نیتون بڑی مائین پھٹکری برابر کوٹ کر چھان کر استعمال کرین سنون گہ اکلا اور ناسور اور دانتون کی جڑون کو نافع ہی اور خون جانے سے باز رکھتا ہی صص نوشادر سوسن کی جڑ ہڑتال سرخ عاقرقرحا برابر کوٹ کر چھان کر استعمال کرین سنون دیگر یہی خاصیت رکھتا ہی صص سوسن کی جڑ عاقرقرحا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ پھٹکری گلنار مازو سماق ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر سنون کرین سنون کہ ہلتے ہوے دانتون کو مضبوط کرتا ہی صص مرکی نیلا کتھ پھٹکری نشاستہ سماق گلاب کے پھول پوست انار ترش پوست زرد ہڑ کا شک گلنار مازو بڑی مائین برابر کوٹ کر چھان کر دانتون کی جڑون پر چھڑکین سنون آکلہ دہن کو نافع ہی اور مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی صص پوست انار ترش پوست انار شیرین ہر ایک آٹھ تولہ نو ماشہ مازو گلنار پھٹکری کاغذ سوختہ عاقرقرحا ہر ایک سات ماشہ سماق چار تولہ ساڑھے چار ماشہ نمک ہندی نوشادر ہر ایک سترہ ماشہ کوٹ کر چھان کر سرکہ مین گوندھین اور گولیان بناوین اور سایہ مین خشک کرین اور بروقت حاجت کے دوبارہ کوٹین اور استعمال کرین سنون کہ آکلہ اور مسوڑھون کے ورم کو نافع ہی اور دانتون کو ورم سے پاک کرتا ہی صص پوست انار سات ماشہ گلنار ہلدی سماق پھٹکری مازو ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین

باب الشین المعجمہ

شربت افسنتین معدہ کو اخلاط فاسد سے پاک کرتا ہی صص افسنتین رومی ساڑھے سترہ ماشہ گلاب کے پھول پانچ تولہ دس ماشہ نسوت دو تولہ گیارہ ماشہ آدھ پاو کم دو سیر پانی مین جوش کر کے صاف کرین اور چھٹانک کم سیر قند سفید قوام کر کے شربت تیار کرین **شربت افسنتین نوع دیگر** معدہ ضعیف اور جگر اور طحال کو نافع ہی اور قبض دور کرتا ہی اور دانتون کی ریح کو توڑتا ہی صص افسنتین رومی چودہ تولہ سات ماشہ سلیخہ دو تولہ دس ماشہ اجمود کے بیج آٹھ تولہ نو ماشہ آدھ پاو کم دو سیر پانی مین پکاوین کہ آدھا رہ جاوے ساتھ قوام قند سفید چھٹانک کم سیر کے شربت تیار کرین **شربت افسنتین نوع دیگر** افسنتین رومی

چودہ تولہ سات ماشہ سونف رومی گلاب کے پھول سلیخہ تگر ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ
مصطگی بالچھڑ ہر ایک دو تولہ آدھ پاؤ کم دو سیر پانی مین جوش کرین بغیر مصطگی کے اور صاف
کرکے قوام مین چھٹانک کم ڈیڑھ سیر قند سفید کے شربت تیار کرین بعد اُسکے مصطگی پیسکر
اُسمین ملاوین **شربت دیگر** معدہ کو صفرا سے پاک کرتا ہی اور سوء مزاج گرم کو دور کرتا ہی
صفت ورق گل سرخ دو تولہ شاہترہ افسنتین رومی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ آلو بخارا
بیس عدد مغز تمر ہندی پانچ تولہ دس ماشہ مویز منقی آٹھ تولہ نو ماشہ آدھ پاؤ کم دو سیر پانی مین
جوش کرین کہ آدھا رہ جاوے صاف کرکے قوام مین آدھی چھٹانک کم آدھ سیر قند سفید کے
شربت تیار کرین خوراک دو تولہ گیارہ ماشہ ساڑھے تین ماشہ ایلوا ساتھ اُسکے ملاکر نوش کرین
شربت سعال پرانی کھانسی کو نہایت مفید ہی اور سینہ کو خلطون سے پاک کرتا ہی اور
ربو اور ضیق النفس کو نافع ہی صفت انجیر سفید سترہ تولہ پیاز جنگلی دو تولہ دس ماشہ مویز منقی پانچ تولہ
آٹھ ماشہ سونف رومی ایک تولہ پانچ ماشہ تین رطل سرکہ خمر اور پانی مین تر کرین بعد اُسکے
صاف کرکے قوام مین چھٹانک کم سیر شہد کے شربت تیار کرین **شربت فواکہ** معدہ کو قوت
دیتا ہی اور قی کو روکتا ہی اور مقوی قلب ہی صفت پانی بہی کا پانی سیب کا پانی انار ترش کا
پانی انار شیرین کا پانی امرود کا ہر ایک ایک جزو پانی زرشک کا پانی سماق کا پانی انگور خام کا
ہر ایک نیم جزو جوش کرین کہ آدھا رہ جاوے اور قند سفید جسقدر کفایت کرے قوام کرکے
شربت تیار فرماوین **شربت انار ترش** قی کو باز رکھتا ہی صفرا کو دفع کرتا ہی معدہ کو
قوت دیتا ہی صفت پانی انار ترش کا آدھ پاؤ کم دو سیر نعناع تازہ دو شاخ اگر خام مصطگی
ہر ایک سات ماشہ پوست بیرون پستہ ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر سوائے مصطگی کے پانی مین جوش
کرین کہ آدھا رہ جاوے صاف کرین اور چھٹانک کم سیر قند مین قوام دیکر مصطگی اوپر سے
ڈالکر شربت تیار کرین **شربت انارین** منعنع ہچکی دور کرتا ہی قی کو روکتا ہی معدہ کو
قوت دیتا ہی صفت انار ترش انار شیرین مع تخم کے کوٹین اور پانی اُسکا آدھ پاؤ کم دو سیر

حاصل کرین اور چھٹانک کم سیر قند سفید قوام کرکے اور دو تولہ دس ماشہ پانی نعناع کا ڈالکر
شربت تیار کرین **شربت آلو** مسہل صفرا اور بلغم کو بدن سے دفع کرتا ہی **صفت** آلوے سیاہ
ایک سو عدد املی اڑھائی پاؤ نسوت سفید بنفشہ ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ ایک تھیلی مین رکھکر
سوا پاؤ کم پانچ سیر پانی مین جوش کرین کہ چھٹانک کم سیر رہ جاوے خوب ملکر صاف کرین
اور چھٹانک کم سیر ترنجبین نخفہ اسمین ملاکر شربت تیار کرین بعد اسکے ساڑھے چار ماشہ سقمونیا
حل کرین بروقت حاجت تین تولہ نو ماشہ نوش فرماوین **شربت خشخاش** مانع نزلہ ہی
پھیپھڑہ اور سینہ کے زخم کو نافع ہوتا ہی بیخوابی کو دور کرتا ہی **صفت** خشخاش مع پوست ایک عدد
کچلکر اڑھائی چھٹانک کم اڑھائی سیر مینھہ کے پانی مین پکاوین اور اگر خشخاش بدون پوست کے
ہووے تو ساڑھے سات تولہ تخم خشخاش کوٹین اور پکاوین اور ہمراہ چھٹانک کم سیر قند کے
قوام دیکر شربت تیار فرماوین لیکن مع پوست بہتر ہی **شربت سیب** دلکو قوت دیتا ہی
ہی قی ساکن کرتا ہی صفراوی دستون کو باز رکھتا ہی **صفت** سیب صفہانی اندر اور باہر
پاک کرکے ہاون مین پتھر یا لکڑی کے کوٹین اور پانی اُس سے اڑھائی پاؤ کم دس سیر حاصل کرکے
جوش کرین کہ آدھ پاؤ کم دو سیر رہ جاوے چھٹانک کم سیر قند سفید ڈالکر جوش کرین کہ قوام ہو جاوے
شربت بہی دلکو قوت دیتا ہی معدہ کو قوی کرتا ہی بھوک کھانے کی بڑھاتا ہی اور دستون کو بند کرتا ہی
قی اور متلی کو روکتا ہی **صفت** بہی ترش بہی شیرین اندر سے پاک کرکے پانی نکالیوین اور سوا پاؤ کم پانچ سیر پانی کے
چھٹانک کم سیر قند سفید مین قوام دیکر شربت تیار فرماوین **شربت ریباس** صفراوی دستون کو
نافع ہی قی کو باز رکھتا ہی پیاس بجھاتا ہی معدہ کو قوت دیتا ہی **صفت** سر اور دنبال ریباس کا
لکڑی کے چاقو سے کاٹ کر پھینک دیوین باقی کو ہاون مین پتھر کے یا لکڑی کے کوٹین
اور پانی اُسکا لیکر صاف کرکے پکاوین کہ تہائی رہ جاوے تھوڑی دیر تامل کرکے
چھانین اور اوپر چھٹانک کم سیر پانی کے چھٹانک کم سیر قند سفید کا قوام دیکر شربت
تیار کرین **شربت حماض** یعنی شربت چوکے کا صفرا کو توڑتا ہی قی کو باز رکھتا ہی

معدہ اور دل کو قوت دیتا ہی اور خفقان گرم کو نافع ہی **ص** پانی چوکے کا آٹھ تولہ نوماشہ
قند سفید چھٹانک کم سیر قوام شربت کا تیار کرین **شربت لیمو** معدہ کو قوت دیتا ہی بھوک
کھانے کی بڑھاتا ہی صفرا کو بدن سے نکالتا ہی قی باز رکھتا ہی خمار کو دفع کرتا ہی اور ہاضم ہی
صفت اسکی مانند شربت حماض کے ہی **شربت نارنج** پیاس بجھاتا ہی مقوی دماغ ہی
اور درد سر گرم کو تسکین دیتا ہی **ص** پانی نارنگی کا چھٹانک کم سیر جوش کرین کہ آدھا رہ جاوے
جھاگ زرد اوپر سے اتار کر قند سفید آدھ پاؤ کم دو سیر ملا کر قوام شربت کا تیار کرین **شربت
غورہ** پیاس بجھاتا ہی تپ گرم کو فائدہ دیتا ہی خمار کو دور کرتا ہی **ص** پانی انگور خام کا
نکال کر جوش کرین کہ آدھا رہ جاوے جھاگ اوپر سے لیکر ایک لحظہ ٹھہرا کر صاف کرین
بعد اسکے چھٹانک کم سیر اسکے پانی مین چھٹانک کم سیر قند سفید قوام دیکر شربت بناوین
شربت عود معدہ کو قوت دیتا ہی اور منہ کو خوشبودار کرتا ہی اور ہاضمہ قوی کرتا ہی
ص اگر خام آملہ مقشر ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ بالچھڑ لونگ جائفل مصطگی ہر ایک سات ماشہ
سب کو کوٹ کر کتان کی تھیلی مین رکھین اور آدھ پاؤ کم دو سیر گلاب ویر اسکے ڈال کر
جوش کرین اور تھیلی کو خوب ملین کہ قوت اسکی گلاب مین آجاوے قند سفید چھٹانک کم
سیر کا قوام دیکر شربت تیار کرین بعد اسکے مشک خالص پونے دو ماشہ پیسکر ملاوین **شربت
حب الآس** معدہ کو قوت دیتا ہی اور دستون کو روکتا ہی **ص** حب الآس یعنی تخم مورد
امرود گوکھرو ہر ایک چودہ تولہ سات ماشہ قرظ طراثیث ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ
پانی بہی کا پانی انار کا پانی سیب کا ہر ایک چھٹانک کم سیر سب دوائیان کوٹ کر
اس پانی مین جوش کرین کہ تہائی رہ جاوے صاف کرکے چھٹانک کم سیر قند سفید کا
قوام دیکر شربت تیار کرین **شربت بزوری** معدہ اور جگر کو نافع ہی ریاح کو توڑتا ہی
تقاعل کو نافع ہی **ص** پوست کاسنی کی جڑ کا تیس تولہ کاسنی کے بیج بیس تولہ سونف کی جڑ
بیس تولہ سونف دس تولہ اجمود کے بیج دس تولہ اجمود کی جڑ دس تولہ تخم کشوث پوٹلی مین

باندھکر پانچ تولہ قند سفید ایک سیر بدستور شربت تیار کرین **شربت حب الآس**
دوسرا نسخہ ہی دستون کو روکتا ہی جو بسبب کھانسی کے ہون **ص** تخم مورد کوٹین اور جوش کرین
کہ خوب مہرا ہو جاوے صاف کرین اور ہر دو جزو مین اُسکے دس جزو قند سفید اضافہ کرین
اور اگر قدرے بنسلوچن اسمین حل کرین بہتر و مناسب ہی **شربت وینار** طبیعت کو نرم کرتا ہی
جگر اور دل کو قوت دیتا ہی سدہ کھولتا ہی سوءالقنیہ اور استسقا اور ذات الجنب کو نافع ہی پیاس
بجھاتا ہی **ص** کاسنی کے بیج نیمکوفتہ گلاب کے پھول ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ پوست کاسنی کی
جڑ کا گیارہ تولہ آٹھ ماشہ نیلوفر گاوزبان ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ تخم کشوث تھیلی مین باندھ
ساڑھے دس ماشہ جوش کرین کہ مہرا ہو جاوے قند سفید چھٹانک کم سیر کا قوام کرکے شربت تیار کرین
اور تین تولہ نو ماشہ ریوند چینی اسمین ملا دین **شربت زوفا** بلغمی کھانسی کو نافع ہی سینہ
اور پھیپھڑہ کو خلطون سے پاک کرتا ہی اور ربو اور ضیق النفس کو مفید ہی **ص** عناب ۳۰ عدد
سپستان پچاس عدد انجیر ۳۰ عدد بنفشہ چودہ ماشہ ہنسراج دو تولہ تخم خطمی تخم خبازی ہر ایک
ساڑھے سترہ ماشہ ملہٹی زوفا ہر ایک دو تولہ جوش کرکے صاف کرین اور چھٹانک کم سیر قند سفید
قوام دیکر شربت تیار کرین اور بعضون نے ساڑھے سترہ ماشہ فراسیون بھی داخل کی ہے
شربت تمرہندی طبیعت کو نرم کرتا ہی صفرا کو بدن سے نکالتا ہی اور معدہ کو
قوت دیتا ہی قی باز رکھتا ہی **ص** املی آدھی چھٹانک کم آدھ سیر جوش کرکے شیرہ اسکا
حاصل کرین اور چھان کر قند سفید چھٹانک کم سیر کا قوام دیکر شربت بنا دین **شربت**
صندل مقوی قلب ہی خفقان گرم کو دور کرتا ہی پیاس بجھاتا ہی **ص** صندل سفید
ساڑھے سات تولہ پیسکر ایک رات دن گلاب مین بھگو دیوین دوسرے دن جوش کرکے
شیرہ اُسکا لیوین اور ساتھ قند سفید چھٹانک کم سیر کے قوام شربت کا دیوین **شربت انجیر**
گردہ اور مثانہ کو نافع ہی منی کو بڑھاتا ہی شہوت جماع کو قوت دیتا ہی اور درد پشت کو دفع
کرتا ہی **ص** انجیر آدھ پاؤ کم دو سیر سوا پاؤ کم پانچ سیر پانی مین پکاوین

کر چھٹانک کم سیر رہ جاوے بعد اسکے نخود سفید چھٹانک کم سیر سوا پاؤ کم پانچ سیر
پانی مین پکادین کہ ڈیڑھ چھٹانک کم ڈیڑھ سیر رہ جاوے دونون کو ہاتھ سے
ملین اور صاف کرکے ڈیڑھ چھٹانک کم ڈیڑھ سیر شہد خالص اضافہ فرمائین
بعدہ دارچینی کلیجن لونگ بالچھڑ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زعفران پونے دو ماشہ
تھیلی مین باندھکر اُسمین ڈالین اور جوش کرین کہ قوام شربت کا ہو جاوے
خوراک اسکی ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ ہی **شربت بنفشہ** ذات الجنب اور ذات الریہ اور
تپ اور کھانسی اور درد سر اور درد پردہ اور درد چشم کو نافع ہی پیشاب کو جاری کرتا ہی
سینہ کو نرم رکھتا ہی **ص** بنفشہ تازہ اڑھائی پاؤ جوش کرکے صاف کرین اور ساتھ قند سفید
چھٹانک کم سیر کے پکاکر شربت بنادین اور اگر بنفشہ تازہ میسر نہو سکے تو بنفشہ خشک بہت
جوش کرین **شربت نیلوفر** درد سر گرم اور صفراوی تپ اور کھانسی ذات الجنب اور ذات الریہ کو
نافع ہی **ص** نیلوفر کے پھول اڑھائی پاؤ ساتھ قند سفید چھٹانک کم سیر کے شربت تیار کرین
شربت عناب اور آبلہ اور حصبہ اور درد سینہ اور غلبۂ خون کو نافع ہی **ص**
عناب اڑھائی پاؤ آدھ پاؤ کم دو سیر پانی مین پکائین اور ہاتھ سے ملکر صاف کرین اور
قوام مین چھٹانک کم سیر قند سفید کے شربت تیار کرین **شربت گاوزبان** دلکو
قوت دیتا ہی سوداوی مزاج کو نہایت نافع ہی خفقان کو دور کرتا ہی **ص** گاوزبان تازہ
آدھی چھٹانک کم سیر ساتھ قند سفید آدھی چھٹانک کم سیر کے جوش کرین اور قوام کرکے
ساڑھے سات تولہ گلاب اُسمین ڈالین اور آگ سے اُتار لیوین اگر گاوزبان تازہ دستیاب
نہو سکے تو اڑھائی پاؤ گاوزبان خشک لیکر بنادین **شربت بادرنجبویہ** دلکو قوت
دیتا ہی خفقان سرد کو نافع ہی توحش سوداوی کو دور کرتا ہی **ص** بادرنجبویہ تازہ لیکر پانی اُسکا
آدھی چھٹانک کم آدھ سیر حاصل کرین اور قند سفید چھٹانک کم سیر مین شربت تیار فرمادین
اور اگر تازہ نہو اٹھارہ تولہ نو ماشہ خشک کافی ہی **شربت ہلیلہ** درد مفاصل اور تپ گرم کو

نافع ہی طبیعت کو نرم کرتا ہی صں زرد ہاڑ شتو عدد کچل کر ایک برتن مین رکھین اور پانی اسپر ڈال کر تین روز تک سورج کے نیچے رکھین پانی پہلا اور دوسرا باہم ملا دین اور ڈھائی پاؤ ترنجبین خراسانی اسمین حل کرکے صاف کرین اور آگ پر رکھکر قوام کرین بعد ہو جانے قوام کے آگ پر سے اُتار کر ساڑھے چار ماشہ سقمونیا اسمین داخل کرین **شربت ہچکی کو** دور کرتا ہی خصوص وہ ہچکی جو بسبب کھانا کھانے کے ہوتی ہی صں زیرہ کرمانی سونف رومی پودینہ کندر ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ آدھ پاؤ دو سیر پانی مین جوش کرین کہ آدھا رہ جاوے صاف کرکے گھونٹ گھونٹ نوش فرماوین **شربت ہلیون** ریگ گردہ اور مثانہ کو نافع ہی صں ہلیون آٹھ تولہ نو ماشہ آدھ پاؤ کم دو سیر پانی مین جوش کرین اور صاف کرکے چھٹانک کم سیر قند سفید مین شربت کرین **شربت بزوری** معدہ اور جگر کو نافع ہی ریاح توڑتا ہی مفاصل کو مفید ہی صں پوست کاسنی کی جڑ کا آٹھ تولہ نو ماشہ تخم کاسنی پوست سونف رومی کی جڑ کا ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ سونف اجمود کے بیج ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ تخم کشوث کپڑے مین باندھکر ساڑھے سترہ ماشہ جوش کرین اور صاف کرکے ڈیڑھ چھٹانک کم ڈیڑھ سیر قند مین شربت پکا دین **شربت ورد مکرر** مسہل صفرا ہی مرکب تپون کو مفید ہی صں گلاب کے پھول تازہ آدھی چھٹانک کم آدھ سیر ساڑھے آٹھ سیر پانی مین جوش کرین کہ ساڑھے چھ سیر رہ جاوے آدھی چھٹانک کم آدھ سیر اور تازہ پھول گلاب کے اسمین جوش کرین اور صاف کرین اسی طرح کئی مرتبہ یہانتک کہ کل پانی اُسکا چھٹانک کم سیر رہ جاوے اسی قدر یعنی چھٹانک کم سیر قند سفید ملا کر شربت تیار کرین اور آٹھ تولہ نو ماشہ سکنجبین اور پانی یخ یا برف کا شامل کرین **شربت توت** گلے کے درد اور خناق کو نافع ہی صں پانی کالے شہتوت کا صاف کرکے جوش کرین کہ آدھا رہ جاوے اوپر ہر سوا دو سیر اُس پانی کے آدھ پاؤ کم چودہ سیر قند سفید داخل کرکے شربت بنا دین **شربت انار شیرین** جگر کو قوت دیتا ہی پیاس بجھاتا ہی صں پانی میٹھے انار کا جوش کرین کہ آدھا رہ جاوے اوپر ہر چھٹانک کم سیر

اس پانی کے چھٹانک کم سیر قند سفید اضافہ کرکے قوام دیوین **شربت عنبر** درد معدہ اور
پٹھون کو فائدہ بخشتا ہی خفقان سرد کو دور کرتا ہی **صفت** شہد خالص آدہ پاو کم دو سیر پانی
آدہ پاو کم دو سیر مین جوش کرکے جھاگ اُتارین اور قوام کرکے عنبر زعفران ہر ایک ساڑھے
چار ماشہ پیسکر اُسمین ملاوین اور شربت تیار کرین خوراک ساڑھے سترہ ماشہ ہی **شربت مشک**
معدہ کو قوت دیتا ہی بلغمی بیماریون کو بہت فائدہ بخشتا ہی بوڑھون کو موافق ہی **صفت** شہد خالص
چھٹانک کم سیر آدھہ پاو کم دو سیر پانی مین پکاوین بعد قوام کے مشک زعفران ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ ڈالکر شربت بناوین خوراک ساڑھے تین ماشہ ہی **شربت** خون کے دستون کو
مفید ہی ضعف معدہ کو دور کرتا ہی **صفت** رب بہی شیرین کا گیارہ تولہ تین ماشہ گلنار فارسی
چھوٹی مائین آملہ صندل تخم مورد ہر ایک ساڑھے چار ماشہ گلاب اور قند سفید ہر ایک ساڑھے
سات تولہ بطریق مشہور کے شربت تیار کرین **شربت ابریشم** جگر اور دل اور احشا کو قوت دیتا ہی
اور سدہ کھولتا ہی استسقا اور تمام بیماریون سرد کو نافع ہی شہوت جماع کو بڑھاتا ہی فرحت
پیدا کرتا ہی **صفت** آبریشم چودہ تولہ سات ماشہ لوہارون کے پانی مین بھگو دیوین تین رات دن
بعد اُسکے پتھر کے دیگچہ مین جوش کرین کہ آدھا رہجاوے صاف کرکے کلیجن بچہ مصطگی ہر ایک
ساڑھے دس ماشہ پیسکر ملاوین اور ساتھ چھٹانک کم سیر قند سفید کے شربت بکاوین **شربت**
اسطوخودوس مرگی اور مالیخولیا اور درد سر اور تمام بیماریون دماغی کو کہ بسبب سردی
کے ہون فائدہ بخشتا ہی **صفت** اسطوخودوس بسفائج عود صلیب ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
ملٹھی گاوزبان سونف پوست اجمود کی جڑ کا تخم خطمی بنفشہ گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
مویز منقی لسوڑہ ہر ایک پندرہ عدد جوش کرین صاف کرکے چھٹانک کم سیر قند مین قوام دیکر
شربت بناوین **شربت مفاصل** پوست بیخ کبر پوست سونف کی جڑ کا ہر ایک ایک تولہ
ساڑھے دس ماشہ اجمود سونف رومی سونف دیسی اجوائن ماہیزہرہ سورنجان ہر ایک
دو تولہ گیارہ ماشہ پوست اجمود کی جڑ کا پانچ تولہ دس ماشہ قند سفید چھٹانک کم سیر

بطریق مشہور کے شربت تیار کرین **شربت اصول** مواد غلیظہ کو پکاتا ہی سدہ کھولتا ہی ریاح
توڑتا ہی سوء القنیہ اور استسقا اور تمام بیماریون سرد جگر اور معدہ کو نافع ہی ص پوست
سونف کی جڑ کا پوست اجمود کی جڑ کا پوست کاسنی کی جڑ کا ہر ایک پونے نو تولہ پوست
بیخ کبر چار تولہ ساڑھے چار ماشہ سونف اجمود تخم کاسنی ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ انجیر زرد
بیس عدد مویز منقی چالیس عدد شگوفہ اذخر بالچھڑ تگر سلیخہ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ شہد سفید
چھٹانک کم سیر موافق دستور کے شربت پکاوین **شربت گزر** درد پشت کو نافع ہی شہوت جماع
قوت دیتا ہی ص گاجر دھوئی ہوئی سر اور جڑ جدا کرین اور درمیان اسکا لیکر ٹکڑے ٹکڑے
کرکے پتھر کی دیگ مین ڈالدیوین اور پانی اسکے اوپر گراوین اور سر دیگ کا مٹی یا خمیر سے مضبوط
کرین کہ ابخرہ اسکے باہر نہ نکلین ملائم آگ پر پکاوین اور چند ساعت چھوڑ دیوین کہ سرد ہو جاوے بعد
اسکے منھ دیگ کا کھولکر ہاتھ سے خوب ملین اور پانی اسکا لیکر صاف کرین اور برابر وزن
اسکے شہد خالص ڈالین اور بالچھڑ کلیجن لونگ دارچینی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زعفران
پونے دو ماشہ سب کو کوٹ کر ایک تھیلی مین رکھکر اوپر اس دیگ کے ڈالین اور ہر لحظہ ہاتھ سے
ملتے رہین جوش کرکے قوام شربت کا تیار کرین **شربت انجبار** خون کے دستون کو مفید ہی
اور خون تھوکنے کو بھی نافع ہی خون حیض کو بند کرتا ہی معدہ اور جگر گرم کو قوت دیتا ہی
ص صندل سفید صندل سرخ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ انجبار دو تولہ ساڑھے سات ماشہ
اقاقیا نو ماشہ قند سفید آدھی چھٹانک کم آدھ سیر بطریق مشہور کے شربت تیار کرین **شربت
حب الآس** جو عدیگر تخم مورد نو ماشہ آملہ مقشر ساڑھے چار ماشہ پوست بیخ انجبار گلنار
گل سرخ جو کے بیج ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ آب شیرین و اور گلاب ہر ایک ساڑھے سات تولہ
شربت صندل گیارہ تولہ تین ماشہ بدستور مشہور بناوین **شربت** واسطے مالیخولیا اور سوداوی
بیماریون کے نافع ہی ص کاسنی کے بیج تخم فرنجمشک تخم بادرنجبویہ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ گاؤزبان
ساڑھے دس ماشہ بادرنجبویہ دو تولہ سوا دو ماشہ ایرسا پونے نو ماشہ ابسی ساڑھے سترہ ماشہ

سونف بسفائج ہر ایک ایک تولہ چھ وزن سب دواؤن کے گلاب اور دو وزن سیب اون کے
پانی میٹھے سیب مین جوش کرین کہ ایک تہائی رہ جاوے چھٹانک کم سیر قند سفید کا قوام دیکر
شربت تیار کرین **شربت قند** بلغم کو دفع کرتا ہی اور سرد مزاج والون کو موافق ہی ص سعد کوفتہ
دارچینی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ چھوٹی الایچی بڑی الایچی ہر ایک سات ماشہ لونگ
ساڑھے تین ماشہ سب دواؤن کو کچل کر آدھی چھٹانک سوا تین سیر پانی مین جوش کرین
کہ سوا دو سیر رہ جاوے سوا پاو کم پانچ سیر قند سفید مین قوام دیکر شربت تیار کرین اور
اوپر اسکے زعفران پونے دو ماشہ پیسکر ملاوین **شربت عسل** معدہ اور جگر کو گرم کرتا ہی
ص بالچھڑ اور مصطگی دارچینی بڑی الایچی اگر خام چھوٹی الایچی جائفل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
لونگ پونے دو ماشہ سب دواؤن کو کچل کر ڈیڑھ چھٹانک کم ڈیڑھ سیر پانی مین جوش کرین
کہ چھٹانک کم سیر رہ جاوے صاف کرکے چھٹانک سوا دو سیر شہد خالص مین قوام کرکے
شربت بناوین **شربت** واسطے دفع خمار کے بے نظیر ہی ص آلو بخارا املی بیدانہ ہر ایک
آدھی چھٹانک کم آدھ سیر عناب ولایتی پچاس دانہ تین چھٹانک کم تین سیر پانی مین
جوش کرین کہ چھٹانک کم سیر رہ جاوے صاف کرکے پانی انار ترش پانی انار شیرین
پانی سیب پانی لیمون کاغذی ہر ایک آدھی چھٹانک کم آدھ سیر اضافہ کرین اور قند سفید چھٹانک
کم سیر مین قوام دیوین **شربت غنچوش** جلد منزل ہونے کو نافع ہی امساک بہت کرتا ہی
ص پانی انگور خام کا تین چھٹانک کم تین سیر مازو گلنار گلاب کے پھول دھنیا خشک
کندر صعتر موتھا ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ زعفران مرکی پھٹکری ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
خبث الحدید سوا گیارہ تولہ جوش کرین کہ تہائی پانی باقی رہے صاف کرکے استعمال کرین
شراب دار و سخت اعضاے رئیسہ کو قوت دیتی ہی نسیان اور امراض بلغمی اور سوداوی کو
نافع ہی شہوت جماع کو قوت دیتی ہی بوڑھون کو موافق ہی ص پانی انگور کا دو من پونے
چودہ سیر ہی شیرین تین چھٹانک کم تین سیر سیب صفہانی آدھ پاو کم دو سیر گلاب

آدھی چھٹانک کم آدھ سیر پانی خالص اڑھائی پاؤ کم دس سیر دارچینی لونگ مصطگی بالچھڑ کباب چینی چھوٹی الائچی کلیجن ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اگر خام جاوتری چھڑیلا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ زعفران نو ماشہ مشک سوا دو ماشہ عنبر ساڑھے چار ماشہ سیب اور بہی کو انگور کے پانی مین جوش کرین کہ گہرا ہو جاوے بعد اسکے کھینچین اور صاف کرین مشک اور زعفران اور عنبر کو گلاب مین حل کر کے اضافہ کرین اور دوائین کچل کر ہر ایک تھیلی مین رکھکر بروقت جوش کرنے دیگ مین ڈال دین اور ہاتھ سے ملین کر شیرہ چھوڑ دیوے جسوقت شیرہ انگور کو خم مین ڈالین تھیلی کو بھی خم مین ڈال کر بعد چھ مہینے کے استعمال کرین **شراب الخبث الحدید** معدہ کو قوت دیتی ہی ہاضمہ کو قوی کرتی ہی رنگ نکھارتی ہی ریاح بواسیر کو نافع ہی ص اجمود سونف زیرہ کرمانی سونف رومی اجواین الخجوان صعتر کاشم کرویا دھنیا کالی مرچ پیپل کندر دارچینی بالچھڑ تج جایفل ہالون تخم پیاز موتھا سونٹھ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ خبث الحدید پونے چار تولہ چھ وزن دوائی کے شراب مین جوش کرین کہ آدھی رہ جاوے صاف کر کے نگاہ رکھین ہر روز پونے نو تولہ نوش کرین **شراب ریحانی** نسیان اور بلغمی بیماریون کو نافع ہی معدہ کو قوت دیتی ہی بوڑھون کو موافق ہی ص شیرہ انگور دو من پونے چودہ سیر خم مین ڈال کر ڈیڑھ پاؤ کم چھ سیر قند سفید اضافہ کرین بعد اسکے دارچینی لونگ جاوتری جایفل ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ سب کو کوٹ کر ایک تھیلی مین رکھین اور خم مین ڈال کر منہ اسکا بند کر دیوین بعد چھ مہینے کے استعمال کرین مگر چاہیے کہ خم کو پہلے خوب دھولیوین اور اندر اسکے موم گلا کر پھرا دیوین اور مشک اور عنبر سے خوشبودار کر دیوین **شراب** معدہ اور دل کو قوت دیتی ہی اور بیماریون سودای اور بلغمی کو نافع ہی ص سیب کا پانی ڈیڑھ چھٹانک کم ڈیڑھ سیر پانی بہی شیرین سوا چھٹانک کم سیر تھپر کی دیگ مین ڈال کر لونگ سوا پانچ ماشہ اگر خام سات ماشہ گاوزبان بادرنجبویہ گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر تھیلی مین رکھکر دیگ مین

ڈالین اور ساتھ پانی کے جوش کرین کہ آدھی رہ جاوے خم مین ڈال کر شراب انگور
آدھ پاؤ کم دو سیر قند سفید آدھی چھٹانک کم آدھ سیر اوپر اسکے اضافہ کرکے منہ خم کا
بند کرین اور بیس روز تک سورج کے نیچے رکھین اور بعد اسکے صاف کرکے نوش فرماوین

شیاف احمر لین سلاق اور غلظ اجفان اور رمد کو نافع ہی **ص** شادنج عدسی
مغسول دو تولہ گیارہ ماشہ تانبا جلا ہوا دو تولہ چار ماشہ مونگے کی جڑ موتی بلاسوراخ
تیج پات ہر ایک چودہ ماشہ گوند ببول کا کتیرا مرکی ہر ایک سات ماشہ دم الاخوین زعفران
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر شیاف کرین **شیاف احمر حار** سبل اور ناخنہ
اور سلاق اور بیاض کو نافع ہی **ص** شادنج مغسول پونے دو تولہ گوند ببول کا ساڑھے
سترہ ماشہ تانبا جلا ہوا پھٹکری جلی ہوئی ہر ایک سات ماشہ افیون ایلوا ہر ایک پونے دو ماشہ
زنگار پونے نو ماشہ زعفران مرکی ہر ایک چھ رتی سوا دو چاول کوٹ کر چھان کر شیاف کرین

شیاف اخضر جرب اور سبل اور بیاض کو نافع ہی **ص** زنگار ساڑھے دس ماشہ
اقلیمیا نقرہ اشق گوند ببول کا سفیداب ارزیز ہر ایک سات ماشہ گوند ببول کا اشق
تلی کے پانی مین گھولین اور دواؤن کو کوٹ کر کپڑے مین چھان کر انمین گوندھین اور
شیاف کرین **شیاف دینرج** کمنہ اور جرب اور سبل اور سلاق اور شعر زائد کو نافع ہی
ص زنگار پونے دو تولہ گوند ببول کا اشق ہر ایک چودہ ماشہ اقلیمیا نقرہ اقلیمیا طلا
افیون ہر ایک سات ماشہ مازو ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر تلی کے پانی مین گوندھین
اور شیاف کرین **شیاف طرفیطون** کمنہ اور جرب اور سلاق اور استرخا پلک
اور سبل کو نافع ہی **ص** شادنج مغسول ساڑھے تین تولہ گوند ببول کا زنگار قلقطار جلا ہوا
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ تانبا جلا ہوا چودہ ماشہ افیون زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ساتھ پانی سونف کے گوندھین
اور شیاف کرین **شیاف ابیض افیونی** رمد گرم کو نافع ہی اور درد سخت کو ساکن اور حسن تام ہی **ص** سفیداب ارزیز دو تولہ
چار ماشہ گوند ببول کا ساڑھے سترہ ماشہ افیون کتیرا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مرغ کے انڈے کی

سفیدی مین گوندھ کر شیاف کرین **شیاف انزروتی** ابتدائے رمد کو نافع ہی
صفت سفیداب ارزیر دو تولہ چار ماشہ انزروت پلا ہوا گدھی کے دودھ مین کتیرا ہر ایک
چودہ ماشہ مرغ کے انڈے کی سفیدی مین گوندھ کر شیاف کرین **شیاف گل سرخ**
منقول ہی محمد زکریا سے ورم ملتحمہ کو نافع ہی اور تیزی اُسکی کمتر تیزی شیاف ابیض سے ہی
سبکترین شیافات کا شیاف وردی صفت گلاب کے پھول ڈیڑھ تولہ زعفران
سفیداب ارزیر ہر ایک نو ماشہ افیون گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے چار ماشہ بدستور شیاف کرین
شیاف بریوما یہ شیاف ورم ملتحمہ کو ایک دن مین اصلاح پر لاتا ہی صفت شیاف مامیثا
انزروت مربی ہر ایک دو تولہ چار ماشہ زعفران سات ماشہ افیون پونے دو ماشہ
کتیرا ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر کپڑے مین چھان کر مینھ کے پانی مین گوندھ کر شیاف کرین
اور مرغ کے انڈے کی سفیدی کے ساتھ آنکھ مین کھینچین **شیاف بریوما بقسم**
پہلی سے ہی ورم ملتحمہ کو نافع ہی سرخی آنکھ کی دور کرتا ہی درد کو تسکین دیتا ہی صفت اقلیمیا نقرہ
وروی سوختہ ساڑھے تیرہ ماشہ افیون زعفران ہر ایک ساڑھے چار ماشہ کوٹ کر اور
کپڑے مین چھان کر مرغ کے انڈے کی سفیدی مین گوندھ کر شیاف تیار کرین **شیاف قیصر**
ناخنہ اور گوشت زائد کو نافع ہی صفت شادنج مغسول ساڑھے تین تولہ گوند ببول کا تانبا
جلا ہوا ہر ایک پونے دو تولہ زنگار ہر ایک سات ماشہ سونف کے پانی مین گوندھ کر شیاف
کرین **شیاف فلسفی** ریاح کو پراگندہ کرتا ہی اور ورم ملتحمہ کو دور کرتا ہی صفت تانبا جلا
ساڑھے دس ماشہ اقاقیا سات ماشہ کتیرا گوند ببول کا بالچھڑ زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
سونف کے پانی مین شیاف کرین **شیاف اسود** آنکھون مین کھینچنا اور لیپ کرنا
اس شیاف کا تنقیہ ہی واسطے ریاح کے جو پلکون اور آنکھون مین بھری ہوئی ہون صفت
تانبا جلا ہوا افیون سوا پانچ ماشہ زعفران شیاف مامیثا ہر ایک پونے دو ماشہ موتی بلا سوراخ
مونگے کی جڑ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ اقاقیا ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر چھان کر مینھ کے

پانی مین شیاف کرین **شیاف ابیض** کندری قرحہ اور سدۂ غلیظہ کو نافع ہی
نسخہ سفیداب ارزیر دو تولہ چار ماشہ افیون انزروت پلا ہوا کتیرا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
گوند ببول کا چودہ ماشہ کندر پونے دو ماشہ مینھ کے پانی مین شیاف کرین **شیاف آبار**
قرحہ اور سوء مزاج کو نافع ہی حرارت کو بجھاتا ہی صں اقلیمیا رطلا سفیداب ارزیر تانبا جلا
سرمۂ صفہانی گوند ببول کا کتیرا اسرب یعنی سیسہ جلا ہوا ہر ایک دو تولہ چار ماشہ مرکی افیون
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مینھ کے پانی مین شیاف کرین **شیاف آبار نوع دیگر**
منفعت اسکی قریب منفعت اول کے ہی صں آبار جلا ہوا سرمۂ اصفہانی توتیا تانبا جلا
کتیرا گوند ببول کا ہر ایک پونے دو تولہ افیون پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر شیاف کرین
اور بعضون نے اقلیمیا رطلا سفیداب ارزیر ہر ایک پونے دو تولہ کندر چودہ ماشہ اضافہ کیا ہی
شیاف کہ ابتدائے نزول الماء کو نافع ہی صں نمک سنگی سفید دو تولہ دس ماشہ کالی مرچ
ایک تولہ پانچ ماشہ اشق ساڑھے تین ماشہ مولی کے پانی مین شیاف کرین **شیاف**
روشنائی جرب اور ناخنہ اور انتشار اور ابتدائے نزول کو نافع ہی صں اقلیمیاء نقرہ
اقلیمیا رطلا موتی بلا سوراخ ہر ایک سات ماشہ کافور مشک ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول
باریک پیسکر مینھ کے پانی مین شیاف کرین **شیاف اصفر** ابتدائے نزول اور تاریکی
چشم کو نافع ہی صں انزروت پلا ہوا شیاف مامیثا ہر ایک دو تولہ چار ماشہ مرکی جو کھا
مرچ سفید ہر ایک چودہ ماشہ ہرتال زرد سات ماشہ زعفران سوا پانچ ماشہ کوٹ کر
چھان کر شیاف کرین **شیاف اصفر نوع دیگر** زرد توتیائے ہندی ہر ایک
ساڑھے سترہ ماشہ مرچ سفید گوند ببول کا ہر ایک ایک تولہ زعفران ساڑھے تین ماشہ
سونف کے پانی مین شیاف کرین **شیاف کندر** قرحہ اور بثرہ کو نافع ہی گوشت
جماتا ہی صں اشق انزروت ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کندر دو تولہ گیارہ ماشہ زعفران
سات ماشہ اشق کو میتھی کے لعاب مین گھولین اور باقی دواؤن کو اسمین گوندھین اور شیاف کرین

شیاف سماق جرب اور خارش اور سوزش اور تحجّر کو نافع ہی ص سماق گیارہ تولہ تین ماشہ مینھ کے پانی مین بھگاوین اور چھانین اور پھر جوش کرین کہ گاڑھا ہو جاوے تھوڑی دیر رکھکر نتھرا لین بعد اُسکے دو تولہ گیارہ ماشہ سفیداب ارزیز اُسمین گوندھین اور شیاف تیار کرین اور بعض مجربین سماق کا پانی جوش کرتے ہین یہانتک کہ گاڑھا ہو جاتا ہی گرد سماق اُسمین گوندھ کر شیاف تیار کرتے ہین **شیاف وردی** آنکھ کے درد کی شدت کو فوراً دور کرتا ہی ص گلاب کے پھول چار تولہ ساڑھے چار ماشہ زعفران دو تولہ چار ماشہ افیون دو تولہ گیارہ ماشہ بالچھڑ سات ماشہ گوند ببول کا ساڑھے تین ماشہ مینھ کے پانی مین شیاف کرین **شیاف دینار** سبل رقیق کو مفید ہی ص ہلدی شادنج مغسول ایلوا شیاف مامیثا برابر کوٹ کر چھان کر مینھ کے پانی مین شیاف کرین **شیاف وردی** آنکھ کے درد کی شدت کو اُسی وقت تسکین دیتا ہی ص گلاب کے پھول چار تولہ ساڑھے چار ماشہ زعفران دو تولہ چار ماشہ افیون دو تولہ گیارہ ماشہ بالچھڑ سات ماشہ گوند ببول کا ساڑھے تین ماشہ مینھ کے پانی مین شیاف کرین **شیاف اسود نوع دیگر** ورم ملتحمہ اور آنکھ کی سوزش کو نافع ہی اور سبل جو بسبب حرارت کے ہو مفید ہی اور آنسو بہنے کو روکتا ہی ص اقلیمیا، طلا سفیدہ کاشغری گوند ببول کا افیون ہر ایک چودہ ماشہ ترمس سوختہ بالچھڑ نشاستہ ہر ایک سوا پانچ ماشہ اقاقیا دھویا ہوا سات تولہ کوٹ کر چھان کر اور بعضے کے پانی مین گھس کر مکوہ کے عرق مین شیاف کرین **شیاف اصطمطیقان** استرخا پلک و تاریکی چشم اور ابتداء نزول کو نافع ہی ص اقلیمیا طلا کالی مرچ افیون ہر ایک چودہ ماشہ گوند ببول کا شیاف مامیثا ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ انزروت نمک ہندی ہرتال زرد ہر ایک ساڑھے تین ماشہ جوکھار دو تولہ گیارہ ماشہ سونف کے پانی مین شیاف کرین **شیاف** جرب اور غلظ پلک اور سبل کہنہ کو کہ بسبب حرارت کے ہووے مفید ہی اور سرخی اور سفیدی اور تاریکی آنکھ کی دور کرتا ہی ص اقلیمیا، نقرہ افیون ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سفیدہ کاشغری

گوند ببول کا زنگار اشق ہر ایک سات ماشہ جس پانی مین کہ اشق گھولا ہوا ہو شیاف تیار کرین
شیاف ابتداے رمد کو نافع ہی درد کو تسکین دیتا ہی اور خواب لاتا ہی صں شیاف باحبا
دو تولہ زعفران افیون رسوت گوند ببول کا ہر ایک سات ماشہ کتیرا انزروت ہر ایک چودہ ماشہ
قند بید ستر ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر شیاف کرین شیاف آنکھ کے قرحہ کو خشک
کرتا ہی اور گوشت نیک پیدا کرتا ہی صں سفیدہ کاشغری دو تولہ گیارہ ماشہ کندر انزروت
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ افیون پونے دو ماشہ کافور آٹھ رتی تین چاول کوٹ کر چھان کر شیاف
کرین شیاف زنگاری جرب اور ریاح سبل کو نافع ہی صں گوند ببول کا سفیدہ ارزیر
زنگار برابر وزن تتلی کے پانی مین شیاف کرین شیاف غورہ جرب اور خارش
خشک آنکھ کی دور کرتا ہی اور کمنہ کو نافع ہی صں سونٹھ ساڑھے سترہ ماشہ زردچوب گوند ببول کا
توتیا دھویا ہوا ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ رسوت چودہ ماشہ ہلدی زعفران ہر ایک سات ماشہ
انگور خام کے پانی مین شیاف کرین شیاف غرب غرب آنکھ کے ناصور کو کہتے ہین
صں ایلوا کندر گلنار انزروت سرمہ اصفہانی پھٹکری ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زنگار چھ رتی
سوا دو چاول گلاب مین پیس کر شیاف کرین اور سوراخ میل سے پاک کر کے ٹپکاوین
شیاف ورد قرحہ اور بثرہ اور سور سرج اور نتوء قرنیہ اور عنبیہ اور کمنۃ المدہ کو نافع ہی
اور پرانے ورم ملتحمہ کو مفید ہی صں گلاب کے پھول ستائیس تولہ اقلیمیا نقرہ جلا ہوا دھویا ہوا
گوند ببول کا ہر ایک نو تولہ زعفران دو تولہ تین ماشہ افیون سرمہ ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ
زنگار برادہ تانبے کا بالچھڑ ہر ایک نو ماشہ مر صافی ڈیڑھ تولہ کوٹ کر چھان کر مینھ کے پانی مین
شیاف کرین شیاف دینارجون رمد سوداوی کو نافع ہی صں سفیدہ کاشغری
اقلیمیا ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ افیون نشاستہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ انزروت سوا پانچ ماشہ
کوٹ کر چھان کر شیاف کرین شیاف آبار بنوع دیگر اقلیمیا طلا توتیا سرمہ سفیدہ
کاشغری جست سوختہ کندر ہر ایک سات ماشہ دم الاخوین افیون ہر ایک ساڑھے تین ماشہ

انزروت سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر شیاف کرین **شیاف کندر** قرحہ اور بثور کو نافع ہی **ص** اشق انزروت ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کندر دو تولہ گیارہ ماشہ زعفران سات ماشہ میتھی کے لعاب مین شیاف کرین **شیاف قلقطار** ناخنہ کو نافع ہی **ص** جست سوختہ ساڑھے سترہ ماشہ زنگار سات ماشہ نوشادر قلقطار جو اکھا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ہرتال سرخ پونے دو ماشہ سرکہ مین گوندھین اور سات روز نگاہ رکھین بعد اسکے شیاف کرین **شیاف مرطرفہ** کو نافع ہی **ص** مرکی کندر زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ہرتال سرخ پونے دو ماشہ شیاف کرین اور ساتھ پانی دھنیا تازہ کے آنکھ مین ٹپکاوین **شیاف مرارات** انتشار و ابتدا نزول کو نافع ہی **ص** پتہ کلنگ کا پتہ مارماہی کا پتہ بکری پہاڑی کا پتہ باز کا پتہ عقاب کا پتہ چکور کا سبکو خشک کر کے شحم حنظل سکبینج فرفیون ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سونف کے پانی مین شیاف کرین **شیاف مرارات نوع دیگر** ضعف بینائی اور ابتداے نزول کو مفید ہی **ص** پتہ جرہ کا پتہ کوے کا پتہ سیمرغ کا پتہ لومڑی کا پتہ مارماہی کا سکھا برابر وزن سونف کے پانی مین شیاف کرین **شیاف مرارات نوع دیگر** پتہ کلنگ کا پتہ مرغی کا پتہ چکور کا پتہ بھیڑیے کا پتہ بکری پہاڑی کا پتہ جرہ کا پتہ گورخر کا پتہ کبوتر کا پتہ تیتر کا پتہ لقلق کا پتہ سمور کا پتہ لومڑی کا پتہ خرگوش کا پتہ ہرن کا پتہ مچھلی کا ہر ایک خشک کیے ساڑھے تین ماشہ سکبینج فرفیون شحم حنظل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سکبینج کو سونف کے پانی مین گھولین باقی اور دوائیان اسمین گوندھین اور شیاف کرین **شیاف** کہ قائم مقام مرارات کے ہی **ص** پتہ بکری پہاڑی کا تانبہ کے برتن مین سوکھا کر دو تولہ گیارہ ماشہ شحم حنظل پونے دو ماشہ سکبینج سات ماشہ فرفیون نوشادر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ تلی کے پانی مین یا سونف کے پانی مین شیاف کرین **شیاف علامی** حکہ و جرب و سلاق اور آنکھ کی تاریکی کو نافع ہی اور سبل اور ناخنہ اور خشونت پلک کو مفید ہی **ص** نیلہ تھوتھا دھویا ہوا مامیران چینی شیاف ماشا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ بیل سونٹھ ممند رجھاگ

رسوت پوست زردو ہڑ کا تیج پات ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کتیرا گوند ببول کا ہر ایک
نو ماشہ انگور خام کے پانی مین شیاف کرین **شیاف حلتیت** خیالات اور ابتداء
نزول کو نافع ہی **ص** ہینگ کنگی سفید ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ سکبینج ساڑھے دس ماشہ
شہد مین گوندھکر شیاف کرین **شیاف دینار جون نوع دیگر** سبل اور ناخنہ اور
جرب کو نافع ہی آنکھ کو جلا دیتا ہی **ص** اقلیمیا رطا سفید ہ کاشغری ہر ایک دو تولہ گیارہ
کتیرا مرکی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ موتی بلا سوراخ مونگے کی جڑ دم الاخوین ہر ایک
چودہ ماشہ ہرتال سرخ مصری اقاقیا ہر ایک پونے دو ماشہ افیون دو تولہ زعفران نشاستہ
جست جلا ہوا ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر سونف کے پانی مین شیاف کرین **شیاف**
جرب اور سبل اور گوشت زائد کو نافع ہی **ص** تیج پات پونے دو تولہ گوند ببول کا ساڑھے
سترہ ماشہ زنگار سادہ دس ماشہ تانبا جلا ہوا قلقطار جلی ہوئی ہر ایک سات ماشہ
افیون مرکی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زعفران پونے دو ماشہ پانی سرد مین شیاف کرین
شیاف دیگر یہی خاصیت رکھتا ہی **ص** زنگار ساڑھے دس ماشہ سفیدہ کاشغری
اقلیمیا نقرہ گوند ببول کا اشق ہر ایک ساڑھے سات ماشہ اشق کو تتلی کے پانی مین
حل کرین اور باقی دواؤن کو کوٹ کر چھان کر اسمین گوندھین اور شیاف کرین
شیاف کہ بثرہ اور قرحہ کو مفید ہی اور نشان قرحہ کا دور کرتا ہی **ص** شاخ گوزن
سیسہ جلا ہوا اور دھویا ہوا ہر ایک چودہ ماشہ برادہ تانبے کا دھویا ہوا سات ماشہ گوند ببول کا افیون
ساڑھے تین ماشہ شیاف کرین **شیاف مسہل** قے نہین کھوتا ہی صفرا اور بلغم کو دفع کرتا ہی اور درد پشت کو
نافع ہی **ص** سکبینج گوگل جاؤشیر اشق نمک ہندی شحم حنظل جوا کھار سقمونیا نسوت حب النیل
برابر وزن گوند کی قسم کی دواؤن کو تتلی کے پانی مین گھولین اور باقی اجزا کو کوٹ کر
چھان کر اسمین گوندھین اور شیاف کرین ہر ایک سات ماشہ **شیاف** کہ درد پشت کو
نافع ہی اور جوڑون کے درد کو جو بسبب سردی اور بلغم کے عارض ہو مفید ہی **ص** سکبینج

شیاف ... جاوشیر گوگل جوا کھار اشق سونٹھ سورنجان تھ قاقلہ شیم حنظل تخم اجمود ھو نف دیسی سونف رومی
نمک ہندی انزروت جند بیدستر زرکچور کٹ موتھا ماہی زہرہ تلی خشک برابر کوٹ کر چھان کر
تلی تازہ کے پانی مین گوندھین اور شیاف کرین **شیاف دیگر** درد پشت اور ریاح
اور جوڑون کے درد کو نافع ہے صں سکبینج جاوشیر گوگل گندہ بیروزہ تخم حنظل انزروت ماہی زہرہ
جوز بوا ہر ایک سوا پانچ ماشہ سورنجان قسوت ہر ایک ساڑھے دس ماشہ جند بیدستر پونے دو ماشہ
گندنا کے پانی مین شیاف کرین **شیاف زحیر** پیچش کو مفید ہے صں زعفران رسوت مرکی کندر
برابر وزن کوٹ کر چھان کر شیاف کرین **شیاف خیارشنبر** املتاس کا شیاف
قولنج کھولتا ہے معدہ کو ملائم اور نرم کرتا ہے صں بنفشہ سات ماشہ خطمی ساڑھے دس ماشہ
سنا مکی ساڑھے سترہ ماشہ نمک ہندی ساڑھے تین ماشہ شہد خالص املتاس شکر خام
ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ شیاف کرین **شیاف بنفشہ** یہی خاصیت رکھتا ہے صں
بنفشہ ساڑھے سترہ ماشہ سقمونیا نمک ہندی ہر ایک سات ماشہ جوا کھار نسوت ہر ایک
ساڑھے دس ماشہ قراقروت بتاسہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ **شیاف** دوی اور طنین
کہ بسبب ریاح غلیظہ کے ہو مفید ہے اور درد بلغمی کان کا دور کرتا ہے اور طرش کو کہ بسبب خلطون
غلیظہ کے ہو دفع کرتا ہے صں تخم حنظل ساڑھے سترہ ماشہ جوا کھار ساڑھے دس ماشہ جند بیدستر
زراوند مدحرج افشردہ افسنتین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ فرفیون چھ رتی سواد و چاول
کوٹ کر چھان کر گائے کے پتہ مین گوندھین اور شیاف کرین بروقت حاجت کے ایک اس مین سے
روغن تلخ مین حل کر کے کان مین ٹپکاوین **شیاف قولنج** جوا کھار دو تولہ گیارہ ماشہ تخم حنظل
گوگل سکبینج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سقمونیا پونے نو ماشہ شکر سرخ دو تولہ گیارہ ماشہ شیاف کرین
شیاف فرفیون ضعف مثانہ اور سلسل بول اور فتق کو نافع ہے صں نارجیل تخم صنوبر
حب المحلب بستشر مغز بادام تلخ کرم دانہ حب الزلم ہر ایک سات ماشہ فرفیون جند بیدستر تلی
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گوگل دو تولہ گیارہ ماشہ گندنا کے پانی مین شیاف کرین **شیاف**

کہ شہوت جماع کو بہت فائدہ بخشتا ہے ص ہینگ فرفیون ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
مشک پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر شیاف کرین شیاف دیگر یہی خاصیت رکھتا ہے
ص پتہ سوسمار کا پتہ بھیڑیے کا بنولہ عاقرقرحا برابر کوٹ کر چھان کر روغن بالچھڑ مین
شیاف کرین شیاف استسقاء طبلی کو نافع ہے ریاح کو دفع کرتا ہے ص تلی
حرمل سونف دیسی تخم اجمود نسوت جواکھار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ شکر سرخ ساڑھے
سترہ ماشہ تلی کے پانی مین شیاف کرین شیاف دیگر بواسیر کے خون کو باز رکھتا ہے
ص کندر انزروت دم الاخوین گلنار سرمہ پھٹکری سفید ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
زنگار چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین اور شیاف کرین شیاف
کہ یہی خاصیت رکھتا ہے ص اقاقیا ریش برگد گلنار گیرو ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
ودع سوختہ سفیدہ کاشغری ہر ایک پونے دو ماشہ بارتنگ کے پانی مین گوندھ کر
شیاف کرین شیاف کہ یہی عمل کرتا ہے ص افشردہ ریش برگد اقاقیا جفت بلوط
دم الاخوین ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سیپ جلی ہوئی مرکی سفیدہ کاشغری ہر ایک
پونے دو ماشہ بارتنگ کے پانی مین شیاف کرین شیاف کہ بعد مسہل کے
استعمال کرین اگر دستون مین کچھ قصور رہ گئے گرم مزاج کو موافق ہے ص ترنجبین ساڑھے
سترہ ماشہ صابون خطمی نمک طعام ہر ایک سات ماشہ شکر سرخ ساڑھے سترہ ماشہ
شیاف کرین شیاف کہ خون کے دستون کو نافع ہے ص مرکی اقاقیا اجواین
خراسانی گلنار بڑی مائین بلوط چاول بھونے ہوئے جوار بھونی ہوئی کوٹ کر چھان کر
شیاف کرین شیاف پیچش اور خون کے دستون کو نافع ہے ص گوند ببول کا
اقاقیا افیون مازو اجواین خراسانی کندر گیرو چاول بھونے ہوئے برابر کوٹ کر چھان کر
ہرے دھنیا کے پانی مین شیاف کرین شیاف عذیوط آقاقیا آملہ گلنار گوند ببول
کوٹ کر چھان کر مورد کے پانی مین گوندھین اور شیاف کرین پہلے مجامعت کے استعمال فرماوین

شیاف چھوٹے چھوٹے کیڑون کو جو بچون کی آنتون مین ہوتے ہین نکالتا ہی ص شحم حنظل قنطوریون نمک ہندی مغز استخوان زردآلو برابر کوٹ کر چھان کر شیاف کرین

باب الصاد المهملہ

صبغ چھیپ سفید کو ہمرنگ بدن کے کردیتا ہی ص مولی کے بیج چیتہ مجیٹھ کندش رائی کوٹ کر چھان کر پرانے سرکہ مین تر کرین اور سورج کے نیچے بیٹھکر ملین صبغ برص کو رنگین کرتا ہی ص مرمکی شورہ قلمی پھٹکری مجیٹھ کوٹ کر چھان کر شراب کی گاد مین تر کرین اور چند مرتبہ ملین صبغ دوسرا یہی خاصیت رکھتا ہی ص چیتہ عاقرقرحا سوت رائی کالونجی گل لالہ ہرتال زرد مجیٹھ برابر کوٹ کر چھان کر بکری کے خون مین گوندھین اور ملین صبغ دیگر یہی خاصیت رکھتا ہی ص چیتہ مجیٹھ نیل پھٹکری گلاب کے پھول کوٹ کر چھان کر ایک رات دن سرکہ مین بھگو دیوین دوسرے دن ملین صبغ دیگر کالی چھیپ کو دور کرکے جلد ہمرنگ جسم اصلی کے کردیتا ہی ص مولی کے بیج دو تولہ گیارہ ماشہ کندش کٹ ہر ایک سات ماشہ پرانے سرکہ مین ملین صبغ رنگ کو سرخ کرتا ہی ص زعفران مجیٹھ کندش مرمکی مصطگی برابر کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی ملبوس کے تر کرکے رات کو ملین اور صبح کو گرم پانی سے دھو دین صبغ کہ نشان آبلہ اور زخمون کا مٹاکر ہمرنگ جسم کے کرتا ہی ص مردارسنگ دھویا ہوا جڑ پرانے تل کی آٹا نخود کا چاول پرانی ہڈیان مغز خربزہ کے بیج کا بکاین کے بیج کٹ کوٹ کر چھان کر میتھی اور السی کے لعاب مین رات کو ملین اور صبح کو پانی گرم اور بھوسی گیہون سے دھووین صبغ دیگر یہی خاصیت رکھتا ہی ص بیخ سوسن آسمانگونی کٹ مردارسنگ دھویا ہوا شاخ گوزن سوختہ جوکھار اشق آش جو مین ملاکر شیاف کرین

باب الضاد المعجمہ

ضماد الطین طحال کی سختی کو مفید ہی ص گوگل سات ماشہ اشق ساڑھے تین ماشہ آٹا باقلا مثر نخود اکلیل الملک میتھی بابونہ ترمس بالچھڑ السی ہر ایک پونے دو ماشہ انجیر زرد سات تولہ کوٹ کر

چھانکر روغن بابونہ مین ضماد کرین ضماد معدہ اور جگر کی سختی اور ورم کو نافع ہی ص
زعفران ایلوا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ افسنتین بالچھڑ ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر
پانی گرم مین ضماد کرین ضماد حی العالم واسطے حرارت اور ورم جگر کے نافع ہی ص بنفشہ
ڈیڑھ تولہ حی العالم گلاب کے پھول صندل سفید ہر ایک چودہ ماشہ میٹھا جراتیہ نو ماشہ
کافور ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر ہرے دھنیا کے پانی مین ضماد کرین ضماد دیگر ورم جگر کو
نافع ہی ص جو ساڑھے سترہ ماشہ سرکہ مین بھگو دین کہ مہرا ہو جاوے بنسلوچن سفید چھالیہ
ہر ایک پونے دو ماشہ افسنتین رومی گلاب کے پھول میٹھا جراتیہ صندل سفید نشاستہ مامیثا
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کافور چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر لتہ کتان پر رکھکر
موضع جگر پر رکھین ضماد شوصہ بنفشہ بھوسی گیہون کی آٹا جو کا آٹا باقلا کا خطمی اکلیل الملک
برابر وزن کوٹ کر چھان کر روغن بنفشہ و بادام مین ضماد کرین ضماد مسیل السی میتھی ہر ایک
دو تولہ گیارہ ماشہ سلارس چودہ ماشہ موم سفید پانچ تولہ دس ماشہ ساتھ روغن چنبیلی کے
ضماد کرین ضماد دستون کو بند کرتا ہی ص اقاقیا مرکی آملہ کندر موتھا اذخر بالچھڑ مصطگی
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کعک دو تولہ گیارہ ماشہ کوٹ کر چھان کر بہی کے پانی مین ضماد کرین
ضماد معدہ سرد کو گرم کرتا ہی اور قوت دیتا ہی ص موتھا مصطگی بالچھڑ کٹ افسنتین رومی
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اذخر آملہ لونگ دارچینی میٹھا جراتیہ ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر
چھان کر بہی کے پانی مین ضماد کرین ضماد ورم پرانے معدہ کو تحلیل کر دیتا ہی ص
بکائن کے بیج تخم کرنب ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ بالچھڑ اشق مصطگی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
موم ساڑھے دس ماشہ روغن ناردین چار تولہ ساڑھے چار ماشہ گوند کی جڑ دن کو پرانی
شراب مین گھولین اور باقی اور دواؤن کو کوٹ کر چھان کر اضافہ کرین اور ساتھ موم و روغن کے
ضماد کرین ضماد کہ یہی خاصیت رکھتا ہی ص میتھی پھٹکری خطمی السی بابونہ مصطگی ہر ایک
ساڑھے سترہ ماشہ موتھا میٹھا جراتیہ اذخر ہر ایک سات ماشہ موم ساڑھے دس ماشہ

روغن بابونہ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ بدستور مشہور ضماد کرین **ضماد صندلین** واسطے معدہ
اور جگر گرم کے نافع ہی ص صندل سرخ صندل سفید گلاب کے پھول شیاف مامیثا کافور
کوٹ کر چھان کر مکوہ کے پانی اور تھوڑے سرکہ مین شیاف کرین **ضماد استسقا** کو کہ بسبب حرارت کے
ہووے نافع ہی ص آٹا جو کا موتھا بکری کی مینگنی جو اکھار گیرو برابر وزن کوٹ کر چھان کر
سرکہ مین ضماد کرین **ضماد نفخہ طحال** کو فائدہ بخشتا ہی اور سختی کو نرم کرتا ہی ص سداب یعنی تتلی
دو تولہ گیارہ ماشہ جو اکھار پودینہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اشق دو تولہ کوٹ کر چھان کر
پرانے سرکہ مین ضماد کرین **ضماد الاشق** سختی طحال کو مفید ہی ص اشق گوگل جو اکھار نمک ہندی
ہر ایک چودہ ماشہ چھڑ یلا ٹری مائین ہر ایک پونے دو تولہ تتلی دو تولہ چار ماشہ گندک سات ماشہ
انجیر دس عدد انجیرون کو سرکہ مین پکاوین اور اشق اور گوگل اُسمین گلاوین اور باقی دواؤن کو
کوٹ کر چھان کر ملاوین اور ضماد کرین **ضماد ورد رحم** اور بواسیر کو تسکین دیتا ہی ص زعفران
افیون اجواین خراسانی چربی مرغ کی ہر ایک سات ماشہ خطمی السی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
زردی انڈے مرغ کی ایک عدد تیل خوبانی کی گٹھلی کا ضماد کرین **ضماد** واسطے فتق کے
سفید ہی ص جوز السرو سات ماشہ موتھا گوند ببول کا دونا مروا مازو اقاقیا کندر ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر پرانی شراب مین لیپ کرین **ضماد دیگر** یہی خاصیت
رکھتا ہی ص جوز السرو ایلوا آتلی کی پتی گندہ بیروزہ بابونہ برابر وزن کوٹ کر چھان کر
روغن کٹ مین ضماد کرین **ضماد نوع دیگر** یہی منفعت رکھتا ہی ص مصطگی کندر انزروت
جوز السرو برگ سرو مرمکی سرشف بلوط برابر وزن کوٹ کر چھان کر سرکہ مین لیپ کرین
ضماد نقرس سرد کو مفید ہی اور ورم سرد کو نافع ہی ص گوگل میتھی کندر السی اشق کوٹ کر
چھان کر شراب مین ضماد کرین **ضماد پیکان** یعنی تیر کو بدن سے باہر لاتا ہی ص اشق چاندس
کی جڑ کوٹ کر چھان کر شہد مین ملا کر ضماد کرین **ضماد ضماد المخیقون** سردی معدہ اور
جگر اور طحال کو مفید ہی ص افسنتین رومی بالچھڑ سلیخہ ایلوا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ

عود بلسان زعفران ہر ایک سات ماشہ موم دو تولہ چار ماشہ موم کو روغن ناردین یا روغن گل یا روغن بان مین
پگھلاوین اور باقی اور دواؤن کو کوٹ کر چھان کر اسمین ملاوین اور ضماد کرین ضماد نقرس
اور گرم ورموں کو نافع ہی ص صندل سرخ مسور چھیلی ہوئی الایچی خیار ماہیتا گیرو کوٹ کر
چھان کر گلاب اور کاسنی کے پانی مین ضماد کرین ضماد ضعف معدہ کو کہ بسبب حرارت
کے ہووے نافع ہی ص تخم مورد آملہ اگر گلنار برگ مورد پوست بہی پوست سیب گلاب کے
پھول میٹھا چرایتہ صندل سرخ صندل سفید کوٹ کر چھان کر گلاب اور سیب کے پانی مین
ضماد کرین ضماد قنطاریون لقوہ اور فالج اور درد سر اور درد چشم اور آدھا سیسی
اور دانتون کے درد کو نافع ہی اور کنپٹیون پر ضماد کرین مانع نزلات چشم ہی اور اگر
مثانہ پر لیپ اسکا کرین تو پیشاب کو جاری کرتا ہی اور جو بچھو کے کاٹے ہوے پر ملین درد کو
فوراً تسکین دیتا ہی اور جو اوپر شکم کے ضماد کرین ورمون اعضاے باطنیہ کو فائدہ
بخشتا ہی ص رعی العالم سات ماشہ موم سفید دو تولہ گیارہ ماشہ راتینج ساڑھے دس ماشہ
روغن زیتون گیارہ تولہ آٹھ ماشہ راتینج کو روغن زیتون مین پگھلاوین اور رعی العالم کو
کوٹ کر چھان کر اضافہ کرکے ضماد کرین ضماد اگر معدہ پر رکھین قی عارض ہووے اور
اگر ناف پر لیپ کرین اسہال لاوے اور اگر پیڑو پر رکھین حیض جاری ہو ص بانے رنج
افشردہ کربلا ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ کنگلی سفید مردار سنگ ہر ایک چودہ ماشہ روغن زیتون
دو تولہ گیارہ ماشہ موم سفید چربی بکری کی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ موم اور چربی کو
روغن زیتون مین پگھلاوین اور باقی اور دواؤن کو کوٹ کر چھان کر اسمین ملاوین اور
کاغذ کے ٹکڑے کے اوپر رکھ کر ضماد کرین ضماد اگر کپڑے پر لگا کر فم معدہ پر رکھین اسہال
سودا لاوے اور اگر نیچے بغل کے لیپ کرین اسہال صفرا لاوے اور جو درمیان
زانو کے رکھین بلغم کو بلا اسہال دفع کرے اور یہ ضماد اسرار الاطبا سے ہی بچون اور
بوڑھون اور ان آدمیون کو کہ طاقت سستون کی ہو دواے مسہل کے پینے سے

نہ گھستے ہوں بہت فائدہ بخشتا ہی صں ترمس مقشر ایک مٹھی لے کر کوٹیں اور دیگ میں رکھیں
اور اُسقدر شیر تازہ کہ اُسکو چھپالیوے اوپر اُسکے ڈالکر جوش کریں کہ ترمس کو جذب کر لیوے
بعد اسکے برابر وزن اُسکے گھی گاے کا اضافہ کرکے پھر جوش دیویں کہ قوام ہو جاوے کاڑھ
رکھیں اور بروقت حاجت کے استعمال کریں اور جو چاہیں کہ دست بند ہو جاویں کپڑا اُٹھا لیویں
اور موضع کو گلاب سے دھوویں فوراً اسہال بند ہو جاوینگے ضماد جبر کسر آور وثی کو نافع ہی
صں مغاث ماش گیرو ہر ایک چودہ ماشہ خطمی مرکی ہر ایک سات ماشہ اقاقیا ایلوا ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر ساتھ مرغ کے انڈے کی زردی اور پانی مورد کے ضماد کریں ضماد
عرق النسا اور وجع الورک کو نافع ہی صں پوست بیخ کبر پودینہ پہاڑی عاقرقرحا ہر ایک
سات ماشہ پانی نچوڑا ہوا کریلہ کا حب انغار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر شربت
عناب میں ضماد کریں ضماد نوع دیگر نطرون ہر ایک سات ماشہ کٹ تخم تنتہ تیزک ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ زفت ساڑھے سترہ ماشہ زفت کو روغن زیتون میں پگھلاویں اور باقی
اور دوائیوں کو کوٹ کر چھان کر ملاویں اور ضماد کریں ضماد نافع ہی واسطے اُس پوست کے
جو گرد ناخن کے نمودار ہوجاتا ہی صں مصطگی ساڑھے دس ماشہ روغن گل چار تولہ ساڑھے
چار ماشہ میں پگھلاویں اور سات ماشہ نمک اُسمیں ملاکر ضماد کریں ضماد سفیدی ناخن کو
سفید ہی صں ہرتال سرخ پھٹکری گندک ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زفت رومی دو تولہ
گیارہ ماشہ زفت کو شہد اور سرکہ میں پگھلاویں اور باقی اور دواؤں کو کوٹ کر چھان کر اُسمیں
گوندھیں اور لیپ کریں ضماد استسقاے طبلی کو نافع ہی صں بابونہ اکلیل الملک مرزنجوش
سویا پودینہ ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ روغن زیتون ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر سداب
یعنی تتلی کے پانی میں ضماد کریں ضماد ورم بلغمی معدہ کو نافع ہی صں جعدہ ساڑھے سترہ ماشہ
خطمی کی جڑ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ اکلیل الملک حماما بابونہ سویا مصطگی ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ
افسنتین رومی ایلوا ہر ایک دو تولہ کندر پونے دو تولہ چربی بط کی ساڑھے تین تولہ

چربی مرغ کی پانچ تولہ دس ماشہ موم سفید آٹھ تولہ نو ماشہ بدستور مشہور ضماد کرین ضماد
اسپیر تخم کتن نانسی گوگل ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ روغن گاو مین گوندھ کر ضماد کرین
ضماد قروح مقعد کو مفید ہی ص افیون زعفران ہر ایک دو رتی ایک چاول مرداسنگ
ساڑھے چار ماشہ سفیدہ کاشغری پونے دو ماشہ روغن گل ساڑھے سترہ ماشہ ضماد کرین ضماد
بچہ مردہ اور مشیمہ کو باہر نکالتا ہی ص شحم حنظل کٹ تلی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مر مکی ساڑھے
تین ماشہ کوٹ کر چھان کر گائے کے پتہ مین گوندھین اور پیڑو اور ناف پر ضماد کرین ضماد
درد سر سرد کو نافع ہی ص بابونہ اکلیل الملک درمنہ ترکی سویا ورق انغار دونا مروا برابر وزن
گل خیرو کے روغن مین ضماد کرین ضماد اسہال صفراوی کو فائدہ بخشتا ہی ص برگ مورد
گلاب کے پھول گلنار صندل مازو آملہ لادن سماق اقاقیا رسوت برابر کوٹ کر چھان کر
مورد کے پانی مین گوندھ کر شکم پر ضماد کرین ضماد زلق الامعاء بلغمی کو نافع ہی ص لادن
سونٹھ مصطگی میٹھا چرائتہ اذخر دونا مروا نمام ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اگر خام جائفل
لونگ ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر مورد کے پانی مین ضماد کرین ضماد خون کے
پیشاب کو بند کرتا ہی ص گیرو گل مختوم گوند ببول کا تخم خرفہ کتیرا گلاب کے پھول
گلنار شاخ گوزن سوختہ افشردہ ریش برگد ہر ایک سات ماشہ مازو ساڑھے تین ماشہ
کوٹ کر چھان کر مورد کے پانی مین ضماد کرین ضماد اورام مدی کو فائدہ بخشتا ہی ص
لادن آٹا گیہون کا آٹا جو کا آٹا باقلا کا خطمی میتھی ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ زعفران پونے
دو ماشہ کوٹ کر چھان کر مرغ کے انڈے کی زردی مین ضماد کرین ضماد عورت کی چھاتین کو
بڑھاتا ہی ص ودع سوختہ آٹا جو کا برابر وزن کوٹ کر چھان کر سرکہ مین گوندھین اور
ہر مہینے مین تین دن برابر ضماد کرین ضماد کہ بن گوش کے ورم کو تحلیل کرتا ہی
ص چربی بط کی چربی مرغ کی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ پگھلا دین اور
ساڑھے سترہ ماشہ بکری کی مینگنی پرانی کوٹ کر اس مین گوندھین اور لیپ کرین ضماد خون

حیض کو بند کرتا ہی ص سوفت پوست انار ترش مازو برگ مورد کوٹ کر چھان کر سرکہ مین
گوندھین اور پشت اور شکم اور پیڑو پر ضماد کرین ضماد ناف کے ٹل جانے کو نافع ہی ص پھٹکری
ساڑھے دس ماشہ مازو تین عدد کوٹ کر چھان کر پونے دو تولہ سرکہ مین ضماد کرین اور پٹی سے
مضبوط باندھین ضماد کہ نقرس گرم کو مفید ہی ص آٹا جو کا پانچ تولہ دس ماشہ افیون ساڑھے
دس ماشہ مکوہ کے پانی مین ضماد کرین ضماد نقرس مرکب کو نافع ہی ص مخاط خطمی تخم مورد
آٹا جو کا سورنجان برابر وزن روغن گل اور مرغ کے انڈے کی زردی مین ضماد کرین ضماد
وجع مفاصل یعنی گٹھیہ کی سب قسمون کو فائدہ بخشتا ہی ص بابونہ خطمی اکلیل الملک ہر ایک پانچ تولہ
دس ماشہ اشق جاوشیر گوگل ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ موم و سرکہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
سونے کا تیل پانچ تولہ دس ماشہ ضماد کرین ضماد ورم کی سب قسمون گرم کو ابتدا مین بہت فائدہ
دیتا ہی اور مادہ کو روع کرتا ہی ص شیاف مامیثا اقاقیا چھالیہ صندل سرخ مکوہ کے پانی مین
لیپ کرین ضماد بواسیر اور درد مقعد اور پیچش کو نافع ہی ص مغز ساق گاو دو تولہ گیارہ ماشہ
موم سفید ساڑھے دس ماشہ اقاقیا دم الاخوین کندر مکی ہر ایک پونے دو ماشہ گوگل ساڑھے
تین ماشہ افیون چار رتی ڈیڑھ چاول روغن گل پانچ تولہ دس ماشہ مین بدستور ضماد کرین ضماد
واسطے بواسیر کے مخصوص ہی ص گٹھلی خوبانی کی ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ چربی بط کی
ساڑھے دس ماشہ سلارس ساڑھے سترہ ماشہ گوگل سات ماشہ زفت پونے سات ماشہ ضماد کرین
ضماد نوع دیگر پیاز گندنا بر روغن بریان ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ گوگل ساڑھے تین ماشہ
زعفران پونے دو ماشہ افیون چھ رتی سوا دو چاول ضماد کرین ضماد واسطے خارش بدن کے
جو بسبب خشکی کے عارض ہووے نہایت مجرب ہی ص تخم بنولہ باریک پیسکر کپڑے مین چھان کر
دہی مین ملا کر ایک رات دن نگاہ رکھین اور بعد اُسکے اعضا پر خوب مالش کرین اور دو گھڑی
سورج کے نیچے بیٹھین اور بعد اُسکے غسل کرین ضماد واسطے کسی قسم کا کسی عضو پر کہ مادہ صفراوی ہو
مجرب ہی ص صندل سرخ صندل سفید ہری دھنیا کے پانی مین پیسکر لیپ کرین اور اگر مادہ

بلغمی ہو روغن بابونہ مفید ہو ضماد ورم سر وخصیہ کو نافع ہی ص آٹا باقلا کا تیتھی بابونہ زیرہ
مویز منقی تل کے تیل مین ضماد کرین ضماد خنازیر کو مفید ہی ص کتیرا ساڑھے سترہ ماشہ اجوائن سات ماشہ
ایلوا ساڑھے تین ماشہ ہری دھنیا کے پانی مین ضماد کرین

باب الطاء المہملہ

طلا درد سر گرم کو نافع ہی ص صندل سرخ صندل سفید تخم کاہو ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
گلاب کے پھول نیلوفر کے پھول ہر ایک چودہ ماشہ زعفران ساڑھے تین ماشہ افیون شیاف مامیثا
ہر ایک سات ماشہ بیخ لفاح ساڑھے چار ماشہ ہرے کاہو کے پانی مین تر کرکے ماتھے اور کنپٹیون پر
لیپ کرین طلا کان کے پیچھے کے ورم کو مفید ہی ص صندل سرخ چھالیہ شیاف مامیثا ایلوا
زعفران مرکی برابر وزن ساتھ گلاب کے طلا کرین طلا رعاف آٹا جو کا گلنار اقاقیا
انزروت ریشہ برگد افیون صندل سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کافور چار رتی ڈیڑھ چاول
گلاب مین تر کرکے ماتھے پر طلا کرین طلا دیگر یہی خاصیت رکھتا ہی ص اقاقیا نشاستہ
گیرو برابر وزن کوٹ کر چھان کر مورد کے پانی یا انگور کے پانی یا بارتنگ کے پانی مین گوندھ
ماتھے پر لیپ کرین طلا دیگر بالون کو گرنے سے باز رکھتا ہی ص ہنسراج لادن تخم کتان رومی
حب الغار برابر کوٹین اور روغن مورد مین بھگاوین اور طلا کرین طلا بالون کو ٹوٹنے سے نگاہ رکھتا
ہی ص برگ چقندر لعاب اسغبول حمام مین طلا کرین یعنی سر و ریش پر لگاوین طلا کہ سبوسہ سر کو دفع
کرتا ہی ص چقندر کے پتون کا پانی گیارہ تولہ آٹھ ماشہ جواکھار سات ماشہ تپہ گائے کا ساڑھے
تین ماشہ شہد مین گوندھین اور سر پر طلا کرین طلا بال جمنے کو مانع ہی ص وزغ کو سایہ مین
خشک کرین اور پیسین اور لاک پشت نہری خشک کیا ہوا اور چونہ جواکھار مردار سنگ سیب
جلی ہوئی ہر ایک قدرے پانی مین گوندھین مثلاً اگر بغل یا پیڑو پر استعمال کرین تو اول چاہیے کہ
بال اون مقامات کے اکھاڑین بعد اسکے یہ طلا لگاوین اور خوب مالش کرین پھر بال پیدا نہونگے اور اسی طرح
محذرات یعنی سُن کرنے والی چیزین یہی خاصیت رکھتی مین مثلاً بال کسی جگہ کے اُکھاڑین

اور اُس جگہہ بھنگ اور افیون اور شوکران طلا کرین کئی مرتبہ بال جمنے کو مانع ہونگی **طلا** دیگر ایک مقدمہ مین
مجرب ہی **ص** شیرۂ انجیر خانہ مورچہ سمندر جھاگ ترشی ترنج کی ہر ایک قدرے باہم ملا دین اول
بال اُکھاڑین بعد اُسکے طلا کو تین دفعہ اُس جگہہ پر ملین بال جمنے کو مانع ہوگا اور اگر پہلے بلوغ
اور جمنے بالون کے یہ طلا استعمال کرین بال اُس موضع کے جمنے سے باز رہینگے **طلا** بال جماتا ہی اور
مرض داء الثعلب کو مفید ہی **ص** لاوین سوختہ اسی کی لکڑی گل لالہ ساتھ روغن مورد کے طلا کرین
یا برگ مورد کو کوٹ کر یا لاوٗن اور مورد روغن مصطگی مین ملا کر ملین یا شگوفہ اذخر لونگ موتھا مازو
کوٹ کر چھان کر ساتھ شراب کے طلا کرین یا پیاز جنگلی اول اسقدر ملین کہ آبلہ پڑجاوے بعدہ تُخم خرپزہ کا جلا ہوا
روغن دُنبہ ملا کر طلا کرین نافع ہوگا اور اگر سمندر جھاگ بر نجاسف سوختہ روغن زیتون مین طلا کرین
یہی عمل رکھتا ہی **طلا** کہ خارش خشک کو نافع ہی **ص** مغز تخم خوبانی تخم ریباس پانچ تولہ دس ماشہ
نمک طعام کشتہ پارہ کا ہر ایک سات ماشہ سب دواؤن کو پانچ تولہ دس ماشہ چھاچھ مین گلاکے
ملائین اور حمام مین طلا کرین اور ایک گھنٹہ تامل کرکے پانی سے دھووین **طلا** کہ یہی خاصیت
رکھتا ہی **ص** پارہ دھویا ہوا مہندی تخم حنظل اقلیمیا نقرہ مسو مقشر سرکہ اور روغن گل مین طلا کرین
طلا کہ یہی منفعت رکھتا ہی **ص** مغز بادام تلخ سنارکی مردارسنگ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کنجد مقشر
دو تولہ سرکہ اور روغن گل مین طلا کرین **طلا** کہ یہی منفعت رکھتا ہی **ص** ہلدی جو اکھار مرکی گندک آملہ سار
کٹ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سلارس ساڑھے سترہ ماشہ روغن گل مین تر کرکے حمام مین طلا کرین
اور تین گھنٹہ تامل کرکے گیہون کی بھوسی اور گرم پانی سے دھووین **طلا** کہ یہی خاصیت رکھتا ہی
ص گندک ساڑھے چار ماشہ چربی بکری کی نو ماشہ روغن گل تین تولہ نو ماشہ چربی کو روغن مین
پگھلاوین اور گندک پیسکر اُسمین ملاوین رات کو ملین صبح کو حمام مین دھووین **طلا** کہ یہی منفعت رکھتا ہی
ص پارہ دھویا ہوا ساڑھے سترہ ماشہ گندک ساڑھے سات ماشہ زراوند طویل دو تولہ روغن گل تین
تین دن طلا کرین **طلا** واسطے خارش تر کے نظیر نہین رکھتا ہی **ص** گندک مہندی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ
پوست زرد ہڑ کا پارہ دھویا ہوا جیتہ ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ کالی مرچ چار رتی ڈیڑھ چاول

روغن ونبہ ساڑھے سات تولہ باہم ملاوین رات کو ملین اور صبح کو گیہون کی بھوسی اور گرم پانی
سے حمام مین دھووین طلاء واسطے خارش خشک کے نافع ہے ص تخم خشخاش پالک کوٹ کر سرکہ مین
بھگو دیوین اور حمام مین ملین طلاء خصیہ کی خارش کو مفید ہے ص شیاف مامیثا اقاقیا ہر ایک
چودہ ماشہ اشنان سات ماشہ نوشادر چار رتی ڈیڑھ چاول زعفران دو جو کے برابر کوٹ کر چھان کر
روغن گل اور سرکہ مین تر کرکے طلا کرین طلا کہ یہی خاصیت رکھتا ہے ص صندل شیاف مامیثا
اقاقیا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ ایلوا نوشادر ہر ایک دو ماشہ چھ چاول نشاستہ ساڑھے تین ماشہ
گلاب اور سرکہ مین طلا کرین طلاء کہ داد کو نافع ہے ص گندک سات ماشہ سفیدہ کاشغری
دو تولہ چار ماشہ مویزج ساڑھے تین ماشہ سرکہ مین طلا کرین طلاء دیگر کہ یہی خاصیت رکھتا ہے
ص کنگھی سفید چودہ ماشہ ترمس سیپ جلی ہوئی نطرون ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر
سرکہ مین ترکرکے طلا کرین طلاء کہ یہی خاصیت رکھتا ہے ص اشق ترمس ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
جو کھار سات ماشہ پرانے سرکہ مین گوندھ کر طلا کرین اور بعد ایک گھنٹہ کے گرم پانی سے دھووین
طلاء آگ سے جلے ہوئے کو نافع ہے ص مسو بقشر گلاب کے پھول بچادین کہ تمام ہوجاوے
بعد اسکے سفیدہ کاشغری آٹا جو کا روغن گل اسمین ملاوین اور طلا کرین طلاء ثالیل یعنی
مسون کو قطع کرتا ہے ص مازو پھٹکری تخم ترہ تیزک کوٹ کر چھان کر گائے کے پتہ مین گوندھین
اور کئی مرتبہ طلا کرین طلاء واسطے ترہل اور ورم نرم کہ بعد بیماری دراز کے پشت اور منہ اور
آنکھون پر ظاہر ہوتا ہے نافع ہے ص ایلوا اقاقیا مرکی موتھا شیاف مامیثا زعفران رسوت گیرو
کوٹ کر چھان کر سرکہ اور مکوہ کے پانی مین طلا کرین طلاء درد سر کو نافع ہے ص مرکی زعفران
افیون اجواین خراسانی کندر برابر وزن ترکرکے کنپٹیون پر طلا کرین طلاء منوم
یعنی نیند لاتا ہے ص نیلوفر بنفشہ کاہو ہر ایک ساڑھے دس ماشہ پوست خشخاش
شیاف مامیثا ہر ایک سات ماشہ صندل سرخ صندل سفید ہر ایک نو ماشہ کوٹ کر چھان کر
برگ کاہو کے پانی مین تر کرکے ماتھے اور کنپٹیون پر طلا کرین طلاء قی اور ستون کو باز رکھتا ہے ص گلاب کے پھول

ساڑھے سترہ ماشہ اقاقیا گلنار مازو پھٹکری جوز السرو صندل سرخ صندل سفید سوربرگ مورد
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بنسلوچن سات ماشہ پانی مین پیسکر معدہ اور پشت و شکم پر طلا کرین طلا
ورم جگر کو نافع ہی ص بنفشہ خطمی آٹا جو کا ہر ایک دو تولہ گلاب کے پھول چودہ ماشہ صندل سرخ
صندل سفید برگ مورد ہر ایک ساڑھے دس ماشہ بنسلوچن سات ماشہ بابونہ اکلیل الملک تخم کاسنی
تخم کشوث نیلوفر ہر ایک سات ماشہ شیاف مامیثا ساڑھے دس ماشہ ریوند چینی ساڑھے
تین ماشہ بانچھڑ پونے دو تولہ کوٹ کر چھان کر گلاب اور کاسنی کے پانی مین طلا کرین طلا
واسطے ورم گرم خصیہ کے نافع ہی ص بابونہ اکلیل الملک خطمی شیاف مامیثا بوشش دربندی
ہر ایک دو تولہ صندل سرخ صندل سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر گلاب و کاسنی کے
پانی مین طلا کرین طلا رخون حیض کو بند کرتا ہی اگرچہ بکثرت جاری ہو ص رگلاب کے پھول
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اقاقیا گلنار فارسی صندل سرخ صندل سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
گیرو چودہ ماشہ بلوط بنسلوچن ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر بہی کے پانی مین ملا کر
پیڑو پر عورت کے طلا کرین طلا واسطے بنات اللیل کے نافع ہی ص خطمی بابونہ اکلیل الملک ہر ایک
چودہ ماشہ بوشش دربندی ترمس ہر ایک ساڑھے تین ماشہ شیاف مامیثا سوا پانچ ماشہ
آٹا باقلا کا ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر گرم پانی مین طلا کرین طلا واسطے سعفہ یعنی
گنج سر کے جو رطوبت رکھتا ہو نافع ہی ص سفیدہ کاشغری ساڑھے دس ماشہ گلاب کے پھول
سات ماشہ گلنار فارسی ہلدی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کافور برابر دو جو کے موم سفید پونے تو ماشہ
روغن گل تین تولہ موم کو روغن مین پگھلاوین اور باقی اور دواؤن کو کوٹ کر چھان کر اسمین ملاوین
اور طلا کرین طلا وکریہی خاصیت رکھتا ہی ص اشنان مردارسنگ ہر ایک ساڑھے
سترہ ماشہ گیرو رسوت پوست انار ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مہندی کمیلہ
ہر ایک چودہ ماشہ اقاقیا شیاف مامیثا ہر ایک سات ماشہ گلاب مین ترکرکے طلا کرین طلا
یہی منفعت رکھتا ہی ص برگ ملٹی چودہ ماشہ مہندی مازو ہر ایک سات ماشہ دنبہ کے روغن مین طلا کرین

طلا دیگر یہی خاصیت رکھتا ہے ص برگ چقندر کا پانی روغن ذنبہ ہر ایک ڈیڑھ پاؤ جوش کرین کہ پانی جل جاوے اور روغن باقی رہے بعد اُسکے برگ ملٹھی مہندی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر چھان کر اُسمین ملاوین اور طلا کرین طلا واسطے سعفۂ اطفال کے کہ مُنہہ پر ہوتا ہے ص ہلدی مہندی زراوند مردار سنگ مویست انار روغن گل اور سرکہ مین طلا کرین طلا دیگر یہی منفعت رکھتا ہے ص نمک جلا ہوا پھٹکری جلی ہوئی گندک پارہ مازو ہلدی زراوند مردار سنگ کوٹ کر چھان کر روغن گل اور سرکہ مین طلا کرین طلا دیگر سعفۂ تر کو نافع ہے ص نمک اشنان سرکہ مین تر کرکے کئی مرتبہ ملین اور اگر صابون گلاب مین بھگاوین کہ جھاگ لاوے بعد اُسکے جڑ بنفشہ کی موم سفیدہ روغن بنفشہ بادام ہر ایک قدرے ضماد کر طلا کرین اور ایک ساعت تامل کرکے گرم پانی سے دھووین گنج کو برطرف کر دیتا ہے طلا دیگر کہ سپش کو دفع کرتا ہے ص مویزج شورہ ہر ایک سات ماشہ ہرتال سرخ ساڑھے پانچ ماشہ پارہ دھویا ہوا ساڑھے تین ماشہ سرکہ اور روغن گل مین طلا کرین اور اگر بدن کو روغن کا فیشہ سے چرب کرین یا جس پانی مین گلاب کے پھول اور برگ مورد جوش کیا ہووے دھووین نہایت مجرب و نافع ہے طلا دیگر یہی خاصیت رکھتا ہے ص مویزج ہرتال سرخ زراوند طویل برابر وزن روغن زیتون مین ملا کر حمام مین کہ جسوقت پسینہ آوے طلا کرین طلا جھائی کو دور کرتا ہے ص پوست بیضۂ مرغ اشنان خربزہ کے پانی مین بلا ہوا آٹا جو بیخ نی پوست مسور آٹا باقلا کا چھالیہ سمندر جھاگ مامیران چینی برابر وزن مولی کے پانی مین طلا کرین طلا برص کو دور کرتا ہے ص سپندان سفید ہرتال سرخ برابر وزن شیر تازہ مین طلا کرین طلا دیگر کہ اثر زردی کا چہرہ سے دور کرتا ہے ص زراوند مدحرج چیتہ ہر ایک سات ماشہ آٹا باقلا کا آٹا نخود کا مسور سرخ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ مرغ کے انڈے کی سفیدی مین تر کرکے رات کو طلا کرین اور صبح کو اُس پانی مین کہ خرفہ کوٹ کر جوش کیا ہو دھووین طلا حصف کو نافع ہے ص مہندی نمک ہندی کوٹ کر چھان کر سرکہ مین تر کرکے حمام مین ملین اور ایک گھنٹہ تامل کرکے گرم پانی اور گیہون کی بھوسی سے دھووین طلا جذام کو نافع ہے ص نطرون اشق فرفیون گندک برگ انجیر برابر وزن سرکہ مین طلا کرین طلا واسطے جھائی کے مجرب ہے ص ترمس تخم مولی ترہ تیزک کٹ مغز بادام تلخ جو کھار کالی مرچ گوگل برابر وزن برگ مولی کے پانی مین طلا کرین

طلا برص اور چھیپ کو دور کرتا ہی ص مجیٹھ کندش چیتہ رائی تخم مازریون تخم حنظل گنگی سفید گنگی سیاہ
موبزج سقمونیا ہر ایک ایک جزو گل لالہ دو جزو کوٹ کر ایک رات دن سرکہ مین بھگو وین دوسرے دن
طلا کرین طلا چھیپ سیاہ و سفید کو فائدہ رکھتا ہی ص گل لالہ سقمونیا چیتہ تخم مولی رائی گوند آلو ہر ایک
ساڑھے چار ماشہ کوٹ کر ایک رات دن سرکہ مین بھگو وین بعد اُسکے حمام مین میل بدن کا صاف
کر کے یہ طلا استعمال کرین اور مولی پیسکر سرکہ مین ملین یہی عمل رکھتا ہی طلا واسطے کہ دوانہ اور کیڑون کے
جو اکثر بچون کے شکم سے نکلتے ہین مفید ہی ص افسنتین ساڑھے دس ماشہ برگ شفتالو تین تولہ پیسکر
ایک عدد حوالی ناف پر طلا کرین طلا جو سر زخم پر لگاوین بال جما دیوے ص کالی مرچ کوٹ کر
چھان کر زہرہ خوک یعنی سور کے پتہ اور شہد مین گوندھ کر طلا کرین طلا ارسا سوس واسطے
شعیرہ اور بردہ کے نافع ہی ص کندر مردار سنگ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ لادن پھٹکری جو آکھ
چھ رتی سوا دو چاول موم پونے دو ماشہ روغن زیتون مین طلا کرین طلا ماتھے اور آنکھون پر
اگر استعمال کرین شروع ورم ملتحمہ کو مفید ہی مواد کو پھیر دیتا ہی ص مامیثا ایلوا رسوت گلاب کے
پھول صندل سرخ چھالیہ زعفران برابر وزن ہری دھنیا کے پانی یا ہری کاسنی کے پانی مین
طلا کرین طلا تیزناق کو نافع ہی ص ایلوا ساڑھے تین ماشہ شیاف مامیثا اقاقیا مکی موبگے کی جڑ
ہر ایک سات ماشہ زعفران پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر مکو کے پانی یا کاسنی کے پانی مین
طلا کرین طلا کہ ورم چشم کو دور کرتا ہی اور درد کو تسکین دیتا ہی ص مسور مقشر صندل سرخ
ہر ایک سات ماشہ کافور چھ رتی سوا دو چاول کاسنی کے پانی مین پیشانی اور پلکون پر طلا کرین طلا کہ
یہی خاصیت رکھتا ہی ص ایلوا شیاف مامیثا رسوت زعفران افیون اقاقیا گیرو صندل سرخ
برابر وزن مکوہ کے پانی یا گلاب مین ملا کر طلا کرین طلا درد سر سرد کو نافع ہی ص ایلوا مشک
فرفیون جند بیدستر گوند ببول کا زعفران اگر خام ہر ایک آٹھ رتی تین چاول افیون چھ رتی سوا دو چاول
اجموده کے پانی مین یا دونا مروا کے پانی مین تر کر کے کاغذ پہ لگا کر ماتھے اور کنپٹیون پر جما دیوے طلا
سرح بادہ کو نافع ہی ص ایلوا زعفران اقاقیا چھالیہ گیرو صندل سرخ شیاف مامیثا ساتھ پانی کاسنی کے

یا پانی مکوہ کے طلا کرین **طلا** سکتہ کو مفید ہی ص رائی جند بید ستر سرکہ پرانے مین پیس کرکے پہلے سر کے بال دور کرے بعد اسکے یہ طلا لگاوین مجرب ہی **طلا** لقوہ کو فائدہ بخشتا ہی ص ایلوا رسوت مرکی ہر ایک ایک تولہ زعفران آٹھ رتی تین چاول گلاب مین طلا کرین **طلا** جو نطعین کو مفید ہی ص ایلوا افشردہ ریش برگہ مکوہ کے پانی مین طلا کرین **طلا** گرم ورمون کو نافع ہی ص صندل سرخ شیاف مامیثا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گیرو تین تولہ چھالیہ اقاقیا رسوت ہر ایک سات ماشہ سفیدہ کاشغری مردار سنگ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ قیمولیا ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر چھان کر کاسنی کے پانی مین گوندھ کر گولیان بناوین وقت حاجت کے ایک اسمین سے ہری دھنیا کے پانی مین پیسکر طلا کرین **طلا** دستون کو بند کرتا ہی ص موتھا اقاقیا مرکی کندر کعک جوز السرو مازو گلاب کے پھول آملہ گیرو باجرہ چاول مسور مقشر گلنار فارسی اجواین خراسانی صندل مورد کے پانی یا بہی کے پانی مین شکم پر طلا کرین **طلا** اگر خصیۂ اطفال پر لگاوین تو بزرگ ہونے نہ دیوے ص قیمولیا سفیدہ کاشغری ہر ایک سات ماشہ پھٹکری مازو ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد اور روغن مورد مین کئی مرتبہ طلا کرین **طلا** استسقا لحمی کو نافع ہی ص ورمنہ ترکی سیب مرکی جلی ہوئی جو کھار گو برابر وزن سرکہ مین طلا کرین **طلا** حمل کو مانع ہی اور اگر ہو تو اسقاط ہو جاوے ص سداب خشک نطرون برابر وزن کوٹ کر چھان کر سداب کے پانی مین گوندھین اور قضیب پر طلا کر مجامعت کرین **طلا** مددگار حمل ہی ص حب بلسان جاوشیر گوگل بادآورد برابر وزن کوٹ کر چھان کر گائے کے پتہ مین ملا کر اور قضیب سے طلا کرکے تامل کرین کہ خشک ہو جاوے بعد اسکے مجامعت کرین عورت حاملہ ہو جاویگی **طلا** کہ یہی خاصیت رکھتا ہی ص برگ سنجد خشک کوٹین اور ساتھ گائے کے پتہ کے اور قضیب کے طلا کرکے مجامعت فرماوین **طلا** کراہیت پسینہ کی دور کرتا ہی ص سُک گلاب کے پھول مازو موتھا پھٹکری مرکی ہر ایک قدرے کوٹ کر چھان کر گلاب مین تر کرکے بدن پر مَلین **طلا** بغل کی بدبو کو دور کرتا ہی ص آشن زراوند طویل برگ خیار

کاغذ آبگینہ سب کو جلا کر اور زعفران سب برابر وزن کوٹ کر چھان کر مورد کے پانی مین گوندھین اور
گولیان بناوین بعد اسکے بغل کو چیرین کہ خون آلودہ ہو جاوے ایک گولی اُسمین سے گلاب مین گھسکر اسپر ملین
اور ایک رات دن لگی رہنے دیوین بدبو دور ہو جاویگی طلا سینہ کو بند کرتا ہی ص برگ مورد گلنار
مازو برابر وزن کوٹ کر چھان کر انگور خام کے پانی یا مورد کے پانی مین تر کرکے بدن پر طلا کرین طلا
بغل کی بدبو کو دور کرتا ہی ص پھٹکری مرکی گلاب کے پھول برگ مورد مرداسنگ بغل کو اشنان کے
پانی سے دھوین اور ان دواؤن کو کوٹ کر چھان کر گلاب مین تر کرکے طلا کرین طلا نزلہ کو دور کرتا ہی
ص اقاقیا ایلوا اشیاف مامیثا رسوت گیرو گوند ببول کا کوٹ کر چھان کر مرغ کے انڈے کی سفیدی مین
گوندھین اور ماتھے اور شقیقہ پر طلا کرین نافع ہوگا طبیخ یعنی جوشاندہ حیض جاری کرتا ہی ص تگر
ساڑھے تین ماشہ تلی پونے دو ماشہ سونف سات ماشہ لوبیا سُرخ ساڑھے سترہ ماشہ شہد خالص
تین تولہ جوش کرین اور صاف کرکے تین دن برابر پلاوین طبیخ دیگر یہی خاصیت رکھتا ہی
اور مردون کو بھی نافع ہی جو منی انکی بند ہو گئی ہو ص افسنتین درمنہ ترکی تلی سونف اجمود ہر ایک
سات ماشہ انجیر پانچ عدد گلقند آفتابی پونے چار تولہ جوش کرین اور صاف کرکے تین دن برابر پلاوین
اور تین دن تامل کرین پھر تین دن پلاوین اسیطرح نوش کرتے رہین جبتک ادرار تمام واقع ہو
طبیخ قے کو روکتا ہی اور معدہ کو قوت دیتا ہی ص انار دانہ تین تولہ مصطگی پودینہ خشک ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ آدھی چھٹانک کم آدھ سیر پانی مین جوش کرین کہ آدھا رہ جاوے صاف کرین اگر خام
اور مشک ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر اُسمین ملا کر نوش کرین طبیخ حیض کو جاری کرتا ہی
ص لوبیا سُرخ میتھی سونف رومی مجیٹھ ہر ایک چودہ ماشہ تلی ساڑھے دس ماشہ ڈیڑھ چھٹانک کم
ڈیڑھ سیر پانی مین پکاوین کہ آدھی چھٹانک کم آدھ سیر رہ جاوے صاف کرکے قدرے شکر سفید ملا کر
چودہ ماشہ اُسمین سے صبح کے وقت نوش کرین طبیخ کہ یہی عمل رکھتا ہی ص لوبیا سُرخ فراسیون مجیٹھ
ہر ایک چودہ ماشہ پودینہ تین تولہ اڑھائی چھٹانک کم اڑھائی سیر پانی مین جوش کرین کہ آدھا رہ جاوے
صاف کرین اور قدرے سکنجبین اضافہ کرکے صبح کے وقت ساڑھے دس ماشہ اُسمین سے جوش کرین

باب العین المہملہ

عطوس یعنی چھینک لانے والا فالج اور لقوہ اور سکتہ اور سردبایہ یون سر کو مفید ہی آدھا سیسی کو دور کرتا ہی دماغ کو قوت دیتا ہی تنگی شباب کو دفع کرتا ہی اور مشیمہ کو رحم سے نکالتا ہی **صفت** کندش کلونجی فرفیون کالی مرچ جند بیدستر زراوند حب بلسان مشک خالص عاقرقرحا چھکنی برابر برابر کوٹ کر چھان کر باریک کپڑے مین رکھکر ناک مین پھونکین **عطوس دیگر** یہی خاصیت رکھتا ہی **صفت** تخم حنظل اسطوخودوس جند بیدستر ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کندش تین تولہ چار ماشہ کوٹ کر چھان کر قدرے ناک مین پھونکین **عقد سیماب** یعنی پارہ کو باندھنا جلد منزل ہونے کو بے نظیر منی کو روکتا ہی امساک بشدت کرتا ہی **صفت** پارہ ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ ساتھ تھوڑے سرکے کے آبگینہ یا لوہے کے دستے سے خوب ملین کہ کشتہ ہو جاوے ساڑھے تیرہ ماشہ جست جلا ہوا اور نمک ہندی پیسکر اسمین داخل کرین اول کڑاہی لوہے کی سرکہ سے بھرین اوپر اسکے اسکو ڈالین اور آگ پر رکھین اور ساڑھے تیرہ ماشہ جست جلا ہوا اسکے تھوڑا تھوڑا اسپر ڈالین اور دستہ آبگینہ یا لوہے سے خوب ملاوین کہ حل ہو جاوے بعد اسکے اسکو نفیس کپڑے مین چھانین جو کچھ کپڑے مین رہ جاوے حل کرین اور اسقدر پانی سے دھوین کہ میل سے پاک ہو جاوے اور حرکت بالکلیہ اسمین نہ رہے بعد اسکے گولی باندھین اور درمیان اس گولی کے سوراخ کرین اور ایک ڈورا اسمین ڈال کر لیمو کے پانی مین ڈالدین اور ایک رات تامل کرین کہ مانند پتھر کے سخت ہو جاوے پھر اسکو دھتورے کے تیل مین جوش دیوین اور نگاہ رکھین بروقت حاجت کے منھ مین رکھین اور مشغول جماع کے ہون جس وقت انزال چاہین منھ سے نکال لیوین

باب الغین المعجمہ

غرغرہ واسطے ثقل زبان کے کہ بسبب بلغم کے ہو **صفت** نوشادر ساڑھے دس ماشہ سونٹھ نمک ہندی کلونجی عاقرقرحا مویزج صعتر ایارہ فیقرا نیلی سوسن کی جڑ ہر ایک دو تولہ جوکھار کچھ ہرا

ساڑھے سترہ ماشہ زوفا بیل ہر ایک تین تولہ کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھیں اور ساتھ سکنجبین کے
غرغرہ کرین **غرغرہ** حلق کے زخم کو مفید ہے صفت پھٹکری سفید و سیاہ کاغذ جلا ہوا مازو سبز کندر مہندی
زعفران ہر ایک ساڑھے چار ماشہ نمک جلا ہوا نوشادر ہر ایک سوا دو ماشہ کوٹ کر چھان کر سر کہ مین غرغرہ کرین
غرغرہ نوع دیگر یہی خاصیت رکھتا ہے صفت مازو کاغذ جلا ہوا زنگار پھٹکری سفید کوٹ کر چھان کر
پھٹکری مین غرغرہ کرین **غرغرہ دیگر** یہی منفعت رکھتا ہے صفت ملٹھی خرنوب کوٹ کر چھان کر شہد اور
گلاب مین غرغرہ کرین **غرغرہ دیگر** کندر ایک تولہ مازو ایک عدد زنگار ساڑھے تین ماشہ کاغذ فرنگی
جلا ہوا ایک ورق زعفران چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر سر کہ اور شہد مین حل کر کے نیم گرم غرغرہ کرین
غرغرہ کہ فالج اور لقوہ اور رعشہ کو نافع ہے دماغ کو خلطوں سے پاک کرتا ہے صفت ایارج فیقرا رائی مویزج
عاقرقرحا بچ سونٹھ پودینہ ملٹھی صعتر پوست بیخ کبر کو کوٹ کر چھان کر شہد مین غرغرہ کرین **غرغرہ** ثقل زبان
اور سکتہ اور فالج کو فائدہ رکھتا ہے صفت مویزج رائی سونٹھ عاقرقرحا کالی مرچ پیپل جو کھار نیلی سوسن کی جڑ
دونا مروا برابر وزن کوٹ کر چھان کر ساتھ سکنجبین کے غرغرہ کرین **غرغرہ** خناق اور ذبحہ صفراوی اور
دموی کو نافع ہے اور حلق کے کوے لٹکنے کو بھی مفید ہے صفت گلاب کے پھول منبلوچن نشاستہ تخم گل غفران
ہر ایک سات ماشہ اجمود ساڑھے دس ماشہ مازو سماق ہر ایک پونے نو ماشہ قند سفید چودہ ماشہ
کوٹ کر چھان کر ساتھ سکنجبین کے غرغرہ کرین **غرغرہ** دماغ کو فضول سے پاک کرتا ہے صفت مویزج
چھ رتی سوا دو چاول عاقرقرحا رائی ہر ایک پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد کی سکنجبین کے ساتھ
غرغرہ کرین **غرغرہ** قلاع اور مسوڑھوں کے استرخا کو نافع ہے اور ذبحہ کو بھی فائدہ رکھتا ہے صفت برگ
گلاب کے پھول اور زیتون جوش کر کے صاف کرین اور رب شہتوت تین تولہ ملا کر غرغرہ کرین
غرغرہ کوے کے لٹکنے کو کہ بسبب رطوبت کے ہو نافع ہے صفت گلنار فارسی پونے دو تولہ تخم
نو ماشہ نمک اندرانی سوا گیارہ ماشہ اقماع رمان تخم گل ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر ساتھ
رب شہتوت کے غرغرہ کرین **غرغرہ** قلاع سوداوی کو نافع ہے صفت سماق گلاب کے پھول
گلنار فارسی برگ مورد خرنوب جوش کر کے غرغرہ کرین **غرغرہ** کھانسی کو نافع ہے جو بسبب نزلہ کے

ص گلاب کے پھول گلنار فارسی خرنوب جوش کرکے صاف کرین اور خوب سے پیئے غرغرہ کرین
غسول چہرے کو سفید اور براق کرتا ہی ص آٹا جو کا آٹا نخود کا آٹا باقلا کا تخم مولی نشاستہ کتیرا
کوٹ کر چھان کر ساتھ شیر کے تر کرین رات کو اوپر چہرے کے ملین صبح کو گرم پانی اور گیہون کی
بھوسی سے دھوین غسول دیگر یہی خاصیت رکھتا ہی ص آٹا جو کا آٹا باقلا کا آٹا نخود کا
ہر ایک ایک جزو مسور مقشر کتیرا نشاستہ زعفران ہر ایک نیم جزو مغز تخم خربزہ دو جزو
مرغ کے انڈے کی سفیدی مین کوٹ کر رات کو ملین اور صبح کو ساتھ اُس پانی گرم کے
جسمین پوست خربزہ اور بنفشہ جوش کیا ہووے دھووین غسول دیگر یہی منفعت
رکھتا ہی ص باقلا مقشر اور مٹر ترمس تخم مولی تخم خربزہ نخود نشاستہ کوٹ کر چھان کر اوپر چہرے کے ملین

باب الفاء

فنجنوش معدے کو قوت دیتی ہی بواسیر کو نافع ہی شہوت جماع کو زیادہ کرتی اور
رنگ چہرے کا نیک اور صاف کرتی ہی جلد نزل ہونے کو نافع ہی ص کابلی ہڑ کالی ہڑ
پوست ہلیلہ آملہ مقشر حبیبہ بالچھڑ کالی مرچ پیپل سونٹھ موتھا ہر ایک تین تولہ تخم سویا تخم گندنا
ہر ایک چودہ ماشہ خبث الحدید ڈیڑھ پاو شہد خالص تین وزن سب دواؤن کے اول چاہیے
کہ خبث الحدید کو چار رات دن سرکہ مین بھگو دیوین بعد اسکے خشک کرین اور خوب پیسین
اسقدر کہ اوپر منھ پانی کے ٹھہر جاوے اور تہ مین پانی کے نہ بیٹھے بعد اسکے باقی سب دواؤن کو
کوٹ کر چھان کر اضافہ کرین اور ساتھ شہد مقوم کے معجون تیار کرین اور بعد چھ مہینے کے
استعمال کرین خوراک سات ماشہ اور بعضے حکیمون نے سات ماشہ مشک خالص کو بھی اس
نسخہ مین زیادہ کیا ہی **فیروزنوش** مرض نسیان اور آنتون کے درد کو جو بسبب ریح کے ہو
مفید ہی اور حاملہ عورتون کی بیماریون کو کہ بسبب سردی کے ہون فائدہ رکھتی ہی اور ریاح غلیظ کو
دفع کرتی ہی ص زرنبون عاقرقرحا بالچھڑ زعفران ہر ایک دو تولہ افیون اجواین خراسانی ہر ایک
پانچ تولہ دس ماشہ کوٹ کر شہد مین گوندھین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین **فیروزنوش ممسک**

معدے کو قوت دیتی ہی شہوت جماع کو زیادہ کرتی ہی اور جلد منزل ہونے کو نافع ہی **نسخہ** پوست زرد ہڑ کا پوست کابلی ہڑ کا چیتہ اجمود چھوٹی الائچی کٹ تلخ لونگ جاوتری کلیجن ناگیسر ہر ایک پونے دو تولہ پوست بہیڑہ آملہ مقشر اجوائن پیپل ہر ایک چودہ ماشہ تودری زرد تودری سرخ تخم بالچھڑ جائفل سونٹھ پیپل کی جڑ ہر ایک دو تولہ چار ماشہ موتھا تین تولہ مشک خالص نو ماشہ عنبر ساڑھے چار ماشہ خبث الحدید مدبر برابر سب دواؤن کے روغن گاؤ پندرہ تولہ شہد خالص اڑہائی وزن سب دواؤن کے بطریق مشہور کے معجون تیار کرین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین خوراک ساڑھے سات ماشہ ہمراہ شراب مویز منقی یا بکری کے دودھ تازہ کے نوش فرماوین **فنداديقون** معدے اور آنتون کے درد کو مفید ہی معدہ کو گرم کرتی ہی ریاح توڑتی ہی اور صاحب فتق کو مفید ہی **نسخہ** زعفران انجدان تلی کے بیج تخم اجمود سونٹھ چاشا مغز چلغوزہ ہر ایک پونے دو تولہ کالی مرچ دو تولہ چار ماشہ شہد خالص دو وزن سب دواؤن کے خوراک ساڑھے چار ماشہ سے نو ماشہ تک **فنداديقون دیگر** منافع اسکا مثل نفع نسخہ سابق کے ہی **نسخہ** سونٹھ کالی مرچ بالچھڑ ہر ایک پونے دو تولہ مصطگی اجوائن ہر ایک چودہ ماشہ اجمود پودینہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ زیرہ کرمانی سلیخہ حب بلسان عاقرقرحا ہر ایک سات ماشہ تیج پات ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے معجون کرین **فلونیا رومی** یہ معجون مبارک ہی نزلہ کو باز رکھتی ہی اور درد کو تسکین دیتی ہی اور خون کی قی اور خون کے دستون کو نافع ہی اور قولنج اور ہیضہ کو مفید ہی اور خون حیض کا جو بکثرت جاری ہو بند کر دیتی ہی **نسخہ** مرچ سفید اجوائن خراسانی پیپل ہر ایک ساڑھے سات تولہ افیون پونے چار تولہ زعفران ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ اجمود پہاڑی بالچھڑ ہر ایک ڈیڑھ تولہ اجمود نبطی ساڑھے تیرہ ماشہ تیج پات سلیخہ حب بلسان عاقرقرحا فرفیون ہر ایک ساڑھے چار ماشہ اور بعضے نسخون مین عوض تخم کرفس یعنی اجمود نبطی کے درج ہی سب دواؤن کو کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین خوراک چار رتی ڈیڑھ چاول سے دو ماشہ تک ہی چنانچہ واسطے قولنج کے سوئے کے جوشاندہ کے ساتھ کھاوین اور واسطے درد گردہ کے

جوشاندہ وجدہ یا سونف کے عرق سے مناسب ہی اور واسطے درد معدہ کے ساتھ سونف
رومی کے ویوین اور واسطے طحال کے ساتھ سکنجبین کے بہتر ہی اور واسطے بند کرنے خون
اندرون کے پارہ مین کھلانا چاہیے **فلونیا فارسی** جس جگہ سے کہ خون جاری ہو
بند کر دیتی ہی اور مقوی رحم ہی اور محافظت جنین کرتی ہی قی اور دستون کو روکتی ہی رحم کے
ریاح کو توڑتی ہی اور درد کو تسکین دیتی ہی مقوی دماغ ہی اور قوت حافظہ کو بڑھاتی ہی **ص**
مرچ سفید اجواین خراسانی ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ افیون گل مختوم ہر ایک دو تولہ گیارہ ماشہ
زعفران ساڑھے سترہ ماشہ فرفیون بالچھڑ عاقرقرحا ہر ایک سات ماشہ جندبیدستر تخم بنج
ورونج عقربی سوتی مشک خالص ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کافور چھ رتی سوا دو چاول
کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین اور بعد چھ مہینے کے استعمال کرین خوراک ساڑھے تین ماشہ
فوذنجی درد معدہ اور جگر کو جو بسبب سردی کے ہو اور تپ بلغمی اور تپ چوتھیا اور
پرانی تپ کو مفید ہی **ص** پودینہ نہری اور پودینہ پہاڑی فطر اسالیون سیسالیوس
ہر ایک ساڑھے تین تولہ اجمود بابونہ حاشا ہر ایک چودہ ماشہ کاشم چار تولہ چار ماشہ کالی مرچ
بارہ تولہ دس ماشہ کوٹ کر چھان کر تین وزن سب دواؤن کے شہد خالص مین گوندھین
خوراک ساڑھے تین ماشہ ہی **فلافلی** درد معدہ اور شہوت کلبی کو مفید ہی اور ریاح غلیظ کو
دفع کرتی ہی اور کھانا ہضم کرتی ہی **ص** پیپل کالی مرچ ہر ایک پونے نو ماشہ حب بلسان دو تولہ
گیارہ ماشہ حماما بالچھڑ ہر ایک سات ماشہ سونٹھ اجمود سیسالیوس سلیخہ تگر راسن ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ تین وزن دواؤن کے شہد خالص مین گوندھین
خوراک ساڑھے تین ماشہ ساتھ پانی گرم کے **فلافیون** کلہ اور مسوڑھون کی عفونت کو
نافع ہی گوشت مردہ کو دور کرتی ہی **ص** اقاقیا ساڑھے تین تولہ ہرتال زرد ہرتال سرخ
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مرکی چودہ ماشہ چونہ زندہ دو تولہ چار ماشہ پھٹکری چونے
دو تولہ کوٹ کر چھان کر پرانے سرکہ مین گوندھین اور قرص بناوین سایہ مین

خشک کرکے بروقت حاجت کے استعمال فرماوین **فتیلہ** نکسیر کو باز رکھتا ہی ص گل ِ آسیا
مازو ہر ایک پونے دو ماشہ افیون چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر گدھے کی لید مین
گوندھین اور لکڑی کے سفید جالے کو اُن دواؤن سے آلودہ کرکے ناک مین رکھین مگر پہلے
ناک کو گلاب اور سرکہ سے دھولیوین بعد اُسکے یہ دوا رکھین **فتیلہ نوع دیگر** یہی خاصیت
رکھتا ہی ص مازو جلا ہوا سات ماشہ سرکہ مین ڈال کر پھٹکری سیاہ چودہ ماشہ پھٹکری سفید
پونے دو تولہ کافور چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر فتیلہ کپڑے کا بناوین اور ساتھ
اُن دواؤن کے گرد آلود کرکے ناک مین رکھین **فتیلہ نوع دیگر** یہی منفعت رکھتا ہی ص
کاغذ جلا ہوا پوست مرغ کے انڈے کا جلا ہوا پوست انار کا ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر
چھان کر بادروج سات پانی بارتنگ کے گوندھ کر فتیلہ کو تر کرکے ناک مین ٹپکاوین
فتیلہ ناک کی عفونت کو دفع کرتا ہی ص مرکی پوست انار ترش ہر ایک سات ماشہ
سیٹھا چرائتہ اجواین خراسانی ہر ایک ساڑھے پانچ ماشہ لونگ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ فتیلہ کو
شراب مین تر کرین اور باقی اور دواؤن کو کوٹ کر چھان کر ساتھ اُسکے آلودہ کرکے ناک مین
رکھین **فتیلہ** ناک کے زخم کو نافع ہی ص پھٹکری سفید مرکی زاج سیاہ برادہ تانبے کا جلا ہوا
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ زراوند طویل پونے دو تولہ کندر ساڑھے تین تولہ کوٹ کر چھان کر
آدھ پاو کم دو سیر پانی مین پکاوین اور چھانین اور پھر جوش کرین کہ قوام شہد کا ہو جاوے
فتیلہ اُسمین آلودہ کرکے ناک مین رکھین **فتیلہ** واسطے آنکھ کے نافع ہی ص ایلوا موتھا
بالچھڑ گلاب کے پھول لونگ کوٹ کر چھان کر پودینہ کے پانی مین گوندھین اور ناک مین
رکھین اول ناک کو گلاب اور سرکہ سے کئی مرتبہ دھوئین بعد اُسکے دوائے مذکور رکھین اور اگر
کلونجی بھون کر اور ایک رات دن پرانے سرکہ مین تر کرکے ساتھ قدرے روغن زیتون کے
ناک مین ٹپکاوین یہی عمل رکھتا ہی **فتیلہ** نافع ہی واسطے درد کان اور پیپ کے جو کان سے
نکلے ص انزروت تخم کنوچہ سات شہد کے گوندھ کر فتیلہ کو اُسمین تر کرین اور کان مین رکھین

فتیلہ کان کی گرانی کو دور کرتا ہی **ص** انجیر سفید فربہ چیرین اور تخم اور عسل اُس سے
بھر اکرین اور جوکھار قرد مانا رائی کوٹ کر اُسمین گوندھین اور فتیلہ بنا کر کان مین رکھین
اور اگر رائی اور انجیر کو کوٹ کر کان مین رکھین یہی عمل رکھتا ہی **فرزجہ** بچہ مُردہ اور مشیمہ کو
رحم سے باہر نکالتا ہی **ص** زراوند مدحرج ابہل ترمس حرف ہر ایک ایک جزو کوٹ کر چھان کر
گاے کے پتہ مین گوندھین اور فرزجہ کرین **فرزجہ دیگر** یہی خاصیت رکھتا ہی **ص**
تخم خیارین رائی سفید گوگل ہر ایک ایک جزو کوٹ کر چھان کر ساتھ قطران کے گوندھین اور
فرزجہ کرین **فرزجہ** کہ مانع حمل ہی **ص** تخم حنظل توتی ہاتھی کی لید رائی مرچ استخوان زعرور
برابر کوٹ کر چھان کر سلارس مین گوندھین اور ساتھ پشم بارہ کے فرج عورت مین رکھین
ہرگز حاملہ نہوگی اور اگر حمل رہیگا استقاط ہو جاویگا اور بعضون نے کہا ہی کہ جو کوئی عورت
ایک کدو دانہ نگل جاوے ایک سال حاملہ نہوگی اور اگر دو کدو دانہ کھاوے تو دو برس حمل نہ رہیگا
اور اسی طرح جسقدر کدو دانہ کھاویگی اُتنے سال تک حمل نہ رہیگا **فرزجہ** بچہ مردہ کو رحم سے باہر نکالتا ہی
ص اشنان فارسی حاقرقرحا کلونجی تلی فرفیون ہر ایک قدرے کوٹ کر چھان کر
ساتھ روغن زیتون کے گوندھین اور استعمال کرین **فرزجہ** مددگار حمل ہی **ص** پہاڑی کبری کی
مینگنی پنیر مایہ خرگوش ہر ایک قدرے کوٹ کر چھان کر سات شہد گرم کیے ہوے کے گوندھین
اور ساتھ پشم بارہ کے فرزجہ کرین **فرزجہ دیگر** یہی عمل رکھتا ہی **ص** مشک زعفران پیس کر
گاے کے پتہ مین گوندھین اور ساتھ پشم بارہ کے فرج عورت مین رکھین **فرزجہ نوع دیگر**
کہ یہی منفعت رکھتا ہی **ص** پنیر مایہ خرگوش دارچینی عنبر پھٹکری مصری برابر وزن کوٹ کر
چھان کر گلاب مین گوندھ کر استعمال کرین **فرزجہ دیگر** یہی خاصیت رکھتا ہی **ص** مامیران
عنبر سورنجان ایلوا سونف سمندر جھاک ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول ساتھ شکر سرخ کے
فرزجہ کرین **فرزجہ** کہ منفعت یہی رکھتا ہی **ص** سلارس جندبیدستر کٹ مرکی جاوشیر
گوگل مشک خالص کوٹ کر بعد پاک ہونے حیض کے کئی مرتبہ فرزجہ کرین اور بعد ایک پہر کے

جماع کرین فرزجه که یهی عمل رکهتا هی ص پنیرمایه خرگوش اور خرگوش کی مینگنی شهد مین گوندهکر
ساتھ پشم پاره کے حمول کرین بعد اسکے مجامعت فرماوین فرزجه که بچه مرده کو رحم سے باهر نکالتا هی ص
همرکی جاوشیر گنگلی سفید برابر وزن کوٹ کر گاے کے پته مین گوندهین اور حمول فرماوین فرزجه حیض کو
جاری کرتا هی ص اشنان عاقرقرحا جاوشیر تتلی هرایک ساڑهے تین ماشه فرفیون دو ماشه کوٹ کر
چهان کر قطران مین گوندهکر فرزجه کرین فرزجه مانع حمل هی ص مازو حب الاس برابر وزن کوٹ کر
چهان کر ساتھ پانی گرم کے فرزجه بناوین اور پهلے مجامعت سے استعمال کرین فرزجه دیگر
درد رحم اور درد بواسیر کو مفید هی اور ورم سخت رحم کا نرم کرتا هی ص بابونه کٹ افیون
موم برابر وزن ساتھ پشم پاره کے حمول کرین فرزجه واسطے ورم رحم کے نافع هی ص کهنه
انزروت دم الاخوین حب الاس گیرو اقاقیا کوٹ کر چهان کر بارتنگ کے پانی مین گوندهکر
ساتھ پشم پاره کے حمول فرماوین فرزجه رحم کو قوت دیتا هی اور فرج کو تنگ اور خوشبودار
کرتا هی ص جاوتری بالچهڑ دونا مروا پوست کندر صعتر اذخر گلاب کے پهول پوست بیخ کبر ترمس
برابر وزن کوٹ کر چهان کر بکاین کے تیل مین گوندهین اور ساتھ پشم پاره کے فرزجه کرین فرزجه دیگر
که یهی عمل رکهتا هی ص بیخ گوزنه اذخر موتها اگر خام لونگ هرایک ساڑهے تین ماشه عنبر بونے دو ماشه
مشک خالص چار رتی ڈیڑه چاول کوٹ کر چهان کر گلاب مین گوندهین اور ساتھ پشم پاره کے حمول
کرین فرزجه خارش رحم کو که اسکو ابنة النسا کهتے هین نافع هی ص تتلی نعناع پوست انار مسور مقشر
گلاب اور قدرے سرکه مین پکاوین اور ساتھ پشم پاره کے فرج مین رکهین فرزجه که یهی منفعت
رکهتا هی ص زعفران کافور هرایک چار رتی ڈیڑه چاول مرداسنگ آٹھ رتی تین چاول حب النیل
بونے دو ماشه کوٹ کر چهان کر مرغ کے انڈے کی سفیدی اور روغن گل مین گوندهین اور فرزجه کرین
فرزجه حیض کو بند کرتا هی ص گلنار فارسی کندر مازو سرمه اقاقیا پهٹکری برابر وزن کوٹ کر
چهان کر بارتنگ کے پانی مین گوندهین اور فرزجه کرین اور پیڑو پر طلا کرین فرزجه دیگر
که یهی خاصیت رکهتا هی ص کاغذ جلا هوا اقاقیا گلنار افشرده ریش برگد گلاب کے پهول مازو کپڑا

جلا ہوا برابر وزن لے کر کوٹ کر سرکہ مین گوندھین اور استعمال کرین **فرزجہ** حیض کو جاری کرتا ہے
ص مرکی پودینہ ہر ایک چودہ ماشہ ابہل دو تولہ چار ماشہ تلسی سات ماشہ مویز منقی پانچ تولہ دس ماشہ
گائے کے پتہ مین گوندھ کر فرزجہ کرین **فرزجہ** ورم سخت رحم کا تحلیل کرتا ہے **ص** کندر گوگل
گندہ بیروزہ ہر ایک سات ماشہ زعفران جاوشیر اشق ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مصطگی جند بیدستر
سلارس روغن سوسن چربی بط کی روغن بابونہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گوند کے قسم کی چیزون کو
سِکَنجبین مین حل کرین اور چربی کو روغن مین پگھلاوین اور باقی دواؤن کو کوٹ کر چھان کر اسمین گوندھین اور استعمال کرین

باب القاف

قرص عنصل جنگلی پیاز کو کہتے ہین اوّل چاہیے کہ جنگلی پیاز حاصل کرین چھوٹی چھوٹی اور
خمیر مین رکھکر تنور مین ڈالدیوین کہ پختہ ہو جاوے بعد اُسکے مغز اُسکا کہ نرم ہو گیا ہو لیوین اور
اوکھلی مین کوٹین اور برابر اُسکے وزن کے آٹا مٹر کا اضافہ کرکے قدرے شراب مین گوندھین
اور ہاتھ کو روغن گل سے چکنا کرکے قرص بناوین اور بعد دو مہینے کے استعمال کرین **قرص افعی**
جاننا چاہیے کہ اقسام افعی کے بہت ہین مگر افعی کہ تریاق فاروق مین مستعمل ہے سانپ بھورا چاہیے
اسواسطے کہ سانپ سیاہ سخت زہرناک ہوتا ہے اور زہر اُسکا برا ہوتا ہے اور سانپ سفید ضعیف
اور کمزور ہوتا ہے مگر بھورا معتدل ہے یہان مراد اُسی قسم سے ہے لیکن جوان اور تندرست ہووے
اور نشان جوانی کا یہ ہے کہ حرکت اُسکی قوی ہو یعنی جلد حرکت کرے اور نشان تندرستی اور قوت
اُسکی کا یہ ہے کہ سر بلند رکھتا ہے اور آنکھین سرخ ہوتی ہین اور دلیر ہوتا ہے مگر تریاق مین قسم مادہ
چاہیے اسواسطے کہ زہر مادہ کا ضعیف زیادہ زہر نر سے ہوتا ہے اور نشان مادہ ہونے کا
یہ ہے کہ منہ مین مادہ کے چار دانت زہردار ہوتے ہین کہ اُنکو نیش دندان کہتے ہین دونون طرف
مگر سانپ نر کے ایک دانت ہوتا ہے اور یہ بھی نشانی مادہ کی ہے کہ جائے خروج ثقل اور فرج
اُسکی دُم کے نزدیک ہوتی ہے اور دُم دراز ہوتی ہے سنپیرون نے اسکا نام کلتا دم رکھا ہے

اور پوست شکم کا اُسکے سخت ہوتا ہی اور سختی نشان اس امر کا ہی کہ اُس مین رطوبت فضلیہ
کم ہی اور سر اُسکا چوڑا ہوتا ہی اسواسطے کہ سر چوڑا علامت قوت دماغ کی ہی درمیان فصل بہار کے پکڑنا
لازم ہی کہ آفتاب برج ثور مین ہووے اور اگر موسم بہار مین کچھ سردی معلوم ہووے تو آخر بہار
یا شروع گرمی مین پکڑنا چاہیے اور مادہ کی علامت یہ بھی ہی کہ پاس کسی درخت کے خصوص
درخت بلوط کے نہین جاتی اور قریب پانی کے بھی نہین آتی بلکہ صاف جنگل مین پھرتی ہی
پس بہتر یہ ہی کہ جس مقام پر اُسکو دیکھین فوراً قتل کرین تاکہ اضطراب بہت نہ کرے اور
خشم آلودہ اور پیاسی اور بیمار نہو اُسکو اسطرح مارنا چاہیے کہ بمقدار چار انگشت کے
تیشہ تبر سے سر اور دُم سے ساتھ ایک ضرب کے اُڑا دیوین یہانتک کہ قطعاً پوست نہ لگا رہے
ساتھ ایک ہی ضرب کے جدا ہو جاوے اسواسطے کہ زہر اُسکا منھ اور سر کی طرف ہوتا ہی
اور فضلۂ بد طرف دُم کے ہوتا ہی پس جسوقت قتل کرین تو دیکھین کہ اگر خون اُس مین سے
بہت جاری ہی اور بہت دیر تک حرکت بھی کرتی ہی تو وہی بہتر اور کار آمد ہی اور اگر حرکت
نہ کرے ضعیف اور کم زور ہو معلوم کرنا چاہیے ایسی قسم اس کام کے واسطے نہین لائق ہی
لیکن جو قسم کہ اس امر کے لیے شائستہ ہی اوّل چاہیے کہ بعد قتل سر اور دنبال کے شکم اُسکا
شگاف کرکے آلایش صاف کرین اور کھال بھی اُکھاڑین پھر اُسکو صاف پانی مین کئی مرتبہ
دھووین بعد اُسکے صاف پانی اور تھوڑے نمک کے ساتھ چند شاخ سوئے کی جوش کرین
کہ گہرا ہو جاوے بعد اُسکے گوشت کو ہمراہ نان سفید بریان کے کوٹین اور ساتھ اُس پانی کے
کہ اُس سے صاف کیا ہوا ہی گوندھین ناک اور ہاتھون کو روغن بلسان مین چرب کرکے
قرص بناوین ہر ایک ساڑھے چار ماشہ اور سایہ مین خشک کرین یہانتک کہ مطلق اثر نم کا
اُسمین نہ رہے بعدہ ظرف آبگینہ مین نگاہ رکھین مگر چاہیے کہ وقت پکانے اور کوٹنے اور قرص
بنانے گوشت افعی کے ناک باندھ لیوین کہ قوت اُس کی دماغ تک نہ پہونچے قرص اندرون
مختار حنین بن اسحاق تریاق فاروق مین مستعمل ہی ص کا پھل میٹھا چراثیتہ نگر

اگر خام بلسان فوذ سلیخہ مصطگی ہر ایک سوا دو تولہ شگوفۂ اذخر زعفران ہر ایک ساڑھے
چار تولہ دارچینی حماما ہر ایک نو تولہ اقحوان ساڑھے سات تولہ کوٹ کر چھان کر ساتھ شراب
ریحانی کے گوندھین اور ہاتھ کو روغن بلسان مین چرب کرکے قرص بناوین اور سایہ مین
خشک کرین **قرص فرفیون** مشرودیطوس مین مستعمل ہی صص مویز منقی چودہ ماشہ علک البطم سات
تولہ اذخر مرکی ہر ایک ساڑھے تین تولہ دارچینی گوگل اظفار الطیب یعنی نکہ بالچھڑ رومی سلیخہ
اکلیل الملک موتھا حب الغار ہر ایک ساڑھے دس ماشہ میٹھا چرایتہ ساڑھے دس ماشہ زعفران
ساڑھے تین ماشہ قفر الیہود پونے نو ماشہ شراب مین گوندھکر قرص بناوین **قرص اندروماخس**
مخلصۂ اکبر مین مستعمل ہی صص حماما کا پھل میٹھا چرایتہ کٹ لونگ مرچ سفید اجواین
ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ فوذ ساڑھے چار ماشہ بالچھڑ تیج پات ہر ایک دو تولہ سات
ماشہ مرکی دارچینی مصطگی زعفران ہر ایک سوا دو تولہ کوٹ کر چھان کر شراب صاف مین
گوندھین اور قرص بناوین اور سایہ مین خشک کرین **قرص کوکب** معدۂ
ضعیف کو قوت دیتا ہی فضول کو دفع کرتا ہی اور اگر ماتھے پر طلا کرین درد سر کو
نافع ہی اور نزلہ کو دور کرتا ہی اور اگر گندہ بیروزہ اُسمین ملا کر کرم خوردہ دانتون پر
ملین درد کو موقوف کردیتا ہی اور جو ساتھ پانی دونا مروا کے کان مین ٹپکاوین
درد کان کو دور کردیوے اور خون تھوکنے کو نافع ہی اور جس مقام سے خون
جاری ہو فوراً بند کردیتا ہی اور پُرانی کھانسی کو فائدہ بخشتا ہی اور تپ دائرہ کو
نافع ہی اور اگر ساتھ پانی دونا مروا یا ساتھ پانی تتلی کے نوش کرین موذی جانورون
کے کاٹنے کو نافع ہی اور جس قسم کا زہر کھایا ہو اذیت زہر کی بدن سے دور کرتا ہی
اور جو ساتھ شراب کے کھاوین آنتون کے زخم اور مثانہ کے زخم اور خون کے
دستون کو مفید ہی صص جند بیدستر بالچھڑ سلیخہ گل مختوم پوست بیخ لفاح
ہر ایک چودہ ماشہ افیون زعفران کٹ کوکب الارض یعنی ابرک ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ

انیسون فو وہ سیبالیوس اجواین خراسانی سلارس اجمود ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ
گوند کے قسم کی چیزون کو شراب مین حل کرین اور اور دواون کو کوٹ کر چھان کر
اُس مین گوندھین اور قرص بناوین ایک قرص ایک تولہ اور سایہ مین خشک کرین
قرص طباشیر ملین تپ محرقہ اور سینہ کی خشونت کو نافع ہی معدہ کو ملائم اور
قبض کو دور کرتا ہی اور پیاس کو بجھاتا ہی ص بنسلوچن سفید چودہ ماشہ ترنجبین ساڑھے
دس ماشہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو نشاستہ گوند ببول کا خشخاش کتیرا ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ اسپغول کے لعاب مین گوندھ کر قرص بناوین قرص طباشیر ممسک
صفراوی تپ کو نافع ہی دستون کو بند کرتا ہی خون کو روکتا ہی پیاس بجھاتا ہی
ص گلاب کے پھول چار تولہ ساڑھے چار ماشہ گوند ببول کا نشاستہ جو کے بیج
گیرو ہر ایک تین تولہ بنسلوچن سماق زرشک ہر ایک دو تولہ کوٹ کر چھان کر گلاب مین
گوندھین قرص طباشیر لولوے مغربی بلا سوراخ بنسلوچن ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ
مونگے کی جڑ کہربا جو کے بیج جنگلی طراثیث گوند ببول کا ہر ایک سات ماشہ خشخاش بھنا ہوا
ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر چھان کر گلاب مین قرص بناوین ایضاً تپ دق اور تپ محرقہ اور
گرم کھانسی کو نافع ہی پیاس بجھاتا ہی ص بنسلوچن گلاب کے پھول صندل سفید تخم کاسنی تخم کاہو تخم خرفہ
ہر ایک ساڑھے چار ماشہ کافور چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر اسپغول کے لعاب مین گوندھ کر قرص بناوین
قرص کہربا خون بواسیر اور رحم کو نافع ہی ص کہربا تین تولہ اصطگی تین تولہ خشخاش سفید تین تولہ زعفران
سات ماشہ ساتھ لعاب اسپغول کے قرص بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ قرص کہربا شکم سے خون جانے کو
باز رکھتا ہی ص کہربا مونگے کی جڑ موتی بلا سوراخ تخم خرفہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
پہاڑی بکری کا سینگ چھلکا انڈے کا جلا ہوا گوند ببول کا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
دھنیا بھونا ہوا خشخاش سفید خشخاش سیاہ ہر ایک بھنے دو تولہ ودع سوختہ اجواین خراسانی
ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب اسپغول کے قرص بناوین قرص گلنار خون کو

روکتا ہے **ص** گلاب کے پھول گلنار اقاقیا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کتیرا تین تولہ کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی گلنار کے قرص بناوین **قرص زرشک کبیر** ورم معدہ اور جگر اور بلغمی تپ کو نافع ہے **ص** افشردہ زرشک مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلاب کے پھول ترنجبین ہر ایک پونے دو تولہ تخم کشوث رب السوس سنبلوچین تخم کاسنی مصطگی بالچھڑ افشردہ غافث مجیٹھ لاکھ دھوئی ہوئی ریوند چینی ہر ایک سات ماشہ زعفران پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی ترنجبین کے گوندھ کر قرص بناوین **قرص زرشک صغیر** زرشک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ تخم کاسنی تخم خرفہ تخم خیارین ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلاب کے پھول ساڑھے سترہ ماشہ ریوند چینی افشردہ غافث بالچھڑ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ اسپغول کے لعاب مین قرص بناوین **قرص زرشک حار** زرشک ساڑھے سترہ ماشہ لاکھ دھوئی ہوئی ریوند چینی افشردہ غافث بالچھڑ سونف رومی مصطگی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر قرص بناوین **قرص زرشک بارد** زرشک ساڑھے سترہ ماشہ ست ملٹھی کا سوا پانچ ماشہ مغز تخم خیارین تخم خرفہ تخم کاسنی ہر ایک سات ماشہ گلاب مین قرص بناوین خوراک نو ماشہ ساتھ سکنجبین اور پانی کاسنی یا پانی مکوہ کے **قرص ریوند** ورم اور سختی جگر اور طحال اور پرانی تپ کو نافع ہے **ص** ریوند چینی پونے دو تولہ مجیٹھ منقی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اجمود سونف رومی افشردہ غافث ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی خالص کے قرص بناوین **قرص خشخاش** زخم سینہ اور پھیپھڑہ کو نافع ہے **ص** گلاب کے پھول گوند ببول کا ہر ایک چودہ ماشہ نشاستہ کتیرا ست ملٹھی کا ہر ایک سات ماشہ خشخاش سفید خشخاش سیاہ ساڑھے دس ماشہ زعفران پونے دو ماشہ سنبلوچین ساڑھے سترہ ماشہ ساتھ پانی خالص کے قرص بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ ہمراہ پونے چار تولہ شربت خشخاش کے **قرص گل** درد معدہ اور بلغمی تپ کو نافع ہے **ص** گلاب کے پھول پونے دو تولہ ست ملٹھی کا چودہ ماشہ بالچھڑ ایک تولہ سنبلوچین سات ماشہ افشردہ غافث چودہ ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ سیفنج کے گوندھ کر قرص بناوین **قرص گل نوع دیگر** بہتر پہلے نسخہ سے ہے

صں گلاب کے پھول تین تولہ ملھٹی افشردہ غافث افسنتین رومی ہر ایک چودہ ماشہ مصطگی تخم
تگر اگر خام اور خر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر گلاب مین قرص بناوین قرص گل نوع دیگر
ضعف الکبد اور مرکب تپون کو نافع ہی اور معدہ کو قوت دیتا ہی صں گلاب کے پھول ملھٹی ہر ایک
چودہ ماشہ نیلوچن بالچھڑ افسنتین رومی ہر ایک سات ماشہ ترنجبین ساڑھے دس ماشہ گلاب مین
قرص بناوین قرص غافث یرقان اور ورم جگر اور طحال اور تپ چوتھیا اور پرانی تپون کو مفید ہی
اور سدہ کو کھولتا ہی صں افشردہ غافث پانچ تولہ دس ماشہ بالچھڑ دو تولہ گیارہ ماشہ نیلوچن
چودہ ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی خالص کے گوندھکر قرص بناوین قرص کاکنج قرحہ گردہ
اور قرحہ مثانہ اور خون کے پیشاب کو نافع ہی صں مغز تخم خیارین حب کاکنج مغز بادام ست ملھٹی کتیرا
نشاستہ گوند ببول کادم الاخوین کتیرا کندر ہر ایک تین تولہ اجمود سات ماشہ افیون ساڑھے
تین ماشہ خالص پانی مین قرص بناوین خوراک ساڑھے تین ماشہ سے ساڑھے چار ماشہ تک
قرص مقل یعنی گوگل معدہ کے سخت ورم کو مفید ہی صں گلاب کے پھول تین تولہ بالچھڑ سات ماشہ
زعفران مرمکی سوا پانچ ماشہ مصطگی پونے نو ماشہ گوگل ساڑھے دس ماشہ گوگل کو شراب مین حل
کرین اور باقی اور دوائیان کوٹ کر چھان کر اس مین گوندھین اور قرص بناوین قرص کافور
یرقان اور تپ گرم کو فائدہ رکھتا ہی صں زرشک نیلوچن گلاب کے پھول ہر ایک دو تولہ
تخم کاہو تخم کاسنی کتیرا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ صندل سفید
ست ملھٹی کا ہر ایک سات ماشہ کافور ساڑھے تین ماشہ اسپغول کے لعاب میں گوندھکر
قرص بناوین خوراک سات ماشہ ساتھ سکنجبین کے قرص کافور نوع دیگر تپ چوتھیا اور
تپ دق اور تپ محرقہ کو نافع ہی پیاس بجھاتا ہی صں نیلوچن تخم خرفہ تخم کاہو ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ تخم
کاسنی ست ملھٹی کا صندل سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مغز تخم کدو مغز تخم خربزہ ہر ایک دو تولہ ترنجبین
تین تولہ کافور سوا دو ماشہ ساتھ لعاب اسپغول کے قرص بناوین قرص لک استسقاے لحمی کو مفید ہی
صں لاکھ منقی مجیٹھ سونف دیسی سونف رومی اجمود تخم کاسنی تخم کشوث ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوہ

سات ماشہ خوب کوٹ کر چھان کر پانی مین قرص بناوین خوراک ساڑھے تین ماشہ ساتھ
سکنجبین بزوری کے قرص شبرم استسقاے زقی کو نافع ہی اور سدہ کھولتا ہی ص شبرم زرد
برابر وزن کوٹ کر چھان کر قرص بناوین خوراک چار رتی و ڈیڑھ چاول ساتھ سکنجبین کے بتدریج
بڑھاتے ہین قرص لک استسقاے لحمی کو مفید ہی سدہ کھولتا ہی ص لاکھ دھوئی ہوئی ریوند چینی
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ تگر زراوند جنطیانا بالچھڑ مصطگی رومی اجواین اذخر ابہل کٹ مغز بادام
تلخ مجیٹھ افسنتین افشردہ غافث ہر ایک سات ماشہ کالی مرچ سونٹھ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
خوراک ساڑھے چار ماشہ قرص افسنتین درد معدہ کو جو بعد کھانا کھانے کے عارض ہوتا ہی
مفید ہی ص افسنتین اجمود سونف رومی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سلیخہ پانچ تولہ دس ماشہ
مرمکی کالی مرچ جندبیدستر افیون ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر خالص پانی مین قرص
بناوین قرص کبیر بلغمی پتون کو مفید ہی اور پیشاب کی تنگی اور دشواری کو نافع ہی اور جگر کی
سردی کو فائدہ بخشتا ہی اور سدہ طحال کھولتا ہی ص افسنتین اجمود تگر مغز بادام برابر وزن
کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی خالص کے گوندھین اور قرص بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ
قرص انیسون درد طحال کو نافع ہی سدہ کھولتا ہی ص پوست بیخ کبر اشق ہر ایک چودہ ماشہ
زراوند طویل سنبھالو کالی مرچ ہر ایک پونے دو تولہ اشق کو پرانے سرکہ مین حل کرین اور
باقی اور دوائیان کوٹ کر چھان کر اُسمین گوندھین اور قرص بناوین قرص کبر بلغمی تپ
اور ضعیف جگر کو مفید ہی ص سونف رومی افسنتین مغز بادام تلخ بالچھڑ ایلوا ہر ایک چودہ ماشہ
افشردہ غافث تیج پات تگر ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مصطگی ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر
گلاب مین قرص بناوین خوراک ساڑھے تین ماشہ ساتھ جوشاندہ افسنتین کے قرص ایرسا
طحال کی سختی کو نرم کرتا ہی ص ایرسا یعنی نیلی سوسن کی جڑ چودہ ماشہ مرچ سفید اشق ہر ایک
سات ماشہ اشق کو سرکہ مین حل کرین اور باقی دوائیان کوٹ کر چھان کر اُسمین گوندھین اور
قرص بناوین خوراک سات ماشہ ساتھ سکنجبین کے قرص فنجنکشت سدہ جگر اور طحال کا کھولتا ہی

ص فرنگشت یعنی سنبھالو تخم کاسنی تخم خرفہ مغز تخم کدو برابر کوٹ کر چھان کر سکنجبین مین گوندھکر
قرص بناوین قرص فوہ طحال کو سفید ہی ص فوہ یعنی مجیٹھ ساڑھے تین تولہ پوست بیخ کبر تلی سوسن
کی جڑ زراوند طویل ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر سکنجبین مین گوندھین اور قرص بناوین
اور جو شاندہ سونف رومی مین استعمال فرماوین قرص عود قی اور ہیضہ کو باز رکھتا ہی ص اگر خام
چودہ ماشہ کباب چینی مصطگی لونگ بالچھڑ ہر ایک سات ماشہ قند سفید ساڑھے تین تولہ کوٹ کر
چھان کر قرص بناوین خوراک سات ماشہ قرص عود نوع دیگر معدہ کو قوت دیتا ہی اور
کھانا ہضم کرتا ہی اور بھوک کھانے کی بڑھاتا ہی ص لونگ مصطگی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
الائچی بالچھڑ جاوتری ہر ایک سات ماشہ اگر خام تج پوست ترنج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
زعفران جائفل سونٹھ پیپل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ قند سفید برابر وزن سب دواؤن کے
کوٹ کر چھان کر قرص بناوین قرص کُندر قی اور ہیضہ کو باز رکھتا ہی ص کندر ساڑھے دس ماشہ
تج ساڑھے سترہ ماشہ کباب چینی چھوٹی الائچی سُک ہر ایک سات ماشہ مشک خالص کافور چار رتی
ڈیڑھ چاول لونگ ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر قرص بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ
ساتھ تین تولہ شربت انار منعنع کے نوش فرماوین قرص راسن قی اور ہیضہ کو باز رکھتا ہی
اور نیند لاتا ہی ص لونگ تین تولہ سُک تج راسن ہر ایک سات ماشہ افیون پوست
بیخ لفاح ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر قرص بناوین قرص حب الآس
قی اور دستون کو باز رکھتا ہی ص بڑی مائین گیرو نشاستہ بریان بلوط ہر ایک تین تولہ
گوگل ساڑھے تین ماشہ پوست انار مازو ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر چھان کر قرص
بناوین خوراک سات ماشہ ساتھ پانی بہی یا پانی سیب کے تناول فرماوین قرص کے قی بلغمی اور سوداوی
قطع کرتا ہی اور معدہ کو قوت دیتا ہی ص پوست بیرن پستہ گلاب کے پھول ہر ایک چھ دہ ماشہ
اگر خام مصطگی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ سُک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی سیب کے قرص بناوین
قرص بسد یعنی قرص مونگے کی جڑ کا ص مونگے کی جڑ تین تولہ کندر اقاقیا گلنار گوند ببول کا ہر ایک چھ ماشہ

کتیرا گل مختوم ہر ایک ساڑھے دس ماشہ دارچینی ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر قرص بناوین
خوراک ساڑھے چار ماشہ ساتھ شربت انجبار کے **قرص سرمہ** قریب المنفعت ہے ساتھ قرص سبجے
قرص سرمہ اصفہانی شادنج عدسی مغسول دم الاخوین ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلنار مازو
ہر ایک سات ماشہ پہاڑی بکری کی سینگ اقاقیا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ لادن زعفران ہر ایک
پونے دو ماشہ ہنسراج سوا پانچ ماشہ کوٹ کر بارتنگ کے پانی مین قرص بناوین خوراک ساڑھے تین ماشہ
قرص الطین سوزش مثانہ اور خون کے پیشاب کو نافع ہے صفت گل مختوم نشاستہ گیرو کہربا
تخم خرفہ تخم خربزہ مغز تخم خیارین برابر وزن کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب اسپغول کے گوندھکر
قرص بناوین **قرص سنبل** جگر اور معدہ کے سخت ورم کو نافع ہے صفت بالچھڑ گلگونہ اذخر سلیخہ
ریوند چینی میٹھا جراتیہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ زعفران سونف رومی مرکی کٹ کابلی مرچ ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ کوگل مصطگی ہر ایک سات ماشہ اشق پونے دو ماشہ اشق اور کوگل کو مثلث مین حل کرین
باقی اور دوائیاں اسمین گوندھکر قرص بناوین خوراک سات ماشہ واسطے ورم معدہ کے ساتھ مثلث کے
اور واسطے ورم جگر کے ساتھ سکنجبین کے دیوین **قرص کزمازج** ترکیب جالینوس سختی طحال کو
گھلا دیتا ہے صفت کزمازج یعنی بڑی مائین ڈیڑھ تولہ سفید مرچ بالچھڑ تگر اشق ہر ایک نو ماشہ اشق کو
پیاز کے سرکہ مین گھولین اور دوائیاں اسمین گوندھین اور قرص بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ
قرص کہربا نوع دیگر خون کے پیشاب کو نافع ہے صفت کہربا گوند ببول کا نشاستہ کتیرا مغز تخم کدو
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلنار اقاقیا ہر ایک سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر لعاب اسپغول مین
گوندھکر قرص بناوین خوراک سات ماشہ ساتھ شیرہ تخم خرفہ کے **قرص شب یمانی**
یہی خاصیت رکھتا ہے صفت شب یمانی یعنی پھٹکری سینگ جلی ہوئی کتیرا گیرو گلنار فارسی تخم خرفہ
برابر وزن کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی خرفہ کے قرص بناوین **قرص شب یمانی نوع دیگر**
پھٹکری گینڈے کی سینگ جلی ہوئی کتیرا دم الاخوین گلنار ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کتیرا
پونے دو تولہ گوند ببول کا سات ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی خرفہ کے گوندھکر قرص بناوین ساتھ تخم

حب الآس کے دیوین **قرص بزور** رجرب مثانے کو نافع ہی صن مغز تخم خرپزہ
تین تولہ مغز تخم خیارین ساڑھے سترہ ماشہ مغز تخم کدو تخم خطمی مغز بادام شیرین کتیرا نشاستہ
ست ملٹھی کا خشخاش گیرو اجمود ہر ایک سات ماشہ اجوائن خراسانی ساڑھے تین ماشہ قرص بناوین
ور ساتھ شربت بنفشہ کے تناول فرمائین **قرص بنفشہ** تپ جو ساتھ کھانسی کے ہو سفید ہی صن
بنفشہ مغز بادام شیرین مغز تخم کدو مغز تخم خیار کتیرا گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
ست ملٹھی کا گیرو نشاستہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مصطگی ساڑھے چار ماشہ بالچھڑ ساڑھے
تین ماشہ کوٹ کر چھان کر قرص بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ **قرص بنفشہ نوع دیگر**
جو کھانسی اور تپ کے ساتھ قبض طبیعت ہوئے نافع ہی صن بنفشہ تین تولہ نسوت سفید
ساڑھے سترہ ماشہ ست ملٹھی کا ایک تولہ سقمونیا ساڑھے دس ماشہ مصطگی سوا پانچ ماشہ
کتیرا پونے دو تولہ کوٹ کر چھان کر قرص بناوین خوراک پونے نو ماشہ ساتھ جلاب کے دیوین
قرص غاریقون طحال غلیظ کو گھلاتا ہی صن غاریقون گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے
سترہ ماشہ منبلوچن زرشک ہر ایک سات ماشہ افشردہ غافث بالچھڑ لاکھ دھوئی ہوئی
ریوند چینی پوست بیخ کبر ہر ایک سوا پانچ ماشہ سرکہ مین بھگو کر اور خشک کر کے قرص بناوین
خوراک سات ماشہ ساتھ سکنجبین کے **قرص ضعف معدہ** اور تنگی سانس و سلس البول کو مفید ہی
صن بالچھڑ گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گوند ببول کا ناگیسر ہر ایک سات ماشہ
مصطگی ساڑھے تین ماشہ منبلوچن ہر ایک ساڑھے سات ماشہ کوٹ کر چھان کر قرص بناوین
خوراک ساڑھے دس ماشہ ساتھ گلقند کے **قرص صموغ** دشواری درد وضع حمل کو آسان
کرتا ہی اور بچہ مردہ اور زندہ کو ایک گھنٹہ میں رحم سے باہر نکالتا ہی صن مکی جاوشیر سکنجبین ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ ہینگ پونے دو ماشہ گلتھم ایک خوراک ہی ساتھ پانی تتلی یا جوشاندہ میتھی وغیرہ کے تناول کرین
قرص کہربا لاکھ دھوئی ہوئی مجیٹھ تخم اجمود تکوہ خشک ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سونف دیسی
سونف رومی وقنو ہر ایک ساڑھے چار ماشہ تخم کاسنی تخم کشوث ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر قرص بناوین

قرص مبارک تپ دق اور تپ محرقہ اور ستون گرم اور یرقان کو فائدہ بخشتا ہی پایہ پہچانا ہی صفت گلاب کے پھول ترنجبین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ بنفشہ مسلوجن مغز تخم خیارین ہر ایک پونے نو ماشہ تخم کاسنی ساڑھے دس ماشہ تخم کاسنی چودہ ماشہ مغز تخم کدو سات ماشہ ست ملٹھی کا ساڑھے چار ماشہ کافور چھ رتی سوا دو چاول کوٹ کر قرص بناوین قرص انجبار خون کے دستون کو اور خون کی قے کو نافع ہی اور سیلان خون حیض کو روکتا ہی صفت بیخ انجبار چودہ ماشہ گلاب کے پھول گوند ببول کا کہربا تخم خرفہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گلنار نشاستہ گیرو مونگے کی جڑ بنفشہ مسلوجن ست ملٹھی کا ہر ایک سات ماشہ اقاقیا سوا پانچ ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی مورد کے قرص بناوین قرص کہ استسقا کو نافع ہی صفت گلاب کے پھول ساڑھے دس ماشہ اگر خام یا پختہ مصطگی سلیخہ شگوفہ اذخر دارچینی افسنتین ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر قرص بناوین قرص کہ یہی خاصیت رکھتا ہی صفت مغز بادام تلخ افسنتین تگر سونف رومی فقاح ریقون بروزن کوٹ کر قرص بناوین قرص ایلاوس اجمود سونف رومی دارچینی ہر ایک پونے دو تولہ افسنتین مصطگی ہر ایک چودہ ماشہ کالی مرچ مرمکی افیون چار رتی ڈیڑھ چاول جند بید ستر ہر ایک سات ماشہ پانی خالص مین قرص بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ قرص کہ ہچکی امتلائی کو نافع ہی صفت کٹ تلخ ایلوا اذخر نیم بہاڑی پودینہ نعناع خشک تلی کندر اجمود تگر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ افیون چھ رتی ڈیڑھ چاول گلاب کے پھول پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ مثلث کے گوندھین اور قرص بناوین قرص زحیر پیچش اور شکم سے خون جانے کو باز رکھتا ہی اور خون تھوکنے کو مفید ہی صفت گل مختوم گیرو قرظ بنفشہ مسلوجن طراثیث بلوط آرد کنار تخم مورد ہر ایک سات ماشہ جنگلی جو کے بیج گوند ببول کا گلنار ہر ایک چودہ ماشہ نشاستہ گلاب کے پھول ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اجمود سماق مصطگی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مازو زیرہ کرمانی سرکہ مین بھیگا ہوا اور بھونا ہوا ہر ایک سوا دو ماشہ کوٹ کر چھان کر اسپغول کے لعاب مین قرص بناوین خوراک ساڑھے تین ماشہ قرص سرطان سل اور دق اور خون تھوکنے کو مفید ہی

ص گل مختوم گیرو نشاستہ گلاب کے پھول ہر ایک چھ نے دو دو تولہ سرطان جلا ہوا تین تولہ کتیرا
بنسلوچن شادنج عدسی مغسول ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ست ملیٹھی کا ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر
بارتنگ کے پانی میں قرص بناویں قرص سل تخم خیارین تین تولہ تخم خرفہ ملیٹھی ہر ایک ساڑھے چھ ماشہ بنسلوچن
سرطان جلا ہوا ہر ایک سات ماشہ نشاستہ کتیرا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر لعاب اسبغول میں گوندھ کر
قرص بناویں خوراک ساڑھے چار ماشہ قرص دیگر کھانسی اور دستوں کو مفید ہے اور خون تھوکنے کو
نافع ہے ص جو کے بیج بھونے ہوئے زرشک نشاستہ بنسلوچن تخم مورد شاہ بلوط ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
زعفران ساڑھے تین ماشہ گل مختوم گوند ببول کا ہر ایک تین تولہ کہربا مونگے کی جڑ ہر ایک ساڑھے
دس ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی خالص کے قرص بناویں خوراک سات ماشہ قرص برائے زخم
اور پیپ جاری ہونے کو مفید ہے ص ست ملیٹھی کا نشاستہ مغز تخم کدو ہر ایک نو ماشہ انزروت
پلا ہوا ریوند چینی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ مغز بادام ساڑھے تیرہ ماشہ لعاب اسبغول میں گوندھ کر
قرص بناویں خوراک نو ماشہ قرص مشک ترکیب محمد زکریا معدہ اور دل و جگر کو قوت
دیتا ہے اور غشی اور خفقان سرد اور درد معدہ سرد کو نافع ہے ص مصطگی لونگ اگر خام دارچینی
بالچھڑ مشک جائفل کباب چینی چھوٹی الائچی پوست ترنج بڑی الائچی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ
مشک خالص چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر شراب ریحان میں گوندھ کر قرص بناویں
خوراک ساڑھے چار ماشہ قرص ذیابیطس نسخہ ثابت بن قرہ ص تخم مورد
جو کے بیج ہر ایک سات ماشہ گوند ببول کا نشاستہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
کوٹ کر چھان کر اسبغول کے لعاب میں قرص بناویں خوراک سات ماشہ
قرص ذیابیطس نوع دیگر بنسلوچن ست ملیٹھی کا ہر ایک تین تولہ تخم خشخاش کاہو پانچ تولہ
دس ماشہ تخم خرفہ چار تولہ ساڑھے چار ماشہ گلاب کے پھول دھنیا خشک ہر ایک
ساڑھے سترہ ماشہ اقاقیا صندل سفید گیرو گلنار سات ماشہ کافور [illegible] دو ماشہ کوٹ کر چھان کر
عرق گلاب میں قرص بناویں خوراک ساڑھے دس ماشہ ساتھ پانی انار ترش کے قرص نفث الدم

کندر دم الاخوین گلنار ہر ایک ساڑھے گیارہ ماشہ تین چاول کہربا ساڑھے سترہ ماشہ شادنج گل مختوم ہر ایک تین تولہ پھٹکری پونے نو ماشہ افیون وارچینی ہر ایک سات ماشہ سب دواؤن کے دس قرص بناوین خوراک اوسکی ایک قرص ساتھ پانی خرفہ کے **قرص مروارید** دل اور دماغ کو قوت دیتا ہی اور یرقان اور خفقان گرم کو مفید ہی **ص** گلاب کے پھول سات ماشہ بنسلوچن موتی بلا سوراخ مونگے کی جڑ صندل سفید ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ تخم خرفہ ساڑھے دس ماشہ زعفران پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر اسبغول کے لعاب مین قرص بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ ساتھ سکنجبین کے **قرص تپ** چوتھیا اور درد سر اور سرسام کو نافع ہی پیاس بجھاتا ہی نیند لاتا ہی ہذیان دفع کرتا ہی **ص** مغز تخم خیارین مغز تخم کدو ہر ایک تین تولہ ست ملٹھی کا نشاستہ کتیرا افیون ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر ساتھ پانی کا ہو یا لعاب اسبغول کے ہمیں قرص تیار کرین خوراک اسکی ایک عدد یا دو عدد **قرص ذات الجنب** ست ملٹھی کا تین تولہ بنفشہ تین تولہ نشاستہ کتیرا تخم خطمی سونف بیہی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر لعاب اسبغول اور اسی اور بہدانہ مین گوندھکر قرص بناوین خوراک ساڑھے دس ماشہ ساتھ شربت بنفشہ کے **قرص** ہچکی امتلائی اور آنتون کے ورم کو مفید ہی **ص** کندر ساڑھے سترہ ماشہ راسن پودینہ دیسی تلی نمام ہر ایک ساڑھے دس ماشہ صعتر اجواین موتھا ہر ایک سوا پانچ ماشہ گلاب مین قرص بناوین خوراک ساڑھے چار ماشہ ساتھ جوشاندہ زیرہ کے **قرص مازریون** استسقار زقی گرم کو نافع ہی **ص** تخم کاسنی تین تولہ مازریون خاریقون افشردہ غافث ہر ایک پانچ ماشہ چار رتی چھ چاول گلاب کے پھول مغز تخم خیار ہر ایک پونے نو ماشہ کوٹ کر چھان کر سب دواؤن کے دس قرص کرین اور ہر روز ایک قرص دیوین **قرص** استسقاء گرم اور فساد جگر اور طحال کو جو ساتھ دستون کے ہو نافع ہی **ص** بنسلوچن گلاب کے پھول گلنار زرشک سماق بڑی ماہی تین تخم کاسنی فرنجمشک تخم خرفہ ہر ایک

ساڑھے تین ماشہ موتھا گنگو فیہ اذخر سونف رومی بالچھڑ ریوند چینی لاکھ پوست بیخ کبر افیون
ہر ایک پونے دو ماشہ کافور چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر قرص بناویں خوراک ساڑھے
دس ماشہ قرص افتیمون قولنج دور کرتا ہے ص نسوت افتیمون ہر ایک تین تولہ سکنجبین ساڑھے
سترہ ماشہ قرص بناویں اور ہر روز ایک قرص ساتھ ماء الاصول کے دیویں قرص پیچش کو نافع ہے
کہ ساتھ اُسکے ریاح اور قراقر بھی ہو اور حرارت نہو ص اجواین خراسانی سویا سونف ہر ایک
ساڑھے سترہ ماشہ اجواین پونے نو ماشہ افیون ساڑھے دس ماشہ اجمود تین تولہ کوٹ کر چھان کر
قرص بناویں خوراک ساڑھے چار ماشہ قرص خرنوب نبطی خون کے دستوں کو نافع ہے اور خالص
دستوں کو بھی نافع ہے ص مازو خرنوب بڑی مائین گلنار ہر ایک ایک جزو افیون گوند ببول کا
ہر ایک نیم جزو کوٹ کر چھان کر قرص بناویں خوراک سات ماشہ ساتھ رب بہی کے قرص طباشیر
افیونی دستوں کو مفید ہے جو بسبب یا دتی حرارت کے عارض ہوں ص بنسلوچن گلاب کے پھول
تخم کاہو تخم خرفہ تخم کاسنی سماق ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گلنار صندل افیون ہر ایک پونے دو ماشہ
چوکے کے بیج سوا پانچ ماشہ کافور چار رتی ڈیڑھ چاول ساتھ پانی خالص کے قرص بناویں تیرہ قرص
ساڑھے تین ماشہ قرص آس دستوں کو نافع ہے جو ساتھ کھانسی کے عارض ہوں ص تخم مورد
تین تولہ ہنسراج مغز تخم خربزہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ ست ملٹھی کا گوند ببول کا ہر ایک
سوا پانچ ماشہ کوٹ کر قرص بناویں خوراک ساڑھے دس ماشہ قرص خون کے پیشاب کو
مفید ہے ص مغز تخم خربزہ مغز تخم خیار مغز تخم کدو ہر ایک دو تولہ گیرو گوند ببول کا کندر
دم الاخوین ہر ایک پونے نو ماشہ افیون ساڑھے دس ماشہ اجمود سات ماشہ کوٹ کر
چھان کر قرص بناویں خوراک سات ماشہ ساتھ شربت خشخاش کے قرص حیض کو
جاری کرتا ہے اور ولادت کو آسان کرتا ہے ص مرمکی ساڑھے دس ماشہ ترمس ساڑھے
سترہ ماشہ تتلی پودینہ دیسی قردمانا مشک طرا اشیع مجیٹھ ہینگ جاوشیر سکبینج
ہر ایک سات ماشہ ساتھ جوشاندہ ابہل کے تن ول کریں قرص عشرة الادویہ

تپ چوتھیا اور درد جگر اور ترہل کو نافع ہی قرص سونف رومی افشردہ غافث ہر ایک
چودہ ماشہ تگر تیج پات افسنتین اجمود بالچھڑ مغز بادام تلخ مصطگی ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ
ایلوا سات ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ جوشاندہ افسنتین کے قرص بناوین خوراک
ساڑھے تین ماشہ ساتھ پانی گرم کے قرص منوم حارتخی قرص نیند لانیوالا گرم ہی
تخم سویا سات ماشہ زعفران مرکی اجواین خراسانی سلارس ہر ایک چار رتی
ڈیڑھ چاول افیون برابر دو جو کے کوٹ کر چھان کر اسپغول کے لعاب مین قرص بناوین
قرص خون بواسیر کو باز رکھتا ہی اگرچہ بافراط جاری ہو ہی مونگے کی جڑ کہربا صمغ سوختہ
گیرو ہر ایک سات ماشہ کالی ہڑ بہیڑہ آملہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ تخم گندنا
ساڑھے دس ماشہ گوگل تین تولہ گندنا کے پانی مین حل کرین باقی اور دوائیان
کوٹ کر چھان کر ساتھ اسکے گوندھین اور قرص بناوین خوراک ساڑھے دس ماشہ ساتھ
تین تولہ پانی تھاروں کے استعمال فرماوین قرص قی اور ہیضے کو باز رکھتا ہی اور دستوں کو
بند کرتا ہی اور نیند لاتا ہی قرص شک لونگ ہر ایک تین تولہ مازو پوست انار بڑی مائین
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ افیون چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر ساتھ رب بہی کے
گوندھکر قرص بناوین خوراک سوا پانچ ماشہ قرص سعفہ ہلدی مغز بادام تلخ ہر ایک ایک جزو
گوگل دو جزو گوگل کو پرانے سرکہ مین بھگووین تین روز برابر اور ہلدی اور بادام تلخ کو
کوٹ کر چھان کر داخل کرین اور باہم باریک پیسکر قرص بناوین اور وقت حاجت کے
ساتھ پانی کاسنی کے پیسین اور طلا کرین قرص مثلث درد سر اور آدھاسیسی و سہر کو
نافع ہی اگر ماتھے اور کنپٹیون پر طلا کرین ہی افیون مرکی لادن کافور زعفران اجواین خراسانی
پوست بیخ لفاح ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کندر انزروت آملہ گیرو ہر ایک تین تولہ کوٹ کر چھان کر
گلاب اور سکاہو کے پانی مین گوندھکر قرص بناوین سہ پہلو تاکہ اور قرصوں سے ممتاز ہو قرص زرنیخ
یعنی قرص ہرتال کا آکلہ دہن اور مسوڑھون کو نافع ہی اور عفونت کو دفع کرتا ہی ہی ہرتال زرد

ہرتال سرخ چونہ زندہ مازو ہر ایک تین تولہ زنگار قنطار[۱] ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
پھٹکری[۲] اقاقیا گلنار ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر سرکہ مین بھگو دیوین
اور سات روز تک سورج کے نیچے رکھین اور بعد اُسکے قرص بناوین اور سایہ مین خشک
کرین اور وقت حاجت کے چار رتی ڈیڑھ چاول اُسمین سے مسوڑھا اور دہن مین ملین
اور ایک گھنٹہ تک تامل کرین بعد اُسکے روغن گل قدرے مُنھ مین رکھین قرص منوم بارد
یعنی قرص نیند لانیوالا سرد ص تخم کاہو خشخاش باقلا مقشر تخم خرفہ[۳] کاکنج ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ افیون برابر دو جو کے کوٹ کر چھان کر ساتھ لعاب اسپغول کے قرص بناوین
قراداد دو دو اس نسخہ کی بطور سفوف یا بتی کے استعمال کرین ص نوشادر تانبا جلا ہوا
ہر ایک سات ماشہ نیلا تھوتھا ساڑھے تین تولہ کوٹ کر چھان کر مرغ کے انڈے کی
زردی مین گوندھین اور انڈے کے چھلکے اندر رکھکر گل حکمت کرین اور نئے کوزہ مین
رکھین اور بھٹی مین ڈالدیوین کہ پختہ ہو جاوے بعد اُسکے پیسکر استعمال کرین قطور کان کے
زخم کو مفید ہے اور میل کان کا پاک کرتا ہے ص انزروت ایلوا اسمندر جھاگ جواکھار
دم الاخوین کندر مرکی زنگار خبث الحدید کوٹ کر چھان کر ساتھ سرکہ کے ملاکر کان مین
ٹپکاوین بعد اُسکے کئی مرتبہ شہد کا پانی ٹپکاوین او فتیلے کو شہد مین تر کرین اور ساتھ
دوائیون مذکور کے آلودہ کرکے کان مین رکھین قطور کان کے درد کو جو گرمی سے ہو
تسکین دیتا ہے ص روغن گل پونے دو تولہ روغن بادام شیرین ساڑھے سترہ ماشہ سرکہ
تین تولہ نرم آگ پر پکاوین یہانتک کہ سرکہ جل جاوے اور روغن باقی رہے نیمگرم کان مین ٹپکاوین
قطور طنین اور کان کی گرانی کو دور کرتا ہے ص کندر زعفران فرفیون جندبیدستر کٹکی سفید
ہر ایک ساڑھے دس ماشہ نطرون جواکھار ہر ایک پونے نو ماشہ کوٹ کر چھان کر شراب مین گھول کر
ٹپکاوین قطور کان کے کیڑون کو مارتا ہے ص پانی آڑو کے پتون کا پانی پودینہ کے پتون کا
پانی مولی کے پتون کا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کٹکی سفید جواکھار سقمونیا افسنتین راوند مدحرج

[۱] قنطار ایک قسم [illegible]
[۲] پھٹکری [illegible] سفید اور زرد [illegible]
[۳] [illegible]

ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر اُس پانی مین ملاوین اور سورج کے نیچے رکھین کہ خشک
ہو جاوے بعد اُسکے پیسین اور کان مین ٹپکاوین قطور کان کے درد کو جو سردی سے ہو تسکین دیتا ہی
ص افیون جند بیدستر ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر سوا نو سیر مسفنج مین پکاوین کہ قوام ہو جاوے روغن سوسن مین
حل کرکے کان مین ٹپکاوین قطور طرش کو نافع ہی ص کنگی سفید ساڑھے چار ماشہ جند بیدستر سوا دو ماشہ
نطرون چھ رتی سوا دو چاول کوٹ کر چھان کر ساتھ پُرانے سرکہ کے کان مین ٹپکاوین یا پانی گھوڑے کی
لید تازہ کا یا پانی مولی کا جوش کرین اور کان مین ٹپکاوین قطور کان کے درد کو مفید ہی ص
افیون ساڑھے تین ماشہ شیاف مامیثا ابیض ساڑھے دس ماشہ روغن گل چودہ ماشہ پرانا سرکہ
ساڑھے دس ماشہ باہم ملاکر نیمگرم کان مین ٹپکاوین قطور یہی خاصیت رکھتا ہی ص کماتیتانا
نو ماشہ روغن خیری ساڑھے دس ماشہ پکاوین کہ پانی جل جاوے اور روغن باقی رہے قطرہ قطرہ
کان مین ٹپکاوین قطور کان کے درد کو نافع ہی ص مولی کا پانی پیاز کا پانی جوش کرین اور کان مین
ٹپکاوین قطور کان کی گرانی کو مفید ہی ص شحم حنظل ساڑھے دس ماشہ جواکھار ساڑھے تین ماشہ
جند بیدستر زراوند مدحرج کٹ فرفیون افسنتین ہر ایک ساڑھے چار ماشہ کوٹ کر چھان کر گاے کے
پتہ مین گوندھین اور گولیان بناوین اور وقت حاجت کے ایک اُسمین سے روغن بادام تلخ مین
پیسین اور کان مین ٹپکاوین قطور شبکوری یعنی رتوندی کو دور کرتا ہی ص پانی تیلی کا
پانی دھنیا کا برابر وزن جوش کرین کہ آدھا رہجاوے دو تین مرتبہ آنکھ مین ٹپکاوین قطور
جوا حلیل مین ٹپکاوین قرحہ اور سوزش بول کو نافع ہی ص سفیدہ کاشغری کندر انزروت
گوند ببول کا نشاستہ دم الاخوین برابر کوٹ کر چھان کر گولیان بناوین اور وقت حاجت کے
ایک گولی اُسمین سے لڑکی کی مان کے دودھ مین پیسکر ٹپکاوین قطور دوی
اور طنین اور کان کی گرانی کو مفید ہی ص شحم حنظل ساڑھے تین ماشہ جواکھار
پونے دو ماشہ جند بیدستر زراوند مدحرج ہر ایک سوا پانچ ماشہ افشردہ افسنتین
کٹ افیون چھ رتی سوا دو چاول کوٹ کر چھان کر گاے کے پتہ مین گوندھین

اور گولیان بنادین وقت حاجت کے روغن بادام مین پیکر دو قطرے کان مین ٹپکاوین

باب الکاف

کاکنج بزوری استسقا اور سردی معدہ اور پرانی تپ اور کھانسی اور مرگی اور تنگی سانس اور قولنج اور جھیپ اور اختناق الرحم کو مفید ہے پیشاب کو جاری کرتی ہے **نسخہ** کالی ٹریتہ بہیڑہ آملہ مقشر ہر ایک دو تولہ کالی مرچ پیپل سونٹھ پیپل کی جڑ نمک ہندی سرخ نمک سندہی سانچر نمک اندرانی نمک طبرزد چیتہ اندر جو چھوٹی الائچی تیج ہونگ صعتر بابے بڑنگ موتھا کلونجی سلیخہ حب النیل ریوند گریانی تیج پات اجمود دھنیا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ نسوت ڈیڑھ پاؤ املتاس تین تولہ مویز منقی آدھی چھٹانک کم آدھ سیر شیر آملہ چھٹانک کم سیر مویز منقی اور آملہ کو ساڑھے پانچ سیر پانی مین پکاوین کہ آدھ پاؤ کم دو سیر رہ جاوے صاف کرین اور املتاس اسمین گھولین اور تین سیر قند سفید داخل کرین اور آدھی چھٹانک کم آدھ سیر تل کا تیل اسمین ملاوین اور جوش کرین کہ قوام ہو جاوے باقی اور دواؤن کو کوٹ کر چھان کر اسمین گوندھین خوراک ساڑھے سترہ ماشہ اونٹنی کے دودھ کے ساتھ یا ساتھ عرق مکوہ کے تناول فرماوین **کاکنج بارد** استسقاے گرم کو نافع ہے **نسخہ** مازریون مدبر خاریقون پوست زرد ہڑ کا ساڑھے سترہ ماشہ افشردہ افسنتین ساڑھے دس ماشہ سوسن کی جڑ گلاب کے پھول تخم کاسنی مغز تخم خربزہ ست ملٹھی کا ہر ایک سات ماشہ ترنجبین املتاس قند سفید ہر ایک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ صاف کر کے قوام کرین اور باقی اور دوائیان کوٹ کر چھان کر اسمین گوندھین خوراک سات ماشہ سے چودہ ماشہ تک **کاکنج حار** استسقا کو کہ بسبب حرارت کے نہو نافع ہے **نسخہ** مازریون مدبر خاریقون پوست زرد ہڑ کا سکنجبین ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سوسن کی جڑ ساڑھے دس ماشہ ریوند چینی افشردہ غافث بالچھڑ سونف رومی ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین معجون بناوین خوراک ساڑھے دس ماشہ سے چودہ ماشہ تک **کموئی** سردی معدہ اور شہوت کلبی اور تپ بلغمی اور سوداوی اور ہچکی بلغمی اور امتلائی

اور تنگی سانس اور قولنج ریحی کو نافع ہے **ص** زیرہ مدبر چودہ تولہ سات ماشہ کالی مرچ چار تولہ
ساڑھے چار ماشہ سونٹھ تتلی پانچ تولہ دس ماشہ جوکھار ساڑھے سترہ ماشہ شہد خالص تین وزن
سب دواؤن کی معجون کرین موافق مشہور کے خوراک ساڑھے چار ماشہ **کحل زعفران** پلک کی کھجلی اور
آنکھون کی تاریکی اور آنسو بہنے کو نافع ہے **ص** زعفران بالچھڑ ہر ایک سات ماشہ پیپل ساڑھے تین ماشہ سفید مرچ
چھ رتی سولہ چاول نوشادر پونے دو ماشہ مازو ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر اور کپڑے مین چھان کر آنکھ مین
لگاوین **کحل دیگر** یہی خاصیت رکھتا ہے **ص** شادنج مغسول سات ماشہ دم الاخوین تیج پات پیپل بالچھڑ ہر ایک
پونے دو ماشہ مازو ساڑھے تین ماشہ چھوٹی الائچی مشک چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر
چھان کر آنکھ مین لگاوین **کحل دیگر** ملے نیلا تھوتھا دھویا ہوا مونگے کی جڑ زرد ہڑ ایلوا
ہر ایک چودہ ماشہ کالی مرچ پونے دو ماشہ پیپل ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال
کرین **کحل الجواہر** بینائی کو قوت دیتا ہے اور تیز کرتا ہے **ص** سرمۂ صفہانی دو تولہ
سونا مکھی ساڑھے سترہ ماشہ اقلیمیاے طلا ساڑھے تین تولہ موتی بلاسوراخ ساڑھے
دس ماشہ زعفران ساڑھے دس ماشہ تیج پات سات ماشہ باریک پیسکر آنکھ مین کھینچین
کحل الجواہر نوع دیگر سرمہ پونے دو تولہ نیلا تھوتھ چودہ ماشہ مونگے کی جڑ سونا مکھی
ہر ایک سات ماشہ موتی بلاسوراخ دو تولہ تیج پات ساڑھے تین ماشہ مشک برابر دو جو کے
موافق دستور کے باریک پیسکر استعمال کرین **کحل الجواہر نوع دیگر** سرمۂ صفہانی
ہر ایک تین تولہ سونا مکھی مونگے کی جڑ ہر ایک چودہ ماشہ سرطان بحری موتی بلاسوراخ تیج پات
ہر ایک پونے دو تولہ یاقوت سرخ لاجورد دھویا ہوا زعفران برادہ تانبے کا جلا ہوا ہر ایک سات ماشہ
باریک پیسکر استعمال کرین **کحل روشنائی** بینائی کو قوت دیتا ہے اور رطوبت کو دور کرتا ہے **ص** تانبا جلا ہوا
شادنج عدسی مغسول ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کالی مرچ پیپل تخم حنظل زعفران ہر ایک پونے دو ماشہ
زنگار جوکھار ایلوا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ اقلیمیا سات ماشہ باریک پیسکر استعمال کرین **کحل غزنی**
نگاہ کو تیز کرتا ہے اور آنکھ کی تاریکی کو دور کرتا ہے اور سبل اور آنسو بہنے کو نافع ہے **ص** سرمۂ صفہانی

جلا ہوا ساڑھے سترہ ماشہ اقلیمیا وطلا اقلیمیا نقرہ شادنج عدسی مغسول نیلا تھوتھا تانبا جلا ہوا ہر ایک سات ماشہ پوست زرد ہڑ کا تیج پات پیپل نوشادر ایلوا رسوت زعفران سرطان بحری ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سونٹھ پونے دو ماشہ کافور دو رتی ایک چاول مشک برابر دو جو کے لونگ آٹھ رتی تین چاول باریک پیسکر آنکھ میں کھینچین کحل مازو نگاہ کو قوت دیتا ہی اور آنسو بہنے سے باز رکھتا ہی اور پلک کی کھجلی کو دور کرتا ہی ص شادنج عدسی مغسول تیج پات ہر ایک سات ماشہ پیپل دم الاخوین ہر ایک پونے دو ماشہ جست جلا ہوا مازو ہر ایک ساڑھے تین ماشہ چھوٹی الائچی مشک ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول کافور برابر دو جو کے کوٹ کر چھان کر استعمال کرین کحل آنکھ کے مرض بیاض اور آثار قروح کو دور کرتا ہی اور شعیرہ کو نافع ہی ص سمندر جھاگ اقلیمیائے نقرہ سفیدہ کاشغری تانبا جلا ہوا ہر ایک چودہ ماشہ بالچھڑ موتی بلا سوراخ ہر ایک سات ماشہ گوند ببول کتیرا انزروت گوبر جانور ضب کا نشاستہ مسحوق نیا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر چھان کر استعمال کرین کحل مانع نزول ہی یعنی پانی آنکھ مین اترنے کو باز رکھتا ہی ص پہاڑی بکری کا پتہ تین تولہ تخم حنظل ساڑھے چار ماشہ فرفیون نوشادر ہر ایک سوا دو ماشہ سکبینج پونے دو ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی سونف یا پانی تلی کے گوندھ کر خشک کرین اور پھر باریک پیسکر آنکھ مین کھینچین کحل کہ پلک کو جماتا ہی ص گٹھلی چھوہارے کی جلی ہوئی ساڑھے سترہ ماشہ خان کندر چودہ ماشہ بالچھڑ حب بلسان ہر ایک ساڑھے دس ماشہ لاجورد دھویا ہوا مین تولہ کوٹ کر چھان کر اور پلک کے لگاوین کحل نفسجی جرب اور حکہ اور آنکھ کے دھند اور آنسو بہنے کو نافع ہی ص شادنج مغسول سات ماشہ دم الاخوین چار رتی ڈیڑھ چاول جست جلا ہوا پیپل بالچھڑ ہر ایک پونے دو ماشہ تیج پات آٹھ رتی تین چاول چھوٹی الائچی مشک خالص ہر ایک چار رتی ڈیڑھ چاول کافور دو رتی ایک چاول کوٹ کر اور کپڑے مین چھان کر استعمال کرین کحل آنکھون کی صحت کو

نگاہ رکھتا ہے صن نیلا تھوتھا تین تولہ شیاف مامیثا ساڑھے دس ماشہ ایلوا رسوت ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ کافور چار رتی ڈیڑھ چاول کوٹ کر چھان کر ساتھ پانی انگور خام یا پانی سماق کے باہم پیسکر سایہ مین
خشک کرین اور صبح و شام آنکھون مین لگایا کرین گل حکمت گل زرد یا گیرو پونے چار سیر کوٹین اور بچاوین
اور چھٹانک کم سیر کاغذ اور آدھی چھٹانک کم آدھ سیر نمک پانی مین ڈال کر ہاتھ سے ملین کہ حل ہو جاوے
اور بعد اسکے گل نمک کو اسکے اوپر ڈالین اور اڑھائی پاؤ آدمی کے سر کے بال مقراض سے کتر کر اور اڑھائی پاؤ
لید گھوڑے کی چھان کر داخل کرین اور خوب ملین اور سات دن تک پانی مین بھگو رکھین بعد اسکے
گوندھین اور کپڑے مین چھانین اور خشک کرین وقت حاجت کے جسقدر چاہین کوٹین اور پانی مین گوندھکر استعمال کرین

باب اللام

لعوق سپستان کھانسی اور حلق کی خشونت کو نافع ہے سینہ کو نرم کرتا ہے اور تھوک بآسانی نکالتا ہے
اور قبض کو دور کرتا ہے صن لسوڑہ دو سو عدد مویز منقی گیارہ تولہ آٹھ ماشہ املتاس چار تولہ ساڑھے
چار ماشہ پونے تین سیر پانی مین جوش کرین کہ آدھ پاؤ کم سیر رہ جائے ہاتھ سے خوب ملکر صاف کرین
اور آدھی چھٹانک کم آدھ سیر قند سفید کا قوام دیکر لعوق تیار کرین لعوق زوفا ربو اور
کھانسی پرانی کو نافع ہے سینہ اور پھیپھڑہ کو غلیظ خلطون سے پاک کرتا ہے صن زوفائے خشک سوسن
کی جڑ ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ ڈیڑھ چھٹانک کم ڈیڑھ سیر پانی مین جوش کرین کہ آدھی چھٹانک کم آدھ سیر رہ جاوے
صاف کرکے آدھی چھٹانک کم آدھ سیر قند سفید کا قوام دیکر لعوق تیار کرین لعوق حب الرشاد
یعنی لعوق ترہ تیزک کھانسی بلغمی کو مفید ہے اور سینہ کو خلطون غلیظ سے پاک کرتا ہے صن تخم ترہ تیزک
تین تولہ ملٹھی چودہ ماشہ سونف دیسی سونف رومی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ سب دواؤن کو کوٹ کر
چھٹانک کم سیر پانی مین جوش کرین کہ آدھی چھٹانک کم آدھ سیر باقی رہے شہد خالص آدھی چھٹانک کم
آدھ سیر قوام کرکے لعوق بناوین لعوق بزر الکتان یعنی لعوق السی کا ربو اور پرانی کھانسی کو
مفید ہے اور سینہ کو خلطون سے پاک کرتا ہے اور تھوک بآسانی لاتا ہے صن السی بھونی ہوئی نو تولہ چھ
تودہ ماشہ تین تولہ کوٹ کر ساتھ شہد کے گوندھین اور لعوق تیار کرین لعوق طباشیر یعنی لعوق

بہیدانہ

بنسلوچن کا سِل اور کھانسی اور پھیپھڑے کے زخم کو نافع ہی **صِ** نشاستہ کتیرا ہر ایک تین تولہ بنسلوچن چودہ ماشہ مغز تخم خیار مغز چلغوزہ گوند ببول کا چھوٹی الائچی ہر ایک دو تولہ قند سفید ساڑھے سترہ تولہ کوٹ کر روغن اور شہد مین گوندھین اور استعمال کرین **لعوق حلبہ** یعنی لعوق سینقی کا تنگی اور غلظ آواز کو دور کرتا ہی اور تھوک بآسانی نکالتا ہی اور سینہ کو نرم کرتا ہی **صِ** السی تین تولہ مغز بادام مقشر ہر ایک چودہ ماشہ کتیرا ملٹھی مغز چلغوزہ نشاستہ گوند ببول کا ہر ایک تین تولہ کوٹ کر اور شہد مین گوندھکر لعوق تیار کرین **لعوق بادام** کھانسی اور حنجرہ اور حلق کی خشونت کو دور کرتا ہی **صِ** گوند ببول کا کتیرا نشاستہ ست ملٹھی کا ہر ایک تین تولہ مغز تخم کدو مغز بادام ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ قند سفید پانچ تولہ دس ماشہ کوٹ کر گلاب مین گوندھین اور ساتھ روغن بادام کے چکنا کرین اور لعوق بناوین **لعوق رب السوس** پرانی کھانسی کو نافع ہی اور فضول لزجہ کو سینہ سے دفع کرتا ہی اور تھوک بآسانی نکالتا ہی **صِ** ست ملٹھی کا کتیرا گوند مغز تخم کدو مغز بادام سونف وسیسی برابر وزن کوٹ کر ساتھ شہد صاف اور روغن بادام کے گوندھین **لعوق اسقیل** یعنی لعوق پیاز جنگلی کا ربو اور پرانی کھانسی کو کہ رطوبت سے ہو نافع ہی **صِ** جنگلی پیاز بھونی ہوئی ساڑھے دس ماشہ نیلی سوسن کی جڑ سات ماشہ فراسیون زوفا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر شہد مین گوندھکر لعوق بناوین **لعوق** کہ خشک کھانسی کو مفید ہی سینے کو نرم کرتا ہی **صِ** ست ملٹھی کا بیدانہ مقشر ہر ایک سات ماشہ باقلا نشاستہ کتیرا گوند ببول کا تخم خطمی مغز تخم خیار ین مغز تخم کدو مغز تخم خربزہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ خشخاش سات ماشہ مغز بادام شیرین مویز منقی ہر ایک دو تولہ چار ماشہ مویز منقی کو روغن بادام مین پکاوین باقی اور دوائیاں کوٹ کر چھان کر اسمین ملاوین اور ساتھ سپغول کے گوندھین اور لعوق بناوین **لعوق خیار شنبر** نسخہ یحیی ابن ماسویہ ورم حلق اور تپ اور پیاس کو نافع ہی زبان کی خشونت کو دور کرتا ہی **صِ** عناب پچاس عدد لسوڑہ سو عدد تخم خطمی تین تولہ مویز منقی سوا سات تولہ بنفشہ ملٹھی نیلوفر ہر ایک چار تولہ ساڑھے چار ماشہ کتیرا چار تولہ آٹھ ماشہ اسپغول پانچ تولہ دس ماشہ

سب دواؤن کو سوا تین سیر پانی مین جوش کرین کہ ایک تہائی رہ جاوے صاف کرین اور
پانچ تولہ املتاس اُسمین ملاوین اور دوبارہ صاف کرین اور آدھی چھٹانک کم آدھ سیر شیرخشت
اور نونے نو تولہ قند سفید داخل کرکے جوش کرین کہ غلیظ ہوجاوے ساتھ روغن بنفشہ یا بادام کے
تناول کرین **لعوق خشخاش** سل اور کھانسی بلغمی اور آنتون کے زخم کو نافع ہے اور ترف الدم کو
مفید ہے **ص** پوست خشخاش سفید چودہ تولہ سات ماشہ چھٹانک کم سیر پانی مین جوش کرین
کہ آدھا رہجاوے آدھی چھٹانک کم آدہ سیر قند سفید اضافہ کرکے پھر جوش کرین کہ قوام ہوجاوے
بعد اُسکے ست ملیٹھی کا مغز بادام تخم کدو ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر اُسمین ملاوین خوراک
تین تولہ **لعوق خشخاش نوع دیگر** نزلہ گرم کو دور کرتا ہے **ص** تخم خشخاش سفید تین تولہ نشاستہ
کتیرا گوند ببول کا ہر ایک چودہ ماشہ مغز تخم کدو بہیدانہ شیرین ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
کوٹ کر چھان کر جلاب مین گوندھکر لعوق بناوین **لعوق حب القطن** یعنی لعوق بنولہ کا سینہ کو
خلطون سے پاک کرتا ہے **ص** مغز بادام شیرین تین تولہ مغز بنولہ سات ماشہ باقلا ساڑھے
سترہ ماشہ مغز فراسیون ہر ایک ساڑھے دس ماشہ قند سفید ساڑھے سترہ تولہ اوّل قند کا
قوام کرین باقی اور دوائین کوٹ کر چھان کر اُسمین گوندھین خوراک ایک ملعقہ صبح اور شام
لعوق کرنب سینہ کو خلطون غلیظ سے پاک کرتا ہے **ص** کرنب پختہ ڈیڑھ چھٹانک کم ڈیڑھ سیر
ساتھ شہد خالص آدھی چھٹانک کم آدھ سیر کے پکاوین جسوقت قوام ہوجاوے مغز چلغوزہ مغز بنولہ
آٹا باقلا کا ہر ایک تین تولہ السی بھونی ہوئی میتھی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ مغز پستہ چار تولہ ساڑھے
چار ماشہ کوٹ کر اُسمین گوندھین خوراک ساڑھے سترہ ماشہ ساتھ دودھ گدھی کے مفید ہے **لعوق سیر**
یعنی لعوق لہسن کا کھانسی بلغمی کو نافع ہے مادہ کو پکاتا ہے سینہ کو پاک کرتا ہے **ص** لہسن پاک کیا ہوا
آدھی چھٹانک کم آدھ سیر گلے کا گھی آدھی چھٹانک کم آدھ سیر مین پکاوین کہ مُہرا ہوجاوے
پھر کوٹین اور خوب ملین بعد اُسکے چھٹانک کم سیر شہد خالص کو قوام دیکر لعوق تیار فرماوین
لعوق چلغوزہ ربو اور کھانسی پُرانی اور تنگی سانس کو نافع ہے سینہ کو خلطون سے پاک کرتا ہے

ص مغز چلغوزہ سوسن کی جڑ گوند ببول کا کتیرا السی بھونی ہوئی چھوارا بیدانہ ہر ایک
دس تولہ اڑھائی ماشہ کوٹ کر ساتھ چھٹانک کم سیر گاے کے گھی کے گوندھیں خوراک ایک ملعقہ
لعوق صبیان اس لعوق کو اگر مان کے دودھ مین گھولکر حلق مین بچے دودھ پیتے ہوے کے
ڈالین کھانسی اور سینہ کی خشونت کو نافع ہوگا ص گوند ببول کا قند سفید کتیرا رب السوس ہر ایک
چودہ ماشہ مغز بیدانہ ساڑھے تین ماشہ کوٹ کر شہد مین گوندھین **لعوق** ربو اور تنگی سانس
اور کھانسی بلغمی کو مفید ہی ص السی بھونی ہوئی کوٹ کر تین تولہ ساتھ روغن بنفشہ یا بادام ساڑھے
چار ماشہ اور شہد خالص ساڑھے سترہ ماشہ کے گوندھکر لعوق بناوین **لعوق دیگر** یہی خاصیت
رکھتا ہی ص السی سٹر مغز بادام شیرین ہر ایک تین تولہ مغز چلغوزہ ساڑھے سترہ ماشہ سوسن کی جڑ
دو تولہ گوند ببول کا کتیرا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ شہد خالص مین گوندھکر لعوق بناوین **لعوق**
دیگر یہی منفعت رکھتا ہی ص مغز چلغوزہ بادام شیرین تیرہ تولہ ڈیڑھ ماشہ ست ملٹھی کا ساتولہ
تین ماشہ شہد مین گوندھکر لعوق بناوین **لطوخ** آدھاسیسی کو نافع ہی ص تخم کاہو ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ اجوین خراسانی کتیرا ہر ایک آٹھ رتی تین چاول افیون ورقی ایک چاول کوٹ کر چھان کر گوندھین اور کاغذ
پرزہ پر لگا کر کنپٹیون پر چپٹاوین درد موقوف ہو جائیگا **لطوخ دیگر** یہی خاصیت رکھتا ہی ص
تخم کاسنی تخم کاہو ہر ایک سات ماشہ مرمکی ساڑھے تین ماشہ رسوت ساڑھے دس ماشہ افیون تونے
دو ماشہ کوٹ کر چھان کر اسبغول کے لعاب مین گوندھکر اور کاغذ کے پرزہ پر لگا کر کنپٹیون پر چپٹاوین
لخلخہ نیند لاتا ہی ص تفاح کی جڑ زیرہ گلاب کا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ افیون چار رتی ڈیڑھ چاول کافور آٹھ رتی
تین چاول کوٹ کر چھان کر ایک برتن مین رکھین اور سونگھین **لخلخہ** مانع عفونت ہی اور درد سر کو نافع ہی
ص صندل سفید گھسا ہوا دھنیا خشک گلاب سرکہ ایک برتن مین رکھین اور سونگھین
لبوب کبیر گردہ کو گرم اور قوی کرتا ہی اور منی زیادہ کرتا ہی اور خوشی لاتا ہی شہوت جماع کو
بڑھاتا ہی دل اور دماغ کو قوت دیتا ہی بدن کو فربہ کرتا ہی اور رنگ نکھارتا ہی پٹھون کو
جسم کے مضبوط کرتا ہی اور معاملہ مجامعت مین نظیر نہین رکھتا ہی ص مغز پستہ

مغز فندق مغز بادام مغز حبۃ الخضرا مغز اخروٹ مغز چلغوزہ مغز حب الزلم ماہی زہرہ بیان کا بیخ شقاقل
بہمن سرخ بہمن سفید تودری سرخ تودری زرد سونٹھ کنجد مقشر دارچینی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
بالچھڑ موتھا لونگ کباب چینی حب القلقل تخم گاجر تخم شلجم تخم مولی تخم پیاز تخم اسپست تخم ہلیون
اندر جو درونج عقربی زرنجوہر ہر ایک ساڑھے دس ماشہ جائفل جاوتری دوالچینی چھڑیلا پیپل ہر ایک
سات ماشہ خصیۃ الثعلب نارجیل تازہ چڑیا کے سر کا مغز ہر ایک تین تولہ قضیب گاو میا ہوسونجان
بوزیدان نعناع خشک ہر ایک چودہ ماشہ مایہ شتر اعرابی زعفران ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ اگر خام نوشادر
ورق سونے کے بیس عدد ورق چاندی کے پچاس عدد عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ مشک خالص چونے
دو ماشہ شہد خالص تین وزن سب دواؤن کے بطریق مشہور معجون تیار کرین لبوب صغیر
منی کو زیادہ کرتا ہی اور گردہ اور مثانہ کو قوی کرتا ہی اور مرض نسیان کو نفع بخشتا ہی اور
زنگ نکھارتا ہی اور دماغ کو قوت دیتا ہی ص مغز بادام شیرین مغز اخروٹ مغز حبۃ الخضرا
مغز چلغوزہ مغز حب الزلم مغز فندق مغز پستہ مغز نارجیل تازہ مغز حب القلقل خشخاش سفید
کنجد مقشر تخم پیاز تخم شلجم تخم اسپست تخم ترہ تیزک بہمن سرخ بہمن سفید تودری سرخ تودری زرد
سونٹھ پیپل کباب چینی تج دارچینی شقاقل کلیجن تخم ہلیون برابر وزن شہد خالص تین وزن
سب دواؤن کے موافق دستور معجون بناوین خوراک سات ماشہ

باب المیم

مثرودیطوس نفع اسکا قریب منفعت تریاق فاروق کے ہی لیکن تریاق فاروق
دفع زہر مین اس سے بہتر ہی اور مقدار خوراک اس نسخہ کی امراض مذکورہ مین زیادہ اُس کی
ص مرکی زعفران غاریقون سونٹھ دارچینی کتیرا ہر ایک تین تولہ بالچھڑ کندر
رائی سفید اگر خام ملبان اسطوخودوس شیشالیوس کوٹ کمافیطوس فنہ علک البطم
پیپل ریش برگد جند بید ستر تیج پات سلارس جاؤشیر ہر ایک دو تولہ چار ماشہ
سلیخہ مرچ سفید مرچ سیاہ سورنجان جعدہ اسقور دیون دو قواکلیل الملک جنطیانا

روغن بلسان حب بلسان اقراص غرفیون گوگل ہر ایک دو دو تولہ تلی ساٹھ ماشہ اذخر دو تولہ
چار ماشہ اشق بالچھڑ مصطگی گوند ببول کا فطر اسالیون قردمانا سونف افیون گلاب کے پھول
مشکطرامشیع ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سونف رومی کچھ تو سکبینج تگر ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
اقاقیا نانخواہ سقنقور ہو فاریقون ہر ایک پونے سولہ ماشہ شراب ریحانی اسقدر کہ گوند کے
چیزیں جسمیں حل ہوسکیں شہد خالص دو وزن سب دواؤن کے بطریق مشہور معجون
بناویں اور بعد چھ مہینے کے استعمال کریں قوت اسکی سات برس تک رہتی ہی مخالف اثر
مرگی اور دوران سر اور پرانے درد سر اور رعشہ اور فالج اور سختی بلغمی اور درد ...
سفید ہی اور دانتون کے درد کو نافع ہی اور پھیپھڑے کی کوفت کو فائدہ بخشتا ہی اور جو ساتھ
پانی شہد کے تناول کریں دفع نزلہ کرتا ہی اور وسواس اور ربو بلغمی کو دور کرتا ہی اور
آنتون کے زخم اور آنتون کے درد ریحی کو فائدہ پہونچاتا ہی اور گردہ اور مثانہ کو نافع ہی
اور خون کی قی کو باز رکھتا ہی اور اگر ساتھ پانی بارتنگ کے دیویں درد معدہ اور ...
سقیم ہی اور جو ساتھ پانی سونف کے کھلاویں پرانی تپ کو دور کرتا ہی اور ...
کرتا ہی اور اثر زہر کا جسم سے دفع کرتا ہی اور جو اوپر قضیب کے طلا کریں محفوظ لاتا ہی ...
مرکی ہر ایک چار چار تولہ تین ماشہ جندبیدستر فطر اسالیون ہر ایک چار چار تولہ ساڑھے چار ماشہ ...
آٹھ ماشہ سیسالیوس ساڑھے چار ماشہ کوٹ اچھی اقراص وردسلارس تگر ہر ایک دو دو تولہ ... ماشہ
مرچ سفید ساڑھے چار تولہ بالچھڑ دو تولہ ساڑھے سات ماشہ حماما زعفران پیپل ہر ایک ڈیڑھ تولہ
افیون سونف رومی ہر ایک چار چار تولہ شہد خالص تین وزن دواؤن کے موافق دستور کے معجون
تیار کریں اور بعد چھ مہینے کے استعمال فرماویں خوراک ساڑھے تین ماشہ سے چار ماشہ تک معجون ...
اس معجون کو مادۃ الحیوۃ بھی کہتے ہیں ہاضمہ کو قوت دیتی ہی بھوک کھانے کی بڑھاتی ہی
بلغم کو دفع کرتی ہی نسیان اور سلسل بول اور درد پشت اور درد گردہ اور وجع مفاصل کو
نافع ہی منی زیادہ کرتی ہی شہوت جماع کو بڑھاتی ہی اور دانتون کو سخت اور مضبوط کرتی ہی

اور دل کو قوت دیتی ہے اور خوشی پیدا کرتی ہے اور رنگ نکھارتی ہے اور دہن کو خوشبو دیتی ہے
بوڑھون کو موافق ہے صص سونٹھ پیپل کالی مرچ دارچینی آملہ مقشر بہیڑہ چھیتھ زراوند مدحرج خصیۃ الثعلب
مغز چلغوزہ مروق بابونہ نارجیل تازہ ہر ایک تین تولہ تخم بابونہ ساڑھے سترہ ماشہ مویز منقی پونے نو تولہ
شہد خالص دو وزن سب دواؤن کے بدستور معجون تیار کرین خوراک سات ماشہ **معجون جالینوس**
گردہ اور مثانہ سرد کو گرم کرتی ہے اور سدہ کھولتی ہے صص کالی مرچ سفید مرچ حماما
قسط بالچھڑ میٹھا چرائتہ تیج پات زعفران اجمود سونف رومی عاقرقرحا تخم انجرہ
تخم سداب برابر وزن کوٹ کر چھان کر شہد مین معجون تیار کرین خوراک ساڑھے چار ماشہ
ساتھ پانی ماء الاصول یا پانی سونف یا پانی اجمود کے تیار کرین **معجون ابو مسلم**
اس معجون کو فریادرس کہتے ہین سب دردون کو تسکین دیتی ہے صص افیون اجوائن خراسانی
ہر ایک پونے چار تولہ فرفیون زعفران بالچھڑ عاقرقرحا سورنجان چھوٹی الائچی پیپل
ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے گوندھین خوراک
چار رتی ڈیڑھ چانول سوا دو ماشہ تک **معجون طلا** سونے کے ورق دو تولہ عنبر تین تولہ
موتی دو تولہ یاقوت ایک تولہ مصری ڈیڑھ پاؤ گلاب دس تولہ مین قوام کر کے معجون
بناوین **معجون بربلاسہ** قولنج سخت کو فوراً کھولتی ہے صص چھوٹی الائچی تیج پات سنبل
سونٹھ بابرنگ آملہ مقشر لونگ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ اجمود بالچھڑ زعفران مصطگی ہر ایک سوا دو ماشہ
نسوت سقمونیا ہر ایک پونے چار تولہ کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد خالص تین وزن سب دواؤن کے
گوندھین خوراک سات ماشہ **معجون زبل الذیب** کہ یہی خاصیت رکھتی ہے صص زبل الذیب دو ماشہ
نسوت ساڑھے سترہ ماشہ اجمود سونف رومی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین
معجون بناوین خوراک ساڑھے دس ماشہ ڈیڑھ تولہ تک **معجون تربدی** قولنج کھولتی ہے اور بلغم
دفع کرتی ہے اور درد پشت کو تسکین دیتی ہے صص سقمونیا تین تولہ بڑی الائچی چھوٹی الائچی سونٹھ
دارچینی ناگیسر لونگ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ نسوت شکر سرخ ہر ایک ڈیڑھ پاؤ تج ساڑھے

سترہ ماشہ شہد بقدر ضرورت موافق دستور کے معجون بناوین معجون لوزی صفرا اور
بلغم کو دفع کرتی ہی صں مغز کا فیشہ مغز بادام سقمونیا ہر ایک تین تولہ زعفران ساڑھے تین ماشہ
مصری سات تولہ تین ماشہ مصری گلاب مین قوام کرین باقی اور دواؤن کو کوٹ کر
چھان کر گوندھین خوراک ساڑھے چار ماشہ معجون اسود پیچش اور پرانے دستون کو
فائدہ رکھتی ہی صں افیون جند بیدستر سلارس اجواین خراسانی زعفران تگر مری اجمود سلیخہ سونف رومی
بالچھڑ کبر وبرابر کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد تین وزن دواؤن کے معجون کرین خوراک
ساڑھے تین ماشہ ساتھ پانی مورد یا پانی بہی کے معجون حجر الیہود گردے اور مثانہ کی
پتھری کو نکالتی ہی صں مغز بنولہ مغز خیارین مغز تخم کدو حب کاکنج ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
حجر الیہود تین چھٹانک باریک پیسکر شہد مین گوندھین خوراک سات ماشہ ساڑھے تین ماشہ
معجون عقرب گردے کی پتھری کو توڑ کر نکالتی ہی اور بچھو کے کاٹے ہوے کو نافع ہی
صں بچھو جلا ہوا ایک تولہ خطمیا نا سوا پانچ ماشہ سونٹھ ساڑھے تین ماشہ پیپل کالی مرچ ہر ایک
تین تولہ کاکنج ایک تولہ آٹھ ماشہ جند بیدستر چودہ ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد مین معجون
بناوین خوراک چار رتی ڈیڑھ چاول ساتھ پانی اجمود کے معجون کاکنج قرحہ گردہ و مثانہ
اور خون کے پیشاب کو مفید ہی صں اجواین خراسانی اجمود سونف ہر ایک ایک تولہ تخم خربزہ
چوکے کے بیج افیون مغز چلغوزہ مغز فندق مغز بادام تلخ بھونا ہوا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
زعفران سات ماشہ کاکنج پچیس عدد کتیرا چودہ ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ مویز منقے کے گوندین
خوراک ساڑھے تین ماشہ ساتھ پانی ماء الاصول یا شربت خشخاش کے نوش فرماوین معجون
معتدل المزاج لقوہ اور فالج اور رعشہ اور برص اور خدر کو نافع ہی صں سونٹھ عاقرقرحا
گلو بچھ کوٹ بچھ بھلانوان ہر ایک تین تولہ تل بہنگرے اور جنطیانا جیتہ حب الغار جند بیدستر رائی
ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ ساتھ شہد صاف کے معجون کرین خوراک ساڑھے چار ماشہ معجون جنت الغیاث
نسخہ محمد زکریا قولنج کھولتی ہی اور استسقا طبلی اور سبب بیاری کئی لوگ بسبب حرارت کے ہوئ

ص تیتلی ساڑھے سترہ ماشہ اجوائن زیرہ کا ہر ایک شش ماشہ کلونجی صعتر کرفس یا فطراسالیون
پودینہ بیخ پیپل کالی مرچ بچھ زوفا حب الغار جند بیدستر ہر ایک سات ماشہ
جاوشیر ساڑھے دس ماشہ سکبینج چودہ ماشہ گوند کی چیزون کو شراب مین حل کرین
اور شہد مین گوندھین خوراک نو ماشہ معجون زراوند اسکو معجون ربو بھی
کہتے ہین ترکیب محمد زکریا تنگی سانس اور کھانسی بلغمی کو مفید ہو ص زراوند مدحرج
فرومانا کالی مرچ مٹر سپندان سفید بادام تلخ تخم انجرہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
ملٹھی ہنسراج زوفا ہر ایک سات ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد کے گوندھین خوراک ساڑھے
دس ماشہ ساتھ جوشاندہ زوفا کے تناول کرین معجون ایہل سدہ مواد کو نکالتی ہی اور ریاح کو توڑتی ہی
ص ابہل اجواین کندر بچھ دارچینی برابر وزن کوٹ کر ساتھ شہد کے معجون بناوین خوراک سات ماشہ
معجون السعال نافع ہو کھانسی کو کہ بسبب رطوبت کے ہو ص مغز چلغوزہ ساڑھے دس ماشہ
مغز پستہ ساڑھے سترہ ماشہ مغز بادام مقشر السی ہر ایک تین تولہ قند سفید پونے نو تولہ بطریق
مشہور کے معجون تیار کرین خوراک برابر ایک اخروٹ کے معجون گل ورم جگر کو مفید ہو ص
گلاب کے پھول چودہ ماشہ سوسن کی جڑ دو تولہ ریوند چینی لاکھ دھوئی ہوئی پونے سات ماشہ سنبل
زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مرکی سوا دو ماشہ زعفران کو سرکہ مین حل کرین اور باقی ادویہ
کوٹ کر چھان کر اسمین ملاوین اور شہد مین گوندھین معجون رہتی ایک گھنٹہ مین قے کھولتی ہی
ص کالی مرچ پیپل سونٹھ زیرہ کرمانی تیلی کلیجن تج ہر ایک تین تولہ سقمونیا دو تولہ شہد خالص
ڈیڑھ پاو خوراک ساڑھے چار ماشہ معجون وج ابتدائے تردلی کو نافع ہی ص بچھ سینگ
سونٹھ سونف برابر وزن کوٹ کر معجون کرین معجون لولوی ترکیب جالینوس شان
رکھتی ہی قضیب کو سخت کرتی ہی اور اوعیہ منی کو کھولتی ہی اور شہوت جماع کو زیادہ کرتی ہی اور جسم کے
پٹھون کو قوت دیتی ہی اور خون مین صفائی پیدا کرتی ہی اور نعوظ بشدت لاتی ہی اور
دوستی مرد کی عورت کے دل مین پیدا کرتی ہی ص موتی بلا سوراخ مونگے کی جڑ

ہر ایک ساڑھے چار ماشہ سونف رومی بہمن سفید ہر ایک ساڑھے دس ماشہ گاجر کے تخم شقاقل
کی جڑ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ تنگار قند اذخر موتھا پڑی ماہین سلیخہ دارچینی تگر مصطگی ہر ایک
ساڑھے چار ماشہ گوند ببول کا کتیرا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ کوٹ کر شہد خالص تین وزن
سب دواؤن کے گوندھین اور سوتے وقت نزدیک مجامعت کے ساڑھے چار ماشہ گرم
پانی کے ساتھ تناول فرماوین معجون دیگر اعضاے رئیسہ کو قوت دیتی ہی شہوت جماع کو
بڑھاتی ہی خوشی لاتی ہی معدہ قوی کرتی ہی بھوک کھانے کی زیادہ کرتی ہی اور رنگ نیک
اور صاف کرتی ہی اور کھانا ہضم کرتی ہی ص دارچینی بالچھڑ پوست بیرون پستہ جائفل بسباسہ
کلیجن بہمن سفید بہمن سرخ شقاقل چھڑ بلا پوست بہیڑہ بادرنجبویہ گاؤزبان ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
مصطگی پیپل زرنب سونٹھ لونگ تگر تیج پات کبابہ چینی پوست ترنج درونج رومی نرکچور
صندل سفید سونف رومی نعناع جاوتری کالی ہڑ بوزیدان زعفران حب القلقل ....
کہربا موتی بلا سوراخ پیسے ہوے مونگے کی جڑ ہر ایک سات ماشہ موتھا گلاب کے پھول ہر ایک
چودہ ماشہ ماہی روبیان عنب الثعلب تودری زرد تودری سرخ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
مشک تبتی سوا دو ماشہ عنبر اشہب ساڑھے چار ماشہ سونے کے ورق بیس عدد چاندی کے ورق
پچاس عدد قند سفید اور شہد خالص چھٹانک کم سیر بالمناصفہ موافق دستور کے معجون کرین
معجون عطالی تقطیر بول اور سرعت انزال کو نافع ہی ص علک بطم کندر جفت بلوط
بھنگ برابر وزن کوٹ کر ساتھ دو وزن سب دواؤن کے شہد خالص مین گوندھین خوراک
نو ماشہ معجون کو توالی منی کو بہنے سے باز رکھتی ہی ص اقاقیا گلنار ہر ایک پونے دو تولہ
حب الآس پونے دو تولہ صندل سرخ صندل سفید مسور مقشر حراتیہ جو کے ستو گوند ببول کا
بسفایج ہر ایک چودہ ماشہ کندر سات ماشہ گلاب مین گوندھین معجون النفع یہ معجون
مصریون سے ہی بعضون نے اقسام تریاقات سے شمار کیا ہی فائدہ بہت رکھتی ہی ص
لونگ جائفل سونٹھ بالچھڑ چھالیہ چھوٹی الائچی کبابہ چینی جعدہ اندرجو درونج عقرقرحا

باورنجبویہ مصطگی گاوزبان کلیجن فرنجمشک صندل سفید موتی بلاسوراخ زراوند مدحرج
سلیخہ گلاب کے پھول یاقوت رمانی بہمن ہرایک سات ماشہ جاوتری پونے دو تولہ
پوست ترنج ساڑھے دس ماشہ پوست بہیڑہ کا ساڑھے تین ماشہ عنبر اشہب زعفران
مشک خالص ہرایک سواپانچ ماشہ کوٹ کرچھان کرساتھ شہد کے معجون بناوین
خوراک ساڑھے تین ماشہ سے نوماشہ تک ہی **معجون بزور** واسطے قوت باہ کے
بے نظیر ہی ص گاجر کے بیج شلجم کے بیج مولی کے بیج پیاز کے بیج تخم ملیون تخم اسبست
خربزہ کے بیج مغز چلغوزہ مغز حب القلقل مغز حب الزلم بوزیدان کٹ شیرین سونٹھ
تودری سرخ تودری زرد اندرجو شقاقل بہمن سرخ بہمن سفید پیپل خُرفہ کے بیج سینگ تج
برابر وزن کوٹ کرساتھ تین وزن شہد کے معجون کرین خوراک ساڑھے دس ماشہ
ساتھ تین تولہ شیر تازہ یا شراب کے نوش کرین **معجون اصطمخیقون** تباہی مزاج
اور درد معدہ کو فائدہ بخشتی ہی ص کٹ حماما مرکی بالچھڑ سلیخہ مصطگی ہرایک ساڑھے
تین تولہ زراوند طویل کالی مرچ اجمود سوئے کے بیج سونف رومی اجوائن زیرہ کرمانی
دروتو بطراسالیون کا تخم تگر افسنتین رومی انجدان پودینہ نعناع ہرایک چودہ ماشہ
کوٹ کرچھان کرساتھ شہد کے معجون بناوین **معجون تمرہندی** قولنج کھولتی ہی
ص سونٹھ مرچ سفید ہرایک چھ تولہ سقمونیا تین تولہ چھوارہ گٹھلی سے صاف کیا ہوا
مغز بادام شیرین تل کی پتی ہرایک نوتولہ چھوارہ کو سرکہ مین بھگووین ایک رات دن
بعد اُسکے کوٹین اور ساتھ اور داؤن کے کوٹ کرچھان کرساتھ چھٹانک سیر شہد خالص
کے معجون تیار کرین خوراک ساڑھے دس ماشہ سے چودہ ماشہ تک **معجون جنطیانا**
سختی جگر اور طحال اور درد معدہ اور گردہ اور مثانہ کو نافع ہی سدہ کھولتی ہی
ص جنطیانا رومی کالی مرچ ہرایک تین تولہ کٹ تیج پات بالچھڑ ریوند چینی
ہرایک دو تولہ ساڑھے سات ماشہ کوٹ کرچھان کرساتھ تین وزن شہد خالص کے

گوندھین خوراک سات ماشہ ساتھ پانی سداب کے **معجون افسنتین** درد جگر کو
کہ سردی سے ہو دور کرتی ہے **صہ** سعد نفد وی اجموھا افسنتین رومی مغز بادام تلخ بزر اون
ساتھ تین وزن شہد خالص کے گوندھین خوراک سات ماشہ **معجون سنبل** معدہ
اور جگر کو مفید ہے **صہ** بالچھڑ شگوفہ اذخر میٹھا چراتیہ ہر ایک چودہ ماشہ مویز منقی
سلیخہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ زعفران مرکی سونف رومی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ
کالی مرچ گوگل ہر ایک سات ماشہ مویز منقی کو شلث میں حل کرین باقی اور دوائیان
کوٹ کر چھان کر اسمین ملاوین اور ساتھ شہد خالص کے معجون بناوین **معجون وج** بکثیرہ
کھانسی اور درد جگر اور درد معدہ اور سینہ کو فائدہ بخشتی ہے اور پیشاب جاری
کرتی ہے اور آواز کو صاف کرتی ہے **صہ** مویز منقی پانچ تولہ دس ماشہ زعفران بالچھڑ
سلیخہ دارچینی کاچھل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ میٹھا چراتیہ شگوفہ اذخر علک البطم
گوگل ہر ایک پونے نو ماشہ مرکی چودہ ماشہ حل کرنے کی دوائیان شلث مین حل کرین
اور جو کوٹنے کی ہین کوٹین اور چھانین اور سبکو ساتھ شہد خالص کے گوندھین خوراک
ساڑھے تین ماشہ ساتھ شربت زوفا یا پانی گرم کے نوش فرماوین **معجون الملک** قبادی
مفاصل اور نقرس اور درد طحال اور پرانی تپ اور تنگی سانس اور کھانسی پرانی اور
آنتون کے زخم اور آنکھون کے اندھیرے کو نافع ہے اور ریاح غلیظ کو توڑتی ہے **صہ**
جنطیانا رومی اسطوخودوس قردمانا جاوشیر کمافیطوس تتلی کے بیج فرسیون اشقوریون
سلارس ہر ایک ساڑھے چار ماشہ زعفران کٹ کالی مرچ اذخر بالچھڑ فرفیون بوستیچ نفح
اشق مجیٹھ سونف ودوقو گلاب کے پھول حب بلسان ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ تیج تولہ
سلیخہ چھ تولہ افشردہ غافث تخم حندقوقی گوند بادام کا ہر ایک چودہ ماشہ افیون اجواین خراسانی
ہر ایک سوا دو تولہ قند سفید ڈیڑھ تولہ جو دوائیان حل کرنے کی ہین شلث مین حل کرین اور جو
کوٹنے کی ہین کوٹین اور اسمین ملاوین اور شہد مین معجون کرین اور بعد چھ مہینے کے استعمال فرماوین

معجون قیصر خفقان سرد اور مرگی اور درد معدہ کو کہ بسبب سردی کے ہوا ہو اور ہچکی امتلائی کو
نافع ہے اور سدہ کھولتی ہے **نسخہ** جند بید ستر ست ملیٹھی کا سلیخہ کٹ تلخ کالی مرچ افیون سلارس
زعفران بالچھڑ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ جاؤشیر ساڑھے تین ماشہ درونج عقربی نرکچور موتی
بلا سوراخ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ مشک خالص آٹھ رتی چھ چاول کوٹ کر چھان کر شہد میں
گوندھیں خوراک برابر ایک اخروٹ کے **معجون نجاح** مسہل سودا اور بلغم ہے اور سوداوی
اور بلغمی بیماریوں کو فائدہ رکھتی ہے **نسخہ** کابلی ہڑ کابلی ہڑ بہیڑہ آملہ چھیلا ہوا افتیمون ہر ایک تین تولہ
بسفائج اسطوخودوس نسوت سفید ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ غاریقون سقمونیا ہر ایک تین تولہ
لاجورد حجر ارمنی ہر ایک پونے نو ماشہ شہد خالص آدھ سیر خوراک ساڑھے سترہ ماشہ دو تولہ تک
معجون خیار شنبر مسہل صفرا اور بلغم ہے **نسخہ** نسوت سفید بنفشہ پونے نو تولہ نمک سندی ست ملیٹھی کا
ہر ایک دو تولہ سونف دیسی سونف رومی مصطگی ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ سقمونیا تین تولہ ساڑھے دس ماشہ
ڈیڑھ پاؤ روغن بادام گیارہ تولہ آٹھ ماشہ قند سفید اور شہد خالص ہر ایک آدھی چھٹانک کم دو سیر
اول چاہیے کہ املتاس کو شہد و قند میں گھولیں اور باقی اور دوائیاں کوٹ کر چھان کر اس میں
گوندھیں خوراک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ تک **معجون سورنجان** مسہل صفرا اور
بلغم ہے اور مفاصل و نقرس کو مخصوص ہے **نسخہ** سورنجان دو تولہ تین ماشہ ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ ترنجبین
پوست بیخ کبر حبتیہ بوزیدان ہر ایک سات ماشہ پوست زرد ہڑ کا دو تولہ اجمود نمک ہندی ککڑی کی
بیج سمندر جھاگ مرچ سفید سونف دیسی صعتر ہر ایک ساڑھے چار ماشہ گلاب کے پھول سونٹھ
سقمونیا دھنیا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ نسوت سفید چار تولہ ساڑھے چار ماشہ روغن بادام
ایک تولہ پونے چار ماشہ شہد خالص چھٹانک کم آدھ سیر خوراک ایک تولہ ساڑھے
دس ماشہ سے دو تولہ ساڑھے سات ماشہ تک **معجون مشک** درد جگر اور ضعف معدہ کو
نافع ہے سدہ کھولتی ہے اور سخت ورموں کو تحلیل کرتی ہے **نسخہ** سلیخہ بالچھڑ تیج پات
لاکھ دھوئی ہوئی مویز منقی ریوند چینی جنطیانا رومی ہر ایک سات ماشہ زعفران

اجوائن ساڑھے دس ماشہ مرکی لونگ اگر خنام ہر ایک سوا دو ماشہ اجمود
مصطگی ساڑھے دس ماشہ کوٹ کر چھان کر تین وزن شہد خالص کے ساتھ
معجون تیار کرین **معجون عشبہ** جمیع امراض باردہ دماغی اور اوجاع مفاصل
اور علل اعضاء تناسل کو نافع ہے نسخہ عشبۂ مغربی اٹھائیس تولہ دار چینی
سورنجان ہر ایک دو مثقال شقاقل عود اندر جو مصطگی زعفران عنبر قرحا
ہر ایک ایک مثقال حبہ دار ایک مثقال قاقلین قرنفل خولنجان زنجبیل
بوزیدان اسارون سنبل وج کبابہ دارفلفل فلفل بہمن سفید درونج بسباسہ
جوز بوا فلفل ہر ایک دو درم عنبر اشہب مشک ہر ایک ایک درم ورق طلا
دس عدد ورق نقرہ بیس عدد دواؤن کو ایک رطل پانی مین جوش دین
جب چہارم حصہ رہ جاوے صاف کرکے دوسری دواؤن کو لیکر کوٹ کر چھان کر
سہ چندان شہد مصفی مین گوندھین اور معجون تیار کرین **معجون عشبہ دیگر**
آتشک اور استسقاء اور مواد سوختہ اور اصلاح خون کے لیے مجرب ہے
نسخہ عشبۂ مغربی چوتھائی رطل سنا مکی رازیانج ہر ایک بارہ درم بسفایج
سولہ درم صندل چار درم صندل سفید چوتھائی رطل شہد سفید آدھے
رطل مین بدستور گوندھین **معجون سنگ سرماہی** واسطے سنگ گردہ
اور مثانہ کے مجرب ہے نسخہ سنگ سرماہی حجر الیہود ہر ایک دو درم
مروارید ناسفتہ ایک درم مغز تخم خربزہ تخم خیارین مغز خستہ آلوبالو ہر ایک
دو مثقال دوقو کاکنج ہر ایک ایک مثقال تخم ہلیون مغز حب المحلب ہر ایک
دو مثقال انیسون ایک مثقال تخم قلت خار خسک مغز تخم کدوے شیرین
کدوے تازہ چلغوزہ ہر ایک دو مثقال نبات سفید برابر شربت ہلیون شربت
خار خسک ہر ایک برابر گلاب وعرق بید مشک ہر ایک پاؤ سیر عنبر آدھا درم

معجون جواد ادرار بول کو نافع ہے اور سیلان منی کو دور کرتی ہے صفت اقاقیا
گلنار ہر ایک تین درم صندل یعنی عدس سرخ قصب الزریرہ تخم حماض صمغ عربی
طباشیر سفید ہر ایک دو درم تخم مورد کندر ہر ایک ایک درم کوٹ کر چھان کر معجون
بنائیں خوراک پانچ درم ہے معجون طلا تمام امراض دماغی اور جگر کو نافع ہے صفت
یاقوت رمانی ایک تولہ ورق طلا مروارید ایک تولہ عنبر اشہب تین ماشہ نبات سفید
شہد مصفی ایک تولہ گلاب خالص میں ادویہ مذکورہ کو گوندھکر معجون تیار کریں
معجون فودنج درد معدہ و جگر اور تپ ہاے کہنہ اور تپ لرزہ کو فائدہ مند ہے
صفت پودینہ کوہی پودینہ دشتی فطراسالیون ہر ایک بیس درم تخم کرفس بابونہ
حاشا چار درم کاشم پندرہ درم فلفل سیاہ چالیس درم ادویہ مذکورہ کوٹ کر
چھان کر شہد مصفی خالص میں گوندھیں معجون واسطے فالج اور لقوہ اور درد مفاصل
وعرق النساء اور سلس البول اور قطع کرنے عادت افیون کے مجرب ہے
صفت قرنفل صندل سفید ہر ایک ایک مثقال گل گاوزبان زرنباد سطوخودوس
کتیرا انار حیل مغز چلغوزہ شقاقل ہر ایک تین مثقال آملہ منقی ہلیلہ سیاہ ہر ایک
پانچ مثقال ازاراقی یعنی کچلہ کو دودھ میں بھگوئیں اور مقشر کرکے سوہان سے ریزہ ریزہ
کرکے کوٹ کر اور پارچہ بیز کرکے چھ مثقال سہ چند شہد مصفی میں معجون تیار کریں
قدر خوراک ایک مثقال سے دو مثقال تک ہے معجون ماسویہ واسطے صرع بلغمی
اور سوداوی کے نافع ہے صفت زعفران ایک درم حب الغار سعد کوفی سلیخہ
اکلیل الملک اظفار الطیب سنبل رومی ہر ایک تین درم قصب الزریرہ نو درم
اذخر مکی ہر ایک بارہ درم دارچینی مویز منقی سرخ علک البطم ہر ایک
چوبیس درم شہد خالص حسب میں ملا کر معجون بنائیں خوراک ایک درم معجون
حب صنوبر واسطے فالج اور استرخا کے نافع ہے صفت صنوبر کبار مقشر نرم کو تا ہو ۲۰

شہد یا شکر یا مویز منقی سہ چند مین ملا کر معجون تیار کرین خوراک پانچ درم سے
دس درم تک **معجون** جو اکثر طبائع کو پسند اور موافق آوے **ص** جوز بوا بسباسہ
دار چینی گل سرخ بیخ تفاح قاقلین تخم کاہو بہمنین ثعلب مصری شقاقل زعفران
ہر ایک تین درم طباشیر سفید چھ درم مغز بادام مقشر نارجیل مغز چلغوزہ تخم خیارین
ہر ایک پندرہ درم روغن قنب چوتھائی ملا کر معجون بناوین خوراک اڑھائی درم
معجون حافظ جنین جو حاملہ عورتون کو عادت اسقاط حمل کی ہو جس زمانے مین
کہ تیسرا مہینا شروع ہووے یہ معجون کھلاوین **ص** فوفل تباشیر گوزن سوختہ گلنار
ابریشم مقرض ہر ایک ایک ماشہ مروارید مرجان بسد یشب سفید گل سرخ گل ارمنی
کشنیز خشک عود ہندی مصطکی زرنباد کباب چینی ہر ایک دو ماشہ کہربا تین ماشہ
شیرہ آملہ کافور قیصوری بقدر حاجت ملا کر معجون تیار کرین اور حسب رائے
طبیب استعمال کرین **معجون حلتیت** تپ ربع اور بچھو کے کاٹے کو اور رتیلا کو مفید ہی
ص حلتیت فلفل سیدآب مساوی الوزن لیوین اور کوٹین اور شہد مین ملا کر معجون
تیار کرین خوراک ایک مثقال **معجون مقوی و مقوی** **ص** قرنفل تودری شقاقل
قرفہ زنجبیل عود مصطکی جوز بوا بسباسہ حب القلقل حب الزلم مغز چلغوزہ کبابہ
ہر ایک ایک تولہ ریگ ماہی پانچ تولہ ثعلب دس تولہ عنبر اشہب آدھا تولہ مشک خالص
آدھا تولہ طلا رشتہ ایک تولہ ورق نقرہ پانچ عدد قند سفید عسلی بقدر حاجت کے
ملا کر معجون تیار کرین **معجون فلاسفہ** ہاضم طعام اور اشتہائے طعام کرتی ہی اور
معدہ کو ہاضمہ پر قوت دیتی ہی اور بلغم کو دفع کرتی ہی اور نسیان اور سلس البول اور
درد پشت اور درد گردہ اور اوجاع مفاصل کو نافع ہی باد اٹھاتی ہی منی زیادہ
کرتی ہی اور دانتون کو مضبوط کرتی ہی دل کو قوی کرتی ہی نشاط لاتی ہی زنگ کو کھاتی ہی
بوے دہن کو دور کرتی ہی بڈھون اور سرد مزاجون کو موافق ہوتی ہی **ص** زنجبیل بے ریشہ

فلفل سیاہ دار فلفل دارچینی آملہ مقشر پوست ہلیلہ شیطرج ہندی زراوند
مدحرج خصیتہ الثعلب مغز چلغوزہ عرق بابونہ نارجیل تازہ ہر ایک دو درم تخم بابونہ
پانچ درم مویز منقی تیس درم عسل مصفی دو مثقال ادویہ کو بطریق متعارف کے
کوٹ کر چھان کر معجون تیار کریں قدر خوراک دو درم **معجون فلاسفہ دیگر** ص فلفل
دار فلفل زنجبیل دارچینی ہلیلہ آملہ بابونہ شیطرج زراوند مدحرج ثعلب بسباسہ جوزبوا
کنجد مقشر مغز حب الصنوبر مویز منقی دانہ دور کیا ہوا کندر شہد برابر خبث الحدید
بطریق معروف کے ادویہ کو کوٹ کر چھان کر معجون تیار کریں **معجون جالینوس**
کہ گردہ و مثانہ کو فائدہ دے اور سدہ کو کھولے اور مزاج سرد کو گرم کرے ص
فلفل سیاہ تخم سداب مساوی کوٹا ہوا حماما قسط سنبل الطیب قصب الذریرہ ساذج ہندی
زعفران تخم کرفس زیتون عاقرقرحا تخم انجرہ شہد خالص بقدر حاجت معجون تیار کریں
ماء الاصول کے ساتھ یا آب بادیان یا آب کرفس کے ساتھ بقدر ایک مثقال کے استعمال کریں
معجون ابومسلم سب درد اور مرضوں کو مفید ہے ص افیون بزرالبنج ہر ایک دو مثقال
فرفیون سلیخہ زعفران سنبل الطیب عاقرقرحا سورنجان قاقلہ کبار دار فلفل ہر ایک آدھا مثقال
کوٹ کر چھان کر سہ چندان شہد میں ملائیں قدر خوراک ایک دانگ سے آدھے مثقال تک
معجون فلاسفہ دیگر ص فلفل سیاہ دار فلفل زنجبیل کندر پوست ہلیلہ آملہ بزرالبنج
بابونہ زراوند ہلیون خصیتہ الثعلب کنجد مقشر ہر ایک چھ ماشہ بسباسہ جوزبوا چھ ماشہ
مویز منقی دس تولہ نارجیل ایک تولہ عسل مصفی سہ چندان ادویہ کو کوٹ کر چھان کر
بطور مشہور کے معجون بنائیں **معجون** واسطے رفع درد کے نافع ہے ص برگ بادرنجبویہ
پوست ترنج چار تولہ مرزنجوش تین تولہ بادیان ختائی شاہ وج ہندی
چھ تولہ چائے ختائی دو تولہ گاوزبان پانچ تولہ رات کو آب خالص میں جوش دیں
صبح کو صاف کر کے قرنفل کلاہ دار زرنباد دارچینی مصطگی اگر غرقی عود صلیب

درونج عقربی زعفران جوزبوا بسباسہ نانخواہ ہر ایک تین ماشہ بہمنین سنبل الطیب
بیخ کرعنبر شہب مشک خالص نو نو ماشہ سافج ہندی کبابہ انیسون تخم کرفس تین تین ماشہ
کوٹ کر چھان کر قند سفید یا عسل سفید ملا کر قوام کریں اور ادویہ مذکورہ اسمین داخل کرکے
کفچہ سے ملائیں ورق طلا دو عدد اسمین داخل کریں اور معجون تیار کریں خوراک پانچ ماشہ
معجون لکمونی جو لکمون اکبر کے نام سے مشہور ہے واسطے تقویت معدہ اور دل اور دماغ کے
اور نرم رکھنے طبع کے قوی الاثر ہے صفت زیرہ کرمانی مدبر پچاس درم فلفل سفید فلفل سیاہ
ہر ایک سات درم سداب پندرہ درم دارچینی بورہ سرخ ہر ایک پانچ درم زنجبیل [illegible]
چالیس درم ہلیلہ مربا ساٹھ درم گلقند آفتابی چار درم قند سفید یا شہد مین بالمناصفہ
قوام کرکے معجون تیار کریں قدر خوراک چار درم سے چھ درم تک ہے معجون کہ قوت باہ کی
کرتی ہے صفت زنجبیل دارچینی خصیۃ الثعلب شقاقل جوزبوا لسان العصافیر زعفران مصطگی
دار فلفل بوزیدان گل سرخ بہمن سرخ تخم ہلیون تخم جزر ہر ایک ایک مثقال
حب القلقل تین درم شہد خالص مین بقدر حاجت ملاکر معجون تیار کریں معجون
جسمی اور اُس شخص کے لیے بہت مفید ہے جو ازالہ بکارت سے عاجز ہو صفت دارچینی
ثعلب مصری شقاقل مصری جوزبوا لسان العصافیر زعفران دار فلفل بوزیدان مصری
گلسرخ ہر ایک دو مثقال بہمنین چار مثقال تخم ہلیون تخم گزر ہر ایک دو مثقال مشک
ایک دانگ عنبر ایک دانگ خشخاش ایک درم طلاء کشتہ آدھا تولہ نقرہ کشتہ تین تولہ مروارید ناسفتہ
ایک تولہ حب قلقل تین درم شہد سفید برابر مین ملاکر معجون تیار کریں معجون [illegible]
واسطے امراض آتشک کے مفید ہے صفت گل گاؤزبان سورنجان مصری بوزیدان چوب چینی
ہر ایک ساڑھے چار ماشہ مغز تخم خربزہ پوست ہلیلہ کابلی ایک ایک تولہ کشنیز خشک ایک تولہ
بسفایج منقی ساڑھے چار ماشہ تخم خشخاش سفید نو ماشہ مروارید ناسفتہ بادرنجبویہ
ساڑھے تین ماشہ مغز کدوے شیرین ایک تولہ کہربا شمعی ساڑھے چار ماشہ ابریشم مقرض

چار ماشہ خصیۃ الثعلب نو ماشہ عنبر اشہب ڈیرہ ماشہ مشک خالص ڈیڑہ ماشہ گل سرخ
دو ماشہ ورق نقرہ ایک درم ورق طلا آدھا درم زعفران ایک درم عشبہ پندرہ تولہ
کوٹ کر چھان کر آدھ سیر قند سفید اور عرق شاہترہ عرق گاوزبان اور عرق گلو ہر ایک
پاؤ سیر آدھ پاؤ گلاب آدھ پاؤ سب ایکو ملا کر قوام کریں اور بدستور معجون تیار کریں اور
آٹھ روز جو میں اسکو رکھیں اور جب اسکو اعتدال مزاجی حاصل ہو بقدر برداشت مزاج
کے عرقوں مناسبہ کے ساتھ استعمال کریں معجون تودرین قوت باہ کے لیے نہایت
مفید و نافع ہے صفت مغز تخم خربزہ مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم کشنیز خشک طباشیر سفید گل مختوم
ہر ایک دو درم مغز تخم خیارین چار درم خولنجان صعتر چھ درم مروارید ناسفتہ چار درم
شقاقل خصیۃ الثعلب ہر ایک چھ ماشہ مغز تخم کونچ چھ درم مغز چلغوزہ تودری زرد
تودری گلگلون ہر ایک چار درم رب سیب آٹھ درم رب بہی چوبیس درم شربت بنفشہ
چودہ درم شربت نیلوفر پندرہ درم نبات سفید دو وزن ملا کر معجون تیار کریں
معجون چوب چینی ترکیب مولانا عماد الدین محمود کی واسطے تقویت باہ اور معدہ
اور دل اور جگر اور گردہ اور مثانہ کے اور سرخی رنگ روے اور فربہی بدن اور
خوشبوے دہن کے نافع ہے صفت چوب چینی پچاس مثقال ریوند چینی افتیمون رومی
ہر ایک تین مثقال سنبل ہندی تین درم عود خام مصطگی مایہ شتر اعرابی زعفران
مشک عنبر ہر ایک ایک درم ماہی روبیان تین مثقال دارچینی قرنفل فلفل
زنجبیل ہر ایک دو مثقال جوزبوا بسباسہ ہر ایک دس مثقال درونج عقربی
زرنباد ہر ایک تین مثقال ثعلب مصری پانچ مثقال تخم گزر تخم شلغم تخم ترب بہمنین
ہر ایک ایک مثقال بوزیدان سورنجان ہر ایک دو درم شقاقل دس درم کبابہ خولنجان
قسط شیرین ہر ایک دو درم تودری سرخ تودری زرد ہر ایک تین مثقال سعد کوفی
دو درم سب ادویہ کو کوٹ کر چھان کر اول گاوزبان بادرنجبویہ اور گل سرخ ہر ایک

دس مثقال کو آب خالص تازہ مین بھگو کر جوش دیکر صاف کرین اور اسمین شیرۂ تخم خربزہ
شیرۂ تخم خیار شیرۂ تخم کاسنی شیرۂ تخم خرفہ ہر ایک دس مثقال مخلوط کرین اور آب انار شیرین
اور آب سیب شیرین اور گلاب خالص دو دو مثقال قند یا شہد مصفی سہ چند ادویہ کے
ملا کر معجون تیار کرین معجون واسطے تقویت معدہ اور جگر اور خفقان حار اور قوت
باہ کے اور واسطے اشتہار طعام کے نافع ہی ص شقاقل بہمن سفید گل گاوزبان
برگ گاوزبان جوزبوا گل ستا پانچ درم دانہ الائچی خرد دانہ الائچی کلان تخم گزر طباشیر
گل ارمنی اندر جو دارچینی سات درم قرنفل کلادار آملہ ابریشم مقرض عنبر اسوا ابریسا کتیرا
خرفہ مقشر تخم کاہو مقشر زعفران ہر ایک پانچ درم مروارید ناسفتہ یاقوت
رمانی کہربا شمعی صندل سفید تین تین درم مغز بادام مغز نارجیل مغز چلغوزہ
مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ مغز تخم تربز مغز کدوے شیرین دو دو درم تخم خشخاش
گلاب ہر ایک تین درم مید مشک پاؤ سیر عرق گاوزبان ایک سیر شربت انار شیرین
آدھ پاؤ شربت سیب آدھ پاؤ عنبر اشہب تین ماشہ مشک خالص ڈیڑھ ماشہ ورق طلا ورق نقرہ
دو دو ماشہ قند سفید یا شہد مصفی مین ملا کر بطریق متعارف کے معجون تیار کرین
معجون واسطے تمام امراض اور اوجاع کے نافع ہی اور مقوی قلب و ارواح ہی ص
کندر مصطگی دارچینی ہر ایک دو مثقال فلفل زعفران ہر ایک ایک مثقال مروارید ناسفتہ
ایک تولہ سہ چندان شہد مین ملا کر معجون تیار کرین معجون کاسر الریاح
امراض بادی اور قولنج ریحی اور ضعف معدہ اور اوجاع مفاصل اور نقرس اور
حبس بول اور حیض کو نافع ہی ص زیرہ کرمانی مدبر چہ مثقال سداب تین مثقال مصطگی
رومی تین مثقال قرنفل ورق نقرہ وج نانخواہ پوست بیرون پستہ بورہ ارمنی
ہر ایک دو مثقال شہد خالص سہ چندان مین ملا کر معجون تیار کرین اور پانچ مہینے
اسکو رہنے دین جب معتدل المزاج ہو جائے بقدر دو مثقال کے ہر روز تناول کرین

معجون ورم جگر کو نافع ہے صفت گل سرخ چار درم گل سوسن سات درم ریوند چینی
لک مغسول ہر ایک ڈیڑھ مثقال سلیخہ زعفران ہر ایک تین درم اول زعفران کو سرکہ میں
حل کریں اور پھر ادویہ کو کوٹ کر چھان کر اُس میں مخلوط کریں اور شہد خالص میں بقدر حاجت کے
ملا کر معجون تیار کریں معجون سنا واسطے دفع قولنج اور قبض شکم کے نافع ہے صفت
افتیمون سنا مکی بسفائج فستقی زنجبیل بے ریشہ ہر ایک آدھ سیر گل بنفشہ گلقند آفتابی
ایک سیر خمیرہ بنفشہ اڑھائی سیر عسل مصفی آدھ سیر بطریق معمول کے معجون تیار کر کے
نگاہ رکھیں اور عندالحاجت بقدر دو تولہ کے عرقوں مناسب کے ساتھ تناول کریں
معجون یاقوتی کہ جمیع امراض کو نافع ہے صفت مروارید ناسفتہ دو تولہ یاقوت
چھ ماشہ بسد چھ ماشہ کہربائے شمعی پانچ ماشہ مرجان چار ماشہ یشب سفید ڈیڑھ تولہ فیروزہ
ساڑھے تین تولہ سنبل الطیب اڑھائی تولہ کاسنی سات تولہ قاقلہ صغار قاقلہ کبار
ہر ایک سات تولہ گل سرخ پانچ تولہ اشنہ ساڑھے تین ماشہ اسارون دو درم سعد کوفی
ایک درم اذخر شقاقل مصری ایک ایک درم تودری سفید تودری سرخ دو دو درم
بہمن سفید بہمن سرخ اڑھائی درم دارچینی ایک درم جوز بوا قرنفل دو دو درم بسباسہ
ایک درم طباشیر سفید دو درم کشنیز خشک عود غرقی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ تخم بادرنجبویہ
گاؤزبان گیلانی دو دو درم درونج عقربی پوست ترنج پوست بیرون پستہ مصطگی
زعفران ہر ایک ایک درم عنبر اشہب آدھا درم مشک خالص ڈیڑھ ماشہ
گلاب خالص ایک سیر پوست انار آدھ پاؤ قند سفید تین پاؤ ورق نقرہ
پانچ عدد ورق طلا دو عدد و شہد خالص بقدر حاجت ادویہ مذکورہ کو
کوٹ چھان کر قوام کر کے معجون تیار کریں معجون کہ ضعف معدہ
اور ورم جگر کو مفید ہے صفت تخم بات لک مغسول بالچھڑ سلیخہ مویز منقی
ریوند چینی جنطیانا رومی ہر ایک سات ماشہ زعفران

اجواین اجمود مصطگی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ اگر خام مرچ لونگ ہر ایک سوا دو ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ تین وزن شہد خالص کے معجون تیار کرین **معجون نانخواہ** معدے کو پاک کرتی ہی اور بھوک کھانے کی بڑھاتی ہی اور شہوت جماع کو زیادہ کرتی ہی ص صعتر زوفا اجواین نعناع کلونجی زیرہ کرمانی ہر ایک ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ کچھ جاوتری سونف سونٹھ جائفل اجمود ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ کوٹ کر چھان کر ساتھ تین وزن شہد خالص کے معجون بناوین **معجون مسیحی** درد پشت اور پاؤن کے درد کو نافع ہی شہوت جماع کو قوت دیتی ہی معدہ کو پاک کرتی ہی بالون کو دیر مین سفید کرتی ہی اور خلط سودا کو دفع کرتی ہی سرعت انزال کو فائدہ بخشتی ہی ص گلاب کے پھول موتھا عاقرقرحا لونگ بالچھڑ مصطگی تخم گزر زعفران قاقلیس جائفل برابر وزن سب دواؤن کے قند سفید اور شہد خالص بقدر ضرورت گلاب مین گھول کر قوام کرین اور باقی اور دوائیان کوٹ کر چھان کر اسمین گوندھین **معجون غیاث** بھوک کھانے کی بڑھاتی ہی اور دہن مین خوشبو کرتی ہی اور حافظہ کو قوت دیتی ہی اور منی کو زیادہ کرتی ہی ص زعفران عاقرقرحا اجواین خراسانی فرفیون کلیجن بڑی الائچی پیپل جند بیدستر برابر وزن کوٹ کر چھان کر ساتھ شہد خالص تین وزن دواؤن کے معجون بناوین **معجون سیر** لقوہ اور مرگی اور فالج اور رعشہ اور بواسیر اور چھیپ اور برص کو مفید ہی معدہ کو قوت دیتی ہی بھوک کھانے کی بڑھاتی ہی بلغم کو دفع کرتی ہی قوت زیادہ کرتی ہی رنگ سرخ کرتی ہی حرارت عزیزی کو بھڑکاتی ہی بوڑھون کو مفید ہی ص لہسن پاک کیا ہوا آدھی چھٹانک کم آدہ سیر چھٹانک کم سیر شیر تازہ مین پکاوین کہ مہرا ہو جاوے بعد اسکے پونے دو سیر شہد خالص اور پونے نو تولہ روغن گاؤ ڈالکر باہم ملاوین پھر آگ پر سے اتار کر یہ دوائیان کوٹ کر چھان کر اسمین گوندھین لونگ جائفل جاوتری کالی مرچ مصطگی بڑی الائچی چھوٹی الائچی کابلی ہڑ دارچینی سونٹھ ہر ایک تین تولہ اگر خام زعفران ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ خوراک برابر ایک اخروٹ کے

معجون نمک ہندی معدہ کو پاک کرتی ہے اور قے بلغمی اور سوداوی کو باز رکھتی ہے اور
دوار بلغمی اور سوداوی کو فائدہ بخشتی ہے **ص** کالی ہڑ بہیڑہ آملہ بلیلہ کابلی اسطوخودوس ہر ایک
ساڑھے دس ماشہ افیون چودہ ماشہ نمک ہندی سات ماشہ ایارج فیقرا تین تولہ غاریقون دو ماشہ
کوٹ کر چھان کر ساتھ سکنجبین کے گوندھیں خوراک ساڑھے دس ماشہ پانی گرم کے ساتھ **معجون قسط**
درد جگر اور معدہ کو مفید ہے بہت تجربہ کیا گیا ہے **ص** دارچینی سلیخہ کٹ ہر ایک تین تولہ نمک
آٹھ تولہ سات ماشہ زعفران دو تولہ چار ماشہ شگوفہ اذخر مرکی ہر ایک سات تولہ نگر شراب میں
حل کریں باقی اور دوائیاں کوٹ کر چھان کر اسمیں ملا کر ساتھ شہد کے گوندھیں **معجون**
نقرس بلغمی کو مفید ہے **ص** پوست زرد ہڑ کا سورنجان عاقرقرحا ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
کالی مرچ سوا پانچ ماشہ زیرہ کرمانی دو تولہ راسن چودہ ماشہ سونٹھ سات ماشہ افیون
سوا دو ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد میں گوندھیں خوراک نو ماشہ **معجون چلغوزہ** تنگی
پیشاب کو نافع ہے **ص** دو قو ریوند چینی اذخر حب بلسان افیون سلیخہ زعفران دارچینی
فطراسالیون کمافیطوس ہر ایک ساڑھے دس ماشہ مغز چلغوزہ پونے نو تولہ نعناع خشک پونے
دو ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد میں گوندھیں **معجون ریوند چینی** درد جگر اور ورم رحم کو
مفید ہے **ص** ریوند چینی تشادنج مغسول بچھ بیخ انجدان اجمود سونف دیسی سونف رومی
اجواین برابر وزن شہد میں گوندھیں اور بعضوں نے راسن زیادہ کیا ہے خوراک ساڑھے چار ماشہ
ساتھ پانی شہد کے **معجون فیقرا** خراب چیزوں کی بھوک کو کھوتی ہے اور سر کے درد کو
دور کرتی ہے **ص** ایارج فیقرا ساڑھے تین تولہ پوست کابلی ہڑ کا پوست بہیڑہ آملہ ہر ایک
سات ماشہ نمک نفطی پونے نو ماشہ کوٹ کر چھان کر شہد میں معجون کریں خوراک ساڑھے
دس ماشہ سے چودہ ماشہ تک ساتھ جوشاندہ پودینہ کے **معجون پودینہ** درد معدہ اور
جگر اور پرانی تپ اور تپ سرد کو فائدہ بخشتی ہے **ص** پودینہ پہاڑی پودینہ جنگلی
فطراسالیون سیسالیوس ہر ایک پانچ تولہ دس ماشہ اجمود بابونہ حاشا ہر ایک چودہ ماشہ

کاشم چار تولہ ساڑھے چار ماشہ کالی مرچ تیرہ تولہ سات ماشہ اور بعض نسخہ مین سات تولہ
کالی مرچ بھی اضافہ کی ہی کوٹ کر چھان کر شہد مین گوندھین **معجون مقل** یعنی معجون گوگل کی
ریاح بواسیر اور اُس ریح کو جو آنتون کے اندر ہو توڑتی ہی اور ورم مقعد کو مفید ہی **ص** کابلی ہڑ
بہیڑہ آملہ تخم سپندان سفید مرغ کا انڈا اگندنا کے بیج تخم تماہسفرم ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
گوگل چودہ تولہ گوگل کو گندنا کے پانی مین حل کرین باقی اور دوائیان اُسمین گوندھین خوراک سات ماشہ
معجون احتباس تپ حشی و بلغمی دستون کو مفید ہی **ص** افیون جندبیدستر سلارس حجرالاحمر آخرانی
زعفران مرکی تگر اجمود سلیخہ بالچھڑ گیرو برابر وزن کوٹ کر چھان کر ساتھ تین وزن شہد خالص کے
گوندھین خوراک پونے دو ماشہ ساتھ رب بہی یا پانی سرد یا پانی سماق کے تناول کرین
معجون بنفشہ صفراوی بیماریون کو نافع ہی کھانسی کو دفع کرتی ہی **ص** مغز بادام شیرین
ہر ایک تین تولہ تخم کاسنی ساڑھے دس ماشہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو سلیخہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ
ملٹھی ساڑھے تین ماشہ ساتھ گلاب نیمگرم کے **معجون سقراط** نسیان اور مالیخولیا اور
مرگی اور جھیپا اور برص اور درد مفاصل اور درد معدہ اور داء الحیہ اور داء الثعلب
اور داء الفیل اور تقطیر البول اور پرانی کھانسی اور تپ چوتھیا اور تپون بلغمی اور تنگی
پیشاب اور بواسیر اور یرقان سُدی اور طحال کو نافع ہی اور اثر زہر کا جسم سے
دفع کرتی ہی دل کو قوت دیتی ہی شہوت جماع کو بڑھاتی ہی کدو دانون کو جو قسم
کیڑون کے ہوتے ہین نکالتی ہی پتھری گردہ اور مثانہ کی توڑتی ہی حیض جاری
کرتی ہی پسینہ اور بوے دہن دور کرتی ہی کان اور زبان کی گرانی کو دفع کرتی ہی
درد سر کو مفید ہی اور سب بیماریون سوداوی کو فائدہ بخشتی ہی بوڑھون کو
نہایت موافق ہی **ص** جنطیانا قردمانا گیسر تخم فرنجشک حب الغار زراوند
طویل ہر ایک ساڑھے چار ماشہ سونف رومی جندبیدستر حب بلسان عود بلسان
اجمود تخم ترہ تیزک تخم پیاز تخم گندنا ہر ایک سات ماشہ ایلوا تین تولہ

نسوت پانچ تولہ دس ماشہ اگر نام ساڑھے تین تولہ جائفل ریوند چینی بڑی الایچی جاوتری
بالچھڑ زعفران پیاز جنگلی بھونی ہوئی زرنب جیتھ دارچینی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ
